PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

20th January, 1965

Part II

Vol. VII—No. 11

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Wednesday, the 20th January, 1965.

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	1
Starred Questions and Answers	2
Answers to Starred Questions laid on the Table	38
Unstarred Questions and Answers	47
Adjournment Motions	49

PRICE 3.25

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 20th January, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بسم الله الرحمن الرحيم -

الم تر ان الله يولج اليل فى النهار و يولج النهار فى اليل و شخرالشمس والقمر، كل يجرى الى اجل مسمى وان الله بما تعملو خيره ذالك بان الله هوالحق وان مايدعون من دونه الباطل و ان الله هوالعلى الكبيره الم تر ان الفلك تجرى فى البحربنعمت الله ليد يكم آيته ان فى ذالك لايت لكل صبار شكوره واذاغشيهم موج كالظلل دعوالله مخلصين له الدين - فلما نجهم الى البر فمنهم مقتصدم وما يجحد بايتنا الا كل ختار كفور -

(پارہ ۲۱ — س ۳۱ — رکوع ۱۲ ، ۱۳ — آیات ۲۹ تا ۳۲)

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اسی نے سورج اور چاند کو (تمہارے لئے) مسخر کردیا ہے - ہرایک ایک وقت مقررہ تک چلتا ہے اور یہ کہ اللہ تمہارے سب کاموں سے بھی باخبر ہے - یہ اس لئے کہ اللہ کی ذات برحق ہے اور جنکو (کافر لوگ) اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ لغو ہیں اور یہ کہ اللہ ہی عالی مرتبہ اور گرامی قدر ہے - کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے انعام سے دریا میں کشتیاں چلتی ہیں تاکہ وہ تم کو اپنی نشانیاں دکھائے بیشک اس چیز میں ہر صبر کرنے والے اور شکر کرنے والے کے لئے نشانیاں ہیں - اور جب ان پر دریا کی لہریں سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہیں تو وہ اللہ کو پکارنے اور خالص اسی کی عبادت کرنے لگتے ہیں پھر جب وہ ان کو نجات دیکر خشکی پر پہونچادیتا ہے تو ان میں سے بعض لوگ ہی انصاف پر قائم رہتے ہیں اور ہماری نشانیوں سے تو وہی لوگ انکار کرتے ہیں جو عہد شکن اور ناشکرے ہیں -

(وما علينا الاالبلاغ)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Ibrahim.

DESILTING OF THE OUTLETS OF BASANTAR NULLAH UNDER THE RAILWAY BRIDGE NEAR JASSAR RAILWAY STATION

*6969. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the outlets of Basantar Nullah under the Railway bridge near Jassar Railway Station have silted up and the flood water cannot pass through the said outlets with the result that it plays havoc at Jassar Town and its surrounding areas;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the Railway intend to desilt the said outlets, if so when, if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) No. The outlets of the railway bridge over Basantar Nullah near Jassar Railway Station were desilted in July, 1963, to a depth of about 5 feet and over a length of 200 feet towards the upstream and 200 feet towards the downstream, at a cost of Rs. 38,000.00. Thus, the bed of the Nullah at the said railway bridge and within the railway boundary is well below the overall level of the nullah bed. At the same time the waterway of the bridge is adequate for the normal flood water to pass freely without any heading up at the bridge. There is therefore, no question of any conditions of the nature described arising out of the inadequacy of the outlets of the bridge.

(*c*) As the outlets of the railway bridge were recently desilted in July, 1963, and the bed of the nullah at the bridge is sufficiently low for providing an adequate waterway, any further desilting is not justified for the present. The bridge is regularly inspected and the desilting of its outlets will be undertaken as and when found necessary.

چودھری عبدالرحیم — جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جواب جو دیا گیا ہے بالکل جھوٹ ہے۔ جھوٹ کی بھی کوئی انتہا ہوتی ہے۔ یہاں لکھا ہے —

> "The outlets of the railway bridge over Basantar Nullah near Jassar Railway Station were desilted in July, 1963, to a depth of about 5 feet and over a length of 200 feet towards the upstream and 200 feet towards the downstream."

میں وہاں روزانہ جاتا ہوں۔ زیادہ سے زیادہ دو فٹ سلٹ نکالی گئی ہوگی۔ ادائیگی ممکن ہے ۵ فٹ کے حساب سے کی گئی ہو۔ میں یہ چیلنج کرتا ہوں کہ پل

کی سوریاں برابر ہوچکی ہیں - یہاں بالکل جھوٹ کہہ دیا گیا ہے - اس کی انکوائری ہونی چاہئے - یہاں ممبروں کو غلط اطلاع دی جاتی ہے -

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جونیجو)--جہاں تک معزز ممبر کی یہ Contention ہے کہ وہاں کافی پانی کھڑا ہے - اور یہ جو جواب دیا گیا ہے - جھوٹا ہے - تو میں اس کے متعلق آپ کی وساطت سے انہیں یہ عرض کروں گا - کہ جہاں تک ریلوے ایریا کا تعلق ہے - ریلوے ایریا کی حدود میں کوئی پانی نہیں ہے وہاں ہماری جو drainage ہے - وہ level سے کافی اونچی ہے - اور اس کے بارے میں میں ہاؤس میں اعلان کرتا ہوں - کہ یہ حقیقت ہے - لیکن اس کے باوجود بھی اگر معزز ممبر فرماتے ہیں - کہ یہ جواب غلط دیا گیا ہے - تو میں اس بارے میں تحقیقات کرنے کے لئے تیار ہوں -

چودھری عبدالرحیم— پانی کے کھڑے ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - سوال تو یہ ہے کہ جب Flood آتا ہے - تو پانی اس سے نہیں گذرتا ہے - تو وہ پانی دوسرے گاؤں کو تباہ کردیتا ہے - وہاں پانی تو کھڑا ہی نہیں ہوتا - وہ تو سوکھا دریا ہے - وہاں تو پانی کے کھڑے ہونے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا - جب پانی آتا ہے- تو پل میں اتنی Silt جمع ہوجاتی ہے کہ وہ پانی اس سے گذر نہیں سکتا - اور پانی الٹ کر دوسرے گاؤں کو تباہ کردیتا ہے - سوال صرف اتنا ہے -

مسٹر سپیکر— یہ ضمنی سوال نہیں ہے -

PROVIDING MORE TRAINS ON LAHORE AND NAROWAL SECTION

***6973. Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there are no means of communications between Lahore and Narowal other than Railway;

(*b*) whether it is a fact that the trains running on this section are generally overcrowded;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Railway Administration intends to introduce more trains on the said section; if so, the details thereof and the time by which action will be taken in this behalf?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxaman Singh): (*a*) Yes.

(*b*) There is no overcrowding in upper class compartments. Lower class compartments of a few trains are overcrowded at certain stations on the section.

(*c*) Since Independence, passenger services on Lahore Narowal Section have been more than doubled. There is no immediate programme to introduce additional trains on this section owing to limited availability of carriages. The availability will improve in future years as a result of procuring more carriages when, after meeting the more pressing demands, the services on Lahore Narowal section will be augmented to the extent traffic will justify.

SENIOR STATION MASTER AND TRAFFIC INSPECTOR COURSE IN WALTON TRAINING SCHOOL

*7092. **Chaudri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Railway be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that P3 counse (Senior Station Master and Traffic Inspector Course) in Walton training School for Station Masters qualified in P 2 course does not add to their efficiency; if so, reasons for organising this course;

(*b*) whether it is a fact that higher appointments in Station Master Group are made from outside the Group;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether this practice is not adversely affecting the promotion of junior officials in the said Group?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) The reply is in the negative. P-3 Course is the highest promotion course for subordinates in Transportation, designed for preparing station masters for promotion to the senior station masters grade (Rs. 275—450) and above, and to the Traffic Inspectors grade (Rs. 320—650). It is meant to build up knowledge and background of those who attend the course.

(*b*) The reply is in the negative. Promotions to posts of station masters in the higher grades are made from amongst staff who are either recruited originally to the Station Master's Group or who are allowed to join this category subsequently, and only such amongst them as pass the P-3 Course get promotion to higher grade/appointments.

(*c*) In view of reply to (*b*) above, the question does not arise.

POSTING OF STATION MASTER AT MANJOKE RAILWAY STATION

*7093. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that orders for posting a permanent Station Master at Manjoke Railway Station in Narowal Tehsil were issued before Independence but the said orders have not so far been implemented.

(*b*) whether it is a fact that only down graded Station Masters are being posted there and these too only for few months;

(*c*) whether it is a fact that ordinarily no one likes to be posted at Manjoke station;

(*d*) whether it is a fact that certain Station Masters have requested for their posting at Manjoke Station?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) Orders referred to are not available. There has, however, never been an embargo on the posting of a permanent Station Master either at this station or any other station on the Railway.

(*b*) Not as a rule.

(*c*) There is no reason to suppose that this station is so unpopular that no one likes to be posted there.

(*d*) There may have been some cases earlier, but in this connection records are not available. In the recent past, there has been only one case.

PROGRAMME FOR IMPROVING THE CONDITIONS OF RAILWAY STATIONS

***7180. Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) the outline of the programme finalised for inclusion in the Third Five Year Plan to improve the present conditions of Railway Stations in West Pakistan and the amount proposed to be spent on the said programme;

(*b*) (*i*) the length of Meter Gauge Railway Line in Hyderabad Division, (*ii*) the number of Railway Stations lying on the said Line, and (*iii*) the annual income accrued from and expenditure incurred on the said Stations during the years from 1960 to 1964.

(*c*) the details of the schemes proposed to be included in Third Five Year Plan regarding the improvement of Railway Stations lying on the line mentioned in (*a*) above and amount proposed to be spent on these schemes?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) Broad outlines of the proposals submitted for inclusion in the Third Five Year Plan to improve the conditions of railway stations in West Pakistan, together with their estimated costs, are as under:—

(*i*) Rebuilding of old station buildings at certain stations at an estimated cost of Rs. 20 lakhs.

(*ii*) Providing retiring rooms, upper class waiting rooms, inter class waiting rooms and third class waiting halls with modern sanitary arrangements at certain stations at an estimated cost of Rs. 45 lakhs.

(*iii*) Provision of shelters on passenger platforms at certain stations at an estimated cost of Rs. 108 lakhs.

(*iv*) Providing high level and low level platforms and foot overbridges at certain stations at an estimated cost of Rs. 36 lakhs.

(*v*) Providing waiting rooms and cold water supply arrangements in goods sheds at certain stations at an estimated cost of Rs. 14 lakhs.

(*vi*) Electrification of stations and provision of electric fans in lower class waiting halls at certain stations at an estimated cost of Rs. 21 lakhs.

(*vii*) Providing water coolers at certain stations at an estimated cost of Rs. 11.50 lakhs.

(*b*) (*i*) 303.25 route miles.

(*ii*) 50 stations.

(*iii*) The annual audited earnings of said 50 stations for the financial years 1960-61 to 1963-64 are as under:—

Year	*Amount* Rs.
1960-61	98,82,094
1961-62	92,70,922
1962-63	1,04,07,567
1963-64 (up to April, 1964) ..	81,54,945

The annual expenditure on account of the said 50 stations for the financial years 1960-61 to 1963-64, inclusive of that on maintenance of track between stations, is as under:—

Year	*Amount* Rs.
1960-61	67,84,327
1961-62	64,85,744
1962-63	75,82,343
1963-64 (up to April 1964) ..	43,76,845

(c) The works proposed for inclusion in the Third Five Year Plan for improvement of railway stations on the Metre Gauge Section in Hyderabad Division together with their estimated costs, are as under:—

(*i*) Rebuilding of Station building at Khokhrapar at an estimated cost of Rs. 75 thousand.

(*ii*) Provision/extension of third class waiting halls at Khokhrapar, Tajpur-Nasarpur Road, Tando Allahyar, Kamaro Sharif, Mirpur Khas and Jamrao stations at an estimated cost of Rs. 3.44 lakhs.

(*iii*) Provision of platform shelters at Tando Allahyar, Mirpur Khas, Jhudo, Digri and Kunri stations at an estimated cost of Rs. 6 lakhs.

(*iv*) Provision of retiring rooms at Mirpur Khas station at an estimated cost of Rs. 1 lakh.

(*v*) Provision of water borne sanitary arrangements in waiting rooms at certain stations where piped water-supply is available at an approximate cost of Rs. 50 thousand.

(*vi*) Provision of water coolers at Tando Jam, Jhudo, Pithoro, Nabisar Road and Kachelo stations at an estimated cost of Rs. 65 thousand.

(*vii*) Electrification of certain stations and provision of fans in lower class waiting halls at those stations depending upon the availability of electric supply from WAPDA or other licensees at an estimated cost of Rs. 1.5 lakhs. The total amount proposed to be spent on the above works is estimated at Rs. 13.84 lakhs.

The Section from Hyderabad to Mirpur Khas will be converted from Metre Gauge to Broad Gauge and the work will be completed during the Third Five Year Plan. The scheme is estimated to cost Rs. 230.52 lakhs. Existing passenger platforms at Sultanabad, Rahuki, Tando Allahyar, Tando Jam and Mirpur Khas stations will be extended under the conversion scheme which has since been sanctioned and work will be taken in hand shortly.

(حاجی میر محمد بخش تالپور نے سندھی میں ضمنی سوال دریافت کیا)

Mr. Speaker: Please speak in urdu.

Haji Mir Muhammad Bux Talpur: Sir, this is my privilege. Nobody can stop me from speaking in Sindhi.

مسٹر سپیکر– لیکن تالپور صاحب دوسرے ممبران صاحبان کا پریولج بھی یہ ہے کہ اگر آپ اردو جانتے ہیں تو آپ اردو میں بولیں تاکہ وہ بھی سوال کو سمجھیں۔

حاجی میر محمد بخش تالپور— لیکن اپنا مافی الضمیر سندھی زبان میں زیادہ اچھی طرح بیان کرسکتا ہوں ۔ اردو تو میری زبان نہیں ہے ۔ میں اردو اچھی طرح نہیں بول سکتا ۔ اور پھر وزیر صاحب بھی سندھی بولتے ہیں ۔ وہ جواب بھی سندھی میں اچھی طرح دے سکیں گے ۔

مسٹر سپیکر—کم از کم میں آپ کا سوال نہیں سمجھ سکوں گا ۔ کہ آیا آپ کا سوال ضمنی سوال ہے بھی یا نہیں ۔ برائے مہربانی اردو ہی بولیں۔

حاجی میر محمد بخش تالپور—ہاؤس کے مالک نے تو چھٹی ہی دیدی ہے میرا سوال یہ ہے ۔ کہ وزیر صاحب یہ بتاسکیں گے ۔ کہ جزو (۷) کے جواب میں انہوں نے جو کہا ہے ۔ اور سٹیشنوں کے نام بھی دئے ہیں ۔ تو ان سٹیشنوں کو کن وجوہات کی بنا پر رکھا گیا ہے ۔ ان کی آمدنی زیادہ ہے ۔ یا وہاں پر آمد و رفت زیادہ ہوتی ہے ۔ یا ایسا پالیسی کی وجہ سے کیا گیا ہے ۔ کہ وہاں پر ترقی دی جائیگی ۔ اور واٹر کولر لگایا جائیگا ۔

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جنیجو)—عام طور پر ہر سٹیشن کی ٹریفک دیکھی جاتی ہے ۔ اور وہاں کے لوکل مطالبات اور عوام کے مطالبات وغیرہ کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے ۔ اور پھر تھرڈ پلان کے لئے پروویژن کرتے ہیں ۔

حاجی میر محمد بخش تالپور—خوش قسمتی سے ہمارے پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب اور وزیر صاحب دونوں نے ہی یہ لائن دیکھی ہے ۔ میں ان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں ۔ کہ انہوں نے جزو (۷) کے حصہ (٦) میں فرمایا ہے ۔ کہ

Provision of water coolers at Tando Jam, Jhudo, Pithoro,, Nabisar Road and Kachelo Stations at an estimated cost of Rs. 65,000.00.

تو جہاں تک مجھے علم ہے شیرو کچیلو میں تو بجلی بھی نہیں ہے ۔ اور نہ ہی کوئی اتنا بڑا سٹیشن ہے ۔ اس کے مقابلے میں کوندری اور نواں کوٹ ہے ۔ تو کیا وہاں پر نہیں لگ سکتا ہے ۔

وزیر ریلوے— ہم اسے Examine کرلیں گے ۔ اور ہم دیکھیں گے ۔ کہ معزز ممبر کی جو تجویز ہے ۔ کہ کوندری اور نواں کوٹ زیادہ Important سٹیشن ہیں ۔ تو میں وہاں پر بھی ضرور ان کی تجویز پر عمل کروں گا ۔

INSTALTATION OF WASH BASINS IN THIRD CLASS COMPARTMENTS OF PAKISTAN WESTERN RAILWAY RUNNING BETWEEN PAKISTAN AND INDIA *via* WAGAH AND KHOKHRAPAR

***7184. Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that no Wash Basins are installed in the third class compartments in the trains of Pakistan Western Railway running between Pakistan and India *via* Wagah and Khokhrapar;

(*b*) whether it is a fact that in the absence of the Wash Basins in the above-said trains the clothes of passengers who perform ablution in the compartments are often polluted;

(*c*) if answer to (*a*) above be in affirmative whether there is any scheme under the consideration of Railway Department to instal Wash Basins in third class compartments in the abovesaid trains?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) Yes. This applies to lavatories of third class compartments of all trains in service on the entire Pakistan Western Railway.

(*b*) No. There is no reason why in the absence of wash hand basins, clothes of the passengers should be soiled when performing ablution.

(*c*) This question does not arise in view of answer to (*b*) above.

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ اس جواب میں یہ بتایا گیا ہے ۔ کہ Wash Basin نہ ہونے کی وجہ سے وضو کرتے وقت کپڑے خراب نہیں ہوتے ۔ کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں ۔ کہ جو نلکہ Latrin کے فرش پر کھلتا ہے ۔ اور کھلتے وقت اسکی چھینٹیں کپڑوں پر پڑتی ہیں ۔ اور آدمی کو وہیں وضو کے لئے بیٹھنا پڑتا ہے ۔ تو میں پوچھ سکتا ہوں ۔ کہ یہ جواب جو دیا گیا ہے ۔ آیا یہ صحیح ہے ۔

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جنیجو)—جہاں تک نلکے سے پانی آنے کا تعلق ہے ۔ تو وہ آدمی کے اپنے کنٹرول میں ہوتا ہے ۔ اگر پانی زیادہ چھوڑے گا ۔ تو کپڑے خراب ہوں گے ۔ اور اگر پانی کم نکلے گا تو کپڑے خراب نہیں ہوں گے ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ سوال یہ پوچھا گیا تھا ۔ کہ جس طرح سے دوسرے کمپارٹمنٹ میں یعنی فسٹ، سیکنڈ اور انٹر کلاسوں میں Wash Basin ہوتے ہیں ۔ اور اگر ان میں وضو کیا جائے ۔ تو ظاہر بات ہے کہ کپڑے بھیگنے کا سوال ہی

پیدا نہیں ہوتا ۔ سوال یہ کیا گیا تھا ۔ کہ دوسرے کمپارٹمنٹس کی طرح تھرڈ کلاس میں بھی Wash Basin کا انتظام کیوں نہیں کیا جاتا ۔ ہم اس کا جواب چاہتے ہیں ۔

وزیر ریلوے—جہاں تک Wash Basin کا تعلق ہے ۔ ابھی فی الحال ہمارے پاس ایسا کوئی پروگرام نہیں ہے ۔ لیکن ہم اس سوال کو Examine کر رہے ہیں ۔ اور جوں ہی ہماری مالی حالت بہتر ہوجائیگی ۔ اسے مہیا کردیں گے ۔

حاجی میر محمد بخش تالپور—میرا سوال یہ ہے ۔ کہ جو جواب دیا گیا ہے ۔ کیا وزیر ریلوے یا چیرمین ریلوے بورڈ یا وائس چیرمین ریلوے کے ذاتی علم میں ہے۔ یا انہوں نے ویسے ہی جواب دے دیا ہے ۔

وزیر ریلوے—یہ بڑا Simple سوال ہے ۔ اس میں تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹ کے لئے ڈیمانڈ تھی کہ وہاں واش بیسن لگائے جائیں ۔ Apparently آپ دیکھیں گے کہ یہ ایک بڑی Reasonable Suggestion ہے ۔ کہ تھرڈ کلاس کے پسنجر کو سہولت دینے کے لئے یہ ضروری ہونا چاہئے ۔ جہاں تک بیسن کا تعلق ہے اس پرنسپل کو ہم منظور کرنے کے لئے تیار ہیں کہ بیسن ہونے چاہئیں لیکن کب ہم دے سکتے ہیں جب ہماری فائینشیل پوزیشن جو ہے وہ Improve ہوجائے گی ۔ اس وقت ہم دیں گے ۔

راؤ خورشید علی خاں—جناب والا اس کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کتنی انتہائی ضروری چیز ہے ۔ جس میں اخراجات بھی زیادہ نہیں ہوں گے ۔ اس کے لئے ہم شریف وزیر صاحب سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ہمیں حتمی طور پر یہ یقین دلائے کہ اس کو Priority دی جائے گی ۔

جناب والا — میں سوال یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دوسرے ڈبوں کے اندر جو طہارت کا انتظام ہے وہ اتنا ناقص ہے کہ جناب سپیکر واقعہ یہ ہے کہ پیشاب یا بیت الخلا کو استعمال کرنے کے بعد جب طہارت کی ضرورت پڑتی ہے تو اس کا قطعی سرے سے کوئی انتظام نہیں ہے ۔ میں پوچھنا یہ چاہتا ہوں کہ صاحب بہادر کے زمانہ میں واقعی طہارت کی ضرورت نہ تھی لیکن اب پاکستان بننے کے بعد تو طہارت کے بغیر گویا آدمی نہ صحیح ہوسکتا ہے ۔ نہ عبادت کرسکتا ہے ۔ نہ پاک ہوسکتا ہے نہ نماز پڑھ سکتا ہے ۔ کیا میں اپنے وزیر صاحب سے یہ توقع رکھوں کہ کم از کم وہ جلد از جلد یہ اہتمام کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں ۔ کہ تمام کمپارٹمنٹ کے باتھ روم اور بیت الخلا میں طہارت کا انتظام کیا جائے ۔

وزیر ریلوے—راؤ صاحب طہارت کا علیحدہ انتظام چاہئے ۔

راؤ خورشید علی خاں—جناب والا! شاید میں سمجھا نہیں سکا ۔ جناب والا ہوتا کیا ہے ۔ کموڈ بنے ہوئے ہیں ۔ اب پیشاب اگر کرنا ہے تو کھڑے ہوکر کرنا ہوگا۔ طہارت جو کرنا پڑے گی وہ کہاں کی جائے گی ۔ واش بیسن میں کرنہیں سکتے ۔ نیچے کوئی نلکا نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—غالباً تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹ میں کموڈ انڈین ٹائپ کے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خاں—تھرڈ کلاس کا تو ہوگیا وہ واش بیسن لگادیں گے ۔

مسٹر سپیکر—سوال ہی تھرڈ کلاس کے متعلق ہے۔

راؤ خورشید علی خاں—میں دوسری کلاسز کے متعلق بھی عرض کرتا ہوں یہ بہرحال اسی سے متعلق سوال ہے ۔ اگر یہ چاہتے ہیں کہ اس کا نوٹس مزید دیاجائے لیکن میرا خیال ہے اور میں توقع کرتا ہوں کہ ان آخری ایام میں نوٹس کیا دینگے۔

مسٹر سپیکر—راؤ صاحب سوال تو اس کے متعلق نہیں ہے لیکن آپ سوال فرمالیں ۔

راؤ خورشید علی خاں—شکریہ—مہربانی ۔ جناب والا میں یہ چاہتا ہوں کہ جو تھرڈ کے علاوہ دوسرے کمپارٹمنٹ ہیں اس میں سلسلہ یہ ہے کہ جسطرح تھرڈ کلاس کے اندر نیچے والا ہے اوپر والا نہیں ہے ۔ اور یہ جو دوسرے کمپارٹمنٹ ہیں ان میں اوپر والا ہے نیچے والا نہیں ہے ۔ یہ عجیب حالت ہے ۔ دراصل ایک ایک کی کمی دونوں میں ہے ۔ جسطرح ہم نے مطالبہ کیا ہے کہ تھرڈ کلاس میں اوپر والا واش بیسن ہونا چاہئے اس طرح سے تھرڈ کے علاوہ اوپر کی جو کلاسز ہیں اس میں ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ واش بیسن کے علاوہ بھی ایک نلکا ہونا چاہئے جو طہارت کے کام آئے ۔

Minister of Railways: Of course, promise to the Member that we would do it.

ESTABLISHMENT OF NEW RAILWAY HALT ON LAHORE, NAROWAL, CHAK, AMRU AND NAROWAL SIALKOT SECTION

***7222. Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) the names of places on the Lahore-Narowal-Chak Amru and Narowal-

Sialkot Sections where new Railway halts are proposed to be established during the current year;

(*b*) the date by which each of the said halts is expected to start functioning:

(*c*) the staff proposed to be appointed at each of the said halts?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) It had recently been decided to open five halts and one flag station at the following places on the stations under reference:—

1. *Lahore-Narowal-Chak Amru Section*—

(*i*) Between Kala Khatai and Narang	..	Halt.
(*ii*) Between Raya Khas and Pejowali	..	Halt.
(*iii*) Between Pejowali and Narowal	..	Halt.
(*iv*) Between Jassar and Darbar Sahib Kartarpur		Flag Station.

2. *Narowal-Sialkot Section*—

(*i*) Between Narowal and Manjoke	..	Halt.
(*ii*) Between Gunna Kalan and Sialkot	..	Halt.

Of these the halt between Kala Khatai and Narang has been opened with the name of 'Shah Sultan' with effect from 25th July, 1964. Efforts are being made to open the remaining halts and the flag station at the earliest but as it is not known how long it will take to complete the requisite formalities it cannot be said whether it will be possible to open these in the current year.

(*b*) The dates of opening of the remaining halts and the station cannot be indicated at this stage.

(*c*) In the first instance, one booking clerk one waterman and one sweeper will be posted at each of these halts/station.

REGULARISATION OF OFFICIAL; HOLDING SELECION GRADE POSTS IN OFFICIATING CAPACITY

***7481. Mr. Iftikhar Ahmed Khan:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that several officials in the Railway Headquarters

office are holding selection grade posts in officiating capacity for the last several years pending their regular selection for appointments against the said posts;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) name of each such official, (*ii*) period for which he had been officiating, (*iii*) number of increments drawn by him during the officiating period;

(*c*) whether it is a fact that according to Railway Board's order No. GA-31/Jan/63, dated 21st May 1963 officials with two years satisfactory officiating service against selection grade posts were to be appointed on the said posts on a regular basis;

(*d*) whether it is a fact that the said orders were not implemented and have now been cancelled;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) be in the affirmative, reason for which the appointment of the officials mentioned in (*a*) above have not been regularised?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) Yes. There are only a few officials in the Railway Headquarters office who are officiating in the selection grade posts pending selection for appointment against the said posts.

(*b*) The number of officials, holding selection grade posts in an officiating capacity (pending regular selection), the periods for which they have been officiating and the number of increments drawn by them are shown in Annexure 'A'.

(*c*) No. The orders issued by the Railway Board were to the effect that in cases where senior men had continued to work in selection posts for over two years, selections should be held on the basis of their working reports only.

(*d*) Yes.

(*e*) The orders of the Board referred to in reply to (*c*) above were not implemented and were cancelled. Consequently, the question of regularising the temporary appointments to the selection posts, pending selection as required under the said orders does not arise.

ANNEXURES 'A'

EMPLOYEES WORKING IN SELECTION GRADES PENDING SELECTIONS FOR OVER A YEAR

S. No.	Name	Designation	Period of officiating	No. of increments drawn.	Remarks.
		COMMERCIAL BRANCH			
1.	Mr. Iqbal Mohd Qureshi	.. S.H. Gr. IV.	1—0—10	1	Selection is being held. Requisite number of candidates did not qualify in the selection held in July, 1964.
2.	„ Mohammad Amin	.. S.H. Gr. IV.	1—4—0.	1	
		PERSONNEL BRANCH			
1.	„ Abdul Rashid Janjua ..	.. S.H. Gr. IV.	12—11—5	11	Selection for the post has already been held in October, 1964. This person did not appear in the selection held recently. His representation in this connection is under consideration.
2.	„ Noor Din Bhatty.	.. W.L.I. (HER)	1—7—0	1	Selection being arranged.
3.	„ Mohammad Nawaz Akhtar ..	.. W.L.I. (HER)	1—7—0	1	
		D.O. ENGINEERING.			
1.	„ Aftab Ahmad Bhatty ..	.. D/Man Gr. II	2—5—7	3	Adequate number of candidates did not qualify in the previous selection held in June, 1964. Another selection is in progress.
		D.O. MECHANICAL.			
1.	„ Attaullah	.. D/Man Gr. II	1—7—25	2	Selection has been held recently. Requisite number of candidates has not qualified. A second selection will be arranged shortly.
2.	„ Munawar Din	.. do.	4—2—18	1	
3.	„ Mohammad Yaqub	.. do.	6—2—19	1	
4.	„ Manzoorul Hasan	.. Hd. D/Man.	3—2—19	1	
		D.O. SIGNALS.			
1	„ Mohammad Anwar	.. D/Man Gr. IV.	3—0—0	3	Selection is being held. Adequate number of candidates did not qualify in the previous selection in February, 1964.

مسٹر حمزہ —جناب وزیر صاحب نے فہرست جو اس کے ساتھ منسلک کی گئی ہے۔ اس کو ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ بعض ایسے officiating افسران ہیں جو کہ پچھلے چھ چار اور تین سال سے متواتر officiating capacity میں کام کرتے رہے ہیں۔ لیکن آج تک انہیں باضابطہ طور پر سلیکٹ نہیں کیا گیا۔ اس کی کیا وجہ ہے۔

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جنیجو)—جناب والا جہاں تک اس سلیکشن کا تعلق ہے یہ سوال بجٹ سیشن کے دوران میں بھی کچھ ممبران نے اٹھایا تھا۔ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ ہم کوشش کریں گے۔ جتنے بھی افسر officiate کر رہے ہیں ہم ان کو regularise کریں۔ جہاں تک باقی دس بارہ افسران کا تعلق ہے ان کی ہم سلیکشن کا انتظام کر رہے ہیں۔ انشاءاللہ جلدی مکمل کرلیں گے۔

مسٹر حمزہ—جناب وزیر صاحب نے انتظام بہت خوب ہی کیا ہے۔ آپ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ انتظام آپ نے یہ کیا کہ جس آرڈر کے ذریعہ آپ نے دوسال کی پابندی لگائی تھی جس کی وجہ سے اعتراض پیدا ہوتا تھا اب آپ نے وہ آرڈر withdraw کرلیا ہے۔ لیکن ان کو regularise نہیں کیا۔ اس کی وجہ کیا ہے۔

وزیر ریلوے — افسوس تو یہ ہے کہ جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے اس سے پہلے بھی یہی سوال اسمبلی میں آیا تھا۔ ہمارے پاس ۱۰۰ سے زیادہ آدمی تھے ان کو regularise کرنا تھا۔ اب ہم نے اس چیز کو اٹھایا ہے اور ان کو regularise کرتے آرہے ہیں۔ باقی دس بارہ آدمی ہیں وہ بھی regularise ہوجائیں گے۔ یہ آپ تسلی رکھیں کسی کے ساتھ بھی ناانصافی نہیں ہوگی۔

مسٹر حمزہ—جناب والا۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ ۱۰۰ سے زائد تھے ہم ان پر اعتبار کرتے ہیں۔ ویسے اس گورنمنٹ کی کارروائیوں کا اگر اچھی طرح جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ ہاتھی تو ہڑپ کرجاتے ہیں لیکن دم ان کے ہاں پھنس جاتی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے۔

Mr. Speaker: This is not a supplementary question.

STOPPAGE OF PARCEL TRAIN AT JAHANGIRA ROAD RAILWAY STATION

***7672. Mr. Abdur Raziq Khan:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Parcel Train is running from Peshawar to Karachi for transporting perishable goods and fruits since 1st May 1964;

(*b*) whether it is a fact that all up and down trains except the said Parcel Train stop at Jahangira Road Railway Station;

(*c*) whether it is a fact that a large quantity of perishable goods is sent from Jahangira Road to other places and traders have to take their goods to Pabbi for this purpose which is at as distance of 30 miles from Jahangira Road;

(*d*) if answers to (*a*), (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, reasons for not providing stoppage at Jahangira Road Station for the said Parcel Train?

پارلیمنٹری سیکریٹری (مسٹر لچھمن سنگھ) :(ا)پارسل ایکسپرس گاڑی مئی تا اگست ۱۹۶۴ع پشاور اور کراچی کے درمیان چلی تھی ۔عام طور پر یہ گاڑی لاہور اور کراچی کے درمیان چلتی ہے اور پھلوں کے موسم میں ان کی نقل و حمل کے لئے پشاور تک بڑھادیا تھا ۔ یہ گاڑی خصوصاً پشاور سے پارسلوں اور تازہ پھلوں (جنکی بکنگ کوچنگ (پارسل) ریٹ پر ہوتی ہے) کی نقل و حمل کے لئے مخصوص ہے ۔ اس گاڑی میں کسی قسم کی دیگر ٹریفک جس میں تلف ہونے والا مال (جسکی بکنگ گڈز ریٹ پر ہوتی ہے) شامل نہیں ہے۔

(ب) اس پارسل ایکسپریس اور تھرو گڈز ٹرینوں کے سوا دوسری سب گاڑیاں جہانگیرہ روڈ ریلوے اسٹیشن پر ٹھہرتی ہیں ۔

(ج) جہانگیرہ روڈ سٹیشن پر تلف ہونے والے مال کی نقل و حمل کے لئے تمام سہولتیں موجود ہیں ۔ انڈوں کے پارسل جو کوچنگ ریٹ پر کراچی کے لئے بک ہوتے ہیں چناب ایکسپریس کے بریک کے ڈبوں میں بھجوائے جاتے ہیں ۔ آلو اور پیاز جو کراچی اور حیدر آباد وغیرہ کے لئے گڈز ریٹ پر بک ہوتے ہیں مال گاڑیوں کے ذریعے بھجوائے جاتے ہیں ۔

جہانگیرہ روڈ سٹیشن پر مناسب سہولتیں ہونے کے باوجود پبی کے کچھ تاجر جنکے پاس ریلوے سٹیشن پر گوداموں کی سہولت موجود ہے آلو اور پیاز جہانگیرہ روڈ سے بذریعہ سڑک پبی لے جاتے ہیں جہاں سے مال ریل میں بک ہوتا ہے ۔

(د) حصہ (ا)(ب) اور (ج) کے جوابات سے واضح ہے کہ پارسل ایکسپریس گاڑی کو جو پھلوں کے موسم میں پشاور تک چلتی ہے مذکورہ سٹیشن پر ٹھہرانے کی ضرورت نہیں ۔

CONSTRUCTION OF OVER BRIDGES

***7749. Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the total number of over bridges constructed during the last ten years and the expenditure incurred on the construction of each of them ;

(*b*) whether any of the Local Bodies in the Province contributed towards the construction of the said bridges in their respective jurisdictions; if so, the expenditure borne by Local Bodies in the construction of each bridge ?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh):—(*a*) During the last ten years five road over-bridges have been constructed on the Pakistan Western Railway; four of them on the new Karachi Circular Railway and one at Lyallpur yard in replacement of a level crossing. The expenditure incurred on the four over-bridges on the Karachi Circular Railway amounts to Rs. 37,87,303.80 and the expenditure incurred on the road over-bridge at Lyallpur amounts to Rs. 8,19,728.87

(*b*) The four over-bridges on Karachi Circular Railway have been constructed entirely at the cost of Pakistan Western Railway. As regards the bridges at Lyallpur, the Buildings and Roads Department contributed Rs. 6,50,692.0. towards its cost and the balance expenditure of Rs. 1,69,036.87 was borne by the Railway Administration.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر—جیسا کہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کے جواب سے ظاہر ہے کہ محکمہ ریلوے نے کراچی میں جو Overhead Bridges بنائے ہیں۔ ان پر کوئی ۳۷ یا ۳۸ لاکھ کے لگ بھگ روپیہ صرف ہوا ہے۔ یہ تمام کا تمام خرچ محکمہ ریلوے نے برداشت کیا تھا۔

اسی طرح جو Overhead Bridge لائلپور میں بنایا گیا ہے۔ اس کے کل آٹھ لاکھ روپے کے خرچ کا بیشتر حصہ B & R Department نے اور باقی محکمہ ریلوے نے برداشت کیا تھا۔ میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ گوجرہ کے مقام پر بھی ایک Overhead Bridge بنانے کی تجویز تھی جس کے متعلق میں نے ایک سوال بھی پوچھا تھا اور محکمہ متعلقہ نے اس کا تخمینہ بھی لگایا تھا۔ اب یہ اس چھوٹی سی میونسپلٹی کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ اس کا تمام خرچ خود برداشت کرے۔ مگر کراچی جیسی امیر ترین کارپوریشن پر کسی قسم کا بوجھ نہیں ڈالتے۔ اسی طرح لائلپور کی میونسپل کمیٹی کم از کم ہماری ڈویژن کی امیر ترین میونسپل کمیٹی ہے۔ اس سے بھی کچھ نہیں لیا گیا۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ آپ نے گوجرہ کے Overhead Bridge کے لئے وہاں کی میونسپل کمیٹی کو مجبور کر رکھا ہے کہ وہ اس کا سارے کا سارا خرچ برداشت کرے؟—

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جنیجو)—صاحب صدر۔ جہاں تک کراچی کی سرکار ریلوے کا تعلق ہے۔ اس کے متعلق میں ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ بات یہ ہے کہ محکمہ ریلوے اور Communication & Works Department کی یہ پالیسی ہے کہ جہاں بھی کوئی سڑک پہلے سے موجود ہو اور ریلوے لائن اس کے بعد آئے۔ تو اس کا تمام خرچ محکمہ ریلوے برداشت کرتا ہے۔ اور جہاں ریلوے لائن پہلے تھی۔ اور سڑک اس کے بعد آئی ہے۔ تو اس صورت میں سڑکوں کا محکمہ خرچ برداشت

کرتا ہے۔ کراچی سرکار ریلوے ابھی بنی ہے۔ چنانچہ وہاں میونسپل کارپوریشن کے جو لوگ تھے۔ انہوں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ یہ پل بنائے جائیں۔ چنانچہ یہ ریلوے کے محکمے کا فرض تھا کہ وہ یہ پل بنائے۔ ویسے کراچی سرکار ریلوے کی پوزیشن بھی بالکل الگ ہے جہاں تک گوجرہ کا تعلق ہے۔ مجھے اس کے متعلق پوری طرح تو یاد نہیں۔ لیکن چونکہ وہ سڑک ہماری ریل کے بعد آئی ہے۔ اس لئے یہ ہماری ذمہ داری نہیں۔ لیکن اگر ریل بعد میں آئی ہو تو یقیناً یہ ریلوے کے محکمے کی ذمہ داری ہے۔

مسٹر سپیکر۔ لیکن آپ یہ distinction کیسے کرتے ہیں کہ وہاں ریل پہلے آئی ہے یا سڑک؟

وزیر ریلوے—جناب والا۔ آپ کراچی سرکار ریلوے کی مثال ہی لے لیں۔ جو ابھی حال ہی میں بنائی گئی ہے۔ اس میں ریلوے چونکہ بہت سی سڑکوں کو Cross کریگی۔ اس لئے یہ محکمہ ریلوے کا فرض ہے کہ وہاں Railway Crossings دے۔ چونکہ وہاں ٹریفک بہت زیادہ ہے۔ اس لئے ہمیں Overhead Bridges بھی بنانا پڑے ہیں۔

جہاں تک سڑکوں کا تعلق ہے۔ ہم سڑکیں بھی بناتے ہیں۔ اس وقت ہم Super Highway بنا رہے ہیں۔ تو وہ جہاں بھی ریلوے کو Cross کرتی ہے۔ وہاں پلوں کے بارے میں Communication & Works Department خرچ برداشت کرتا ہے۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر۔ جناب وزیر نے ایک اصول کا ذکر کیا ہے کہ جہاں سڑک پہلے موجود ہو اور ریلوے بعد میں آئے۔ تو وہاں تمام خرچ Railway Administration یا محکمہ ریلوے برداشت کرتا ہے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ لائلپور میں جو Overhead Bridge بنایا گیا ہے۔ وہاں ریلوے پہلے موجود تھی اور سڑک بعد میں پہنچی۔ کیا وجہ ہے کہ وہاں آپ کے محکمہ نے ایک لاکھ ۹۶ ہزار روپیہ خرچ کیا ہے اور باقی کا سارا خرچ بھی آپ کے B & R Department نے برداشت کیا ہے؟

وزیر ریلوے—جناب والا! اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں ہم ایک Super Highway بنا رہے ہیں۔ اس لئے ہم نے یہ سوچا کہ وہ پل بھی ہم ہی تعمیر کریں۔ تاکہ وہاں ٹریفک کے لئے آسانی پیدا ہو۔ اس کی تعمیر کے بیشتر اخراجات ہمارے

Communication & Works Department کی طرف سے دیئے گئے ہیں۔ اور باقی جو تھوڑا سا حصہ ہے۔ وہ ریلوے کی طرف سے خرچ ہوگا جو کہ ریلوے والے ادا کر دینگے۔

مسٹر سپیکر— لیکن Local Bodies کے متعلق پالیسی کیا ہے؟

وزیر ریلوے— جناب والا! جہاں تک Local Bodies کا تعلق ہے۔ عرض یہ ہے کہ ہمارے پاس مغربی پاکستان میں ہزاروں Crossings ہیں۔ مثلاً گوجرانوالہ شہر کو ہی لے لیجئے۔ وہاں کا Satellite Town اور شہر ریلوے کے ایک طرف ہے۔ یہ بڑی اہم Railway Crossing ہے۔ وہاں کے لوگ کہتے ہیں کہ وہاں ایک Overhead Bridge بنایا جائے۔ تاکہ ٹریفک کے لئے آسانی پیدا ہو۔ لیکن جہاں تک اس Contribution کا تعلق ہے۔ جب تک ہمیں مقامی کونسل خواہ وہ میونسپل کمیٹی ہو یا ڈسٹرک کونسل۔ خرچ کا وہ حصہ نہ دیگی۔ ہم اسے تعمیر نہیں کرینگے۔ لیکن کئی ایسے exceptional cases ہوتے ہیں جن میں محکمہ ریلوے خرچ کا وہ حصہ جو اس کے ذمے ہو اس امر کے متعلق اپنی تسلی کرنے کے بعد ادا کر دیتا ہے کہ واقعی وہاں ایسی ٹریفک ہے جس کو پھاٹک بند رہنے کی وجہ سے بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں ہم ریلوے کی طرف سے بڑا liberal view لیتے ہیں۔

Mr. Speaker : This remains closed, I think, for six hours in twenty-four hours and that was evident from the Ministers' answer.

Minister of Railways: That is why I particularly mentioned it because you have personal experience about that crossing.

مسٹر حمزہ— جناب سپیکر۔ جناب وزیر صاحب کے جواب سے یہ بات ظاہر ہے کہ جیسے اس گورنمنٹ کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ امیروں کو نوازتی ہے۔ اسی طرح اس محکمہ کی بھی یہ خصوصیت ہے کہ یہ بڑوں کے ساتھ ترجیحی سلوک کرتا ہے۔ اور چھوٹے شہروں کی ضروریات کا قطعاً خیال نہیں رکھتا۔ بلکہ ان کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

Mr. Speaker : That is not a supplementary question.

حاجی میر محمد بخش تالپور— جناب والا۔ کیا جناب وزیر ریلوے کے علم میں یہ بات ہے کہ میر پور خاص کے Crossing پر ایک پل کی ضرورت ہے؟ کیا آپ کے پاس اس کے متعلق کوئی سکیم ہے؟۔

وزیر ریلوے— جناب والا۔ یہ سوال میں نے پہلے ہی وہاں کے مقامی معزز ممبران کے ساتھ Discuss کرکے Decide کر دیا ہے۔ انشاءاللہ یہ شکایت بہت جلد رفع ہو جائے گی۔ دراصل ہم وہاں Overhead Bridge تو نہیں بنا رہے۔ البتہ اس Railway Crossing کو ذرا اونچا کر رہے ہیں۔ تاکہ ٹریفک کے لئے آسانی پیدا ہو جائے۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi: Since the question of over-bridges has come up I would like to put a question about the Larkana over-bridge. The Minister of Railway himself knows that the main town is one side and all the offices are on the other side, even the schools and colleges and the door remains closed for six hours as in the case of Lyallpur. I would like to know what he has decided about that over-bridge in Larkana?

وزیر ریلوے— جناب والا۔ جہاں تک لاڑکانہ شہر کا تعلق ہے۔ وہاں سے بہت سی Representation موصول ہو رہی ہیں۔ وہاں ریلوے سٹیشن شہر سے دوسری طرف ہے۔ جب بھی مسافر آتے ہیں۔ تو ان کو پھاٹک کھلنے کا کافی دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ تو ہم نے یہ Provision کر دی ہے کہ ہم ریلوے سٹیشن کی بلڈنگ بھی شہر کی طرف تعمیر کر دیں۔ چنانچہ ہم ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں تاکہ مسافروں کی تکلیف رفع ہو سکے۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi: Excuse me, I think, the Minister did not understand my supplementary question. The main railway town is on one side and all the offices of the Engineers, Collector, Deputy Commissioner and S. P. are on the other side of the main town. Therefore, it won't help the people going from Larkana town to the offices or to schools or to colleges. It will only help the passengers if they shift the station on the other side. My main point is what he will do about the over-bridge crossing ?

Minister of Railways: Regarding this over head-bridge I can only agree to the proposal if the Local Bodies are going to finance the project. In that case we have no objection.

Mr. Speaker : The entire cost?

Minister of Railways: Yes, the entire cost. Because we are already spending rupees twenty lacs for the new station. We cannot afford to build an over-head bridge there.

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi: It would have been better, Sir, if they had given us an over head-bridge there instead of shifting the station because they are asking

for rupees one lakh from the Municipal Committee and the Municipal Committee's budget is not even rupees one lakh.

مسٹر سلطان محمد اعوان— جناب والا - میں جناب وزیر ریلوے سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ابھی تک حویلیان کا پل کیوں تعمیر نہیں کیا؟

Mr. Speaker: This is not a supplementary question.

PROMOTION ON GOODS CLERKS FROM GRADE I TO GRADE II

*7756. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Goods Clerks Grade I are promoted to Grade II after 25 years of service;

(*b*) whether it is a fact that a Grade I goods Clerk reaches the maximum of his scale of pay, i.e., 115—5—751 in 12 years;

(*c*) whether it is fact that the said clerk after completion of 12 years service, neither gets any increase in pay nor any promotion for a period of about 13 years and this results in frustration and corruption among Grade I Clerks;

(*d*) if answer to (a) to (c) above be in affirmative, whether Government intend to take steps for removing the said frustration and corruption?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) No. Promotion depends upon the occurrence of vacancies, and normally ranges between 10 and 20 years.

(*b*) Yes.

(*c*) No. Promotion to Grade II depends upon the occurrence of vacancies as stated in reply to part (*a*) of the question. On promotion to Grade II, the Clerks are accommodated in pay scale Rs. 125—225.

(*d*) The question of improving the prospects of promotion of Goods Clerks is already under examination.

STOPS MADE BY 14-UP EXPRESS TRAIN RUNNING BETWEEN MULTAN AND LAHORE

*7757. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that 14-Up express train running between Multan and Lahore made 6 Un-scheduled stops between Mian Channu and Lahore on 8th June 1964; if so, reasons therefor;

(*b*) whether it is a fact that the above said train often makes such stops between the above said stations;

(*c*) whether it is a fact that on 8th June 1964 there was no light in the above said train and the fans in 1st and 2nd class compartments were not working?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) The express train from Multan to Lahore is 13-Up and that from Lahore to Multan is 14 down. It appears that the train in question was 13-Up.

On 13th June 1964, 13-Up express train made four un-scheduled stops between Mian Channu and Lahore for reasons given below:—

(*i*) *At Dad Fatihana*—for crossing 7 Up Tezgam.

(*ii*) *At Changa Manga*—as goods train running ahead lost time on the section.

(*iii*) *Between Bhoe Asal and Kot Radha Kishn*—on account of vacuum trouble.

(*iv*) *Between Jia Bagga and Kana Kacha*—to observe engineering restriction.

(*b*) Not normally.

The train had been stopping in the period April to October, 1964, between Jia Bagga and Kana Kacha stations to observe an engineering restriction at the site of a bridge under construction. This restriction was temporary and has since been withdrawn.

It is pointed out that there are occasional un-scheduled stoppages at other places due to operational reasons which are incidential to railway working. Such stoppages are not peculiar to 13-Up on Mian Channu (Lahore section). Other trains have similar occasional stoppages on various sections. For these stoppages, on a normal scale, an allowance is made in the time table, so that trains may reach destination punctually. Sometimes abnormal stoppages exceed this allowance, in which event trains arrive late.

(*c*) No.

Fans and lights in the whole train were working satisfactorily.

مسٹر حمزہ— اگر میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ عرض کروں تو مناسب ہوگا کہ یہ سوال مجھے ان کی پارٹی کے ایک ممبر نے دیا تھا کیونکہ سچی بات کہنے کے لئے انہیں ڈر لگتا تھا ۔ وہ خود اس ٹرین میں سفر کر رہے تھے ۔ اور انہوں نے دیکھا کہ ریلوے ڈرائیور جس شخص کو نوازنا چاہتے ہیں وہ Scheduled Stoppage کے علاوہ کسی جگہ اتار دیتے ہیں ۔ لہذا مجبور ہو کر انہوں نے یہ سوال مجھے دیا تاکہ میں آپ کے نوٹس میں لاؤں کہ ریلوے کے بعض عملہ کس کو نوازنے کے لئے Unsheduled stoppages پر لوگوں کو اتار دیتا ہے ۔ اس لئے کیا آپ اس بات کی خاص طور پر انکوائری کرائینگے اور جو لوگ ایسی کارروائی کرتے ہیں ان کے خلاف سخت اقدام کرینگے ؟

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خان جینجو)— جہاں تک میں نے examine کیا ہے Complaint Book میں کوئی complaint لکھی ہوئی نہیں تھی اب بلاوجہ کیسے انکوائری کرائی جائے ۔

مسٹر حمزہ— کیا آپ اپنی پارٹی کے رکن سے کہیں گے کہ وہ جرأت سے سچی بات کہہ دیا کریں اور اگر کوئی شکایت ہو تو Complaint Book میں لکھ دیا کریں ۔

میاں محمد شریف— لیکن اس کے لئے کوئی Specific reason ہونا چاہئے ۔

ایک معزز ممبر— حمزہ صاحب آپ اس رکن کا نام بتا دیں ۔

مسٹر حمزہ— مولانا صاحب نے یہاں نام نہ بتانے کی ایک رسم ڈالی ہے اس لئے میں بھی نام نہیں بتا سکتا ۔

مولانا غلام غوث— آپ اس کو پھانسی پر چڑھانا چاہتے ہیں مگر میں اسے بچانا چاہتا ہوں ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

راؤ خورشید علی خان— * * * (شور)

مولانا غلام غوث * * * * *

مسٹر حمزہ— * * * * * *

مولانا غلام غوث— * * (شور)

مسٹر سپیکر—مولانا صاحب اور راؤ خورشید علی خان ہاؤس سے باہر تشریف لے جائیں

The remarks made by both the members are expunged from the proceedings of the Assembly.

*Expunged as ordered by the Speaker.

SCALES OF PAY OF COMMERCIAL STAFF AND STATION MASTERS

*7758. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that uniform scales of pay were prescribed for commercial staff and Station Masters before 1957;

(*b*) whether it is a fact that pay scales of the Station Masters were up-graded after independence; if so, reasons enhancing pay scales of commercial staff;

(*c*) educational qualifications prescribed for recruitment of Station Masters and commercial staff and the period of their training;

(*d*) the present pay scales of the above said two categories of officials?

پارلیمنٹری سیکریٹری (مسٹر لچھمن سنگھ) - (الف) جی نہیں۔ مذکورہ بالا دو زمروں کے تنخواہوں کے سکیل اور ترقی کے امکانات کا آپس میں نہ تو مقابلہ ہو سکتا ہے اور نہ ہی کبھی ہوا ہے جیسا کہ درج ذیل فہرست سے ظاہر ہوتا ہے۔

	سٹیشن ماسٹر گروپ		کمرشل کلرکس	
	پرانا سکیل	نظرثانی شدہ سکیل	پرانا سکیل نظرثانی شدہ سکیل	
سگنیلر	۷۰—۳۳	۶۰—۴۰	گریڈ اول ۹۰—۳۳	۶۰—۴۰
اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر	۷۵—۴۵	۶۰—۴۰		
سٹیشن ماسٹر گریڈ اول	۹۵—۷۸	۸۵—۶۵	گریڈ دوئم ۹۰—۶۶	۸۵—۶۵
سٹیشن ماسٹر گریڈ دوئم	۱۴۰—۱۱۰	۱۲۰—۱۰۰	گریڈ سوئم ۱۴۰—۱۰۵	۱۲۰—۱۰۰
سٹیشن ماسٹر گریڈ سوئم	۱۹۰—۱۵۰	۱۶۰	گریڈ چہارم ۱۹۰—۱۵۰	۱۶۰
سٹیشن ماسٹر گریڈ چہارم	۲۵۰—۲۰۰	۲۰۰	—	
سٹیشن ماسٹر گریڈ پنجم	۳۰۰—۲۶۰	۲۳۰	—	
سٹیشن ماسٹر گریڈ ششم	۳۵۰—۳۲۰	۲۶۰	—	

سٹیشن ماسٹر گریڈ ہفتم ۳۰۰—۳۶۰ ۳۰۰ —

سٹیشن ماسٹر گریڈ ہشتم ۳۲۵—۵۰۰ ۳۵۰ —

(ب) پریسکرایبڈ سکیلوں کے تحت جن کا عمل درآمد یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے ہوا سٹیشن ماسٹروں کی تنخواہوں کے سکیل ہی نہیں بڑھے بلکہ کمرشل کارکنوں کے بھی بڑھ گئے تھے۔ ابتدا میں ان دو زمروں میں آنے والے ملازمین کے تنخواہوں کے سکیل جو زیادہ ہوئے درج ذیل ہیں۔

	سٹیشن ماسٹر		کمرشل سٹاف
سگنیلر	۶۸—۱۲۰	گریڈ اول *	۶۰—۱۲۰
اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر	۷۲—۱۵۰	گریڈ دوئم	۷۵—۱۵۰
سٹیشن ماسٹر گریڈ اول	۱۰۰—۱۵۰		
سٹیشن ماسٹر گریڈ دوئم			
سٹیشن ماسٹر گریڈ سوئم	۱۲۵—۲۲۵	گریڈ سوئم	۱۲۵—۲۲۵
		گریڈ چہارم	
سٹیشن ماسٹر گریڈ چہارم			
سٹیشن ماسٹر گریڈ پنجم			
سٹیشن ماسٹر گریڈ ششم	۱۸۵—۳۰۰		—

* (بعد میں کوالیفائڈ سٹاف کے لئے ۶۸ روپے مقرر ہوئے)

سٹیشن ماسٹر گریڈ ہفتم
۲۳۰—۳۴۰
سٹیشن ماسٹر گریڈ ہشتم

بعد میں گریڈ اول کے سٹیشن ماسٹروں کے سکیل ۱۰۰—۱۵۰ روپے کو اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹروں کے سکیل ۷۲—۱۵۰ روپے، ٹکٹ کلکٹر اور کمرشل کلرک سکیل ۶۰—۱۲۰ اور ۷۵—۱۵۰ جو کہ سٹیشن ماسٹر کے ماتحت کام کرتے ہیں غیر مناسب خیال کرتے ہوئے ۱۰۰—۱۵۰ کے سکیل پر نظر ثانی کرکے ۱۲۵—۲۲۵ کا سکیل مرتب کیا گیا تاکہ گریڈ اول، دوئم اور سوئم کے سٹیشن ماسٹروں کا سکیل برابر ہو جائے۔ گورنمنٹ کی نظر میں کمرشل کارکنوں کے سکیلوں پر نظر ثانی کا کوئی جواز نہیں ہے۔

(ج) تعلیمی معیار اور مدت ٹریننگ درج ذیل ہے۔

	سٹیشن ماسٹر گروپ
(الف) تعلیمی قابلیت	میٹرک سیکنڈ ڈویژن
(ب) مدت ٹریننگ	۹ ماہ والٹن ٹریننگ سکول میں اور ایک ماہ لائن پر۔
	کمرشل گروپ
(الف) تعلیمی قابلیت	میٹرک سیکنڈ ڈویژن
(ب) مدت ٹریننگ	۵ ماہ والٹن ٹریننگ سکول میں اور ایک ماہ لائن پر۔

(د) موجودہ تنخواہوں کے اسکیل یعنی کنسالیڈیٹڈ پے سکیل جو مورخہ یکم دسمبر ۱۹۶۲ء سے جاری ہوئے درج ذیل ہیں۔

سٹیشن ماسٹر گروپ		کمرشل کلرکس	
سگنیلرز	۱۱۵—۱۷۵	گریڈ اول	۱۱۵—۱۷۵
سٹیشن ماسٹر (آرڈنری)	۱۲۵—۲۲۵	گریڈ دوئم	۱۲۵—۲۲۵
سٹیشن ماسٹر گریڈ اول تا گریڈ سوئم	۱۷۵—۳۵۰	گریڈ سوئم	۱۷۵—۳۵۰
سٹیشن ماسٹر گریڈ چہارم تا گریڈ ششم	۲۷۵—۴۵۰		
سٹیشن ماسٹر گریڈ ہفتم تا گریڈ ہشتم	۳۲۰—۶۵۰		

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ میرے خیال میں محکمہ کا تعلق اپنے ملازمین سے ماں باپ جیسا ہوتا ہے۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ گڈز کلرک ۱۱۲۷ ہیں ان میں سے محض ۲۱۶ کی رہائش کا بندوبست کیا گیا ہے۔ کیا آپ اس صورت حال سے مطمئن ہیں۔

وزیر ریلوے (مسٹر محمد خاں جنیجو)۔ رہائش کے لئے ہمیں یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ ملازمین essential یا non-essential گڈز کلرک non-essential سٹاف میں آتے

ہیں ۔ اس لئے جب آپ مقابلہ کرینگے تو آپ دیکھینگے کہ ان کو کم accommodation نہیں ملی ۔

مسٹر حمزہ — کیا آپ نے ان کو Non-essential قرار دے کر سزا دی ہے ۔ اس کے بدلے میں وہ آپ پر غصہ نکالنے کی بجائے عوام پر اپنا غصہ نکالتے ہیں اور رشوت وصول کرنے میں سختی کرتے ہیں ۔

مہربانی فرما کر آپ اس رویہ کو تبدیل کریں تاکہ وہ رشوت لینا بند کر دیں ۔

وزیر ریلوے — جناب والا ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ۔

PROVIDING OF RESIDENTIAL ACCOMMODATION FOR COMMERCIAL STAFF

*7759. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that residential accommodation is not generally provided to commercial staff;

(*b*) the number of Goods Clerks in the Railway Department and the number out of those who have been provided with residential accommodation;

(*c*) whether the Railway Administration is aware of the fact that lack of residential accommodation causes great hardship to the commercial staff; if so, the steps Government intend to take in the matter?

Parliamentary Secretary (Mr. Laxman Singh): (*a*) No. Commercial staff are provided with railway accommodation in accordance with the same rules as applicable to the staff of other branches.

(*b*) The total number of Goods Clerks employed on the Pakistan Western Railway is 1, 127 and of these, 216 are accommodated in the railway quarters.

(*c*) Railway quarters are not provided for all the staff on the Railway. While the total strength of the staff is 127,249 quarters are available for accommodating only 50,359. These available quarters are allotted to the staff in accordance with the rules in force under which those classified as 'essential', such as, drivers, firemen, guards, etc., are given higher priority so that the 'non-essential' staff, like Goods Clerks, etc., are accommodated in railway quarters to a smaller extent. This practice has been in existence all long and has not been considered as causing hardship.

PROMOTION OF CLERKS GRADE I AND GRADE II IN HEADQUARTERS OFFICE AND DIVISIONAL OFFICES

*7780. **Amir Habibullah Khan Saadi:** Will theMinister of Railways please refer to the answer to my starred question No. 7049 given on the floor of the House on 10th June 1964 and state the branch-wise percentage fixed for the promotion of Clerks Grade I to Grade II and Clerks Grade II to Grade III in the Headquarters Office and the Divisional Offices?

Parliamentary Secretary (Mr, Laxman Singh): No percentage for the promotion of clerks Grade I to Grade II, and Clerks Grade II to Grade III, in various branches of Headquarters Office, and the Divisional Offices, has been fixed. The scope of promotion available for Clerks Grade I to grade II and Clerks Grade II to grade III varies and depends upon the strength of posts in each of the three grades in different branches of Headquarters and Divisional Offices. Strength of posts in each grade is related to the nature, importance and volume of work in a particular branch.

مسٹر عبدالرازق خان — جناب ۔ جن حضرات کو آپ نے باہر چلے جانے کا حکم دیا تھا انہوں نے آپ کے حکم کی تعمیل کردی ہے ۔ اب آپ ان کو اجازت دیدیں ۔

Mr. Speaker: Yes They are allowead to Come in.

مسٹر عبدالرازق خان — جناب والا ۔ اردو میں فرمادیں مولانا صاحب کی سمجھ میں نہیں آیا ہوگا ۔

مسٹر سپیکر — آپ پیغام بھجوادیں ۔

SUM ALLOCATED FOR DEVELOPMENT PROGRAMME DURING 1963-64.

(*c*) whether it is a fact that the Officers have not received their salaries for the last nine months;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to obtain the advice of the West Pakistan Public Service Commission at the earliest?

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی نہیں ۔ بعض افسران جون ۱۹۶۴ء تک تنخواہیں وصول کرتے رہے ہیں ۔

(ج) جی نہیں ۔

(د) ناردرن ایریا کے کمپٹرولر سے کہا گیا ہے کہ وہ عارضی طور پر انہیں مستقل گریڈ میں تنخواہیں ادا کر دیں ۔

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Crops Destroyed by Insects

183. Mir Haji Muhammad Bux Talpur: Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the various kinds of insects which spoil the crops are destroyed by spraying poison on the crops;

(*b*) whether it is also a fact that fish and birds also destroy the said insects?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) Yes.

(*b*) In case of birds, 'Yes' partly, but 'No' in case of fish.

Plants of Rohero Trees raising at Nagarparkar and Chelhar

189. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Agriculture please refer to the answer to my starred question No. 4335 given on the floor of the House on 6th April, 1964 and state reasons for not raising the plants of Rohero trees at Nagarparkar and Chelhar which are also situated in Thar Desert ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : It has been reported by local

officers that sowing of Rohro plants was made at Nagarparkar and Chelhar but the plantation was not successful on account of extreme draught conditions and brackish water and poor percentage of germination. It is hoped to repeat the experiment in this area during the next monsoon season.

VETERINARY FIELD COMPOUNDERS IN HYDERABAD REGION

193. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 10,000 have been allocated for the training of Veterinary Field Compounders in Hyderabad Region during the current fiscal year ; if so, (*i*) the particulars and duration of the said training course, (*ii*) the number of compounders selected for the said training, and (*iii*) whether the said Compounders after the completion of their training will be posted in the areas where Veterinary qualified doctors are not posted at present ?

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : اس مقصد کے لئے ۹۹۰۰ روپے کی رقم منظور کی گئی ہے ۔

(i) چھ ماہ ۔

(ii) ۳۳ وٹرنری فیلڈ کمپونڈرز ۔ سٹاک اسسٹنٹس ۔

(iii) چونکہ فیلڈ وٹرنری کمپونڈرز کے فرائض وٹرنری اسسٹنٹ سرجنوں کے فرائض سے مختلف ہیں ۔ اس لئے انہیں وٹرنری اسسٹنٹ سرجنوں کی جگہ پر متعین نہیں کیا جا سکا ۔

SHEEP-BREEDING IN THARPARKAR DISTRICT

194. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the district-wise number of sheep in the Province ;

(*b*) whether it is a fact that a sum of Rs. 30,000 have been sanctioned by Government for subsidizing the sheep-breeding during 1964-65, if so, district-wise allocation out of the said grant and in case no amount has been allocated to Tharparkar District ; reasons thereof ?

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : (الف) مطلوبہ معلومات کے متعلق گوشوارہ (الف) ایوان کی میز پر رکھدیا گیا ہے *

(ب) جی ہاں ۔ مطلوبہ معلومات کے متعلق گوشوارہ (ب) ایوان کی میز

*Please see Appendix VIII at the end.

پر رکھدیا گیا ہے* یہ سکیم صرف لاہور اور ملتان ریجنوں کیلئے منظور کی گئی تھی اور ۱۹۶۴-۶۵ء کے مالی سال میں اسے بھیڑوں کی افزائش کی سہولتوں کو فروغ دینے کیلئے شامل کیا گیا تھا۔ تھرپارکر کیلئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی تھی۔

حیدرآباد ریجن کیلئے جہاں ضلع تھرپارکر واقع ہے۔ سکیم تیسرے پانچسالہ منصوبے میں شروع کردی جائے گی۔

SCHEME FOR THE CONSTRUCTION OF NATIONAL PARK IN MIANI FOREST

196. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Government have prepared a scheme for the construction of National Park in Miani Forest at a cost of Rs. 2,03,000 ; if so, whether a copy of the scheme will be placed on the Table of the Assembly ;

(*b*) whether it is a fact that a sum of Rs. 95,000 has been allocated in the budget for the year 1964-65 for the purpose ; if so, whether the said amount is likely to be spent during the current year ?

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : (الف) جی ہاں۔ اس سکیم کی کل لاگت دو لاکھ تین ہزار روپے نہیں بلکہ دو لاکھ ۱۰ ہزار روپے ہے۔ اور اس سکیم کی ایک نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) اس سکیم کیلئے ۱۹۶۴-۶۵ء کے بجٹ میں ۹۵۰۰۰ روپے نہیں بلکہ ایک لاکھ ۵۰ ہزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔ لیکن چونکہ صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی اس سکیم کو مسترد کر چکی ہے اس لئے رقم کے استعمال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

QUESTION OF PRIVILEGE.

RE: WILFUL BREAKING OF QUORUM BY THE MINISTER OF AGRICULTURE ON 20TH JAN. 1965.

Mr. Speaker : There is a question of privilege sought to be raised by Allama Rehmat Ullah Arshad. The Member may please ask for leave of the House to raise it.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور۔ ۲) میں استحقاق کا سوال پیش کرنے

---

*Please see Appendix VIII at the end.

† Please see Appendix IX at the end.

کی اجازت طلب کرتاھوں اس موضوع پر کہ مورخہ ۲۰- جنوری سنہ ۱۹۶۵ کا دن غیر سرکاری مسودات قانون پر بحث کیلئے مخصوص کیا گیا تھا - ان غیر سرکاری مسودات قانون میں قومی زبان کا مسودہ قانون بھی ایجنڈے میں شامل تھا - اس مسودہ قانون کا محرک میں ھوں - یہ مسودہ قانون قومی حیثیت سے بے حد اھمیت کا حامل ھے - یہ مسودہ قانون تمام اصطلاحی مراحل طے کر کے آخری شکل میں ایوان کے سامنے فیصلے کیلئے پیش ھو رھا تھا - مگر محترم ملک قادر بخش صاحب وزیر خوراک نے سرکاری پارٹی کے ارکان کو ایوان سے باھر بھیج کر دیدہ و دانستہ ایوان کا کورم توڑ دیا اور مجھے مسودہ قانون کو پیش کرنے کے حق سے محروم کردیا -

اس معزز ایوان کے ایک رکن کی حیثیت سے جو حقوق مجھے حاصل ھیں اس میں بڑی ھی سنگدلانہ مداخلت کیگئی ھے - اور آئین نیز پارلیمانی قواعد کے خلاف مجھے میرے مسلمہ حق سے محروم کردیا گیا - یہ واقعہ سنگین حق تلفی کا مظاھرہ ھے اور اس سے ایوان کا استحقاق بھی شدید طور پر مجروح ھوا ھے -

خواجہ محمد صفدر - افسوس - افسوس - (قطع کلامیاں) : اس سچ کو بھی جھٹلانے کیلئے کھڑے ھوگئے اور دن کو رات کہنے کے لئے تیار ھو گئے -

مسٹر افتخار احمد خان - روزے کا خیال رکھو ملک صاحب -

خواجہ محمد صفدر - روزہ ھو تو خیال کریں -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - چلو آج اس بات کا حلف کرتے ھیں کہ کس کس نے روزہ رکھا ھے - (قہقہہ)

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب صدر - اس ایوان کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ یہ ھے کہ ایوان کی تاریخ اور اس کی میعاد ختم ھو رھی ھے لیکن ابھی تک یہ ایوان اپنے قواعد اور رولز آف پروسیجر نہیں بنا سکا حالانکہ اس بات کے لئے بارھا ھماری طرف سے یہ مطالبہ ھوا اور ان قواعد کی اس ترتیب کو مختلف حیلوں اور بہانوں کے ساتھہ یہ ھمیشہ ٹالتے رھے اور یہ المیہ اس لحاظ سے اور بھی شدید ھوجاتا ھے کہ ایک ایسا ایوان جو پورے صوبے کے لئے قانون سازی کے اختیارات رکھتا ھے وہ اپنی کارروائی کے لئے کوئی قواعد خود

نہیں بنا سکتا اور نہ بنا سکا ۔ لیکن جو قوانین جناب اس وقت ہیں اور جن کے ہم پابند ہیں اسکے لحاظ سے بھی اس ایوان کے اراکین کا ایک حق متعین کردیا گیا ہے اور ان حقوق میں سے ایک یہ ہے کہ ہر ممبر غیر سرکاری ایام جو غیر سرکاری کارروائی کے لئے متعین ہوتے ہیں ان میں وہ اپنے بل ۔ مسودہ ہائے قوانین پیش کر کے میں آپ کے توسل سے اس ایوان کی توجہ مبذول کرا سکتا ہوں کہ یہ انکا مسلمہ حق ہے ۔ اس میں اردو زبان کا بل ہے جس کے متعلق میں نے پہلے بھی تقریر کی تھی کہ وہ ہماری مقدس اور محترم وزارت کے حلق میں اٹکا ہوا ہے۔ عوامی مطالبہ۔ اخبارات کے ایڈیٹوریل عوامی امنگیں اور صوبے کے تمام لوگوں کا یہ تقاضہ ہے کہ جلد از جلد قومی زبان کو صوبے کی زبان بنایا جائے اس لئے یہ اس مسودے کو اگل بھی نہیں سکتے اور نوکر شاہی کے دباؤ میں یہ اتنے آئے ہوئے ہیں کہ یہ اسکو ہضم بھی نہیں کر سکتے ۔ یہ تاخیری حربوں کے ساتھ دو ڈھائی برس سے ایسے مسودہ قانون کو ٹالنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ جناب صدر جناب کو یاد ہوگا کہ اس مسودہ قانون کو جو سٹینڈنگ کمیٹی کے مجلس قائمہ کے سپرد کیا گیا تھا اس نے کئی تشتوں میں بیٹھ کر اس مسئلے کے مختلف شعبوں کا تجزیہ کر کے ایک مفصل اور مکمل رپورٹ تیار کر کے اس ہاؤس کے اندر پیش کر دی تھی لیکن محترم وزیر جناب غلام نبی میمن صاحب کے ایک تحریک پر جسکا مقصد اب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مسودہ قانون کو سرد خانے میں بھیجنے کی ضرورت انکو محسوس ہوئی اور پھر یہ سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا گیا اور ان اراکین یعنی منتخب کمیٹی کے اراکین کو بھی ہمارے وزیر صاحب نے خود ہی نامزد فرمایا ہے اور جن میں سرکاری اور حکمران جماعت کے کئی معزز ارکان بھی موجود تھے۔ اس نے کئی نشستوں کے اندر بیٹھ کر اس کو آخری شکل دیدی اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس مجلس نے از سرنو کام کرنا شروع کیا ہے اور نئے اعداد و شمار اور حکومت کا نکتہ نظر ۔ وائس چانسلر کا نکتہ نظر اور یونیورسٹیوں کا نکتہ نظر اور دیگر ماہرین کا نکتہ نظر اور ڈویژن کے انتظامیہ Heads ہیں ان کا نکتہ نظر یہ سب ہم نے حاصل کیا اور محنت اور جانفشانی کیساتھ کام کیا ۔

Minister of Education : Sir is it a short statement or a long speech ?

Khawaja Muhammad Safdar : It is a short speech.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ میں جناب اس بل کا پس منظر بتا رہا ہوں تاکہ یہ ثابت کرسکوں کہ دیانت اور امانت کے تقاضوں کو ملحوظ نہ رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داری کو محسوس نہ کرتے ہوئے اس وزارت نے اس حکومت نے ہمارے حق کو سلب کیا اور ایوان کے وقار کو مجروح کیا اس لئے یہ مجھے ضرورت ہے کہ میں اسکا پورا پس منظر ایوان کے سامنے پیش کروں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا ۔ اس بل کا نہ پیش ہوا پیش ہے اور بل پیش نہیں ہے ۔

میاں عبداللطیف۔ بل پیش نہ ہونے کیوجہ سے یہ چیز پیش کی جا رہی ہے ۔

Mr. Speaker : He can make out his case that a breach of privilege of this House has taken place.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب صدر ۔ میں نے پہلا جو مسودہ قانون اس معزز ایوان کے اندر پیش کیا تھا اس کا مدعا یہ تھا کہ اردو زبان کو سرکاری دفاتر میں بطور سرکاری زبان مورخہ یکم جولائی سنہ ۱۹۶۵ سے رائج کر دیا جائے لیکن جب یہ مسودہ مجلس منتخبہ کے سپرد ہوا تو حکمران جماعت کے فاضل اراکین جو اس میں موجود تھے تو انکی تجویز اور اصرار پر یہ طے کیا گیا کہ اس کو ایک جنوری سن ۱۹۶۷ سے جاری کیا جائے گا ۔ ہم اس کے لئے بھی تیار ہو گئے لیکن ہم نے سوچا کہ اس قومی کام کا آغاز تو ہو جانا چاہئے ۔ جناب صدر ۔ جو جو رکاوٹیں مجلس منتخبہ کو اسکے اندر پیش آئیں انکی تفصیل بیان کرنا اس وقت مناسب نہ ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ علامہ صاحب کل کے واقعہ کے متعلق آپ فرمائیں ۔ آپ کیسے ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ کا حق سلب ہوا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ میں جناب صرف اس کا پس منظر پیش کر رہا ہوں کہ یہ حکومت اس بل کو منظور نہیں کرنا چاہتی اور اسی لئے کل یہ کورم توڑا گیا تاکہ یہ بل اس ایوان کے اندر منظور نہ ہو سکے ۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس ایوان کی میعاد ختم ہو رہی ہے اور اس اسمبلی کا دوسرا اجلاس منعقد نہیں ہوگا اور پرائیویٹ ممبرز بزنس کے بھی وہ بھی بالکل آخیر میں آئیگا تو اس میں بھی انہوں نے کوئی نہ کوئی صورت تلاش کرلی ہوگی

کہ ایسی صورت کو ٹالا جائے ۔ اسی لئے میں یہ گزارشات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ۔

وزیر تعلیم ۔ میں نے اس بارہ میں جواب دیدیا تھا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ آپ کو یہ بھی یاد ہوگا جب یہ بل پہلے ایک دفعہ اس اسمبلی کے اندر پیش ہوا تھا تو اسوقت بھی اس سلسلہ میں کورم توڑا گیا تھا اور وزیر صاحبان نے کورم توڑا تھا ۔ تاکہ یہ بل زیر بحث نہ آسکے اب بھی یہ اسی قسم کا اکثیر نسخہ استعمال کیا گیا ہے ۔ اب میں اس پر آتا ہوں کہ میرے حق کی کس طرح پامالی ہوئی اور میں کس طرح ملک قادر بخش صاحب کو اس کا ذمہ دار ٹھہراتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ابھی یہ بل اس ایوان کے اندر پیش نہیں ہوا تھا کہ میں ملک صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے ان سے کہا کہ یہ بل اس قسم کا ہے کہ جسکو کسی پولیٹیکل پارٹی کے طور پر نہ سوچا جائے بلکہ یہ سوچا جائے کہ یہ تمام صوبے کے عوامی خواہشات کے مطابق ہے ۔ ملک صاحب نے فرمایا اور اپنی بے بسی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ مشکل یہ ہے کہ ہمارے لیڈر یہاں موجود نہیں ہیں ۔ یعنی شیخ مسعود صادق صاحب سرکاری مسودہ قانون کے متعلق اور آرڈیننسوں کے متعلق تو وہ اپنی ہدایات اور Directive دے گئے ہیں لیکن غیر سرکاری مسودہ ہائے قوانین کے مسئلے پر انکی ہدایت انہیں موصول نہیں ہوئی کیوں جناب یہاں تک میرا بیان درست ہے ؟

وزیر تعلیم ۔ اب آپ جھوٹ بولنے لگے ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ نہیں جناب میں سچ کہہ رہا ہوں ۔

وزیر مال ۔ یہ تو انہوں نے آپ کو confidence میں لیکر بات بتائی ہوگی ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جب یاسین صاحب وٹو اس طرف بیٹھا کرتے تھے تھوڑے دنوں کے لئے تو اس وقت سچ بولا کرتے تھے ۔ تو اس مشکل سے نجات پانے کے لئے چونکہ انکے لیڈر کا کوئی directive موجود نہیں تھا تو انہوں نے مستحسن سمجھا کہ اراکین کو باہر بلائیں ۔ تعداد اور کورم کو توڑ دیں تاکہ یہ مسئلہ زیر بحث نہ آسکے ۔ اس سے بڑی دلیل آپ یہ فرماتے ہیں ۔ لیکن سب سے بڑی دلیل جناب صدر مشاہدے کی ہوتی ہے لیکن جس چیز کو

میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اس معزز ایوان کے اراکین نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اسکے متعلق میں اور کیا دلیل پیش کر سکتا ہوں کہ یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ کورم توڑا جائے اور اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ آپ جانتے ہیں کہ عام طور پر یہ ہوتا ہے جس وقت حاضری کم ہوتی ہے یا حاضری کم ہونے کی اطلاع بہم پہنچائی جاتی ہے اور جناب کے نوٹس میں یہ چیز لائی جاتی ہے تو اس کے بعد گھنٹیاں بجتی ہیں تو اس وقت نسبتاً حاضری کم ہوتی ہے لیکن یہ کل پہلی دفعہ ہوا کہ پہلی گنتی کے وقت ۳۹ آدمی موجود تھے۔ پندرہ منٹ گھنٹی بجانے کے بعد ہاؤس میں حاضری ۲۲ رہ گئی۔

خواجہ محمد صفدر۔ جن میں ۱۲ مخالف پارٹی کے تھے اور دس اس طرف کے۔

علامہ رحمت‌اللہ ارشد۔ اب ایک بات جو میں آپ کے توسط سے ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ اردو کے ساتھ یہ سلوک کرکے نہ صرف یہاں کے مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں، بلکہ ان مسلمانوں کے ساتھ بھی ظلم کر رہے ہیں جو بھارت میں رہ گئے ہیں۔

مسٹر سپیکر۔ یہ آپ کا مختصر بیان تھا۔ اب آپ اسے ختم کردیں۔

علامہ رحمت‌اللہ ارشد۔ میں اس کی ذمہ داری ملک قادر بخش صاحب پر ڈالتا ہوں۔ انہوں نے اس ایوان کے وقار کو مجروح کیا ہے۔

وزیر زراعت و آبپاشی (ملک قادر بخش): جناب میں ایک پرسنل سٹیٹمنٹ دینا چاہتا ہوں۔ بعد میں میرے دوست وزیر تعلیم اس کا قانونی پہلو پیش کریں گے۔ کل میں لابی میں تھا کہ علامہ صاحب میرے پاس آئے۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ یہ بل پاس ہوجانا چاہئے۔ اس پر کوئی مخاصمت نہیں ہونی چاہئے۔ آپ اسے پاس کردیں۔ میں نے کہا یہ ذمہ داری میں کیسے لے سکتا ہوں۔ مجھے اپنی پارٹی mandate کا کچھ علم نہیں۔ میں کیسے فیصلہ کر سکتا ہوں کہ کیا کرنا ہے کیا نہیں۔ اس مسئلہ پر میں مجبور ہوں۔ آپکی یہ ذمہ داری میں نہیں لے سکتا ہوں۔ البتہ میں نے یہ بھی کہا کہ اپنے اس ملک میں قومی زبان رائج کرنے کی جتنی موجودہ حکومت خواہاں ہے، آپوزیشن کو خدا ادھر نہ لائے، وہ کبھی خواہاں نہیں ہو سکتی۔

خواجہ محمد صفدر۔ ملک صاحب تو بوڑھی عورتوں کی طرح بد دعائیں دینے پر اتر آئے ہیں اور کوئی بات نہیں۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان): اگر ہم ان کے اس ریمارک کے متعلق Privilege موشن لے آئیں کہ آیا ملک صاحب بوڑھی عورت ہیں یا بوڑھے مرد ..... (قہقہہ)

مسٹر سپیکر۔ تو اس صورت میں آپ کو short statement کی ضرورت نہیں ہوگی۔

وزیر زراعت و آبپاشی۔ موجودہ حکومت ان سے سو گنا زیادہ، ہزار گنا زیادہ اردو زبان رائج کرنے کی خواہاں ہے۔ بلکہ آئین میں یہ پروویژن ہے کہ اسکے لئے ایک کمیشن بٹھایا جائے گا۔ ہم اس کے پابند ہیں۔ اس سے باہر نہیں نکل سکتے۔ علامہ صاحب کو پتہ ہے کہ ایک ڈیپارٹمنٹ ہے جو ترجمہ کر رہا ہے۔ اصطلاحات کا ترجمہ کیا جا رہا ہے۔ کام زور شور سے ہو رہا ہے اور اس پر کافی خرچ کیا جا رہا ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب علامہ صاحب نے جو اعتراض کیا ہے، کیا یہ اسکا جواب دے رہے ہیں؟

وزیر زراعت و آبپاشی۔ یہ علامہ صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے۔ جناب میں یہ عرض کروں گا کہ الیکشن کے لئے کیا کیا نہیں کیا جاتا۔ حالیہ الیکشن کے دوران جب میں اپنے حلقہ ضلع مظفرگڑھ میں گیا، تو وہاں ان حضرات کے کارندوں نے یہ مشہور کر رکھا تھا کہ میں نے ہر درخت پر دو روپے ٹیکس لگوادیا ہے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ کوئی relevancy ہے؟

مسٹر حمزہ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب۔ جناب انہوں نے ہر درخت پر ٹیکس کا نہیں کہا ہوگا۔ یہ کہا ہوگا کہ * X X X X X X X X X *

Mr. Speaker : The member's remark is expunged from the proceedings of the Assembly. That is unparliamentary and he must withdraw it.

Mr. Hamza : I withdraw it Sir.

*Expunged as ordered by the Speaker.

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ جناب ایوان میں غیر پارلیمانی باتیں نہیں ہونی چاھئیں ۔ لیکن میں نے اپنی ان آنکھوں سے دیکھا ھے کہ XXXXX *

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب یہ ریمارکس بھی ریکارڈ سے expung کرائے جائیں ۔

Mr. Speaker : Yes, they are also expunged.

وزیر زراعت و آبپاشی۔ میں جناب کے توسط سے علامہ صاحب کی خدمت میں ہزیمت خوردہ آپوزیشن کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ اپنی شکست کو تسلیم کرلیں ۔ اب وہ ھار چکے ھیں ۔ پٹ چکے ھیں ۔ سچائی کا بول بالا ھو چکا ھے ۔ (تالیاں اور شور) ۔ میں اس سے انکار کرتا ھوں کہ میں نے کورم توڑا ھے یا میری پارٹی پر اس کی کوئی ذمہ داری ھے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) : جناب والا ۔ جہاں تک اس تحریک کے قانونی اور واقعاتی پہلو کا تعلق ھے ۔ علامہ صاحب نے خود ھی اپنے اعتراض کا جواب دے دیا ھے ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ھے کہ ھر معزز رکن کو یہ حق حاصل ھے کہ وہ اس ایوان میں قاعدہ قانون کے مطابق کوئی بل' قرار داد یا تحریک پیش کرے۔ یہ حق قاعدہ اور قانون کے مطابق مسلمہ ھے ۔ اور یہ بات کہ کوئی کسی کے اس حق میں حارج ھو ۔ یہ بھی درست نہیں ۔ اگر ایوان کا کورم ٹوٹ جائے تو اس پر یقیناً یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جو ممبر صاحبان اس وقت ایوان میں تشریف نہیں رکھتے۔ وہ معزز رکن کے حق میں خارج ھوئے ھیں ۔ اس سے پیشتر بھی کئی مرتبہ یہ بات ھوئی ھے کہ اس ایوان کا کورم پورا نہیں ھوا اور کارروائی ملتوی کرنی پڑی کل کا واقعہ بھی انہی واقعات میں سے ایک تھا ۔ (قطع کلامیاں) پھر جناب اگر علامہ صاحب کی یہ بات (جس سے ملک صاحب نے انکار فرمایا) کہ ملک صاحب کے کہنے پر ممبر صاحبان ایوان سے باھر چلے گئے تو یہ معزز ممبران پر ایک قسم کا الزام ھوگا جو مناسب اور جائز نہیں ۔ جناب والا ۔ اگر کل کا آرڈر پیپر دیکھ لیا جائے تو اسکے دو حصے ھیں ۔ پہلا جو حصہ ھے اسکے مطابق تین بل introduce ھوئے تھے۔ دوسرے حصہ میں وہ بل ساتویں نمبر پر ھے ۔ جس کے متعلق علامہ صاحب نے یہ تحریک استحقاق پیش کی ھے ۔ کوئی نہیں کہہ سکتا تھا ۔ کہ اس بل کی باری ضرور آئے گی ۔ کسی وقت بھی

*Expunged as ordered by the Speaker.

یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ فلاں تحریک ایوان کی کارروائی میں آسکے گی یا نہیں آسکے گی ۔ اس وجہ سے یہ ان کا فوری حق نہیں ہوگیا تھا کہ وہ اس تحریک کو پیش کریں ۔ اسلئے اگر یہ واقعہ بھی ہو جو وہ کہتے ہیں کہ ملک صاحب نے ممبران کو باہر بلا کر کورم توڑ دیا تھا ۔ پھر بھی اُن کا نہ کوئی فوری حق تھا اور نہ وہ مجروح ہوا ۔ ابھی یہ مسودہ قانون اس ایوان کے سامنے موجود ہے۔ اور اس پر خود انہوں نے ارشاد فرمایا ہے۔ اور ابھی اور بھی Private Business day آنے والا ہے۔ اور اگر پھر نہ بھی آنے والا ہو۔ تو اس چیز کے متعلق اس معزز ایوان نے یا جناب والا نے کوئی فیصلہ نہیں فرمایا۔ کہ کس دن اس ایوان کی کارروائی ختم کی جائیگی عین ممکن ہے ۔ کہ انکا بل دوبارہ ایوان کے سامنے آجائے ۔ تو اسطرح کوئی بھی حق مجروح نہیں ہوا ہے ۔ واقعاتی طور پر بھی اور قانونی طور پر بھی ہمیں اس بات سے انکار ہے۔ کہ انکا کوئی فوری حق ایسا تھا ۔ جو مجروح ہوا ہے انہیں بل پیش کرنے کا حق ہے۔ بل ایوان میں موجود ہے ۔ اگر ایوان کا اجلاس جاری رہے۔ تو وہ اسکے سامنے کسی بھی وقت آ سکتا ہے ۔ اور جیسا کہ ملک صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ ایوان میں پہلی دفعہ ۲۰ آدمی حاضر تھے۔ اور اسے خود علامہ صاحب نے بھی تسلیم کیا ہے۔ اور یہ چیز ایسی نہیں ہے ۔ کہ ملک صاحب نے کورم توڑا ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ یہ تحریک استحقاق خلاف قاعدہ ہے ۔ اور اس سے کسی ممبر کا حق مجروح نہیں ہوا ہے۔ اور اسے اس وجہ سے خلاف قاعدہ قرار دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب! آپ کا کیا خیال ہے۔ آپ اس پوزیشن میں تو ہیں ۔ کہ اگر آپ چاہیں ۔ تو

Independent of the Opposition can maintain the quorum.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ کہ جس طریقے سے کوئی وزیر اس بات کا حق نہیں رکھتا ۔ کہ وہ کسی ممبر کو مجبور کرے۔ کہ وہ ایوان سے چلا جائے تو عین اسی طریقے سے وہ کوئی قانونی حق نہیں رکھتے۔ کہ کوئی وزیر بھی کسی ممبر کو یہ مجبور کرے۔ کہ وہ ہاؤس میں نہ بیٹھے۔ ویسے تو ہم اپنی جگہ پر پوری کوشش کرتے ہیں ۔ کہ ایوان میں کورم رہے۔ لیکن کبھی کبھی ایسا بھی واقعہ ہوجاتا ہے۔ کہ کورم نہیں رہتا ۔ اور یہ بات جناب کے سامنے ہے— کہ یہ ایسی دقتیں Official Business Day پر بھی آجاتی ہیں ، اور اس ایوان کی کارروائی کی

جس دن ابتداء ہوئی تھی ، عین اس دن بھی یہی صورت ہوگئی تھی ، اس بارے میں کسی مرتبہ ممبران صاحبان کی ذاتی مجبوری بھی ہوتی ہے — اور دوسری چیزیں بھی ہو سکتی ہیں ، ممکن ہے کہ کوئی ایسی چیز ہو ، کہ ممبران صاحبان کسی دن ایوان میں حاضر نہ ہوں ، لیکن ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کرتے ہیں ، کہ ایوان کا کورم پورا رہے —

مسٹر سپیکر - میاں صاحب ! آپ مجھ سے اس بات پر اتفاق کریں گے ' کہ جب بھی کورم ٹوٹنے کا سوال پیدا ہوتا ہے ، مجھے انتہائی دکھ ہوتا ہے ، اور امید ہے کہ آپ کی پارٹی کو بھی دکھ ہوتا ہوگا —

وزیر تعلیم - یقیناً اور پھر آخری بات میں یہ عرض کردوں ، کہ اس میں علامہ صاحب کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ، کہ انکا کوئی حق مجروح کرنے لئے ایسا کیا گیا ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی محض غلط فہمی ہے ، ان کے قانونی اور آئینی حق کا ہم یقیناً احترام کرتے ہیں ، اور ہم ہمیشہ اس ایوان اور معزز ممبران کے وقار کو بلند کرنے کی کوشش کرتے ہیں —

علامہ رحمت اللہ ارشد - on a point of personal explanation.

جناب صدر - میں نہایت ہی مختصر طور پر جناب وزیر تعلیم کے اس تجزیہ کو جو انہوں نے فرمایا ہے ، بتادوں ' کہ وہ غلط ہے ، واقعہ یہ ہے ، کہ کل ایجنڈے پر تین Motions تھے ' جن پر زیادہ سے زیادہ آدھا آدھا منٹ صرف ہوتا —

وزیر تعلیم - آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں —

علامہ رحمت اللہ ارشد - بلوں کو صرف پیش کرنا تھا ، ان کو پاس نہیں کرنا تھا —

وزیر تعلیم - آپ یہ کس لحاظ سے فرما سکتے ہیں ، آپ اسے ملاحظہ فرمائیں ....

علامہ رحمت اللہ ارشد - میں کیا ملاحظہ فرماؤں - سپیکر صاحب اسکو بہتر جانتے ہیں —

وزیر تعلیم - آپ اسکو پڑھ لیں —

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ تین تحریکیں ہیں ، میں نے پڑھ لیا ہے ، آپ اسکو ملاحظہ فرمائیں ، اور اسکا فیصلہ سپیکر صاحب بہتر فرما سکتے ہیں، انہیں پیش کرنا تھا، پاس کرنا نہیں تھا ، یہ تعلیم کے وزیر ہیں ، کار طفلان تمام خواهد شد ، جو مسودات قانون تھے .... (قطع کلامیاں)

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ سے یہ عرض کرونگا کہ محترم وزیر صاحب کو کم از کم ایوان میں بات کرنے کے آداب تو آنے چاہئیں ، وہ تو ہر فقرے پر کھڑے ہو کر مداخلت کرتے ہیں —

Minister of Education : Sir, I take exception to it. Whenever we speak most of the members from that side have been interrupting us but if, at any time, we point out a thing which is relevant and reasonable they take objection to it. I seek the protection of the Chair.

Mr. Speaker : Whenever any memeber speaks in this House he speaks with the permission of the Chair and if he does not speak with the permission of the Chair he is asked to discontinue his speech.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ اب جناب والا ۔ میں ایجنڈے کے حصہ (۲) کے متعلق عرض کرونگا ۔ کہ میرا مسودۂ قانون بلاشبہ ساتویں نمبر پر تھا ۔ لیکن ہماری پارٹی نے یہ طے کیا تھا ۔ اور یہ تمام مسودات قانون ہماری پارٹی کی جانب سے تھے ۔ ہماری پارٹی نے یہ طے کیا تھا ۔ اور اسکی اطلاع سیکرٹری صاحب کو بھی دیدی تھی ۔ کہ آن میں سے کوئی بھی مسودۂ قانون آج بحث کیلئے پیش نہیں کریں گے ۔ اور ہم تمام لابی میں چلے جائینگے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن کیا اس ایوان کا ہر ممبر اس کو جانتا تھا؟

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ اس ایوان کے ممبر یا غیر ممبر غفار پاشا صاحب بھی جانتے تھے ۔ میں انہیں انکے دفتر میں اطلاع دے آیا تھا ۔ ملک صاحب بھی جانتے تھے ۔ انکو بھی اطلاع دی تھی ۔ وٹو صاحب کو بھی اطلاع تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا یہ تینوں حضرات کورم کیلئے irrelevant نہیں ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ میں تو یہ عرض کررہا ہوں کہ یہ کورم کیلئے تو irrelevant ہیں ۔ لیکن کورم توڑنے کیلئے تو irrelevant نہیں ہیں ۔ وہ کورم توڑنے کیلئے ذمہدار ہیں ۔ ان پر یہ ذمہداری عائد کی جائے ۔ انکا

کہنا ہے۔ کہ یہ مسودہ' قانون زیر بحث آتا یا نہ آتا۔ کیونکہ یہ ساتویں نمبر پر تھا۔ تو یہ کس طرح آسکتا تھا۔ تو میں نے آپکی خدمت میں عرض کردیا ہے۔ کہ ہم نے یہ طے کرلیا تھا۔ کہ اس سے پہلے کے چھ مسودات قانون پیش نہیں کریں گے۔ اور طے یہ پایا تھا۔ کہ سب سے پہلے جو مسودہ' قانون زیربحث آئے گا۔ وہ قومی زبان کا قانون ہوگا۔

Mr. Speaker : I reserve my ruling.

ADJOURNMENT MOTIONS.

FIRING BY KARACHI POLICE ON KARACHI STUDENTS, KILLING ONE AND INJURING THREE STUDENTS—(*Contd.*)

Mr. Speaker : Now the adjournment motions. First of all I take up the adjournment motion of Kh. Muhammad Safdar sought to be moved by him on 19th January.

خواجہ صاحب اس کے متعلق وزیر تعلیم ایک statement دیں گے۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس دن یہ تحریک التوا اس لئے ملتوی ہوگئی تھی۔ کہ جناب نے ارشاد فرمایا تھا۔ کہ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کراچی سے اس سلسلے میں اطلاعات فراہم کروں۔ کہ مسٹر نسیم کی موت کے سلسلے میں دفعہ نمبر ۳۰۲ یا نمبر ۳۰۴ کا کوئی کیس علیحدہ درج ہوا ہے یا نہیں اس سلسلے میں جیسا کہ میں نے اس دن عرض کیا تھا۔ میری اطلاع کے مطابق کوئی علیحدہ کیس دفعہ نمبر ۳۰۴ یا ۳۰۲ کا درج نہیں ہوا۔ لیکن اس سے میرے اس اعتراض میں کوئی فرق نہیں آتا۔ کہ یہ مسئلہ sub-judice ہے ۔ اور اس مسئلے کو اس ایوان میں زیربحث نہیں آنا چاہیئے۔ اسکے لئے میری وجوہات یہ ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جس معاملے میں جس incident میں نسیم کی موت واقع ہوئی۔ اس سلسلے میں مقدمے کی تفتیش ہو رہی ہے۔ اور مقدمہ ۳۰۷-۳۹۵ میں درج ہوا ہے۔ نسیم کی موت کے تمام واقعات اسکے subject matter ہیں ۔ اس لئے بھی اسے sub-judice تصور کرنا ضروری ہے۔ اسکے لئے چاہے علحدہ کیس درج ہوا ہے۔ یا نہیں ہوا ہے۔ کیونکہ وہ عین اسی واقعہ کے متعلق ہے ۔ جس واقعہ میں نسیم قتل ہوا ۔ یا اور آدمیوں کو ضربات آئیں ۔ یہ جو جو الزامات ہیں .....

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ۔ کیا اسکے متعلق آپکو کوئی اطلاع ہے ۔ کہ اس واقعہ کے متعلق پولیس نے کوئی کیس درج کیا ہے ۔ یا نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ نہیں جناب ۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ درج کیا گیا ہے ۔ اس واقعہ میں چونکہ نسیم کی موت ہوئی ہے ۔ اور یہ واقع ہی issue ہے ۔ نسیم کی موت کے سلسلے میں پولیس کے کیس کے مطابق صورت حال یہ ہے ۔ کہ ایک A.S.I. پر حملہ کیا گیا ۔ اور اسکو مجروح کیا گیا ۔ اور اسنے اپنے self defence میں فائر کیا ۔ جس سے اسوقت تین چار طلباء مجروح ہوئے ۔ تو یہ عین subject matter ہے ۔ جس میں یہ دیکھا جاتا ہے ۔ کہ آیا وہ شخص جس شخص نے کہ یہ فائر کیا تھا ۔ آیا وہ شخص حفاظت خود اختیاری میں یہ کر رہا تھا ۔ یا حفاظت خود اختیاری میں نہیں کر رہا تھا ۔ تو یہ معاملہ سب ہی subject matter اس کیس کا ہے ۔ اب یہ چیز کہ واقعی اس نے self defence میں فائر کیا تھا ۔ یا نہیں ۔ اور جو موت واقع ہوئی تھی ۔ وہ واقعی اس کے اس self defence میں فائر کرنے سے ہوئی تھی ۔ یا نہیں ۔ اور اس سے کوئی جرم واقعی سرزد ہوا تھا ۔ یا نہیں ۔ اور آیا اسنے جو کچھ کیا ہے وہ self defence میں کیا ہے یا نہیں ۔ اور آیا یہ انکے self defence میں ہے ۔ یا نمبر ۳۰۲ میں ہے یا نمبر ۳۰۴ میں ہے ۔

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that if the offence is made under 302, then it will be converted into 304.

وزیر تعلیم ۔ ایسا تو اسی صورت میں ہوسکتا ہے ۔ جب یہ تحقیقات ہو اور adjudication ہو ۔ اور پھر اسکے متعلق فیصلہ ہو ۔ دوسری بات یہ ہے کہ Magisterial inquiry کا جہانتک تعلق ہے ۔ اسکے متعلق میری assertion یہی ہے ۔ کہ وہ پہلے Judicial inquiry ہے ۔ لیکن اگر جناب والا یہ hold کریں ۔ کہ خواجہ صاحب کے اعتراض کے مطابق یہ سوفیصدی Judicial inquiry نہیں ہے ۔ تو بھی وہ quasi judcial ہے ۔ میں اس اسمبلی کے قواعد و ضوابط کے قاعدہ نمبر ۴۹ کی طرف آپکی توجہ مبذول کراؤنگا ۔ جس میں نمبر ۵ پر درج ہے ۔ اور اسکے الفاظ اس طرح ہیں ۔

> The right to move an adjournment of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of urgent public importance shall be subject to the following restrictions, namely :—
>
> Sub-para (v) of Rule is :—
>
> "a motion shall not deal with a matter on which a resolution could not be moved,"

Now, I come to Rule 78. It says :—

"(1) A resolution shall be in the form of a declaration of opinion by the Assembly."

Further part (7) says :—

"It shall not relate to matter which are sub-judice or quasi judicial."

So in both cases the matter is sub-judice and the adjournment motion should be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱)۔ جناب والا۔ محترم وزیر تعلیم صاحب نے اپنے انہیں اعتراضات کو دھرایا ھے جو کہ آج سے دو روز قبل انہوں نے اس تحریک التوا کے متعلق ارشاد فرمائے تھے ۔ ان کا پہلا اعتراض یہ تھا کہ مسئلہ sub-judice ھے ۔ زیر سماعت ھے ۔ میں نے تو بعد میں لیکن جناب والا آپ نے از خود جناب وزیر تعلیم صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلائی تھی کہ آیا کیس کس عدالت میں ھے یا کس پولیس کے تھانے میں ھے ۔ محمد نسیم کے قتل یا موت کے متعلق کوئی واقعہ درج ھے یا نہیں ۔ جیسا کہ ابھی آپ نے اس کو دھرایا ھے ۔ اس وقت انہیں علم نہیں تھا اور آج وزیر تعلیم نے اس بات سے انکار کردیا ھے کہ اس قسم کا کوئی واقعہ درج نہیں ھے ۔ اب انہوں نے ارشاد فرمایا ھے کہ ایک اور عمومی قسم کا کیس پولیس کے تھانے میں درج ھے ۔ جس میں دفعہ ۱۴۸ اور ۱۴۹ کہ پولیس پر حملہ ھوا اور پتھراؤ ھوا۔ اور ۳۳۲ وغیرہ وغیرہ یہاں جرائم ھیں ۔ اگر اس کیس کی آپ نوعیت دیکھیں اور ان دفعات کو دیکھیں جس کے تحت یہ کیس درج ھوا ھے جس کا حوالہ اس روز جناب وزیر تعلیم صاحب نے دیا تھا ۔ یہ تمام کا تمام ان طلبا کے خلاف درج ھوا ھے جن میں ایک طالب علم ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : If in the course of that investigation a case is made out that Muhammad Nasim has been murdered, cannot that case be converted into 302 ?

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ھوں ۔ یہ جناب ایک نیا پرچہ دینا پڑے گا اس غرض کے لئے کہ فلاں آدمی مارا گیا ھے اس کے خلاف پرچہ دیا جائے ۔ اس کو تبدیل نہیں کیا جائے گا ۔ اس میں تو ملزمان طالب علم ھیں پھر ملزمان کے خلاف یہ چارج ھے ۔ آپ ھی اندازہ فرمائیں آپ بڑے کامیاب وکیل رھے ھیں ۔ ان طالب علموں کے خلاف یہ الزام کسی صورت میں بھی نہیں لگایا جاسکتا کہ انہوں نے محمد نسیم کو قتل کیا ھے ۔

وہ تو کراس کیس ہونا چاہئے۔ قتل اگر کسی نے کیا یا سیلف ڈیفینس میں مارا ہے تو وہ پولیس نے مارا ہے۔ پولیس خود مانتی ہے۔ پولیس کے خلاف جب تک یہ پرچہ درج نہ ہو اس موت کی تحقیقات نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ اگر دس بیس آدمی ہم کہیں جاتے ہیں ایک دوسری پارٹی ہم میں سے ایک کو مار ڈالتی ہے۔ یا مجھے مارڈالتی ہے تو میرے ساتھیوں کے خلاف میری موت کا مقدمہ کیسے بنے گا۔ وہ تو دوسری پارٹی کے خلاف اگر مقدمہ بنے گا تب ہی ملزمان کو سزا ملے گی۔ ورنہ وہ موت رائیگاں گئی۔ بیکار گئی۔ ہمیں افسوس یہ ہے کہ محمد نسیم جیسا ہونہار نوجوان اور اس قوم کی قیمتی جان کو ہم نے اپنے ہاتھوں سے ضائع کیا۔ اس حد تک ضائع کیا ہے کہ بچے کی موت کے متعلق ہم نے ایک پرچہ بھی درج نہیں کیا۔ تفتیش کرنے کیلئے ہم تیار نہیں ہیں۔ ہم اس قدر کیلس ہوگئے ہیں۔ اس قدر ہمارے دل پتھر ہوگئے ہیں۔ اس قدر سنگدل ہوگئے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر۔ خواجہ صاحب دوسرے اعتراض کا جواب proceedings میں ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا میں اس کا بھی حوالہ دیتا ہوں۔ میرے محترم دوست وزیر تعلیم صاحب نے غلط فرمایا ہے کہ ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر نے گولی چلادی تھی جس سے تین طالب علم زخمی ہوئے ایک طالب علم شہید ہوا۔

مسٹر سپیکر۔ خواجہ صاحب ان کا کہنا یہ تھا کہ جو مجسٹیریل انکوائری ہے۔

That is slightly different.

خواجہ محمد صفدر۔ اس طرف بھی آتا ہوں انہوں نے یہ درست نہیں فرمایا ہے۔ کہ ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر بلکہ تمام پولیس نے جیسا کہ سرکاری اعلان میں ظاہر ہے گولی چلائی۔ سرکاری اعلان یہ ہے:

"آج ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے۔ ایک سیاسی جماعت کے اعلان پر آج کئی خواتین قائداعظم کے مزار پر جمع ہوئیں بعد میں طالب علم بھی ان میں شامل ہوگئے۔ جلسہ ختم ہونے پر انہوں نے دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلوس نکالا۔ جلوس میں زیادہ تر طالب علم شامل تھے۔ انہوں نے ایک قریبی سڑک پر ایک چھوٹی سی پولیس پارٹی پر شدید پتھراؤ کیا۔ انہوں نے ڈویژنل

مسلم لیگ کے دفتر اور پولیس کے ایک ٹرک کو آگ بھی لگا دی۔ اس حملے میں پولیس کے تقریباً تیس آدمی زخمی ہوگئے جن میں سے چند ایک شدید زخمی ہوئے۔ بلڈنگ کی بالائی منزل میں عورتیں اور بچے بھی تھے انہیں اپنے آپ کو بچانے کیلئے پولیس کو چند راؤنڈ چلانا پڑے۔

اے۔ ایس۔ آئی کا کہیں اس میں ذکر نہیں ہے۔

جس سے جلوس میں شامل تین افراد مجروح ہوگئے۔ ان میں سے ایک بعد ازاں ہسپتال میں چل بسا۔ فائر بریگیڈ بلایا گیا اسکے راستے میں رکاوٹ ڈالی گئی"۔

تو جناب والا اسی لئے مسئلہ یہ ہے کہ یہ تمام اخبارات میں آیا ہے۔ پولیس اس ڈویژنل مسلم لیگ کے دفتر کی چھت پر بیٹھی ہوئی تھی نیچے نہیں تھی اور وہیں سے انہوں نے فائر کئے۔ تین مجروح ہوئے اور ایک شہید ہوا۔ محترم وزیر تعلیم نے اس واقعہ کو اس ایوان کے سامنے جس طرح بیان کیا ہے وہ درست نہیں ہے۔ ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے خلاف نہ مقدمہ درج ہے نہ پولیس کے کسی فرد کے خلاف مقدمہ درج ہے۔ یہاں یہ حالت ہوگئی ہے کہ کتنی جانیں ہلاک کردی جائیں انکو پوچھتا تک کوئی نہیں۔ Sub judice سے مراد ہے جیسا کہ کسی جوڈیشل انکوائری کے بعد (یہ ایک ایسی ٹیکنیکل فریز ہے۔ وکیل حضرات اور آپ بھی بخوبی اس سے واقف ہیں) ایک ایسی سٹیج آجائیگی کہ اس میں Judicial pronouncement ہوتی ہے۔ ایک فیصلہ صادر ہوگا۔

Mr. Speaker : What is quasi judicial ?

خواجہ محمد صفدر۔ Quasi Judicial کسی چیز کو بنالیں۔ Quasi Judicial میں یہ بات نہیں آ سکتی۔ البتہ Sub-judice کے متعلق یہ ہے وہی فیصلہ وہی مقدمہ ہوگا وہی مسئلہ ہوگا جس کا کسی سٹیج پر ایک فیصلہ صادر کیا جائے گا۔

Mr. Speaker : But when there is an enquiry by a Magistrate, as in this case, will it not be quasi judicial ?

خواجہ محمد صفدر۔ اس میں یہ ہوگا مجسٹریٹ دیکھے گا۔ شہادتیں طلب کریگا۔ اس کی رپورٹ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو کریگا کہ میری رائے یہ ہے۔ اس مقدمہ میں سزا نہیں سنائے گا یا کسی کو چھوڑے گا نہیں۔ کسی کو جرمانہ نہیں کریگا نہ ہی کسی کو بری کریگا۔

Mr. Speaker : Then what are the quasi judicial proceedings with regard to a case ?

خواجہ محمد صفدر۔ وہ اس غرض کیلئے کیا جاتا ہے کہ ابتدائی طور پر پیشتر اسکے کہ کوئی پرچہ دیا جائے ۔ گورنمنٹ کی طرف سے یہ کیا جاتا ہے کہ کسی مجسٹریٹ کی رائے معلوم کرلی جائے کہ اس میں اصل واقعات کیا ہیں۔ جب وہ تحقیقات کرے گا اصل واقعات کے متعلق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو رپورٹ کر دیتا ہے۔ اگر پرچہ رجسٹر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو اس پر پرچہ رجسٹر کر دیا جاتا ہے ورنہ چھوڑ دیا جاتا ہے۔

Mr. Speaker : As has been stated by the Minister of Education a judicial enquiry by a magistrate is pending in this matter and this matter relates to a matter which is quasi judicial, the motion is, therefore, ruled out of order. Next motion.

MISUSE OF OFFICIAL POSITION BY THE MINISTER OF EDUCATION DURING ELECTIONS TO ELECTORAL COLLEGE

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the grave mis-use of his official position in not only putting undue pressure himself on the voters in the Dipalpur Tehsil, District Montgomery during the recent electoral college elections, but by asking the local police to interfere in these elections also, as disclosed by twelve elected members of Haveli Town, Mian Muhammad Yasin Khan Watoo, Minister of Education, has greatly degraded the office of the Ministership in the eyes of the public of the Province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I oppose it, but at the same time I submit that there is another adjournment motion No. 44. I request that it may also be considered because while replying I shall have to start with the incident which is the subject matter of adjournment Motion No. 44. So I would request you kindly to permit Khawaja Sahib to place that motion also before the House so that I may be in a position to reply to both these adjournment motions at one time.

Khawaja Muhammad Safdar : I have no objection.

Mr. Speaker : Then Khawaja Sahib will have to move that motion also.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Two adjournment motions cannot be moved simultaneously.

Mr. Speaker : They have not been moved simultaneously.

INTERFERENCE BY THE MINISTER OF EDUCATION IN ELECTIONS AT V. BULLYWAL, DISTT. MONTGOMERY.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and

urgent public importance, namely, the unlawful and illegal interference by Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo, Education Minister in elections at village Bullywal, P.S. Haveli, District Montgomery in as much as he used his official position to overawe the voters, openly encouraged goondaism and forced the polling staff to close the polling before time as alleged by Mr. Ghulam Muhammad Khan Maneka, MPA, Parliamentary Secretary, in a press statement on the 14th November, 1964. These revelations made by a Parliamentary Secretary, has greatly lowered the prestige of the Provincial Government in the public eyes.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : I oppose both the adjournment motions and read out a statement of Mr. Maneka, Parliamentary Secretary, which he made on 14th November.

خواجہ محمد صفدر۔ ورنہ مجھے پڑھنا پڑتی۔

وزیر تعلیم۔ جی ہاں۔ میں انشاءاللہ آپکے بہت سے فرائض انجام دینے کی کوشش کرونگا۔

جناب والا۔ Adjournment Motion نمبر ۴۴ اس واقعہ سے متعلق ہے۔ جو اس واقعہ سے پہلے وقوع پذیر ہوا جس کا ذکر Adjournment Motions نمبر ۴۳ میں ہے۔ اس کے متعلق مسلسل بیانات آتے رہے ہیں۔

میں اس سلسلے میں ایک بات اور عرض کرونگا، آپ کو معلوم ہے کہ سیاسی جماعتوں یعنی برسر اقتدار پارٹیوں اور ان کے علاوہ دیگر پارٹیوں کے اپنے اپنے کچھ قواعد ہوا کرتے ہیں۔ مجھ پر ایک اعتراض یہ کیا جا سکتا ہے کہ میں نے یہ اعتراض بیان کی صورت میں نہ کیا۔ یہ درست ہے۔ میں نے یہ بیانات دیکھے ضرور ہیں۔ لیکن اپنی جماعت کے قواعد اور اصولوں کی پابندیوں کے تحت میں نے کوئی public statement اس سلسلے میں نہ دی۔

جناب والا۔ چونکہ مانیکا صاحب ابھی باہر تشریف لے گئے ہیں۔ اسلئے میں آپ سے بھی اور خواجہ صاحب سے بھی عرض کروں گا کہ چونکہ اس معاملے کا صرف میری ذات سے تعلق ہے۔ مناسب یہی ہوگا کہ قائد ایوان اور مانیکا صاحب دونوں یہاں موجود ہوں۔ ویسے میرے علم کے مطابق مانیکا صاحب تین چار روز سے غیر حاضر تھے۔ وہ آج یہاں صرف ان تحریک ہائے التوا کے سلسلے میں تشریف لائے تھے اور ابھی تشریف فرما تھے۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ کیوں باہر تشریف لے گئے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ وہ باہر تشریف رکھتے ہیں۔ انکو بلا لیجئے۔

وزیر تعلیم۔ جناب۔ وہ خاص طور پر اس مقصد کیلئے تشریف لائے تھے۔ اگر وہ یہاں ہوتے تو ممکن ہے اس سے زیادہ حالات اس معزز ایوان کے سامنے رکھنے میں مدد ملتی۔ اگر وہ اندر تشریف نہ لانے پر مصر ہوں۔ تو پھر میں یہ استدعا کروں گا کہ یہ دونوں Adjournment Motions قائد ایوان کے اس معزز ایوان میں تشریف لانے تک ملتوی کردی جائیں۔

مسٹر حمزہ۔ on a point of order sir جناب سپیکر۔ اس تحریک التوا سے ظاہر ہے کہ یہ معاملہ گورنمنٹ پارٹی کے ایک پارلیمنٹری سیکریٹری اور ایک وزیر سے تعلق رکھتا ہے۔ جنہوں نے ایک دوسرے کے خلاف الزامات لگائے ہیں۔ چونکہ یہ تحریک التوا اس ایوان میں پیش کردی گئی ہے۔ لہٰذا ان کی پارٹی کے لیڈر کی اس ایوان میں موجودگی چنداں ضروری نہیں۔ کیونکہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے۔

Mr. Speaker : The member is replying to the learned Minister of Education. And this is no point of order.

مسٹر حمزہ۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ تحریک التوا اب اس معزز ایوان کی ملکیت ہے۔ جس کے متعلق فیصلہ آپنے کرنا ہے۔ ان کا تو روز مرہ کا کام ہی یہ ہے۔ آخر ہم اس قسم کی باتیں کب تک سنتے رہیں گے۔

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ میرے دوست کو غلط فہمی ہو رہی ہے۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ ضرور انہیں ملتوی کردیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ابھی مانیکا صاحب یہاں تشریف فرما تھے۔ اور ہمیں اس سلسلے میں ان سے بڑی مدد مل سکتی تھی۔ تاکہ حقائق اس معزز ایوان کے سامنے آ جاتے تو میں نے یہ استدعا کی ہے کہ اگر خواجہ صاحب کو اس بات پر اعتراض ہو تو میں اس بات کا ابھی جواب دینے کیلئے تیار ہوں۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب! مجھے تو کوئی اعتراض نہیں۔ بلکہ میں تو پسند کرونگا کہ پارلیمنٹری سیکریٹری اور وزیر صاحب دونوں یہاں موجود ہوں تاکہ ہمیں معلوم ہوسکے کہ ان میں سے سچ کون بول رہا ہے' اور غلط بیانی سے کون کام لے رہا ہے۔ آخر ان میں سے ایک غلط بیانی سے ضرور کام لے رہا ہے۔ بہر صورت مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

Mr. Speaker : So far as the presence of any Member in the House is concerned I cannot force him to be present in the House. But so far as the other contention of the learned Member is concerned.....

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ اگر ان کو آئندہ کسی تاریخ پر ملتوی کیا جائے۔ تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ میں نے ابھی ابھی خواجہ صاحب سے اس سلسلے میں بات کی ہے ۔ اسوقت بھی مانیکا صاحب یہاں تشریف نہیں رکھتے ۔ لہذا دونوں تحریک ہائے التوا کو مورخہ ۲۵ ۔ جنوری کو زیر بحث لایا جائے —

Mr. Speaker : Alright. These Adjournment Motions will be taken up on the 25th.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان کو چاہیئے کہ ان دونوں اصحاب کی صلح کرادیں تاکہ اس معاملے کو دوبارہ اس ایوان کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے — (قہقہہ)

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میری یہ تجویز ہے کہ rules of procedure میں مناسب ترمیم کرلی جائے ۔ تاکہ ہر تحریک التوا سے پہلے حمزہ صاحب کو discuss کرلیا جائے — (قہقہہ)

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے وضاحتی طور پر عرض کردوں کہ در اصل میرا اس بات سے مقصد کیا ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ میں نے خواجہ صاحب سے اس کے متعلق بات کی تھی کہ قائد ایوان تشریف لائیں تو ان کی موجودگی میں اس بات کو زیر بحث لایا جائے ۔ چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ پھر میں نے دیکھا کہ مانیکا صاحب جو میرے علم کے مطابق خصوصی طور پر ان تحریک ہائے التوا کیلئے تشریف لے آئے تھے ۔ تو میں نے پھر خواجہ صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلائی۔ اور کہا کہ چونکہ متعلقہ صاحب تشریف لے آئے ہیں ۔ اس لئے اب مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Mr. Speaker : The matter is over now.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب کے اعتراض کا جواب دے رہا ہوں ۔

LATHI-CHARGE BY POLICE ON PUBLIC IN MIAN CHANNOON ON 1ST NOVEMBER, 1964

Khawaja Muhammad Safdar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the uncalled for and unlawful lathi charge by the police on the peaceful public in Mian Channoon on the 1st of November, 1964, when the public was protesting against the partial attitude of the police and the polling staff, who were alleged to show undue favour to a Conventionist candidate. The police lathi-charged the public several times, which resulted in injuries to several persons. This high-handedness on the part of the police of Mian Channoon has caused great resentment amongst the public of that town.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں اس تحریک التوا کی مخالفت کرتا ہوں کیونکہ حقائق اس سے بالکل مختلف ہیں۔ جو میں آپکی خدمت میں پیش کرونگا میری اطلاع کے مطابق ڈپٹی کمشنر ملتان کی طرف سے حقائق اس طرح ہیں ۔

"The contest in Basic Democracies election at Mian Channoon was between two rival group leaders *viz* Mian Sanaullah Bodla and Mr. Zahoor Hussain Qureshi both of whom at that time belonged to the Pakistan Muslim League. The public did not protest against the polling staff or the police.

The facts are that Mr. Zahoor Hussain Qureshi was himself losing at the Town Hall polling station and boycotted the elections. He led a procession consisting of about two thousand persons and marched them to the Veterinary Hospital to force a boycott at that pooling booth as well. He rasised provocative slogans against his counter-part and was advised to disperse his men by an Assistant Sub-Inspector of Police, Muhammad Khalid. Confronted with the situation that he would be personally held liable for causing a riotous situation he dispersed his followers and later the election proceeded according to the schedule. There was no lathi-charge and, therefore, the question of several persons being injured does not arise".

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ! اب آپ لاٹھی چارج کے متعلق فرمائیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ لاٹھی چارج کے متعلق میری گذارش یہ ہے کہ حکومت اس امر سے انکار نہیں کرسکتی کہ وہاں لاٹھی چارج ہوا ہے ۔ البتہ ان کا کہنا یہ ہے کہ وہاں اپوزیشن کا کوئی امیدوار نہیں تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ انکار کر رہے ہیں ۔ یہ کہتے ہیں ۔ لاٹھی چارج نہیں ہوا —

خواجہ محمد صفدر ۔ اچھا ! لاٹھی چارج بھی نہیں ہوا ؟

Mr. Speaker : He admits the fact of procession but denies the fact of lathi-charge.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ خبر ۲ تاریخ کے اخبار میں شایع ہوئی ہے ۔ ابھی میں آپکو نکال کر دکھاتا ہوں ۔

I am sorry Sir ; I leave it Sir.

Mr. Speaker : The member does not want to press it ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Mr. Speaker : Adjournment motion No. 43 is the same as Adjournment motion No. 4.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir, you are right. I will now move the next motion.

Mr. Speaker : Yes, please.

LATHI-CHARGE ON STUDENTS AND BEATING UP OF PROFESSORS OF ISLAMIA COLLEGE, KARACHI BY KARACHI POLICE.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful action of the Karachi Police in so far as the police entered the premises of the Islamia College, Karachi, lathi-charged and tear gassed the peaceful students who had collected there, injuring hundreds of them beat up the Professors of the College and after dragging out the students from the college mosque showered lathi blows on them on the 3rd of December, 1964. This ruthless assault by the police on the peaceful students and staff and the descreation of the College mosque by violating its sanctity has caused great resentment amongst the public of the Province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : I oppose Sir. The facts according to my information are that :

"On 3rd December, 1964 at about 10 a.m. SHO Akhtar Hussain of Jamshed Quarters Police Station received information that students of Islamia College were throwing stones at passersby and the vehicular traffic on M. A. Jinnah Road No. 2. He immediately despatched Police force of a platoon strength headed by ASI Ghulam Rasool, and himself reached Islamia College shortly thereafter.

"About 150 students collected in front of the main gate of the College and about 100 of them standing on the roof were indulging in stoning as mentioned above. The SHO asked the students to stop stoning and to disperse from the road side as they were contratvening the orders of the District Magistrate, Karachi, promulgated under section 144, Cr. P.C. prohibiting the assembly of five or more persons. The students did not pay any head to his request,

On the receipt of information, the Superintendent of Police, Central Division, Karachi, and ACM Mr. A.R. Puri also arrived on the spot. The students were warned to stop stone throwing and to disperse. This warning had no effect. *Per force* a number of tear-gas shells were fired under the orders of the A.C.M.

In the meantime, the Deputy Inspector General of Police, Karachi, and the District Magistrate, Karachi, also reached the scene of incidence. They called upon the students to desist from stone throwing and not to contravene Section 144 Cr. P.C. This warning also had no effect on the students. On the contrary, they became all the more violent and the frequency and intensity of their stoning increased. A number of them standing on the roof top even made indecent and obscene gestures towards the Officers present on the spot. Some revolver shots were also fired from within the College premises. Again a number of tear-gas shells had to be fired and the police had to enter the college compound to apprehend the assailants and to prevent the situation from further deterioration. 31 assailants were arrested. Some of them who resisted their arrest received injuries. Sanctity of the mosque in the college compound was not violated. No arrests were made from inside the mosque.

As a result of heavy stoning by the students, a number of police officers and men sustained injuries. A police car was also damaged.

During the inspection of scene of occurrence, three empty revolver cartridges were found lying and were seized by the investigating officer. It was also learnt that a number of students from outside had come to Islamia College and incited the local students to commit breach of section 144 Cr. P.C. and indulge in stone throwing and other violent acts.

The assailants arrested were released on bail the next day under order of the Court.

Further investigation is in progress."

Under these circumstances Sir, the matter becomes sub-judice. I have stated the facts as they are, and the facts alleged by my learned friend are denied. The adjournment motion may, therefore, be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ میرے ہاتھ میں ۴ دسمبر ۱۹۶۲ کا اخبار ہے اس میں یہ واقعہ اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

"پولیس نے کالج کے احاطہ میں اشک آور گیس کے گولے پھینکے۔ پولیس کا ایک اور دستہ کالج کی عمارت میں چلا گیا اور لاٹھی چارج کیا۔ کئی طالب علم زخمی ہوگئے۔ کالج کے عملہ کے ارکان نے شکایت کی ہے اور انہوں نے کہا کہ وہ عملہ کے ارکان ہیں لیکن پولیس نے انہیں نہیں بخشا اور ان پر بھی لاٹھیاں برسائیں۔ بتایا گیا ہے کہ جن طلبا نے کالج کی مسجد میں پناہ لی انہیں گھسیٹ کر باہر نکال لیا گیا اور مارا پیٹا گیا۔

یہ ہیں حقائق لیکن میرے دوست نے پروفیسر صاحبان کا کوئی ذکر نہیں کیا نہ ان کے متعلق حقائق کو قبول کیا ہے اور نہ ان سے انکار کیا ہے۔ اس کے بعد اخبار میں یہ لکھا ہے کہ

طلبا کی مجلس عمل نے طلبا اور اساتذہ پر پولیس کے لاٹھی چارج اور اشک آور گیس کے استعمال کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آج سینکڑوں طلبا زخمی ہوگئے ہیں جن میں بچے اور معزز اساتذہ بھی شامل ہیں۔

اس کے متعلق وزیر صاحب نے کچھ نہیں کہا۔

اس سلسلہ میں جناب والا۔ یہ بات بھی اخبارات میں آئی ہے کہ ڈی۔ آئی۔ جی پولیس نے معذرت کی ہے۔ آپ کی نظر سے اخبارات گذرے ہونگے اور محترم وزیر صاحب نے بھی اخبارات میں پڑھا ہوگا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ اساتذہ بھی لاٹھی چارج کی زد میں لائے گئے۔ ان الفاظ کا ذکر انہوں نے اپنے بیان میں نہیں کیا۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو): جناب والا۔ جب یہ مسئلہ ہے تو پھر اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ آپ نے تو جو اپنے بیان میں کہنا تھا کہہ دیا ہے اب مجھے بھی کچھ عرض کر دینے دیجئے۔

جناب والا۔ گذارش ہے کہ جہاں تک طلبا کا تعلق ہے اس حد تک تو معاملہ subjudice تھا کہ چند طلبا کو گرفتار کیا گیا۔ آخر ان پر مقدمہ چلے گا۔ لیکن جہاں تک اساتذہ کا تعلق ہے جن کے سر پھوڑے گئے ٹانگیں توڑی گئیں۔ یہ کیسے subjudice ہو سکتا ہے۔ ان اساتذہ نے نہ تو رپورٹ لکھوائی نہ ان کے خلاف پرچہ دیا گیا اور نہ انہوں نے خود پرچہ لکھوایا۔ وزیر صاحب نے اسکی وضاحت نہیں کی۔ اگر وزیر تعلیم صاحب کا شیوہ اساتذہ اور طلبا کے ساتھ اس طرح کا ہے تو یہ اور بات ہے۔ پھر وہی کہہ سکتے ہیں میں تو نہیں کہہ سکتا۔

Mr. Speaker : The motion is ruled out of order on three grounds. Firstly, the facts are denied by the learned Education Minister ; Secondly, action has been taken under section 144 Cr. P.C. ; and thirdly, the matter is sub-judice.

وزیر تعلیم۔ محترم خواجہ صاحب کے ارشاد کے بعد مجھے ایک بات عرض کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔ اسلئے مجھے اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker : That motion is over. Is the Minister on a point of personal explanation ?

وزیر تعلیم۔ Yes sir انہوں نے یہ کہا ہے کہ اساتذہ پر زیادتی ہوئی اور طلبا پر زیادتی ہوئی اور میرا رویہ ان کے ساتھ ایسا ہے۔ میں اس کی پر زور الفاظ میں تردید کرتا ہوں۔

کراچی میں میں اساتذہ سے بھی ملا ہوں اور وہ اس بات کے گواہ ہیں کہ میرا رویہ ان کے ساتھ کیسا تھا۔ مجھے احساس ہے کہ وہ طلبا قوم کے بچے ہیں اور ہم انکو اس ملک کے معمار سمجھتے ہیں۔ میرے دل میں اساتذہ کا بے پناہ احترام ہے اسوقت خوامخواہ غلط بات کہہ کر اس چیز کو ہوا دی جا رہی ہے۔ اگر وہ اپنی شکست کو اس قسم کی باتوں سے چھپانا چاہتے ہیں تو اور بات ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ اس زمانہ میں فتح اور شکست بے معنی الفاظ ہیں۔

Mr. Speaker : Next motion, please.

SNATCHING AWAY THE CAMERA OF THE CHIEF REPORTER, DAILY "HURRAYAT" BY A HIGH POLICE OFFICIAL OF KARACHI.

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful action of a high police official of Karachi in so far as he snatched the camera of Dr. Daud Subhani, Chief Reporter of Daily "Hurrayat" while he was taking photographs of the Police Lathi-charge on student procession on the 1st of December, 1964. This Police Officer did not stop at that but crushed this camera by placing it under the wheels of a motor truck. This illegal and highhanded act of this Police Official has caused great resentment amongst the public of the Province.

Mr. Speaker : Is it a matter of public importance ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir.

خواجہ محمد صفدر۔ وہ کیمرا تو شاید ۴۰۰- پانچ سو روپیہ کا ہوگا وہ شاید چیف رپورٹر نقصان برداشت کر سکتا ہے یہ کوئی بات نہیں لیکن ہر

واھگیرا پر جو کسی طور پر بھی گناہ کا مرتکب نہیں ہوا ہے اور کسی جرم کا ارتکاب نہیں کر رہا ہے اسکی چیزیں چھینی جاتی ہیں۔ اسکی چیزیں برباد کی جاتی ہیں۔ یعنی ہمارے پولیس افسروں کے حدود و قیود باقی نہیں رہے ہیں وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہیں اور انہیں اپنی مرضی سے استعمال کرتے ہیں اور عوام پر بے دریغ سختی اور جہاں تک عوام کے حقوق کا تعلق ہے وہ انکو درخور اعتنا نہیں سمجھتے۔ مسئلہ تو یہ ہے۔ مسئلہ یہ نہیں ہے کہ ایک چیف رپورٹر کا نقصان ہوگیا۔ ایک چیف رپورٹر کا کام یہ ہے کہ وہ موقع پر جائے تصویریں لے اپنے اخبارات کیلئے مواد مہیا کرے۔ بذات خود یہ چیز بہت اہم ہے لیکن جب اس لحاظ سے دیکھا جائے کہ پولیس افسران کا کیا رویہ ہے اور اس ملک میں پولیس کیا کھیل بنا رہی ہے۔ تو پھر نہایت ہی افسوسناک صورت ہوگی۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ میں جناب والا۔ اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ اگر اس ایڈجورنمنٹ موشن کو a'm کیا جائے تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ جہاں کہیں کوئی کسی قسم کا واقعہ عام قانون کے خلاف ہو جائے تو ہر ایک case کو یہاں discuss کیا جا سکتا ہے اور اسکا مطلب یہ ہوگا کہ اگر کوئی شخص ایک جگہ لڑتا ہے یا کسی شخص کا murder ہو جاتا ہے یا کوئی شخص مر جاتا ہے تو بھی یہاں ایڈجورنمنٹ موشن کا سبجکٹ میٹر ہو سکتا ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب اس مسئلہ سے تو آزادی صحافت ختم ہو جائیگی۔

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ سعدی صاحب اور دوسرے احباب تقریر کر رہے ہوتے ہیں اور کوئی ادھر سے کچھ کہتا ہے تو فوراً Interruption کا خیال کیا جاتا ہے لیکن صاحب صدر کی اجازت سے کوئی آدمی ادھر سے کچھ کہنا چاہتا ہے تو اسکو تیزی سے In rrupt کیا جاتا ہے۔ جناب والا۔ میں یہ بات عرض کردوں کہ اگر کوئی شخص کسی کی کوئی چیز چھین لے یہ اپنی جگہ پر ایسی چیز ہے جسکا ایک واقعہ کی حیثیت سے دوسرے آدمی کو حق حاصل نہیں ہے کہ وہ چھین لے لیکن اگر کسی شخص نے کوئی ایسی چیز چھین لی ہے تو قانون کے مطابق اسکے لئے عدالتوں کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور دوسری کارروائی ہو سکتی ہیں اور اسکے متعلق اقدام ہو سکتے ہیں یہ عام قانون

کے ماتحت جب کوئی اس قسم کا واقعہ ہو قانون نے اسکے لئے عدالتوں کے مقامات مقرر کر دئے ہیں اور اسی وجہ سے اسکو پبلک Importance حاصل نہیں ہے اور نہ یہ سبجکٹ میٹر بن سکتا ہے۔ جسد یہ واقعہ ڈی۔ آئی۔ جی کے نوٹس میں لایا گیا تو انہوں نے اخبار نویسوں کے سامنے ایسے شخص کے خلاف انکوائری کیلئے بھی کہا اور میرے پاس اس سلسلے میں جو آفیشل رپورٹ ہے وہ میں عرض کرتا ہوں۔

As regards motion No. 46 regarding the incident of snatching camera from a Press photographer, a report to this effect has been lodged with the D.I.G. Police, Karachi, by a press correspondent who has ordered a departmental inquiry to ascertain the facts. This inquiry is not complete. Material will be.....

وزیر تعلیم۔ جہاں تک جناب والا۔ اس واقعہ کا تعلق ہے ایک انفرادی واقعہ کی حیثیت سے جو اسپر مناسب کاروائی کی جانی تھی وہ کی جا چکی ہے اور دوسری چیز یہ ہے کہ کوئی شخص اگر اس سے مطمئن نہ ہو تو اسکے لئے proper course یہ ہے کہ عدالت میں استغاثہ دائر کر سکتا ہے لہذا یہ ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ اس پر ہاؤس میں بحث کی جائے لہذا اسکو Ruled out کر دیا جائے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب "حریت" کے چیف رپورٹر نے اپنی ذات کیلئے تصویریں نہیں اتارنی تھیں وہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں لاکھوں آدمی جو "حریت" اخبار پڑھتے ہیں انکے لئے وہ تصویریں اتار رہا تھا۔ دراصل یہاں آزادی صحافت کا مسئلہ آجاتا ہے وہ ایک انفرادی معاملہ نہیں ہے وہ صحافت کو represent کرتا ہے یہاں اسکی آزادی کا مسئلہ زیر بحث آئیگا یہ پولیس افسران دھینگا مشتی کرتے ہیں اور ہر ایک پریس رپورٹر کو اسکے فرائض ٹھیک انجام دینے دیتے۔ اسطرح سے تو بات بہت مشکل بن جائیگی۔ پہلے ہی پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس نے گلا گھونٹ رکھا ہے اب پولیس کے ڈنڈے بھی انکے سر پر شروع ہو جائینگے۔ تو اسکے معنی تو یہ ہونگے کہ اخباروں کو بند کر دیا جائے۔

Mr. Speaker: The matter proposed to be discussed in this adjournment motion can very well be agitated in a court of law. It is, therefore, ruled out of order.

امیر طبیب اللہ خان سعدی۔ میں پرسنل personal explanation کے طور پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر۔ آپ کے متعلق تو کچھ نہیں کہا گیا۔

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی۔ ابھی وزیر صاحب نے سعدی صاحب کے Interruption کے متعلق گوہر افشانی فرمائی تھی میں اسکے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر۔ جی ہاں

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ اس ایوان میں جس روز سے محترم وزیر تعلیم صاحب سوالات کے جوابات اور بحث میں حصہ لے رہے ہیں ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ انکے فقرے اتنے مرصع اور مسجع عبارت کے ساتھ بیان ہوتے ہیں کہ ان میں مغز کی بات بہت کم ہوتی ہے اور اسی وجہ سے ہم اکتا جاتے ہیں اور اسکی مثال یہ ہے۔

"کہ گڈے کی ضرب نے میری دیوار کی پشت کی خشت کو پاش پاش کردیا"۔

انکی اس قسم کی باتوں سے اکتا کر دوسروں کو interruption کرنی پڑتی ہے۔

Mr. Speaker : That is not a point of order.

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ میں پھر یہ عرض کرونگا کہ افسوس ہے کہ سعدی صاحب میں جو پارلیمانی جرأت جس کی ضرورت ہوتی ہے اسکا فقدان ہے اور وہ معمولی اور معصوم سی بات بھی برداشت نہیں کر سکتے اور جب ہماری طرف سے بات ہوتی ہے تو Interrupt کرتے ہیں اور جب ہم Interrupt کرتے ہیں تو سیخ پا ہوجاتے ہیں۔

علامہ رحمت‌اللہ ارشد۔ بات وہ ضرور برداشت کیجا سکتی ہے جو کسی معصوم آدمی کی زبان سے نکلی ہو۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat. We will now take up the regular Order of the Day.

(At this stage Mr. Deputy Speaker, Syed Zafar Ali Shah, occupied the Chair).

PRIVATE MEMBERS' BUSINESS.

RESOLUTIONS.

Re-appointment of a Commission headed by a permanent Judge of the High Court to inquire into the causes of disturbances at Karachi.

Mr. Deputy Speaker : Mr. Jatoi to move his resolution.
Haji Abdul Majid Jatoi : Sir, I beg to move.

This Assembly is of the opinion that the Government should appoint a Commission headed by a permanent Judge of the High Court to inquire into the causes of the disturbances that took place in Karachi on 4th and 5th January, 1965.

Mr. Deputy Speaker : The Resolution moved is :

That this Assembly is of the opinion that the Government should appoint a Commission headed by a permanent Judge of the High Court to inquire into the causes of the disturbances that took place in Karachi on 4th and 5th January, 1965.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Opposed.

There is a legal objection against this resolution. I will refer you to rule 78 of the Rules of Procedure.

خواجہ محمد صفدر - جناب ۷۹ - بھی ساتھ ہی پڑھ لیں تو قصہ ختم ہو جائیگا —

وزیر تعلیم - جناب ۷۸ - (د) Sub rule میں ہے -

"It shall not relate to matters which are sub-judice or are quasi-judicial."

In this case the matter is sub-judice and all the matters and incidents connected with the disturbances in Karachi are now the subject matter of a complaint being agitated in a court of law and, because of that complaint, even the inquiry of the High Powered Inquiry Committee has also been, for the time being, suspended. So, as the matter is sub-judice, the House should not discuss it. The Resolution should not be allowed to be moved in the House and should be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر- جناب میں نے وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ ۷۸ - پڑھنے سے پہلے ۷۹ - پڑھ لیں - در اصل بات یہ ہے کہ یہ ۷۹ -

The Speaker shall disallow any resolution or a part thereof, if in his opinion, it does not comply with these Rules, and the resolution or any part thereof so disallowed shall not be placed on the Orders of the Day.

طریقہ کار یہ ہے جناب والا کہ جب اس معزز ایوان کے معزز اراکین اپنی تجاویز تحریک کی صورت میں اس سیکریٹریٹ میں یعنی اسمبلی کے سیکریٹریٹ میں دیتے ہیں تو جناب سپیکر یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ دیکھیں کہ وہ دفعہ یعنی قاعدہ نمبر ۷۸ کے مطابق ہے یا نہیں ۔ اگر نہیں تو سپیکر صاحب آپکو یہ اختیار ہے کہ آپ اسکو نامنظور کردیں بلکہ ساری کی ساری ۔ یا اس کے کسی حصے کو ۔ اگر آپ اس نتیجہ پر پہنچیں کہ وہ درست ہے تو پھر آپ اسکو admit فرما لیں گے اور یہ چیز پھر آرڈر پیپر میں آئے گی ۔ یہ تمام مرحلے اس ایوان میں طے نہیں ہونے ۔ قاعدہ ۷۸ ۹۱ کو ساتھ ساتھ پڑھا جائے تو یہ سارے مراحل اس ایوان میں طے نہیں پانے بلکہ جناب یہ تمام مرحلے جناب کو اپنے چیمبر میں طے کرنے ہیں اور آپ نے دیکھنا ہے کہ کونسی چیز خلاف قاعدہ ہے اور کونسی قاعدے کے مطابق ہے ۔ اگر خلاف قاعدہ ہو تو وہ Order P.per پر نہیں لائی جاتی قاعدہ ۷۹ میں درج ہے ۔

" And shall not be placed on the Orders of the Day. "

اس تجویز کو جناب سپیکر admit کر چکے ہوئے ہیں ۔ یہ آرڈر پیپر پر آ چکی ہوئی ہے ۔ چنانچہ یہ اعتراض ناقص اور ناجائز ہے ۔ جب آرڈر پیپر پر آ چکی ہوئی ہے تو اسوقت یہ ہو بھی نہیں سکتا ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب میں جواب دونگا میرے فاضل دوست درست نہیں فرما رہے ۔ جس رول کی طرف ابھی ابھی آپکی توجہ دلائی گئی ہے وہ یہ ہے ۔

The Speaker shall disallow any Resolution or a part thereof if in his opinion it does not comply with the rules and the Resolution or any part thereof so disallowed shall not be placed on the Orders of the Day.

یہ پابندی جناب سپیکر پر اس وقت ہے جب تک ان پر دوسری طرف کوئی بات ان کے سامنے رکھ کر کسی سلسلہ میں حقائق ان کے سامنے پیش نہ کئے جائیں ۔ مثلاً جو چیز بھی sub-ju lice ہے کسی قانون کے تحت ہم مجبور یا پابند نہیں ہیں ۔ ہم ہر بات کا خیال رکھ سکتے ہیں اور ہر معاملے کے متعلق اطلاع رکھیں کہ جو چیز سامنے آرہی ہو آیا وہ s b ju ice ہے یا نہیں ہے ۔ اسکے متعلق جناب کو علم ہے کہ قانون کے مطابق اسوقت یہ بات لائی جاسکتی ہے جس وقت کہ یہ چیز آپکے سامنے آئے ۔ اور قانونی طور پر دوسرے فریق کو یہ موقعہ ملے کہ وہ آپکے سامنے حقائق رکھ سکے ۔ اب جناب

والا یہ چیز آپ کے سامنے آئی ہے اور چیزوں کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ جو چیز آپ کے علم میں آجائے اس کے بارے میں آپ اپنے چیمبر میں فیصلہ فرما دیں لیکن sub-judice ہونے کے متعلق حقائق آپ کے سامنے یہاں نہیں لائے جا سکتے اور اب جبکہ آپ کے علم میں یہ بات لائی جائے کہ یہ مسئلہ اس وقت ایوان میں زیر بحث ہے یہ sub-judice ہے اور اس وجہ سے اس سلسلہ کے متعلق یہاں تحریک نہیں ہونی چاہئیے اور اس پر بحث نہیں ہونی چاہئیے یہ بے پناہ ضروری بات ہے کہ اسے اسی وقت آؤٹ آف آرڈر رولڈ کردیا جائے کیونکہ بصورت دیگر جناب والا sub-judice معاملہ کو اس ایوان سے دور رکھنے کی جو وجوہات ہیں وہ ساری مجروح ہوتی ہیں۔ تو بہت سی چیزیں اس ایوان کے سامنے sub judice ہونے کی وجہ سے اس لئے نہیں لائی جاتیں کیونکہ وہ معاملہ عدالت کے سامنے ہوتا ہے۔ عدالت کے سامنے شہادت دینی ہوتی ہے۔ عدالت نے اس کے بارے میں فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ اگر اس چیز کے بارے میں یہ ایوان کوئی اپنی رائے قائم کردیگا تو Administration of Law پر یہ چیز خارج ہو سکتی ہے۔ اس عدالت کی رائے میں یہ چیز خارج ہو سکتی ہے اور یقیناً اس چیز سے ہمارے موجود قانون کے مطابق عدالت کے وقار اور احترام کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

Mr. Deputy Speaker : What would happen if after the admittance of the Resolution or before moving it the matter becomes Sub-judice.

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر گرامی۔ مسئلہ زیر بحث یہ ہے کہ آیا یہ ریزولیوشن جو آج ہمارے Order of the Day پر ہے یہ پیش ہو سکتا ہے یا نہیں یہ ریزولیوشن کیا ہے۔ اسکا فیصلہ کرنے کے لئے سب سے پہلے آپ ریزولیوشن کو ملاحظہ فرمالیں اسکا مطالعہ کریں کہ کیا ہے وہ ریزولیوشن جو ہم زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ ہم محض اس بات پر نہ چلے جائیں کہ کراچی کے واقعات کی طرف ہم نے غور کرنا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ ریزولیوشن کیا ہے۔ ریزولیوشن صرف یہ ہے۔

This Assembly is of the opinion that the Government shall appoint a Commission headed by a permanent Judge of the High Court.

یہ مسئلہ کہ اس واقعہ کی چھان بین کے لئے کمیشن مقرر ہونا چاہئیے اور اسکی قیادت ہائی کورٹ کے ایک جج کو کرنی چاہئیے۔ یہ مسئلہ کسی عدالت کے سامنے پیش نہیں ہے۔ کسی عدالت کو اس پر اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرنا ہے۔ ہم نے تو صرف یہ رائے دینی ہے۔ ہماری اسمبلی نے صرف یہ رائے

دیتی ہے کہ گورنمنٹ ایک کمیشن مقرر کرے جس کی قیادت ہائی کورٹ کے ایک جج صاحب کریں ۔ کمیشن کراچی جائے یہ چیز ہے جس پر اپنی ہم نے رائے دینی ہے ۔ اگر یہ مسئلہ کسی کورٹ کے سامنے پیش ہے تو یقیناً یہ ریزولیوشن زیر بحث نہیں آ سکتا لیکن اگر یہ مسئلہ کسی عدالت کے سامنے پیش نہیں ہے تو پھر یہ معاملہ نہ تو sub-judice ہے اور نہ Quasi-Judicial ہے ۔ ہم نے مختصر بات کرنی ہے کہ ایک کمیشن ایسا ہونا چاہئیے کہ جس میں ہائی کورٹ کا ایک جج ہونا چاہیئے جو ان واقعات کی تحقیقات کرے اور ان واقعات کے اور ان سے متعلقہ وجوہات پر اسمبلی نے اظہار نہیں کرنا اور اس اسمبلی نے اس کے متعلق اپنی رائے نہیں دینی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Facts will be discussed.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : Facts may be discussed but the facts relating to matters which are sub-judice will not be discussed. The verdict of the Assembly will only be that a Commission should be appointed and this question is absolutely relevant.

تو اس لئے یہ sub-judice نہیں ہے ۔

Minister of Education : For what purpose ?

"appointed for" کے الفاظ کو بھی تو لینا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر تعلیم صاحب نے اعتراض کیا ہے کہ اگر اس چیز پر بحث کرنے کی اجازت دی گئی تو اس سے عدالت کے وقار پر برا اثر پڑے گا ۔

Mr. Deputy Speaker : This is not relevant. The question is whether it is sub-judice or not.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر آپ کو یاد ہوگا بلکہ جناب وزیر تعلیم صاحب اس چیز کو تسلیم کرتے ہیں انہوں نے اس پر یہ اعتراض بھی اٹھایا کہ اس سے عدالت کے وقار پر برا اثر پڑے گا ۔ جناب سپیکر ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم یہ سمجھیں کہ یہ ریزولیوشن محض اس وجہ سے پیش کیا گیا ہے کہ عدالتوں کا وقار اس ملک میں بلند ہے اور اگر عدلیہ اس سنگین واقعہ کی تحقیقات کرے گی تو وہی پبلک کے اعتماد کے قابل ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : This is irrelevant.

وزیر مال (خان پیر محمد خان) : صاحب صدر۔ جہاں تک انصاری صاحب کی تحریک کا تعلق ہے میں اسکے جواب کے لئے کھڑا ہوں۔ مطالبہ یہ ہے کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے۔ کس غرض کے لئے آیا اسکو کراچی کی sea-port پر بھیج دینا ہے کہ وہاں جائے اور واپس آجائے۔ ہم نے اس ہاؤس کو مطمئن کرنا ہے کہ کمیشن مقرر ہو کس بات کے لئے۔ جب تک ہم ہاؤس کو مطمئن نہ کردیں۔ اسکو convince نہ کریں کہ فلاں غرض کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہائی کورٹ کے جج کے چیئرمین شپ میں یہ کمیشن چلی جائے تو اسکے pros & cons اس ہاؤس میں ڈسکس ہونگے۔ ان کو convince کریں تب اس ہاؤس کی رائے لی جائے گی۔ تو گذارش یہ ہے . . . To enquire into the causes of the disturbances

اسکے متعلق پہلے ہی معاملہ زیر غور ہے۔ وہاں استغاثہ عدالت میں ہو چکا ہے۔ ایک ہائی پاورڈ کمیشن مقرر ہو چکا ہے . . . .

(شور و قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker : No interruption please.

وزیر مال۔ تو میرا یہ عرض تھا کہ فسادات اور انکے وجوہات اور انکے اثرات اگر سب یہاں thrash ہو جائیں۔ تو sub judice معاملے کی جو اہمیت ہے جو مطلب ہے اور جو سپرٹ ہے وہ فوت ہوجائیگا۔ مطلب تو یہ ہے کہ عدالتیں آزادانہ طور پر انکی انکوائری کریں اور اپنی findings دیدیں یہاں اگر ہم جو بھی بحث کریں گے وہ عدالت میں p ejudice ہو جائیگی اور جب عدالت prejudiced ہوگا تو انصاف نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے انصاف کے پیش نظر اس مرحلے پر اس کو زیر غور نہ لایا جائے اور اس کو رول آؤٹ کردیا جائے۔

Mian Abdul Latif (Sheikhupura *I*): Sir, an objection has been raised from that side that since this matter is sub-judice it cannot be discussed here in this House. Sir, if the material issue before the House is also directly an issue before a court of law, it is only then that we can call the matter sub-judice and ban it from discussion in this House. If, Sir, this issue is in existence before a Court of Enquiry headed by Executive Officer let me tell my friends on that side that it is not a judicial enquiry. It is not sub-judice. So far as they refer to the Commission headed by Mr. I. U. Khan and the causes of disturbances the matter is not sub-judice. It is not a Court of Law. It is not a Judicial Court. It is an Enquiry Tribunal, it is an executive body. Its findings will not be judicial. Then Sir.....

Minister of Revenue : Sir, I would refer to the complaint pending in a Court of Law.....

Mian Abdul Latif : If they refer to the complaint pending in a Court of Law under Section 302 against one, Gohar Ayub, I would say that we can still go on with the discussion. I would invite your attention to the Resolution. It says :

> "This Assembly is of the opinion that the Government should appoint a Commission headed by a permanent judge of the High Court to inquire the causes of the disturbances that took place in Karachi on 4th and 5th of January, 1965."

Now, against Mr. Gohar Ayub there is one complaint about one incident. There is only one complaint about one incident against one individual *i.e.* Mr. "A" is said to have committed murder at one time on one day. The question about the causes of the disturbances which led to a particular incident will not be relevant to the enquiry. Whatever the causes (good or bad), whatever the intention of the mob, whatever the motives behind that congregation the Court will be concerned only with one thing-the conduct of Mr. Gohar Ayub—whether he was acting against-law or whether he was transgressing the limits of law or not, whether he has committed murder or not ? So far as the causes of the disturbances go they would be simply irrelevant to the enquiry before that Court. We shall be confining ourselves to a discussion of the causes of the disturbances.

Now, Sir, murder was committed perhaps on the 5th. What about the disturbances which took place on the 4th. Will they be allowed to discuss that before that Court ? No. Now, if there is anybody competent to deal effectively with the causes of the disturbances it is this House and this House is in a position to recommend to the Government to supercede the Commission already appointed by them because we are not satisfied with it. We want to ventilate our grievances against the Government.

Mr. Deputy Speaker : Please take your seat, no more discussion. I think enough discussion has taken place. I will now give my Ruling.

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir. I also want to speak.

Mian Abdul Latif : Sir, I will conclude with one sentence. We want to recommend to the Government to supercede the present Commission and in its place appoint a Commission which should be headed by a High Court Judge and this point is nowhere before the Court. No Court can recommend to the Government to go into the causes of the disturbances.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱)۔ جناب والا۔ میں دو ایک منٹ میں اپنے محترم دوست جناب وزیر تعلیم کے اعتراضات کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ اس وقت مسئلہ زیر بحث یہ ہے کہ گورنمنٹ ایک کمیشن مقرر کرے جس کا صدر ایک ہائی کورٹ کا جج ہو اور وہ کراچی کے حالیہ فسادات کی تحقیقات کرے۔ اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ایک استغاثہ کی وجہ سے جو مسٹر گوہر ایوب اور دوسروں کے خلاف دائر ہے، کراچی کے حالیہ فسادات

کسی ایک واقعہ کے متعلق ، اس کی وجہ سے یہ معاملہ sub-judlc یا زیر سماعت بن جاتا ہے ۔ اس لئے اسے یہاں زیر بحث نہیں لایا جاسکتا ۔ اس سے پیشتر جناب والا آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا ۔ آپ نے مجھ سے ایک سوال کیا تھا کہ اگر صاحب سپیکر کے کسی ریزولیوشن کو admit کرنے کے بعد کوئی مسئلہ کسی عدالت میں زیر سماعت آجائے ، تو اس (ریزولیوشن) کی پوزیشن کیا ہوگی ۔ اس صورت میں میری رائے یہ ہے کہ سپیکر صاحب کا اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرنے کا حق بجا ہے ۔ انہیں اختیار ہے کہ وہ اس ریزولیوشن کے بارہ میں اپنا پہلا فیصلہ قواعد کے منافی قرار دیں اور اس پر نظر ثانی فرمالیں انہیں یہ حق حاصل ہے ۔ مگر موجودہ ریزولیوشن کے بارہ میں صاحب سپیکر کا فیصلہ ایسا نہیں ہے ۔ یہ قرارداد جن واقعات کے بارہ میں ہے وہ ۴ یا ۵ تاریخ کے واقعات ہیں ۔ آج سے تین ہفتہ پیشتر کے ۔ اس کے متعلق جو استغاثہ ہوا ہے وہ بھی تقریباً دو ہفتہ پیشتر دائر ہوا تھا ۔ کیونکہ اس کی تین یا دو تاریخیں عدالت میں پڑچکی ہیں ۔ جب محترم سپیکر صاحب نے اس تحریک کو admit فرمایا اس وقت محترم گوہر ایوب صاحب کے متعلق مقدمہ دائر تھا ۔ انہوں نے قاعدہ کے مطابق اس کا فیصلہ کیا تھا ۔

دوسری بات جو میرے محترم دوست نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ اس ایک واقعہ کی وجہ سے اسے اس سارے مسئلہ کو زیر سماعت قرار دینا چاہیئے ۔ بحث صرف یہ ہے کہ موجودہ کمیشن جس کے صدر مسٹر آئی ۔ یو خان ہیں اس مسئلہ کی چھان بین کے لئے نا کافی ہے ۔ اس کمیشن کا صدر کسی جج صاحب کو ہونا چاہیئے ۔ بات تو اتنی سی ہے کہ اس مسئلہ کا کہاں تک تعلق ہے کسی استغاثہ سے جو مسٹر گوہر ایوب یا کسی اور صاحب کے خلاف اس وقت کسی عدالت میں زیر سماعت ہے ۔ میری یہ گذارش ہے کہ اس کا اس سے قطعاً کوئی تعلق نہیں اور ہم اس بات کے متعلق رائے کے اظہار میں حق بجانب ہیں کہ حکومت نے جو کمیشن قائم کیا ہے وہ نا کافی ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان کے پیش نظر ایک ایسا کمیشن مقرر کیا جائے جس کا صدر مغربی پاکستان کا کوئی جج ہو ۔ بات تو اتنی سی ہے ۔ آپ نے اس پر ایک سوال کیا تھا کہ کیا ہم واقعات میں نہیں جائیں گے ۔ تو میں عرض کروں گا کہ جس حد تک مسٹر گوہر ایوب اور دوسروں کا تعلق ہے ، جو مقرران کے متعلق کچھ کہتے آپ اسے روک سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : In 1953 disturbances in Lahore, was it that the proceedings of the Commission appointed by the Government and the Prosecution were going on simultaneously.

خواجہ محمد صفدر۔ مقدمے بھی چل رہے تھے ۔ کمیشن بیانات بھی ریکارڈ کررہا تھا ۔ سنیکڑوں مقدمے چل رہے تھے ۔

Mr. Deputy Speaker : I rule the objection out of order.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I should have been given an occasion to reply.

Mr. Deputy Speaker : There has been enough discussion.

حاجی عبدالمجید جتوئی (دادو ۔ ۱)۔ جناب سپیکر۔ مجھے سخت افسوس ہے ۔ کہ کراچی میں جو کچھ ہوا ۔ وہی کچھ کربلا میں ہوا تھا ۔ اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے ۔ کم ہے ۔ وہ مہاجرین جو اپنا سب کچھ لٹا کر ہندوستان سے آئے ہیں یہاں بھی غنڈہ اور بدمعاش عناصر نے انکا وہی حشر کیا ۔ یہ کتنی افسوس کی بات ہے ۔ لیکن اس بات کا آپکو بھی علم ہے ۔ کہ جو شخص ظلم کرتا ہے ۔ اسکو اس دنیا میں اگر اسکی سزا نہ ملے یا اسکو یہاں نہ روکا جاسکے ۔ تو خداوند تعالیٰ اس سے اسکا حساب طلب کرتا ہے ۔ اس حادثے کے متعلق عوام نے اور اخبارات نے یہ مطالبہ کیا تھا ۔ کہ اسکی تحقیقات کیلئے ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا کوئی جج مقرر کیا جائے ۔ لیکن حکومت نے انکا یہ متفقہ مطالبہ نہیں مانا ۔ اور اپنی ضد پر قائم رہ کر ایک Official High Powered Commission مقرر کردیا ۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ جونہی اس حادثے سے متعلق مقدمہ عدالت میں دائر ہوا ۔ اس کمیشن نے اپنا تحقیقاتی کام بند کردیا ۔ اگر یہ جوڈیشل انکوائری ہوتی ۔ تو یہ تحقیقات بند نہ ہوتیں ۔ جیسا کہ سنہ ۱۹۵۳ء میں لاہور میں ہوا تھا ۔ ایک طرف منیر کمیشن اپنا کام کررہا تھا ۔ اور دوسری طرف عدالت میں بھی مقدمہ چل رہا تھا ۔ ان حادثات کے شکار مظلوم لوگوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو بادشاہ بنادے ۔ تو اسکو حضرت عمرؓ کا زمانہ یاد کرنا چاہیئے ۔ کہ جنہوں نے اپنے بیٹے کو درے لگوانے میں بھی دریغ نہیں کیا تھا ۔ یہ عوام بھی اسکی اولاد ہے ۔ اور اگر اسکی اولاد کو اس طرح قتل کیا جائے ۔ تو کتنے افسوس کا مقام ہے ۔ اسلئے اسکی جوڈیشل انکوائری کی جائے ۔

Minister of Education : Point of order, Sir. The very thing, which is the subject matter of that complaint, is being discussed by the member, and I object to it.

Mr. Deputy Speaker : No reference to that please.

Mian Abdul Latif : We very strongly object to the way my friend is taking the objection. He is saying that we are all his sons and he should treat us as his sons. It is all what he said.

Minister of Education : It is for the Speaker to decide.

Mr. Deputy Speaker : Order please.

حاجی عبدالمجید جتوئی - اسکا فرض تھا - کہ وہ ہماری حکومت کو ہدایت کرتے - کہ چونکہ اس میں اسکی اولاد جوابدہ ہے - یا خواہ کوئی اور ہے - انکے ساتھ انصاف کرتے -

Mr. Deputy Speaker : No reference to that please ; Mr. Jatoi, will you please confine yourself to the general terms of the resolution?

حاجی عبدالمجید جتوئی - میری عرض یہ ہے - کہ اسکے لئے جوڈیشل انکوائری کا قیام اسلئے بھی ضروری ہے- کہ غریبوں کا جو خون بہا ہے - اسکا انصاف کیا جائے - انکا تو یہ خیال تھا - کہ پاکستان آجانے کے بعد تو انکے ساتھ ایسا سلوک نہ کیا جائے گا - تو اس لئے اس جوڈیشل انکوائری سے انکی تسلی ہوجائیگی -

نوابزادہ افتخار احمد خان (جھنگ) - صدر محترم - میں اس قرارداد کی تائید کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں - تائید اسلئے نہیں کر رہا ہوں - کہ میں ایوان کے اس گوشے میں بیٹھا ہوں کہ جہاں سے صدائے احتجاج اور صدائے مخالفت بلند کرنا ضروری ہوتا ہے - حالانکہ وہ بھی ایک فریضہ ہے - وہ بھی ایک آئینی حق ہے - وہ بھی اس ایوان کا وقار ہے - کہ ان صفوں سے انکی غلط کاریوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند ہوتا رہے اور آج اس احتجاج کا بلند کرنا سب سے بڑا جہاد ہے - لیکن صدر محترم کراچی کے واقعات ، چار یا پانچ تاریخ کے واقعات ، وہ دردناک واقعات ، وہ رلا دینے والے واقعات اور حکومت نے اس سلسلے میں جو افعال کئے ہیں - میں نہ صرف یہ کہ انکی مذمت کرنے کیلئے کھڑا نہیں ہوا ہوں - کیونکہ میرا مقصد صرف مذمت نہیں ہے - اور اسکی وجوہات یہ ہیں - کہ جو کچھ کراچی میں ہوا ہے - جو کچھ کراچی میں کیا گیا ہے وہ ایک قومی سانحہ ہے - وہ ایک قومی المیہ ہے - اور اسکی

جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ لیکن آج ہمارے سامنے مسئلہ یہ نہیں ہے کہ ہم جوشیلے الفاظ اور جوشیلی تقریروں کے ساتھ انکی مذمت ہی کرتے رہیں۔ آج اس ریزولیوشن کو اس ایوان میں اس نظریے اور اس تخیل کے ساتھ زیر بحث لانا ہے۔ کہ وہ کیا حالات تھے۔ وہ کیا واقعات تھے۔ وہ کیا وجوہات تھیں کہ جنکی وجہ سے اتنے سنگین، اتنے المناک اور اتنے خطرناک واقعات حالات ہمارے سابقہ دارالسلطنت میں رونما ہوئے۔ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے جو کراچی میں پیش آیا۔ یہ کوئی معمولی المیہ نہیں ہے۔ جو کراچی میں ہوا تھا جو کچھ بھی ہوا۔ خواہ وہ کسی کی طرف سے ہوا۔ خواہ اسکا ذمہ دار کوئی بھی ہو۔ خواہ اسکا ذمہ دار مہاجر ہو۔ خواہ اسکا ذمہ دار سندھی ہو۔ خواہ اسکا ذمہ دار کسی کا صاحبزادہ ہو۔ خواہ اسکے ذمہ دار صوبہ سرحد والے ہوں۔ اسکے ذمہ دار کوئی بھی ہوں۔ لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس واقعہ نے ہماری قومی زندگی میں، ہماری عملی زندگی میں ایک نیا راستہ، ایک نہایت ہی خطرناک راستہ، ایک نہایت ہی خطرناک موڑ قوم کے سامنے لاکر کھڑا کردیا ہے۔ ہماری گردنیں شرم سے جھک جانی چاہئیں۔ خواہ ہم کسی شہر یا صوبے کے رہنے والے ہوں اور ہمارے اس شہر میں ہماری اس عظیم اسلامی مملکت میں، دنیا کی اس سب سے بڑی اسلامی مملکت کے پہلے دارالسلطنت میں کیا ہوا۔ یہ وہ شہر ہے کہ جس میں قائداعظم مرحوم کی ولادت ہوئی۔ یہ وہ شہر ہے کہ جسکو اس ملک کا دارالسلطنت تجویز کیا گیا یہ وہ شہر ہے کہ جہاں نہ صرف یہ کہ سندھی آباد ہیں۔ بلکہ پاکستان کے گوشے گوشے اور ہر صوبے کے اور ہر علاقے کے لوگ آزادی کے ساتھ وہاں رہتے رہے ہیں۔ لیکن صدرمحترم اس شہر میں جسکا امن و امان پچھلے سولہ سال کا امن و امان ہمارے لئے باعث فخر رہا ہے۔ وہاں پر ایسا المیہ کہ بھائی بھائی کا گلا کاٹے۔ مسلمان مسلمان کا گلا کاٹے۔ بھائی اپنے بھتیجے اور اپنی بہو کو اغوا کرکے لیجائے۔ ایک اسلامی مملکت میں یہ شرم کی بات نہیں اور کیا ہے۔

صدر محترم۔ اس لئے ہمیں دیکھنا چاہئے کہ یہ کیوں اور کیسے ہوا۔ آپ ان واقعات کے پس منظر کو دیکھے بغیر اور کراچی کے سابقہ حالات کو دیکھے بغیر اس المیہ کے صحیح وجوہات تک نہیں پہنچ سکتے۔ دنیا میں کوئی واقعہ ایک دم بحیثیت حادثے کے نمودار نہیں ہوا کرتا جو واقعہ بھی دنیا میں ہوتا ہے۔ اسکے لئے وجوہات اور واقعات آہستہ آہستہ اور تسلسل کے ساتھ پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ کراچی میں جو کچھ ہوا وہ اس سلسلے کی کڑی

ہے۔ جسکا اجراء جسکا آغاز ۱۹۵۸ء میں کیا گیا۔ اسوقت کراچی کے لوگوں کا گناہ یہ تھا اور کراچی والوں کو اسکی پہلی سزا یہ دی گئی کہ اس شہر، اس دارالسلطنت کو اس اعزاز سے محروم کردیا گیا کہ جو اعزاز اسے قائداعظم نے دیا تھا۔ یہ پہلی سزا تھی اور یہ سزا کس لئے شروع ہوئی۔

وزیر تعلیم۔ یہ کمیشن کی تعینات کے سلسلے میں کسطرح relevant ہے۔

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ صدر گرامی۔ میں اس بات میں ہمیشہ نہایت محتاط ہوتا ہوں کہ جو لفظ بولوں۔ جو بات بھی کہوں۔ وہ relevant بھی ہو اور متعلقہ بھی ہو۔

Mr. Deputy Speaker : Yes, please continue.

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں ہمیشہ کوشش کرتا ہوں کہ جو بات کہوں وہ متعلقہ ہو اور سوچ سمجھکر بولتا ہوں تو اسلئے میں اپنے بھائی سے یہ عرض کرونگا۔ کہ قدرے تحمل کے ساتھ سنیں میں یہ تقریر اعتراض کیلئے نہیں کر رہا ہوں۔ میں نے شروع ہی میں کہا تھا کہ میرا مقصد اعتراض کرنا نہیں ہے۔ بلکہ میرا مقصد ان وجوہات کو معلوم کرنا ہے۔ اور اسکے ساتھ ساتھ اسکے لئے فضا کو ٹھیک کرنا ہے۔

صدر محترم۔ اس وقت ۱۹۵۸ میں کراچی والوں کی کیا سزا تھی ان کو کیوں سزا دی گئی۔ ان کی خطا یہ تھی۔ ان کی واحد خطا یہ تھی۔ ان لوگوں میں پاکستان کے دوسرے علاقوں کی نسبت سب سے زیادہ سیاسی بیداری پائی جاتی تھی۔ جب ایک غلط کار حکومت برسر اقتدار آئی تھی۔ اس کے خلاف احتجاج کرنے کی جرات رکھتے۔ اور احتجاج کیا کرتے تھے۔ اور مجھے یاد ہے اور آپ کو بھی یاد ہوگا کہ ۱۹۵۸ میں اس مردود ملعون سکندر مرزا کے خلاف کراچی والوں نے نہ صرف احتجاج کیا تھا۔ بلکہ زبردست مظاہرہ کیا تھا۔

Mr. Deputy Speaker : The member should not cast aspersion on any community or any individual.

مسٹر افتخار احمد خان۔ بہت اچھا۔ اسی لئے اس قصور اور اس جرم کی پاداش میں انہوں نے اس وقت مظاہرہ کیا تھا۔ سیاسی زندگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ وہاں سے دارالسلطنت کو تبدیل کر کے راولپنڈی لے جایا

گیا۔ ایک ایسی قوم جس کی مالی حالت اچھی نہ تھی۔ جس کے مالی وسائل اتنے زیادہ نہ تھے۔ کیا وہ ایک نئے شہر کے آباد ہونے کے اخراجات کی متحمل ہوسکتی ہے۔ وہاں سے دارالسلطنت کو تبدیل کیا گیا۔ قائداعظم کے فیصلہ کو تبدیل کیا گیا۔ قوم و ملک کے فیصلہ کو تبدیل کیا گیا۔ وہ اس لئے تبدیل کیا گیا کہ کسی شخص کے دل میں بچپن میں کھیلتے ہوئے کسی چٹیل میدان اور پہاڑوں میں خیال آیا یہاں کیوں نہ دارالسلطنت بن جائے۔ لیکن صدر محترم دارالسلطنت بھی انہوں نے تبدیل کیا۔ لیکن ان کے انتقام کی آتش ٹھنڈی نہ ہوئی یہ میں اسلئے صدر محترم کہتا ہوں کہ وہ احتجاج جو سکندر مرزا کے خلاف ہوا کرتے تھے۔ اس سازش میں اس حکومت کے بازو یعنی موجودہ حکمران اس کے بازو تھے۔ اس کے ساتھی تھے۔ اس تمام سازشوں میں برابر کے شریک تھے۔ بلکہ سازش خود کرنے والے ہوا کرتے تھے۔

وزیر تعلیم۔ آپکی مراد جھنگ کے وزراء سے ہے۔ جو ان کے ساتھ تھے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ ورنہ سکندر مرزا کے پیچھے قوم نہ تھی۔ سکندر مرزا کے پیچھے کوئی چیز نہ تھی۔ اگر سکندر مرزا کے پیچھے کوئی چیز تھی تو کمانڈر انچیف تھے جن کے بل بوتے پر اس نے یہ ساری چیزیں کیں۔

وزیر تعلیم۔ وہ جھنگ کے وزراء ان کے ساتھ تھے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر نہ آیا کریں۔

وزیر تعلیم۔ چھوٹی باتوں میں میرے فاضل دوست آ رہے ہیں۔

My learned friend is not relevant to the subject and I want your ruling on this point whether discussion on the new capital or on old capital or on Iskandar Mirza is relevant to the appointment of a Commission. I want your ruling on the point that only the matter in issue should be discussed.

Khawaja Muhammad Safdar : He is discussing the cause.

Minister of Education : Causes of the disturbances on the 4th and 5th ? We want your clear ruling, Sir.

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر محترم۔ کیونکہ اعتراض انہوں نے میری بات پر فرمایا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں پیشتر اس کے کہ آپ قانونی رولنگ

مرحمت فرمائیں ۔ صادر فرمائیں وزیر تعلیم کچھ بے قرار۔ آج کچھ زیادہ بے قرار نظر آتے ہیں یہ قصور خواجہ صفدر صاحب قائد حزب اختلاف کا ہے ۔ کہ آج انہوں نے تحریک پیش کرتے ہوئے دو ایسی تحریکیں پیش کردیں جن کا تعلق ان کی ذات سے تھا . . . .

وزیر تعلیم ۔ I take exception to it. وہ ایڈ جرنمنٹ موشنز ۲۱ تاریخ سے موجود ہیں ۔ مجھے پتہ ہے۔ وہ ہاؤس میں آ چکی ہیں یہ میرے فاضل دوست صحیح نہیں فرما رہے ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ میں صرف causes بتا رہا ہوں کہ disturbances کے causes کیا تھے ۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ I am relevant اس لئے صدر محترم یہ ایک تسلسل ہے ۔ یہ ایک کڑی چلی آ رہی ہے ۔ کراچی والوں کے ساتھ ناراضگی کی ۔ کراچی والوں کے ساتھ خفتگی کی ۔ جس کی وجہ سے یہ فسادات ہوئے خونریزی ہوئی ۔ عصمت دری کے واقعات کراچی میں ہوئے ۔ اب صدر محترم وہ کیا واقعات تھے ۔ باوجود پردہ ڈالنے کے۔ باوجود ان کے آہنی پردوں کے وہ واقعات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ہر شخص جانتا ہے ۔ کہ ان فسادات کے شروع ہونے کی کیا وجہ تھی ۔ کس نے وہ فسادات شروع کئے۔ صدر محترم یکم کو امن رہا ۔ دو کو بھی امن رہا ۔ تین کو بھی امن رہا ۔ لیکن چار اور پانچ تاریخ کو فسادات یکدم شروع ہو گئے ۔ میں نہایت ذمہ داری کے ساتھ اعلان کرتا ہوں اور الزام لگاتا ہوں کہ وہ فسادات حکومت نے اور حکومتی پارٹی نے ایک سوچی سمجھی سکیم کے تحت خود کرائے ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ غلط ہے ۔ اگر ان کے causes کا پتہ ہوتا تو کمیشن کی کیا ضرورت تھی ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ ابھی بات شروع نہیں ہوئی ۔

Minister of Revenue : Point of order. I draw the attention of the Chair to the time limit contained in rule 87.

Mr. Deputy Speaker : The member has already consumed ten minutes. He has got five minutes more.

Minister of Revenue : More than that, Sir.

خواجہ محمد صفدر۔ صرف اتنی سی بات تھی۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ یہ ایک تسلسل تھا۔ جناب والا۔ ۱۰ منٹ میں سے ۵ منٹ پوائنٹ آف آرڈر میں لے لئے ہیں۔ وہ گھٹا دیجئے۔ اب جناب ۱۲ بجکر ۱۲ منٹ پر میں بیٹھ جاؤنگا۔ (قطع کلامیاں)۔

صدر محترم۔ کیا تمام شواھد اور تمام واقعات جو ھم تک پہنچتے ھیں۔ یا انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ نے اخبارات تک پہنچانے کے لئے دیئے ھیں۔ یا چھپانے دئیے ھیں۔ ان سے صرف ایک بات اور واقعہ بلا خوف تردید کہی جا سکتی ھے اور وہ یہ ھے۔ کسی شخص کی قیادت میں۔ کسی شہزادے کی قیادت میں ایک جلوس نکلا۔ ان علاقوں میں گیا۔ جہاں کہ اسکو جانے کی کوئی ضرورت نہ تھی ....

Mr. Deputy Speaker : Are you stating the causes or you want the Commission to inquire into the causes ?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : The Government is responsible for the disturbances and it is one of the causes.

فسادات صرف اس دن شروع ھوتے ھیں جس دن جلوس شروع ھوتا ھے۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ بات عرض کرنی پڑتی ھے۔ پہلے تو دو قومی نظریوں کے تحت ۱۹۴۶-۴۷ میں فسادات ھوئے تھے۔ اب فسادات کیا وھی نوعیت رکھتے ھیں۔ کیا اب ھم دو قومیں ھیں۔ لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ وہ لوگ جو خان عبدالغفار خان پر پختونستان کا الزام لگاتے ھیں۔ وہ غیر محب الوطن ھونے کا الزام لگاتے ھیں۔ وھی لوگ کراچی میں پختونستان اسٹنٹ چلا کر خون ریزی کرتے ھیں۔ وھاں دو یونین ھیں۔ میں پوچھتا ھوں۔ ھزارہ یونین کی کراچی میں کیا ضرورت تھی۔ میں پوچھتا ھوں کراچی میں پختونستان یونین کی کیا ضرورت تھی۔ پختون ھمارے بھائی ھیں۔ میں ان سے محبت کرتا ھوں۔ میں ان کی عزت کرتا ھوں۔ وہ پاکستان کے اتنے بڑے شہری ھیں جتنے اور کوئی ھیں۔ اور جنھوں نے فسادات کرائے۔ صدر محترم کیا انھوں نے پٹھانوں کے ساتھ۔ پختونوں کے ساتھ کوئی انصاف کیا ھے۔ آپ خود سمجھ سکتے ھیں۔ دیکھ سکتے ھیں کہ وہ لوگ جو روزگار کیلئے۔ جو کاروبار کیلئے اپنے گھر بار کو چھوڑ کر کراچی پہنچے .....

خان سلنگ خان ۔ جناب والا ۔ میں اس ہاؤس کی اطلاع کیلئے عرض کرتاہوں کہ یہ انجمن اتحاد کیوں بنی ہے۔

Mr. Deputy Speaker : Order please. Take your seat please. You can speak later.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ کیا دو یونینیں وہاں انتشار پیدا کرنے کیلئے بنائی گئیں ۔ ان دو یونینوں کی طرف سے وہ جلوس نکالا گیا جنہوں نے وہاں انتشار پھیلایا اور خونریزی کی ۔ جس کیلئے ایک طرف تو آپ الزام لگاتے ہیں خان عبدالغفار خان پر کہ وہ پختونستان کا Stunt چلاتے ہیں۔ ملک سے غداری کرتے ہیں اور دوسری طرف آپ خود پختونستان کا Stunt چلاتے ہیں اوراس پختونستان کے نام پرلوگوں کو اور مسلمانوں کو شہید کرتے ہیں ۔ اور ان کی عورتوں کو اغوا کرتے ہیں ۔ کیا یہ پختونستان نہیں ؟ آج کراچی کی حالت کیا ہے ؟ آج کراچی کی تمام آبادی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے ۔ آپ ان واقعات سے انکار نہیں کر سکتے۔ ایک طرف پٹھان ہیں ۔ اور دوسری طرف غیر پٹھان ۔ اور یہ ایک افسوسناک تقسیم ہے ۔ میں اسکی مذمت کرتاہوں یہ میرےبھائی جو جوش میں کھڑے ہو رہے ہیں ۔ یہ کہیں غلط فہمی میں نہ پڑ جائیں ۔ میں اسکی مذمت کرتاہوں ۔ بہر حال یہ ایک واقعہ ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) آج کراچی کی بیس لاکھ کی آبادی دو Blocks میں منقسم ہے ۔ سندھی ۔ پنجابی ۔ بنگالی ۔ مہاجر اور مقامی ایک طرف ہیں ۔ اور پختون بھائی دوسری طرف ہیں ۔ آپنے کراچی کی آبادی کو دو حصوں میں تقسیم کردیا ہے ۔ (ایک آواز ۔ یہ نیشنل عوامی پارٹی کی سکیم ہے) ۔ یہ افسوسناک بات ہے کہ انہوں نے پٹھانوں کی بھی خدمت نہیں کی ۔ میرے چند پختون بھائیوں کو جو کراچی میں آباد ہیں ۔ بیوقوف بنایا گیا ہے ۔ ان کے مفاد کے خلاف کام کیا گیا ہے ۔ بالا آخر کسی وقت کوئی نقصان پہنچے گا تو ہمارےانہیں پختون بھائیوں کو پہنچے گا ۔ جو مزدوری کرنے کیلئے وہاں گئے ہوئے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Will you take your seat for a minute, Mr. Ansari. I would request the members not to make interruptions. They can speak when their turn comes. The House is tense. I therefore want the members to be careful in their utterances.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ بہر حال صدر محترم ۔ اب میں ان واقعات سے ہٹتے ہوئے صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کراچی میں جو المیہ

ہوا ہے۔ اگر ان لوگوں (وزرا کی طرف اشارہ کرکے) میں غیرت اور جمہوری روایات کی قدر و منزلت ہوتی۔ تو انہیں آج استعفا دینا چاہئے تھا۔ نہ صرف یہ کہ یہ ناکام ہوئے ہیں۔ بلکہ ایک حکمران کے صاحبزادے نے یہ فسادات کرائے ہیں۔ لہذا اس حکومت کو استعفا دیدینا چاہئیے۔ (سرکاری نشستوں کی طرف سے آوازیں: یہ غلط ہے)۔

وزیر تعلیم۔ On a point of order, Sir. جناب والا۔ پہلے خود اسطرف سے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ ایک استغاثہ عدالت میں زیر تجویز ہے۔ اور یہ معاملہ Sub-Judice ہے۔ تو اب پھر انہی چیزوں کو دوبارہ زیر بحث لایا جا رہا ہے۔ حالانکہ ان چیزوں کے بارے میں معاملہ طے ہو چکا ہے۔ اور انہوں نے اسے تسلیم بھی کیا ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر محترم۔ کیا میں نے کسی کا نام لیا ہے؟

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ معزز ممبر نے حکمران کے صاحبزادوں کا نام لیا ہے۔ اور ان میں سے ایک صاحبزادہ وہ ہے جس کے خلاف مقدمہ دائر ہوا ہے۔

Mr. Deputy Speaker : No more talk about Sahibzada. Two minutes more please.

مسٹر افتخار احمد خان۔ نہیں جناب۔ Disturbances کے لئے پانچ منٹ (قہقہہ) اب جناب جو سب سے اہم سوال ہے۔ اور جس کے لئے آج اس ایوان میں یہ قرار داد پیش کی گئی ہے۔ وہ یہ ہے کہ آیا حکومت سنجیدگی کے ساتھ کراچی کے المیہ کی تحقیقات کرکے لوگوں کی تالیف قلوب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ کیا حکومت یہ ارادہ رکھتی ہے؟ کہ جو گتھی وہاں الجھ گئی ہے۔ اور جس طرح وہاں لوگوں کے دل میلے ہوگئے ہیں۔ اور کراچی میں جو خوفناک حالات پیدا ہوگئے ہیں۔ کیا یہ حکومت ان کو بحال کرنا چاہتی ہے؟ کیا یہ اس فضا کو واقعی سازگار بنانا چاہتی ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ یہ فسادات کرانے والے یہ خود ہیں۔ اس لئے ان کی نیت وہاں کے حالات کو درست کرنے کی نہیں۔ اور نہ ہی ان واقعات کو سلجھانے کی ہے۔ ورنہ ایک معروف چیز ہمارے ملک کی انتظامیہ کو بھی معلوم ہے اور دنیا بھی جانتی ہے۔ کہ اب ہمارے ملک کی انتظامیہ پر کسی کو اعتماد

نہیں ۔ ملک کی انتظامیہ پر مکمل عدم اہتمام ہے ۔ اب اس ملک کے پانچ کروڑ کے لگ بھگ باشندگان ادھر اور اتنے ہی دوسری طرف جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کی انتظامیہ ایک پارٹی بن چکی ہے ۔ چنانچہ حالیہ انتخابات میں اس انتظامیہ نے اس حکومت کا ساتھ دیا ہے ۔ اور علی الاعلان قانون کی مٹی پلید کی ہے ۔ جس کی وجہ سے وہ بالکل Flat ہوچکی ہے ۔ اس میں بالکل اخلاقی جرات نہیں ۔ اس میں ایمان نہیں ۔ خلوص نہیں اور قابلیت نہیں ۔ تو اس لئے ایسی انتظامیہ سے یہ انکوائری کرانا نہ صرف بد دیانتی کی انتہا ہے بلکہ آگ پر تیل چھڑکنے کے مترادف ہے ۔ ہم نے یہ قرار داد اس لئے پیش کی ہے کہ اگر گورنمنٹ واقعی عوام میں اعتماد بحال کرنا چاہتی ہے ۔ اگر کراچی کے رہنے والوں کو آپس میں بھائی بھائی بنانا چاہتی ہے ۔ اور اگر واقعی کراچی سے یہ مکدر فضا دور کرنا چاہتی ہے تو خدا کے لئے قوم کے مفاد کے پیش نظر ۔ ملت کے مفاد کے پیش نظر اس انکوائری کو ہائی کورٹ کے ایک جج کے سپرد کیجئے ۔ تاکہ وہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ کر ڈالے ۔ اور لوگوں کو اطمینان ہوجائے کہ اس ملک میں واقعی کوئی انتظامیہ باقی ہے ۔ ایمان باقی ہے ۔ اور انصاف باقی ہے ۔ ورنہ آج وہاں کی حالت کیا ہے ؟ آج وہاں کی حالت یہ ہے کہ باوجود اتنے دن گزر جانے کے وہاں لوگ راتیں جاگ کر گزارتے ہیں ۔ لیکن مجھے کراچی والوں سے بھی گلہ ہے ۔ کیونکہ اسکے لئے وہ خود ذمہ دار ہیں ۔ آج کراچی کے المیہ کے متعلق ریزولیوشن اور قرار داد اس معزز ایوان میں پیش ہے اور کراچی شہر کے سب نمائندے غائب ہیں ۔ (ایک آواز ۔ وہ موجود ہیں) ۔ صرف ایک تیری بہن بیٹھی ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : She represents Hyderabad Division.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ کہاں ہیں وہ صدیقی برادرز اور کہاں ہیں وہ مسٹر سہیل جو آئندہ کیلئے بھی کراچی کے امیدوار بننے کے خواب دیکھ رہے ہیں ۔ آج کراچی کے متعلق قرارداد پیش ہے اور کراچی کا ایک نمائندہ بھی یہاں موجود نہیں ۔ اسی لئے تو میں کہتا ہوں کہ اس کیلئے کراچی والے خود ذمہ دار ہیں ۔ جنہوں نے اس ایوان میں ایسے نمائندے بھیجے ہیں جنکو صرف اپنے ٹکٹوں کی فکر ہے ۔ جنہیں صرف اپنی business اور اپنی امارت کی فکر ہے ۔ کراچی جل گئی ۔ کراچی کو آگ لگ گئی ۔ لیکن ان کے نمائندے اس ایوان میں نہ آئے اور یہاں آکر صدائے احتجاج بلند نہ کی ۔ میرے نزدیک یہ نہایت ہی قابل افسوس ناک بات ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Ansari, please take your seat now. Your time is up.

مسٹر افتخار احمد خان۔ جناب آپکی اجازت سے دو منٹ اور بات کرلوں۔

صدر محترم۔ اب ایک چیز اور ہے۔ آج ان فسادات کو ہوئے تقریباً ۱۰ دن ہو چکے ہیں۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ ان فساد زدہ لوگوں کی امداد کیلئے ابھی تک اس حکومت نے کوئی قابل قدر کام نہیں کیا، لوگ گھروں سے بے گھر ہوگئے ہیں۔ ان کی جھگیوں کو جلا دیا گیا ہے۔ انکے مکانوں کو آگ لگادی گئی۔ لیکن میرے کان ابھی تک یہ بات سننے کیلئے تشنہ ہیں کہ وہاں کے لوگوں کی امداد کیلئے کتنے لاکھ روپے بھیجے گئے ہیں۔ کتنی نئی colonies بنانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ کتنے مکانات بنانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ کتنے بے گھر لوگوں کو با گھر بنانے یا لئے ہوئے لوگوں کی امداد کیلئے کوئی منصوبہ بنایا گیا ہے۔ لیکن صدر محترم انکی آتش انتقام کراچی کی بیداری کے خلاف ابھی تک نہیں بجھی۔ ان کے دل میں کراچی کے متعلق نہ جانے کیا منصوبہ ہے جسکا انہوں نے ابھی تھوڑا سا نقشہ دکھایا ہے۔ یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی ایسا گوشہ نہ رہے جہاں لوگ سیاسی طور پر بیدار ہوں اور پاکستان میں کوئی آدمی زندہ نہ رہے جس میں بیداری کی وجہ سے حکومت کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کی طاقت موجود ہو۔

اسلئے صدر محترم۔ میں کہتا ہوں کہ یہ تمام وجوہات ہیں۔ یہ تمام سلسلے ہیں جو یہ بتا رہے ہیں کہ امداد نہ دینا۔ گورنر صاحب کا وہاں نہ پہنچنا ۔ وہاں Judicial Inquiry نہ بٹھانا وہاں سے دارالسلطنت تبدیل کرکے لے جانا۔ اور وہاں سخت تشدد کرنا یہ سب باتیں کسی منصوبے کی غمازی کرتی ہیں۔

صدر محترم۔ اب آخری بات کرکے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ کراچی والوں کو بڑی شکایت یہ بھی ہے کہ وہاں جتنی پولیس ہے۔ اس میں ایک سپاہی بھی کراچی کے رہنے والوں میں سے نہیں۔ جتنی پولیس ہے سب باہر سے امپورٹ کی ہوئی ہے۔ اب انکے تعلقات میں تلخی پیدا ہو چکی ہے۔ اور یہ تلخی اس حد تک ہے کہ وہاں کے باشندوں کو پولیس سے نفرت ہے۔ دراصل یہ مسلسل چیزیں ہیں۔ جو اس معاملہ کی کڑیاں ہیں۔ اور یہ ثابت کر رہی ہیں کہ کراچی کو سزا دینے کی ذمہ داری حکومت پر ہے۔

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی (هزاره-۱): صدر گرامی- آج ایجنڈا پر کراچی کا ریزولیوشن پڑھ کر میں نے یہ محسوس کیا کہ محرک کراچی والوں کے معاملہ میں دلچسپی لے رہا ہے- اور میں نے وہیں یہ محسوس کیا کہ محرک حکومت کی بر وقت امداد نہ دینے اور نادانستہ کوتاہی کی طرف اس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہے- لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ مجھے اپنے آپوزیشن کے بھائیوں کے رویہ کا بھی پورا پورا احساس تھا- اور مجھے یہ خدشہ تھا کہ کراچی کا نام لیکر اور کراچی کو سامنے رکھ کر اُن فسادات کی داستان دھراکر اور پچھلی روایات کو قائم کر کے اُنکی ہمدردی کو raise کرینگے اور حالات کو exploit کرینگے- ان واقعات کو دھراکر وہاں کے غریب اور بے بس لوگوں کے اندر پھر ایسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کرینگے کہ وہ پھر آپس میں لڑ پڑیں اور ایک دوسرے کا خون کریں-

نواب زادہ صاحب کے ارشادات گرامی شروع میں تو لوچ دار نرم اور ادیبانہ تھے- اور میری امید بندھ گئی تھی کہ میرے واجب الاحترام دوست نوابزادہ صاحب جنکی میں دل سے عزت کرتا ہوں- دکھی ہیں- اور غمزدہ ہیں اور وہ کراچی کے دکھی بھائیوں کیلئے ایک کمیشن کے appointment پر زور دینگے- جو انکے زیادہ سے زیادہ دکھ درد اور تکالیف کو معلوم کر سکے- لیکن وہ تو تھی انکی تمہید- ابتدائی مرا حل طے کرنے کے بعد جب وہ اپنی اصل بات کی طرف راغب ہوئے- بسطرح وہ ہمیشہ کیا کرتے ہیں- تو انکی باتوں میں مجھے اس چیز کی بو آئی کہ آج وہ پھر بھائی کو بھائی کے ساتھ لڑانا چاہتے ہیں- اور آج بھائی کا ہاتھ بھائی کی گردن پر ڈالنا چاہتے ہیں اور کراچی کے واقعات کو پھر دھرانا چاہتے ہیں- جن کا ہمیں انتہائی دکھ اور انتہائی افسوس ہے-

خواجہ محمد صفدر- آپ کو افسوس ہوا ہے؟

سرکاری نشستیں- ہمیں نہیں تو آپ کو ہوا ہے؟

خواجہ محمد صفدر- یہ سب کچھ آپ نے خود کرایا ہے-

وزیر مال- نہیں- یہ خواجہ صاحب نے کرایا ہے-

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی- آپ نے دل سے اپنا غبار نکال لیا ہے- اب ذرا میری بات بھی سن لیں- نہیں تو میں بیٹھ جاتا ہوں-

Mr. Deputy Speaker : Address the Chair please.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی۔ صدر محترم۔ یہ ریزولیشن تو ایک نام تھا۔ ایک بہانہ تھا۔ اسے سامنے رکھ کر جو گل فشانی کی گئی ہے۔ اور جو کچھ ارشاد فرمایا ہے۔ پٹھان اور سندھی کا جو سوال پیدا ہوا ہے۔ اسکی ہم نے مذمت کی ہے۔ اس حکومت نے مذمت کی ہے۔ ہم نے اسے برا بھلا کہا ہے۔ اس بات کا یہ واضح ثبوت ہے کہ حکومت نے ایک کمیشن مقرر کردیا ہے۔ علاوہ ازیں صدر گرامی فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے اس میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے اور اس امر کا عہد کیا ہے کہ پوری کوشش کی جائے گی۔ تاکہ صحیح واقعات منظر عام پر آ جائیں۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم نے کسی وقت بھی ان واقعات سے جو وہاں ہیں آپ کو علیحدہ نہیں رکھا۔ لیکن وہ واقعات تو ہوئے اور ختم ہو گئے۔ اسکے بعد مناسب یہ تھا کہ کشیدگی کو کم کیا جائے تاکہ وہ بھائی بھائی بنکر رہیں۔ آپ جانتے ہیں۔ ہندو مسلمان میں کبھی لڑائی جھگڑا ہوتا تھا۔ تو کشیدگی کو دور کرنے کے لئے کمیٹیاں بنائی جاتی تھیں اور فسادات کے بعد امن تلاش کیا جاتا تھا اور یہ سوچا جاتا تھا کہ کونسے ایسے وسائل پیدا کئے جائیں۔ جن سے Tension ختم ہو جائے اور اپنے علاقہ میں، ملک میں اور اپنے وطن میں امن و امان ہو جائے۔ لیکن آج مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان اختلاف پیدا ہوگیا ہے۔ میں دعوی سے کہتا ہوں کہ اس میں کسی ذمہ دار آدمی کا ہاتھ نہیں بلکہ چند بدمعاشوں لفنگوں اور لٹیروں کا ہاتھ ہے۔ اور یہی وہ لفنگے اور لٹیرے ہونگے جو اپنا سیاسی وقار ان ذرائع سے بنانا چاہتے ہیں۔ اس میں انکا ہاتھ ہے۔ آپ بتایئے کہ آپ نے کیا کیا۔ آپ چاہتے ہیں کہ ان میں پھر Tension پیدا ہو جائے۔ انکو دوبارہ آمنے سامنے کرنا چاہتے ہیں۔ معزز ممبر نے ابھی On the floor of the House کہا ہے کہ وہاں پٹھان ایک طرف ہوگئے اور غیر پٹھان ایک طرف ہو گئے۔ آپ proceedings دیکھ لیجئے۔ میں آپ کی توجہ انکے ارشادات کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور نوابزادہ صاحب پر یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ پٹھان نہ ہوتے۔ اور اس ملک میں انکا وجود نہ ہوتا۔ تو آپ اس پاکستان کے اندر امن سے نہ رہتے اور پاکستان کا بیشتر حصہ ہندوستان میں شامل ہوگیا ہوتا۔ آپ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں۔ اپنے COP کے مقاصد پر نظر ڈال کر دیکھیں۔ وہاں جو اس قسم کے پٹھان موجود تھے۔ وہ ہمارے ساتھی نہ تھے۔ وہ آپ کے ساتھ ہونگے۔ آپ انکی بغل میں بیٹھے ہیں۔ آپ نے

کبھی غور کیا ۔ یہی قائداعظم محمد علی جناح کو گالیاں دینے والے ۔ قائداعظم محمد علی جناح کے خلاف قتل کرنے کے منصوبے بنانے والے ہیں۔ قائداعظم کی اس واجب الاحترام بہن جسے آج اپنے ماں بنا لیا ہے ۔ دراصل ہماری ماں ہے۔ یہاں انکو ذلیل کرنے کے کیا کیا منصوبے مرتب کئے گئے ۔ کس نے کئے۔ ذرا اس پر غور تو کیجئے۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ یہ irrelevent ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Be relevant please.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی ۔ یہ بالکل relevent ہے۔ ان کی speeches کا ابتدائی حصہ دیکھئے ۔ جب کبھی اکٹھے بیٹھنے کا موقع ہو۔ اپنی پیٹنگ کرنے کا موقع میسر ہو۔ تو پھر نگاہ ڈالیں۔ کہ قائد اعظم کے ساتھی کتنے ہیں ۔ اور قائد اعظم کے قتل کے منصوبے بنانے والے کتنے ہیں ۔ وہ آپ ہی کے بغل میں بیٹھے ہیں ۔ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ جتنا میرا وقت ہے ۔ اسی میں اپنی گذارشات پیش کروں گا ۔ اور جذبات کی رو میں بہنے کی کوشش نہیں کروں گا ۔

صدر محترم ۔ واقعات کو کبھی پوشیدہ نہیں کیا جا سکتا ۔ واقعات کے سامنے کبھی ہاتھ نہیں رکھا جا سکتا ۔ اور یہ بالکل اسطرح ہوگا ۔ جیسے سورج کے سامنے انگلی کی جائے ۔ اگر آپ کا خیال ہے ۔ کہ اس ملک کے اندر اس بد اعتمادی سے امن تباہ کر کے حکومت کو بدلنا چاہتے ہیں ۔ تو میں آپ پر یہ واضح کردوں ۔ کہ اس حکومت میں ایسی طاقت موجود ہے ۔ اور اس قسم کے اقدامات کو روکنے کی اپنے اندر صلاحیت اور جرات رکھتی ہے ۔ آپ نے غریب اور بے بس طالب علموں کے ساتھ کیا کیا ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ کہ آپ اس ملک کو کیوں تباہ و برباد کرنا چاہتے ہیں ۔ جوان مردی سے سامنے آئیے ۔ اور رائے عامہ پر اعتماد کیجئے ۔ اور جو اکثریت کا فیصلہ ہو اسکے سامنے سر تسلیم خم کیجئے۔

خواجہ محمد صفدر ۔ رائے عامہ ہمارے ساتھ ہے ۔ (شور)

Mr. Deputy Speaker : Mr. Abbasi. Please take your seat. Let the House be in order.

مسٹر افتخار احمد خان۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہاں شریف صاحب کا دعوے ہے ۔ کہ رائے عامہ ان کے ساتھ ہے ۔ کیا حق بالغ رائے دہی دینے کو تیار ہو۔

حق بالغ رائے دھی سے کیوں گھبراتے ہو۔

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

میاں محمد شریف ۔ پاکستان میں جس جگہ سے چاہو ۔ جس مقام سے چاہو ۔ جلسہ کر کے دیکھ لو ۔ تم اور میں مقابلہ پر آجاتے ہیں ۔ (شور)

Mr. Deputy Speaker : If the House will not be in order, I'll adjourn it.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی ۔ صدر گرامی ۔ نام تو اسکا ریزولیوشن تھا ۔ جس میں یہ کہا گیا ہے ۔ کہ کراچی والوں کا دکھ درد معلوم کرنے کے لئے موجودہ کمیشن نا کافی ہے ۔

ایک جوڈیشل انکوائری ہونی چاہئے اور ریزولیوشن کے الفاظ یہ ہیں کہ ہائی کورٹ کا جج اس انکوائری کا سربراہ مقرر کردیا جائے لیکن جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں اصل مقصد یہ نہ تھا ۔ وہ تو ان حالات کو discuss کرنے کے بعد کراچی کے دارالخلافہ پر تشریف لے آئے ۔ کراچی والے اتنے بیوقوف نہیں ہیں کراچی والے اتنا نا سمجھ نہیں ہیں اسوقت بھی کراچی والوں کے اندر یہ سکت اور بساط موجود ہے کہ وہ پورے پاکستان کی پالیٹکس کو اپنے گرد محور کی طرح گھما سکتے ہیں وہ ان چکنی چپڑی باتوں میں آنے والے نہیں ہیں کہ دارالخلافہ وہاں سے اٹھا کر اسلام آباد بھیج دیا گیا ۔ پٹھانوں اور سندھیوں اور پٹھانوں اور فلاں کو اکٹھا کرکے کراچی والوں پر دھاوا بول دیا ۔ میں اسبات کی پرزور الفاظ میں تردید کرتاہوں اور مجھے اس امر کا دعویٰ ہے اور میں کراچی کے حالات سے واقف ہوں ۔ ہمارے ملک اور ہمارےسب علاقوں کے لوگ خدا کے فضل و کرم سے مہاجر انصار سندھی پنجابی سب کا آپس میں ایک دوسرے سے تعاون موجود ہے انکے آپس میں تعلقات ہیں ان کے آپس میں سلوک ہیں ۔ کراچی کا گلہ کرنے والے آج ہاؤس میں کراچی کے ممبروں کو للکار کر کہہ رہے ہیں کہ وہ آئیں اور اس ہاؤس میں بیٹھ کر ان کی گالیاں ان کی تفریحی باتیں اور اضطراب پھیلانے والے قصیدے سنیں ۔ آپ حضرات کے ارشادات گرامی سے انشاءاللہ کراچی والوں پر کوئی اثر نہیں پڑیگا ۔ کراچی کے حالات آپ سے زیادہ مجھے اور اس ملک کے تمام لوگوں کو معلوم ہیں ۔ خدا کے فضل و کرم سے کراچی کے ان نمائندوں کےطفیل میں اور کراچی والوں کے باعث حکومت پوری طرح سے اسطرف راغب ہوئی ہے اور انہوں نے یہ کمیشن مقرر کردیا ہے ۔ خدا کے

فضل و کرم سے جب اس کمیشن کے نتائج آپ کے سامنے آئیں گے تو آپ اپنے دل پر ہاتھ رکھکر یہ تسلیم کریں گے کہ انہوں نے کراچی کے معاملات کو سلجھانے کی حتی الامکان کوشش کی ہے۔

A Member : Now it is our turn.

Mr. Deputy Speaker : There will be two from the right and one from the left.

مسٹر عبدالرازق خان (مردان-۳): جناب سپیکر۔ جناب عبدالمجید جتوئی صاحب نے جو ریزولیوشن اس ایوان کے سامنے پیش کیا ہے اسکا مقصد یہ ہے کہ کراچی میں جو فسادات ہوئے ہیں انکی وجوہات معلوم کرنے کیلئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے۔ جسکی سربراہی ہائی کورٹ کے ایک جج صاحب کریں۔

جناب والا۔ جہاں تک ریزولیوشن کے الفاظ اور مقصد کا تعلق ہے وہ بہت ہی نیک ہے اور اسکے کوئی خلاف نہیں ہوسکتا لیکن سوال یہ ہے کہ اس ریزولیوشن کے بہانے سے آیا جو نیک مقصد کے حصول کی کوشش کیجارہی ہے آیا وہ حاصل ہوسکے گا یا نہیں میں نہیں چاہتا تھا کہ فسادات کے وجوہات پر اس ایوان میں کوئی بحث ہو لیکن جناب نوابزادہ انصاری صاحب نے اپنی تقریر میں بہت سی ایسی باتیں کہدی ہیں جنکا تعلق واقعات سے ہے اگر وہ نہ کہی جاتیں تو اس سے زیادہ بہتر اور مناسب ہوتا جناب والا میں معزز اپوزیشن حزب اختلاف سے درخواست کرونگا کہ انکی اور ہماری یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ جو واقعات وہاں پر رونما ہوئے ہیں جو فسادات وہاں پر ہوئے ہیں جو بدمزگی وہاں کے عوام میں پیدا ہوگئی ہے ہم ملکر کوشش کریں اور اسے ختم کیا جائے اور ایسی تدابیر اختیار کیجائیں کہ آئندہ کیلئے وہ واقعات رونما نہ ہوں۔

خواجہ محمد صفدر۔ بالکل ٹھیک ہے۔

مسٹر عبدالرازق خان۔ انصاری صاحب نے پٹھانوں اور غیر پٹھانوں اور مہاجروں کا ذکر کیا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ انہیں واقعات کا زیادہ علم نہیں ہے اور وہ وہاں گئے نہیں ہیں لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کردوں کہ آپ کی اطلاع صحیح نہیں ہے یہ ایک نہایت ہی معمولی سا واقعہ تھا۔ الیکشن سے چند دن پہلے کچھ لوگوں نے (میں یہ نہیں کہوں گا کہ وہ کونسے فرقہ سے تعلق

رکھتے ہیں) ایک جلوس نکالا اور تھوڑے لوگ جناب صدر مملکت کا نشان "پھول" لگائے ہوئے تھے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اسکا الزام آپ لوگوں پر عائد ہوتا ہے میں یہ بھی نہیں کہتا کہ لیڈروں نے ان کو کہا ہوگا کہ آپ جس چیز پر پھول دیکھیں اسکو نوچ ڈالیں جب کوئی جیپ جلوس نکال رہی ہو تو اسکو جلادیں اور جس جیپ میں صدر ایوب کے ساتھی بیٹھے ہوں ان پر پتھراؤ کریں چنانچہ چند کارکنوں نے اس جلوس پر حملہ کردیا اور اسمیں بہت سے افراد زخمی ہوگئے۔ ٹرک اور جیپ کار جلائی گئیں ۔ اگر انصاری صاحب اور ان کے ساتھی ایسے واقعات کی مذمت کرتے اور ان کارکنوں کو منع کرتے کہ وہ ایسی حرکات کرنے سے نہ پارٹی کی اور نہ ملک کو کوئی فائدہ پہونچا سکیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ اسکے بعد کے واقعات رونما نہ ہوتے ۔ ابتدا اس فساد کی اسطرح ہوئی ہے اور اسکے بعد جو کچھ ہوا ہے ہم اسکی پر زور مذمت کرتے ہیں خواہ وہ کسی ذریعہ سے ہوا ہو اور کسی نے بھی حصہ لیا ہو ہماری آنکھیں شرم کے مارے جھکتی ہیں جب ہم ایسی باتیں سنتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ اگر ہم نے اسکو ہوا نہ دی اور ہم نے پوری ذمہ داری کے ساتھ اسکے اسباب تلاش کئے اور آئندہ کے لئے ایسے فسادات ختم کرنے کی کوشش کی تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ختم نہ ہوجائیں ۔

اسکے بعد جناب انصاری صاحب نے کہا کہ انجمن پختون ہزارہ اس معاملہ کیلئے بنائی گئی تھی اور میں جناب انصاری صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا اور یہ چیز میرے ذاتی علم میں ہے اور میں پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ انجمن پختون ہزارہ ایک ایسا ادارہ ہے جو پاکستان کے حصول سے پہلے کراچی کے پختونوں نے پاکستان کیلئے بنایا تھا ۔

(نعرہ ہائے تحسین) ۔

اور انہوں نے اس سے پہلے ہمیشہ مسلم لیگ کا ساتھ اور قائد اعظم کا ساتھ دیا ۔ وہ مزدور جو وہاں مزدوری کرتے تھے انہوں نے ہمیشہ پاکستان کے حصول کیلئے مدد کی ہے ۔ اور یہ انجمن پختون ہر ایسے آدمی اور اس ادارے کیساتھ تعاون کرتی رہی جو پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے کام کرتا ہے اور میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ آج انجمن پختون کا صدر کراچی میں خان بخت جمال خان ہے جو آل انڈیا مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا ممبر تھا ۔ اور جو سابق صوبہ سرحد مسلم لیگ کا پہلے صدر تھا ۔ یہ انجمن

(b) whether it is a fact that the senior most Staff Officer, Dr. Jamil Ahmad Khan, made a representation on 16th April 1950, against the said promotion;

(c) whether it is a fact that the said Dr. Jamil Ahmed Khan was removed from service on 19th April 1950 without any show cause notice;

(d) whether it is a fact that the said Dr. Jamil Ahmad Khan contented before a Civil Court that he was removed from service out of malice and the Civil Court granted a decree on 30th June 1954 in his favour;

(e) whether it is a fact that while implementing the decree of the Civil Court, the Department treated Dr. Jamil Ahmad Khan in service up to 29th February 1952 but did not appoint him as Chief Staff Officer reverting Mr. M. J. Mir with effect from 10th April 1950; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) : No it is not a fact. Since no seniority list was maintained of the temporary staff, it cannot be said that Mr. M. J. Mir, Staff Officer was senior or junior to any Staff Officer. However, some papers available in the record show that Messrs. M.J. Mir, and Dr. Jamil Ahmad were selected for appointment to the post of A.R.P. Staff Officer on one and the same date but the selection was subject to the condition that they successfully qualify the Training Course. Both of them attended the course with effect from 15th November 1948 to 30th November 1948 and Mr. M. J. Mir, who was a graduate got the third position whereas Dr. Jamil Ahmad, F.S., secured the seventh position. In view of this fact it is evident that Dr. Jamil Ahmad was junior to Mr. M. J. Mir in order of merits and as such the question of supersession does not arise.

(b) No such record is traceable due to the shifting of the staff and record at the time of integration.

(c) Although no Show Cause Notice was served on him in writing, he was however, called upon to appear before the Chief Officer, Civil Defence (former Punjab) on the 29th April 1950. Subsequently, the orders of termination of his service were issued.

(d) It is a fact that on filing declaratory suit in the Court of Ghulam Hussain, P.C.S., Civil Judge, Class II, Lahore a decree was awarded in his favour by the said Court on 30th June 1954.

(e) As explained at (a) above, Mr. M.J. Mir had been senior to Dr. Jamil Ahmad Khan and therefore the question of reversion of the former did not arise.

DENIAL OF PROMOTION TO DR. JAMIL AHMAD KHAN TO THE POST OF CHIEF STAFF OFFICER, CIVIL DEFENCE (A.R.P.), LAHORE

***8143. Rai Mansab Ali Khan Kharal:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to refer to answer to my starred question No. 7246 given on the floor of the House on 1st June 1964 and state:—

(a) the names of the Staff Officers working on 29th February, 1952 in the Civil Defence Department, Lahore;

(b) the names of the Staff Officers who were retained and re-appointed after 29th February 1952, along with their dates of re-appointment, grades and posts in which they were re-appointed;

(c) whether any Staff Officer was promoted as Chief Staff Officer or A.R.P. Officer in the Civil Defence Department during the period from 19th April 1950 to 29th February 1952, if so, (i) their names and (ii) dates of their promotion along with reasons for not promoting Dr. Jamil Ahmad Khan to the said posts if his promotion was due?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) No list of the temporary Staff Officers was maintained. It cannot be prepared at this stage when the relevant record of most of the officials who either left the Department or died is not traceable due to the shifting of the staff and record at the time of integration.

(b) As at (a) above. No staff Officer was absorbed but the affected incumbents who were retained were re-appointed against lower posts.

(c) Yes.

(i) Mr. Ahmad Khan Malik, A.R.P.O. on 1st December 1951.

(ii) Mr. Muhammad Shah Din, A.R.P.O. on 16th February 1952.

Dr. Jamil Ahmad Khan was not in service at that time and such the question of his promotion did not arise.

WITHDRAWAL OF BAN ON JAMAAT-I-ISLAMI

***8256. Rao Khurshid Ali Khan:** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state:—

(a) the date on which the Supreme Court declared the Provincial Government order imposing a ban on 'Jamat-i-Islami' as illegal and

the date on which the ban on the said political party was actually withdrawn;

(b) in case there has been any delay in withdrawing the said orders reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) The order of the Supreme Court is dated 25th September 1964 and the date on which the ban was withdrawn is dated 28th September, 1964.

(b) There was no delay in withdrawing the said order. The small gap was due to late receipt of the copy of the judgment and vetting of the withdrawal orders.

ALLEGATION REGARDING RECEIPT ON FINANCIAL AID BY JAMAAT-I-ISLAMI FROM FOREIGN COUNTRIES

***8257. Rao Khurshid Ali Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the Provincial Government issued a press note on the 7th January 1964 stating that Jamaat-i-Islami had been receiving financial aid from the countries which were enemies of Pakistan, and that the Government was in possession of proof to that effect;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, (i) whether the said proof with the Provincial Government; (ii) the names of the said foreign countries from which the Jamaat had been receiving financial aid, (iii) the period since which the Government has been in possession of the said proof; (iv) the currency in which the said aid was made available to the Jamaat alongwith the media adopted for receiving it and the dates on which it was received, (v) in case the said aid was made available in foreign currency, reasons for which actoin was not taken under the foreign currency regulations?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) Yes.

(b) It is not in public interest to reply to this part of the question.

EXPENDITURE INCURRED ON DIFFERENT ITEMS CONSEQUENT TO ACTION TAKEN BY GOVERNMENT ON 6TH JANUARY, 1964 AGAINST JAMAAT-I-ISLAMI

***8258. Rao Khurshid Ali Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state the expenditure incurred on each of the following items consequent to action taken by Government on 6th January, 1964 against Jamaat-i-Islami:—

(i) criminal cases;

(ii) maintenance of detenus belonging to the said Jamaat;

(iii) Review Board set up for examining cases of the said detenus;

(v) the police guards stationed at the offices of the said Jamaat alongwith the number of the said offices?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) :

(i) Figures not readily available.

(ii) Rs. 51,217.24.

(iii) *Nil.*

(iv) Rs. 3,232.00.

(v) The number of Jamaat's offices was 44 and guards were posted at some of them for varying periods out of the normal strength of district police. No extra expenditure was incurred on these guards.

DETENTION OF MAULANA SYED ABUL AALA MAUDUDI

*8260. **Rao Khurshid Ali Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to lay on the Table of the House the grounds on which Maulana Syed Abul Aala Maududi was detained and state:—

(a) whether it is a fact that one of the reasons for the dentention was that he had declared the creation of Pakistan as un-Islamic and undesirable;

(b) whether it is a fact that the Government has stated in its press note, dated 7th January 1964, that the speeches by Syed Abul Aala Maududi against the creation of Pakistan were delivered immediately after the creation of Pakistan; if so, justification for his detention owing to the said speeches delivered 16 years ago?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) : A copy of the grounds on which Maulana Maududi was detained has been placed on the Table of the House.

(a) No.

(b) No.

No. 3-1-H-Spl. II 64

Government of West Pakistan
Home Department.

GROUNDS OF ARREST AND DETENTION

You, Maulana Abul Aala Maudoodi, Ameer Jamaat-e-Islami, 5-A, Zaildar Park, Ichhra, Lahore, have of late been indulging in the following activities which are prejudicial to public safety and the maintenance of public order in the Province of West Pakistan:—

(1) that you have all along, until it was declared an unlawful association under the Criminal Law Amendment Act, 1908 (XIV of 1908), on 6th January 1964, been the founder and the Ameer of the Jamaat-e-Islami which has for its objective the acquisition of political power and control by force and setting up a fascist regime;

(2) that the aforesaid Jamaat was opposed to the creation of Pakistan and has continued to show open hostility to it and its Government;

(3) that the aforesaid Jamaat has been infiltrating in the Government offices and Labour Organisations with intent to seize power by fomenting trouble and suboring the loyalt of Government servants;

(4) that the said Jamaat through its students counter-part, namely, the Jamiat-ul-Tulba, with your active support and assistance has been resorting to Illegal strikes and creating disorders and disturbance in educational institutions and public places;

(5) that the said Jamaat is attempting to create disaffection among the Armed Forces by means of objectionable speeches by its leaders;

(6) that you in your public addresses have dubbed the leadership of the Nations as un-Islamic and Satahic;

(7) that you in the October 1963, issue of your monthly periodical "Tarjumaan-ul-Quran" have published a vicious and unwarranted attack on Iran and its Royal Family with the object of undermining the friendly relations between Pakistan and Iran which is its traditional ally; for the above reasons the Governor of West Pakistan is satisfied that you have acted in a manner prejudicial to be public safety and the maintenance of public order.

You are hereby informed of the above reasons of your detention in order to enable you make, if you so wish, a representation in writing against the order of detention.

You are also hereby informed that you have the right to make such a representation.

S. ALAMGIR,

Dated Lahore, the 13th January, 1964 *Secretary to Government of West Pakistan, Home Department.*

To—

Maulana Abul-Aala Maudoodi.

UNIVERSITIES AND COLLEGES WHERE STRIKES WERE OBSERVED ON THE INCITEMENT OF ISLAMI JAMIAT-I-TULABA

***8263. Rao Khurshid Ali Khan:** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that in the press note released by Government on 7th January, 1964 in respect of action taken against Jamaat-i-Islami it was said that the Jamiat-i-Islami incited the students to observe strike in Universities and Colleges;

(b) if answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) names of the universities and colleges where strikes were observed on the incitement of Islami Jamiat-i-Tulaba and the dates and the places where these strikes were observed; (*ii*) whether Government is in possession of any proof for the allegation made in the Press Note mentioned in (a) above?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) : (a) Answer is in affirmative.

(b) Immediate cause of the strike at Lahore on 4th November, 1963, was the expulsion of Barak Ullah, a member of Jamiat-i-Tulaba-e-Islami for mis-conduct under the ordinary rules of the University. He, however, played it up as arbitrary action under the University Ordinance. The strike subsequently spread to other parts of the Province.

Attached *proforma* gives a list of the places where strikes were observed on the incitement of Islami Jamiat-e-Tulaba with dates and names of prominent members of the Islami Jamiat-e-Tulaba.

STATEMENT SHOWING NAMES OF ISLAMI JAMIAT-E-TULABA WORKERS WHO PARTICIPATED IN STRIKES BY STUDENTS

Serial No.	Place	Name of worker	Date
1	University Campus, Lahore and Charing Cross, Lahore.	Nazar-ur-Rehman 1963 ..	4th/5thNovember 1963
2	Do. ..	Raja Abdur Rashid	Do.
3	Charing Cross, Lahore ..	Rashid Murtaza Qureshi ..	4th November 1963
4	Lahore ..	Barak Ullah ..	4th/6thNovember 1963,
5	Do. ..	Nasar Ullah Sheikh ..	Do.
6	Do. ..	Saleem ..	Do.
7	Quetta ..	Abdul Majid ..	9th November 1963.
8	Do. ..	Hafiz Ahmad ..	Do.
9	D. G. Khan ..	Muhammad Saleem, 2nd year	Do.
10	Mianwali ..	Khan Zaman ..	10th/11th November. 1963.
11	Muzaffargarh ..	Khalil Ahmed ..	13th November 1963

ATROCITIES PERPETRATED BY THE POLICE IN PESHAWAR

*8277. **Maulana Ghulam Ghaus:** Will the Parliamentary Secretary, Home please refer to the statement made by the Law Minister when I wanted to seek leave of the Assembly to move my adjournment motion No. 39 on the floor of the House on 3rd July 1964, regarding atrocities perpetrated by the Police in Peshawar and state:—

(a) whether it is a fact that Peshawar Police have since initiated criminal proceedings against the aggrieved persons who are still facing trial;

(b) whether it is a fact that after the leave for moving the said Adjournment Motion was sought the Law Minister told me that the matter had been brought to the notice of high police officials;

(c) whether is a fact that the police instead of removing the grievances of the aggrieved persons have entangled them in different cases;

(d) if answers to (a) to (c) above be in the affirmative the action Government intend to take against the police officials concerned for causing harassment to the said persons;

(e) whether Government intend to pay compensation to the persons mentioned in (a) above for the loss sustained by them at the hands of police, if so when?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) Proceedings have been initiated against the aggressors and not the aggrieved.

(b) Maulana Ghulam Ghaus was asked to give a complaint in writing for inquiry and he agreed to give such a report in writing when has not so far been given.

(c) No. Only the accused responsible for crime have been challaned.

(d) No harrassment was caused and as such the question does not arise.

(e) The question does not arise.

PROSECUTING SUB-INSPECTORS, SUB-INSPECTORS AND INSPECTORS OF POLICE IN BANNU AND D. I. KHAN DISTRICTS.

*8302. **Mr. Munawar Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state the District-wise number of Prosecuting Sub-Inspectors, Sub-Inspectors and Inspectors of Police in the districts of Bannu and D.I. Khan posted in their respective home districts?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) :

District	Inspectors	Prosecuting Sub-Inspectors	Sub-Inspectors (Executive)	Sub-Inspectors (Clerical)	Sub-Inspectors (Platoon Commanders)
Bannu ..	..	3	7	1	4
D. I. Khan ..	..	2	7	2	3

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER

GAZETTED AND NON-GAZETTED STAFF IN WEST PAKISTAN RANGERS SERVING IN THE FORMER SIND AREA

221. Mir Haji Muhammad Bux Talpur: Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(a) the present number of Gazetted and non-Gazetted staff in the West Pakistan Rangers serving in the former Sind area;

(b) the number of the staff out of those mentioned in (a) above who are on deputation and the period and the terms and conditions of their deputation in each case?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) :

The information can not be supplied in the interest of Security.

ADJOURNMENT MOTIONS

USE OF FORCE BY KARACHI POLICE ON STUDENTS IN KARACHI ON 10TH DECEMBER, 1964.

Mr. Speaker: Now, we will take up Adjournment Motions. The first one is by Mr. Iftikhar Ahmed. The Member may ask for leave to move it.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, use of force by Karachi Police on the students in Karachi on 16th December, more than hundred students were arrested and there was lathi charge too.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): I oppose it.

The facts of the case are that on 10th December, 1964, at about 10.00 hours, information was received that about four to five hundred students

had assembled at Mehfal-e-Shah Khurasan in violation of Section 144 Cr. P.C. That they were pelting stones on trafic and the passers-by and that they were also planning to set fire to KRTC buses and Government transport. A police party despatched to disperse them arrested 76 of then on the spot and the rest dispersed. Attempt was also made to assault the police party but luckily no one was injured. A case under Sections 147/307/188 P.P.C. was registered in this connection.

So, the case is sub-judice and the facts are denied. The adjournment motion should be ruled out of order.

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر۔ اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ ہمیں اس چیز کو مدنظر رکھنا چاہئے کہ وزیر تعلیم وزیر جیل خانہ جات بھی ہیں اسلئے طلباً کو جیلوں میں بھیجنا بڑا ضروری ہے۔

Mr. Speaker: Is it a point of order?

مسٹر حمزہ — میں نے آپ کی اجازت سے عرض کی ہے کہ جب سے وزیر تعلیم وزیر جیل خانہ جات بھی بن گئے ہیں لڑکوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ زیادہ ہوگیا ہے۔

وزیر تعلیم — جناب ایسے ہی موقع کیلئے کسی نے کہاتھا
اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی۔

Mr. Speaker: As the facts have been denied by the learned Minister of Education and, moreover, the case is stated to be sub-judice, the motion is ruled out of order.

مسٹر سپیکر — نوابزادہ صاحب آپ کی اگلی تحریک التوا کے موضوع پر پہلے ایک ایڈجورنمنٹ موشن Rule out کیا جاچکا ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان — کیا یہ اسلامیہ کالج کے متعلق ہے؟ کیا آپ نمبر ۸۴ ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ نہیں اس پر تو نہیں آیا۔

مسٹر سپیکر — مسٹر نسیم کی death کے متعلق ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان — محمد نسیم کی شہادت کا کیا آچکا ہے؟

خواجہ محمد صفدر — ہاں کل آچکا ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان — لیکن پھر بھی جتنی بار اسکی مذمت کیجائے وہ کم ہے۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — چاہے وہ خلاف قاعدہ ہو یا قاعدے کے مطابق ہو۔

مسٹر افتخار احمد خان — ایک بچے اور ایک نوجوان طالبعلم کی فائرنگ سے شہادت ہونا بڑے افسوس کی بات ہے۔

Mr. Speaker : Next adjournment motion, please.

ARREST OF ELEVEN STUDENTS OF LAHORE COLLEGES ON 10TH DECEMBER 1964.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the arrest of 11 students of the Lahore Colleges on 10th December, 1964, on false and frivolous charges. Also the panic evated by their arrests.

Mr. Speaker : Has a case been registered ?

Minister of Educaiton : This has already been ruled out of order.

Mr. Speaker: What does the member mean by 'on false and frivolous charges'?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : They were arrested lawfully or unlawfully I don't know.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, this adjournment motion has already come up before the House. It was moved by Khawaja Muhammad Safdar and was ruled out of order. It is very particular to that motion wherein Khawaja Sahib had required to discuss the illegal and unprovoked lathi charge by the police on a peaceful procession of students.

Mr. Speaker : That was about 9th December. This adjournment motion is No. 49.

وزیر تعلیم — اس سلسلے میں میں عرض کرونگا کہ اسے کل پر ملتوی کر دیا جائے یہ اسمیں Mention نہیں ہے ....

Just let me see, Sir. Here it is in my record. It says that no other students were arrested on the 10th December.

Mr. Speaker: No arrest was made on the 10th?

Minister of Education: Yes, Sir.

Mr. Speaker: The facts have been denied by the Minister of Education the motion is therefore ruled out of order. Next motion.

CLOSURE OF THE PUNJAB UNIVERSITY FROM 11TH DECEMBER, 1964 5TH JANUARY, 1965.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent Public importance, namely, the announcements of the closure of the Punjab University from 11th December, to 5th January. This breakdown of educational system is the result of the attitude of the Provincial Government is not accepting the genuine demands of the students and instead using force on the students.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): This motion is objected to, firstly, on the ground of vagueness. My learend friend wants to discuss three subjects in one motion. The first one is the 'annoucements of the closure of the Punjab University', second is the 'break down of the educational system' and the third is the 'attitude of the Provincial Government is not accepting the genuine demands of the students. So, because the matter is not a specific one, it should be ruled out of order.

Again, I will draw your attention to the fact that the same matter, or at least a part of it, has already been discussed while an adjournment motion, on this subject, was moved by Rao Khurshid Ali Khan and which reads like this—

> ".....namely, failure of the Government to handle property the students unrest and to deal with their agitation sympathetically as disclosed from the following facts:—
>
> There has been disturbances and agitations in almost all the important cities of West Pakistan. viz. Karachi. Hyderabad. Sukkur. Lahore, Rawalpindi and Peshawar. There has been loss of life and property. Educational institutions are closed for a major part of the year and Universities have because agitation centres."

So, this matter has already been discussed in that adjournment motion and on the ground that this is not a specific one, I submit, the motion should be ruled out of order.

مسٹر افتخار احمد خان — صدر محترم۔ میرے موشن اور موشن
Definite ہے Specific نمبر ے میں زمین و آسمان کا فرق ہے یہ بالکل

ہے اور اسمیں صرف میں نے ایک پوائنٹ Raise کیا ہے اور وہ closure of the punjab university۔

Mr. Speaker: Was that by the Provincial Government ?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: The Provincial Government is mainly reponsible for all the atrodities perpetared on the students. It is the Provincial Government which is responsible for the breakdown of the education system and the closure of the Punjab University.

Mr. Speaker: The action proposed to be discussed relates to the Punjab University and that is an autonomous body.

Minister of Education: And that was closed by the Vice-Chancellor of the Punjab University.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: The Provincial Government is directly responsible because it was on their directive that the Punjab University was closed.

Mr. Speaker: Was there any directive from the Government ?

Minister of Education: There was no directive from the Government. It was only the Vice-Chancellor who did it.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: It was done on the advice and directive of the Provincial Government that the University was closed down.

Minister of Education: There was no direction like that.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: There is no secret about it, otherwise the Vice-Chancellor could not do it.

Minister of Education: The Vice-Chancellor has done it. As a matter of fact, the University being on autonomous body, Government cannot direct the Vice-Chancellor or other authorities to do anything.

Mr. Speaker: The responsibility of the Provincial Government is not involved. Moreover the matter proposed to be discussed is not specific. The motion is, therefore, ruled out of order. Next motion, please.

USE OF FORCE BY LAHORE POLICE ON STUDENTS OF LAHORE ON 9TH DECEMBER, 1964.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, use of force by the Lahore Police on the peaceful students of Lahore on 9th December. The

students were taking out a peaceful procession for which there was no legal bar and the police acted beyond its legal right to stop and Lathi-charge the students.

سپیکر — اس کے متعلق نواب زادہ صاحب پہلے ایک تحریک التوا dispose of ہو چکی ہے۔ اس لئے اب یہ زیر بحث نہیں آسکتی۔

سٹر افتخار احمد خان — بات یہ ہے صدر محترم یہ تیسری تو تحریک التوا ختم ہوگئی لیکن ہر تحریک میں ایسا واقعہ درج ہے کہ جس سے حکومت کی بہت بڑی censure ہوسکتی ہے لیکن اتنے واقعات جو ہوئے ہیں انہوں نے اہمیت کھودی ہے۔ اتنی دفعہ لاٹھی چارج اتنی دفعہ closures اتنی دفعہ قیدیں۔ اتنی دفعہ فساد۔ یعنی ان چیزوں کا سلسلہ شروع ہے کہ ہر ایک نے اپنی اہمیت کھودی ہے۔

Minister of Education : Sir, on a point of order. On what motion is my friend speaking?

Mr. Speaker : On the conclusion of his motions. Next motion is from Khawaja Muhammad Safdar.

FAILURE OF GOVT. TO ACCEDE TO THE DEMANDS OF STUDENTS OF GOVT. COLLEGE, MASTUNG.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to accede to the just and fair demands of the students General Body, Government College, Mastung, which has resulted in their issuing a notice of strike from the 15th March, 1965. The apathy of the Provincial Government towards the just demands of the students community of West Pakistan in general and to that of the students if Kallat in particular has greatly disturbed the minds of the public of the province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir, again the matter is not specific. He wants to discuss three matters one is the students community of West Pakistan in general and then he wants to discuss the apathy of the Provincial Government towards the just demands of the students community of West Pakistan in general and then he wants to discuss the matters about the students of Kalat. So he in one adjournment motion cannot include so many arguments.....

Mr. Speaker : Was there any strike ?

Minister of Education : There has been no strike.

Khawaja Muhammad Safdar : There was a strike notice by the students.

Mr. Speaker : Was there any strike ?

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir. Strike will take place after a month or so if their demands are not acceded to. There is a poster issued by the students of the Government College, Mastung., in which they have given notice of strike from the 15th March, 1965.

مسٹر سپیکر — کیا آپ کی موشن میں ۱۵ مارچ ۱۹۶۵ء درج ہے ؟

خواجہ محمد صفدر — جی ہاں۔ ۱۵ مارچ ۱۹۶۵ء ہے۔ میں نے اپنی کاپی میں قلم سے درست کرلیا ہے۔ ممکن ہے آپ کی کاپی میں درست نہ ہوا ہو۔

جناب والا ۔ مطالبات بڑے جائز ہیں یعنی وظائف کی سابقہ شرح کی بحالی ۔ وظائف کی تعداد اور رقم میں وقت کے تقاضوں کے ساتھ اضافہ ۔ سابق بلوچستان میں ایک سیکنڈری بورڈ آف ایجوکیشن کا قیام ۔ یونیورسٹی آرڈیننس کی تنسیخ ۔ So on and so forth

وزیر تعلیم — یہ وہی چیزیں ہیں جناب بالکل وہی ہیں....

He wants to discuss the failure of the Government which is continuing. It is not recent and nor it is urgent, neither it is specific. Again it is a mater which has already been discussed.....

Mr. Speaker : This state of affairs will at least continue upto the 15th March.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Is it not a continuing wrong ?

Khawaja Muhammad Safdar : I think, if their demands are acceded to, then, of course, they would not go on strike; otherwise the strike notice is there.

Mr. Speaker : So far as the motion is concerned, it discloses a continuing wrong.

Khawaja Muhammad Safdar : Of course.

Mr. Speaker : Then it is out of order.

خواجہ محمد صفدر — Right Sir جناب میں استدعا کروں گا کہ تحریک التوا کی بجائے اگر Regular business لے لی جائے تو بہتر ہوگا کیونکہ آج جمعہ ہے اور اگر یہ کام ختم ہوجائے تو اچھا ہوگا۔ یعنی نمبر ۳۰ جو تحریک التوا ہے اس کا تعلق شیخ صاحب سے ہے۔ تو یہ کل لے لیں مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

Mr. Speaker: We will take up the rest of the adjournment motions on the next working day.

PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

***Mr. Speaker:** We will now take up the Ist item on the orders of the Day. Rai Mansab Ali Khan.

Rai Mansab Ali Khan Kharal: Sir, I present the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Punjab Laws (West Pakistan Amendment) Bill, 1964.

Mr. Speaker: The Report stands presented to the House. Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak.

A Member: He is not present.

Rai Mansab Ali Khan Kharal: Sir, I present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Second Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker: The Report stands presented to the House.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN REGULATION OF LOUD SPEAKERS AND SOUND AMPLIFIERS ORDINANCE 1964.

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the Resolution that the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation of Loud-speakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1964. Mr. Iftikhar Ahmed Khan.

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ۔ ۱)۔صدر محترم۔ پچھلی نشست میں جب اس موضوع پر لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر بحث ہورہی تھی تو میں نے یہ عرض کرنا شروع کیا تھا کہ دو ڈھائی سالہ اس دور میں جب سے یہ ایوان معرض وجود میں آیا ہے سب سے زیادہ جس مسئلے پر اور سب سے

زیادہ جس بات پر وقت ضائع ہوا اور وقت لگایا گیا وہ یہ رہا کہ آیا اس صوبے میں اس ملک میں ان آرڈیننسوں کا اجراء قانون سازی بذریعہ آرڈیننس اچھا ہے یا برا ہے۔ ہماری میعاد اور اس ایوان کی میعاد ختم ہوچلی ہے لیکن یہ بحث ہم چھوڑے چلے جارہے ہیں اور میں افسوس کیساتھ یہ کہتا ہوں کہ ہم نہ صرف نامکمل بحث کو چھوڑے جارہے ہیں بلکہ آنے والے ایوانوں کے لئے انکے ورثے میں بحثیت ایک تحفے کے چھوڑے جارہے ہیں۔ اس لئے صدر گرامی۔ کہ آئین بننے کے بعد یہ پہلا ایوان تھا اور اس ایوان نے اس آئین کے ماتحت۔ اس آئین کی روشنی میں اس آئین کو نافذ کرنے کے لئے جو اقدامات یا جو رد عمل ہمارا رہا وہ آنے والے ایوانوں کے لئے جب تک یہ آئین قائم ہے جب تک یہ متبرک آئین قائم ہے اس وقت تک یہ کنونشن۔ یہ روائیت۔ یہ روش کہ ایوان آرڈیننسوں پر اپنا انگوٹھا لگاتا رہے اور گورنر صاحب آرڈیننس بناتے رہیں یہ سلسلہ جاری رہے گا تو میں یہ عرض کروں گا کہ افسوس کی بات ہے کہ ہم وراثت میں کوئی اچھی بات نہیں چھوڑ رہے۔ ہم نے کوئی اچھی کنونشن نہیں چھوڑی۔ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ شروع میں جب آئین کا نفاذ ہوا تھا، اس وقت حکومت کی طرف سے یہ موقف اختیار کیا گیا تھا، یہ اظہار کیا جایا کرتا تھا، یہ اعلان کیا جاتا تھا کہ آئندہ یہ کوشش ہوگی۔ آئندہ اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ آرڈیننس کم سے کم لائے جائیں۔ مگر اس بار، خصوصی طور پر اس اجلاس میں حکومت نے اس بارہ میں اپنے مؤقف کو تبدیل کیا ہے۔ اب وہ علی‌الاعلان یہ فرما رہے ہیں کہ آرڈیننس اور بل کے ذریعہ قانون سازی میں کوئی زیادہ فرق نہیں۔ ایک ادھر سے شروع ہوتا ہے، ایک اُدھر سے۔ جو اُدھر سے شروع ہوتا ہے، وہ ادھر آکر ختم ہوجاتا ہے اور جو ادھر سے شروع ہوتا ہے، اُدھر جاکر ختم ہوجاتا ہے۔ اس لئے دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ کتنے افسوس کی بات ہے۔ آپ دنیا کی تاریخ دیکھیں۔ جمہوریت کی تاریخ دیکھیں۔ جہاں بھی جمہوریت آئی، جہاں مجالس قانون ساز بنی ہیں، انہوں نے زیادہ سے زیادہ اختیارات حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ کبھی نہیں ہوا۔ یہ کسی ملک میں نہیں ہوا۔ یہ کسی

ملک کی جمہوری تاریخ میں نہیں ہوا کہ مجالس قانون ساز زیادہ اختیارات سے شروع ہوئی ہوں اور پھر آہستہ آہستہ ترقیٔ معکوس کرتے ہوئے از خود اپنے ان اختیارات سے دستبردار ہوتی گئی ہوں ۔ مگر افسوس ہے اس ایوان کے ان بھائیوں پر جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں کہ وہ یہ ترقیٔ معکوس دکھا رہے ہیں ۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے ، ہم تو اپنے فرائض ادا کر رہے ہیں ۔ مگر ہمارے دوست بار بار یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ اس ایوان کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیئے ۔ یہ ایوان اس قابل نہیں ۔ یہ اس کا اہل ہی نہیں ۔

صدر محترم۔ جس وقت انہوں نے یہ آئین نافذ کیا تھا ، اس وقت شائد ان کی نیت یہ نہ تھی جس پر اب یہ عمل کر رہے ہیں ۔ اس آئین نے قانون سازی کے متعلق جو شرائط و قیود عائد کی تھیں ، اگر ان کی دیانتداری کے ساتھ پابندی کی جاتی اور صرف ہنگامی حالات میں آرڈی ننس نافذ کئے جاتے تو شائد یہ کہنے کی گنجائش نہ ہوتی ۔ آج ہم راندۂ درگاہ سی ۔ او ۔ پی والوں پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ہم آئین کو خراب کر رہے ہیں اور اس کے خلاف ملک میں ابتری پھیلانا چاہتے ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس آئین کو خراب کرنے میں ، ناکام کرنے میں جتنا اس حکومتی پارٹی کا ہاتھ ہے اور کسی کا ہاتھ نہیں ۔ اس وقت یہ سمجھتے تھے کہ انہوں نے اس ملک کو اس طریق سے فتح کرلیا ہے ۔ عوام پر اس طریق سے قابو پالیا ہے اور انہیں اس طریق سے بے طاقت بنادیا ہے کہ اب کوئی ایسا موقع یہاں پیدا نہیں ہوگا ۔ اس لئے انہوں نے آئین میں یہ آزادی رکھ دی تھی ۔ اب یہ شاید پچھتا رہے ہیں کہ یہ آئین بھی کیوں دیا ۔ یہ آزادی بھی کیوں رکھی ۔ یہ الیکشن بھی کیوں کرائے ۔ اسی طرح لاقانونیت سے کام چلائے جاتے ۔

Mr. Speaker: No aspersions on the continuation, please.

مسٹر افتخار احمد خاں — اب جناب میں اس آرڈی ننس کی طرف آتا ہوں ۔ یہ آرڈی ننس ان کے احساس کمتری کا ایک ثبوت ہے ۔ میرے

فاضل دوست وزیر تعلیم نے پہلے دن اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ آج کی سائنس کی دنیا میں، آج کی ترقی یافتہ دنیا میں جب کوئی چیز معمول سے، قدرتی طاقت سے زیادہ طاقت حاصل کر جاتی ہے۔ تو اس پر کنٹرول کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسے کنٹرول کرنے کے لئے قانون نافذ کرنے پڑتے ہیں۔ کیا جواز ہے۔ کوئی پڑھا لکھا شخص اسے لاؤڈ سپیکر پر پابندی کے لئے جواز نہیں سمجھتا۔ میں سمجھتا ہوں یہ صرف ان کا احساس کمتری ہے۔ سو فیصدی احساس کمتری ہے۔ ان کی پارٹی کنونشن لیگ کو نہ تو عوام کے پاس جانے کی ضرورت ہے، نہ جلسہ کرنے کی ضرورت ہے۔ نہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی ضرورت ہے کیونکہ وہ عوام کی تھیوری میں یقین ہی نہیں رکھتے۔ عوام کو اس قابل ہی نہیں سمجھتے۔ پچھلے اڑھائی سال میں انہوں نے اڑھائی جلسے بھی ایسے نہ کئے ہوں گے جن میں عوام سے خطاب کیا ہو۔ (قطع کلامیاں) انہوں نے عوامی جلسے بنگلوں میں کئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ہالوں میں کئے ہیں۔ میونسپل کمیٹیوں کے ہالوں میں کئے ہیں۔ ڈاک بنگلوں میں کئے ہیں۔ ان کے مخاطب تو ان کے محبوب، ان کے معشوق بی ڈیز ہیں۔ اور ان کے لئے کسی لاؤڈ سپیکر کی ضرورت نہیں۔ تھانیدار پکڑ کر لے آئے۔ ووٹ بھگتایا اور دھکا دیا۔ مجھے بتائیں کہ کونسا ترقی یافتہ ملک ہے جہاں لاؤڈ سپیکر پر پابندی ہے۔ دوسرے ملکوں کو چھوڑیئے اسی ملک کے دوسری صوبے مشرقی پاکستان میں ایسی کوئی پابندی نہیں۔ وہ اس لعنت کو اپنے صوبہ میں رائج کرنا مناسب نہیں سمجھتے۔ یہ آرڈی ننس بہت چھوٹے دماغ کی پیداوار ہے۔ چھوٹے آدمی چھوٹی باتیں سوچا کرتے ہیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ لوگوں میں سیاسی بلندی پیدا ہو۔ وہ نہیں چاہتے کہ لوگ سیاسی مسائل کو سوچیں اور سمجھیں۔ وہ لوگوں کی سیاسی بیداری سے خائف ہیں۔ ڈرتے ہیں۔ یہ لاؤڈ سپیکر آرڈی ننس اسی کم فہمی، ڈر اور احساس کمتری کا نتیجہ ہے۔

دوسرے صدر محترم۔ پچھلے لاؤڈ سپیکر آرڈی ننس کے بارہ میں ہائی کورٹ کے فل بنچ نے جو فیصلہ دیا تھا، اسے قائد حزب اختلاف ایوان

کے سامنے بڑی تفصیل اور تشریح کے ساتھ پیش کر چکے ہیں۔ پچھلے لاؤڈ سپیکر آرڈی ننس اور موجودہ آرڈی ننس میں صرف اتنا فرق ہے کہ وہ ایک صفحہ کا تھا اور یہ چار صفحے کا ہے۔ ہائی کورٹ نے اس ایک صفحہ کے آرڈی ننس کو بنیادی حقوق کے خلاف قرار دیا تھا، لیکن یہ ہمارے سامنے کے دوست اس بات کو کہاں برداشت کرسکتے تھے۔ اس ایک صفحہ کا جواب انہوں نے چار صفحے سے دیا۔

ورنہ جو بنیادی بات ہے۔ اس میں بھی یہی تھی۔ اور اس میں بھی یہی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی اجازت کے بغیر آپ لاؤڈ سپیکر کا استعمال نہیں کرسکتے۔ یہ ہے اسکا operative sentence یہ ہے اسکی روح۔ یہ ہے اسکی اصل وجہ اور غرض و غایت اور یہ دونوں میں مشترک ہے۔ کہ آپ ڈپٹی کمشنر کی اجازت کے بغیر لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کرسکتے۔ اور جناب یہ ڈپٹی کمشنر صاحب کیا ہیں؟ پہلے زمانے میں جب ڈپٹی کمشنر یا گورنر کا نام آیا کرتا تھا۔ تو اسکے ساتھ ایک غیر جانبداری وابستہ تھی۔ سیاست سے علیحدگی وابستہ ہوتی تھی۔ اور سیاسی الجھاؤ سے دوری کا تاثر ہوتا تھا۔ تو یہ تمام تاثرات اس لفظ کے ساتھ ہوا کرتے تھے۔ اب یہ اسے استعمال تو اسی معنی میں کرتی ہیں۔ دنیا کی آنکھوں میں اسی طرح دھول جھونکنا چاہتے ہیں۔ کہ جناب وزراء نے تو اجازت نہیں دی۔ کنونشن مسلم لیگ کے صدر کے تو آدمی نہ تھے۔جنہوں نے کہ اجازت نہیں دی۔ آخر وہ غیر جانبدار مشینری تھی۔ آخر یہ تو انتظامیہ کی مشینری ہے۔ آپ اس پر عدم اعتماد کیوں کرتے ہیں۔ وہ تو public servant ہیں۔ لیکن جناب والا! اس پر میرے دو اعتراضات ہیں۔ ایک تو یہ کہ غیر ضروری طور پر یہ اختیار دیکر کہ جلسے کیلئے وہ لاؤڈ سپیکر کی اجازت دے یا نہ دے۔ آپ ڈپٹی کمشنر کو سیاسی الجھاؤ میں الجھانا چاہتے ہیں۔ آپ انکو زبردستی سیاست کے میدان میں لاکر کھڑا کرنا چاہتے ہیں۔ کیوں کہ اس نے یہ فیصلہ کرنا ہے۔ کہ وہ کسی سیاسی پارٹی کو جلسہ کرنے کی اجازت دے یا نہ دے۔ اس جلسے میں کون کونسے مقاصد بیان کئے جائینگے۔ یا کونسی پارٹی

کا جلسہ ہے۔ یعنی لازمی بات ہے۔ کہ آپ اپنی انتظامیہ کی مشینری کو اور ان پبلک سرونٹس کو مجبور کر رہے ہیں۔ اور قانون سازی کے ذریعے علی الاعلان مجبور کر رہے ہیں۔ کہ وہ آپ کے ملک اور صوبے کی سیاست میں حصہ لیں۔ دوسرا اعتراض یہ ہے۔ کہ میں افسوس اور شرم کیساتھ عرض کرتا ہوں کہ جو کردار ہماری انتظامیہ نے پچھلے ایام میں ادا کیا ہے۔ اس کے پیش نظر ان سے قطعاً کسی غیر جانبداری اور انصاف کی توقع نہیں ہے۔ یہ ہمارا تجربہ ہے کہ پچھلے دو تین ماہ سے جبکہ اس ملک میں سیاسی کشمکش شروع ہوئی۔ تو ہم نے یہ دیکھا ہے۔ کہ جب بھی ہم نے درخواستیں دیں۔ انہوں نے ہمارے جلسے کی اجازت نہیں دی۔ اور ایک طریقہ انہوں نے یہ نکالا ہے۔ کہ آپ درخواست دیں۔ تو وہ ایس۔ پی۔ کو بھیجینگے۔ وہ پھر ڈی۔ ایس۔ پی کو اور پھر وہ تھانے دار کو بھیجینگے۔ اور جب جلسے کی تاریخ گذر جائیگی۔ تو ڈپٹی کمشنر صاحب کو تھانے سے اطلاع مل جاتی ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جلسے کی اجازت ہے۔ یا لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت ہے۔ ایک طرف تو آپ کہتے ہیں۔ کہ گورنروں کی کانفرنس میں آپ نے فیصلہ کیا ہے۔ کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت آزادانہ طور پر دی جائے میں اپنے ہی متعلق عرض کرتا ہوں میرا خیال ہے۔ کہ سارے صوبے کو شکایت ہے۔ کہ ۲۵ دسمبر کو یوم قائد اعظم پر، اس محسن اعظم کی یوم پیدائش پر یوم قائد اعظم منانے کی ہمیں کہیں بھی لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت نہیں دی گئی۔ جھنگ میں اس تاریخ کو بھی اجازت نہیں دی گئی۔ اور شاید دفعہ ۱۴۴ بھی نافذ کیا گیا تھا۔ اور ہم نے اپنے گھروں میں بیٹھکر یہ دن منایا۔ اور یہ کہنا کہ ڈپٹی کمشنر ہمیں لاؤڈ سپیکر کی اجازت دیں۔ جبکہ ایسے دن بھی انہوں نے ہمیں اسکی اجازت نہیں دی۔ ہمیں تو اس پر بالکل اعتماد نہیں ہے۔ ایک ڈپٹی کمشنر تو کیا۔ میں نے پچھلے دن بھی کہا تھا۔ کہ نیچے سے اوپر تک چپراسی سے اوپر تک چلے جائیے۔ اور دیکھ لیجئے۔ اس کان نمک میں سب ہی نمک ہوگئے ہیں۔ کس میں انصاف اور جرأت ہے۔ اور اگر کسی نے جرأت کی

ہے ۔ تو یا تو اسے معطل کردیا گیا ہے ۔ یا اسے کوئیٹہ قلات تبدیل کردیا گیا ہے ۔ اور جھنگ میں پچھلے دو تین ماہ سے جو کچھ ہوتا آیا ہے ۔ وہ میں عرض کردوں ۔ وہاں ڈپٹی کمشنر تبدیل ہوا ...

مسٹر سپیکر — برائے مہربانی ضلع جھنگ کا حوالہ نہ دیں ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان — ایس ۔ پی ۔ تبدیل ہوا ۔ اے ۔ ڈی ۔ ایم تبدیل ہوا ۔

Mr. Speaker: The member is not relevant.

نوابزادہ افتخار احمد خان — جناب میں انتظامیہ کے کردار کے متعلق ہی تو عرض کر رہا ہوں ۔

Minister of Education : He is took weak in law Sir.

نوابزادہ افتخار احمد خان — یہ اس sense میں relevant ہے کہ ...

Mr. Speaker: The member is not relevant.

نوابزادہ افتخار احمد خان — جناب والا ۔ دوسرا پہلو اقتصادی بھی ہے ۔ جسکے متعلق عرض یہ ہے ۔ کہ میرے حلقہ' نیابت میں ایسے بہت لوگ ہیں ۔ کہ جنہوں نے اپنا تمام اثاثہ لاؤڈ سپیکروں کے کاروبار میں لگا دیا ہے ۔ لاؤڈ سپیکر بنانے اور خریدنے میں لگا دیا ہے ۔ وہ بیچارے بد دعا دیتے ہیں ۔ کہ کب انکی حکومت کا ستیا ناس ہوتا ہے ۔

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۔ م) جناب والا ۔ یہ آرڈیننس جس میں ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیار دیا گیا ہے ۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ کیونکہ یہ اختیارات ڈپٹی کمشنر کو نہیں ہیں ۔ بلکہ تھانیداروں کو دئے گئے ہیں ۔ بہت افسوس کا مقام ہے ۔ کہ ہمارے اعلیٰ افسران کی جرأت اتنی کمزور ہوگئی ہے ۔ اور بہت کم ڈپٹی کمشنر حضرات ایسے ہیں ۔ جو کسی چیز کو صحیح سمجھ کر اسکی خود اجازت دیں ۔ عام طور پر

ان کو عوام سے پالا پڑتا ہے۔ تو وہ کاغذات یا درخواست ایس۔ پی۔ کے پاس بھیجتے ہیں۔ اور وہ ڈی۔ ایس۔ پی کے پاس اور وہ ایس۔ آئی۔ کے پاس بھیج دیتے ہیں۔ اگر وہ اسکی مرضی کے خلاف ہو۔ تو وہ اسکو روک دیتا ہے۔ اور تاریخ گذر جانے کے بعد انہیں منظوری دیدیتا ہے۔ اور ہر وقت انکی درخواست پر اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اگر وہ ایس۔ پی۔ کے خیالات کے خلاف ہو۔ تو وہ روک دیتا ہے۔ اگر ڈپٹی کمشنر کے خیالات کے خلاف ہو۔ تو وہ روک دیتا ہے۔ اور کسی مرحلے پر انکے مذہبی اور دینی جذبات کی آڑ لیکر سیاسی قیود اور جذبات کے لحاظ سے جب وہ ان مراحل میں جلسہ یا تقریر کرتے ہیں۔ تو اسکی ممانعت کردیتے ہیں۔ اس لئے کہ قانون میں کوئی یکسانیت نہیں ہے۔ کیونکہ وہی اجازت کسی دوسرے فریق کو تو ہو جاتی ہے۔ کسی جگہ ایک جماعت کو ہوجاتی ہے۔ اور دوسری کو نہیں ہوتی۔ کسی جگہ تو ایک افسر اسکی اجازت دیدیتا ہے۔ اور کسی جگہ نہیں دیتا۔ یہ اجازت جو ڈپٹی کمشنر کے اختیار میں کردی گئی ہے۔ تو دراصل یہ اختیار ڈپٹی کمشنروں کو نہیں بلکہ تھانیداروں کے ہاتھوں میں ہے۔ آپ ذرا قوم اور ملک کی سیاست کو دیکھیں۔ اور انکے حالات کو دیکھیں تو جناب والا ایک تو یہ مشکل تھی۔ کہ لاؤڈ سپیکر پر ایسی پابندی عائد کردی جاتی کہ نہ تو اسکو گورنمنٹ استعمال کرسکتی۔ نہ سنیما میں استعمال ہو سکتا۔ نہ ناچ گھروں میں استعمال ہوسکتا۔ اور نہ تفریح گاہوں میں ہی اسے استعمال کریں۔ اور نہ ہی اسکا استعمال گانے بجانے میں کرسکتے اور نہ کسی اور طریقے سے اسکا استعمال ہو سکتا۔ یعنی کلی طور پر اسکا استعمال بند ہوتا۔ یہ تو ایک بات تھی۔ لیکن یہاں کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر، ڈی۔ ایس۔ پی، ایس۔ آئی۔ یا اے۔ ایس۔ آئی اپنے اپنے خیالات کے مطابق اسکی اجازت دیں۔ یا اسکے استعمال کو روک دیں۔ تو اس طرح سے ملک میں ایسے آرڈیننس کی موجودگی میں قانون میں یکسانیت قطعاً نہیں آسکتی ہے۔ اس لئے میں یہ درخواست کرونگا۔ اور اس آرڈیننس کی مخالفت کرتے ہوئے یہ عرض کرونگا کہ اس مرتبہ جب بنیادی حقوق کی بنیاد پر عدالت نے اس پہلے آرڈیننس کو خلاف قانون اور غلط قرار دیا

تھا۔ تو الفاظ کے کچھ رد و بدل کے ساتھہ یہ اسکی دوسری شکل ہے۔ بہر حال اب بھی اختیارات ڈپٹی کمشنر کو دئے گئے ہیں۔ اور پہلے بھی اسی کو یہ اختیارات تھے۔ میں ان مختصر الفاظ کے ساتھہ کہ اس آرڈیننس کے ماتحت ملک میں قانونی یکسانیت نہیں رہ سکتی اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں۔

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی (لائل پور۔ ۷) — صاحب صدر۔ اس آرڈیننس کے متعلق پہلے بھی کہا جا چکا ہے۔ کہ جو آرڈیننس عدالت عالیہ نے غلط قرار دیدیا تھا۔ اسکی بجائے یہ آرڈیننس لایا گیا ہے توقع تو یہ تھی۔ کہ نقاش نقش ثانی بہتر کشدز اول۔ کے مصداق شاید انہوں نے اس میں کوئی معقولیت اختیار کی ہو۔ لیکن ان دونوں کا مقابلہ اور الفاظ کا موزانہ کرنے سے ہم صرف یہ نتیجہ اخذ کرسکے ہیں۔ کہ یہ اسکا Paraphrase ہے۔

صاحب صدر — یہاں گزشتہ تین سال میں ہم اپنی گزارشات آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے بار بار پیش کرتے رہے ہیں۔ تو اب معاملہ اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ وہی غالب کا شعر عرض کرتاہوں۔

یارب وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے میری بات
دے اور دل ان کو جو نہ دے مجھ کو زبان اور

یعنی آخر حد ہوتی ہے گزارشات کی۔ لڑنے کی۔ جھگڑنے کی۔ مثالیں دیں اور معقولات کی طرف توجہ دلائی گئی تو معاملہ وہی کا وہی ہے۔ بہر حال یہ تو بات تاریخ میں جائے گی اور اس حکومت کے نامہ اعمال میں لکھی جائے گی لیکن ہم جس طرح اپنا فرض ادا کرتے رہے ہیں۔ جو ادائے کوشش ہم نے کی ہے وہ بھی تاریخ کا ایک حصہ ہے۔

صاحب صدر — میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ آرڈیننس موجودہ صورت میں نہ صرف غیر جمہوری ہے۔ اگر اظہار رائے کی جو تھوڑی سی گنجائش آئین میں رکھی گئی ہے کہ ہر ایک کو پورا حق ہوگا یہ اس کے بالکل خلاف

ہے۔ اس لئے اس سے دو واضح اور غیر مساوی طبقے پیدا ہوتے ہیں۔ ایک طبقہ تو وہ ہے جو اپنی بات لوگوں تک پہنچانے کے لئے تمام سہولتیں مہیا رکھتا ہے یا آسانی سے حاصل کر سکتا ہے۔ اس کو تمام وسائل پر قبضہ حاصل ہے لیکن اس کیلئے چھوٹی سی ایک شرط ہے کہ وہ ہمارے حکمرانوں کی ہر بات کو اور ہر فعل کو من اللہ سمجھے دوسرے طبقہ کو بات کرنے کی تمام سہولتوں سے محروم کردیا ہے۔ اس کے راستے میں تمام مشکلات کھڑی کردی گئی ہیں۔ اس کا قصور صرف یہ ہے وہ اس قوم کی ترقی یا اس ملک کے استحکام کے لئے جو چیز اپنے ضمیر کے مطابق صحیح اور حق سمجھتا ہے اور درست سمجھتا ہے وہ اس کا اظہار کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اس طبقہ پر پولیس کی خوشنودی کی پابندی عائد کردی ہے اور وہ اپنے حقوق سے محروم ہوجاتا ہے۔ اور پولیس اس سے خوش ہوگی۔ اس کا ثبوت گزشتہ ایام میں عریاں طور پر دیکھ لیا ہے۔ پھر صاحب صدر— یہ پابندی عائد کی گئی ہے یہ حکومت کی ذہنیت کی غماز ہے۔ میں تو کہتا ہوں بڑا اچھا نمونہ ہے۔ یعنی ایک طرف تو اس بات کی پابندی ہوگی کہ غلط ڈسکشن ہو۔ غلط اقدامات پر رائے کا اظہار کرنا ہو اس کی اجازت نہیں ہوتی۔ اس میں وہ الفاظ نہیں ہیں جس طرح یہ معاملہ ہائی کورٹ تک پہنچا۔ یہ چیز اس کو ثابت کرنے کیلئے کافی ہے۔ ان باتوں پر تو پابندی ہے۔ لیکن اگر آزادی ہے تو تمام لچر فلمی گانوں پر مکمل آزادی ہے۔ اگر شرفا کی حد تک ناگوار گزرے اور کوئی شخص ان پر اعتراض اگر کرے تو پولیس والے ایسے گانوں کی حمایت میں اعتراضات کو رد کر دیتے ہیں۔

صاحب صدر— یہ دو طبقوں میں تقسیم غیر اسلامی ہے لیکن یہ حکومت دعوے کرسکتی ہے کہ ہم نے تصوف کا مسئلہ حل کرلیا ہے۔ یعنی وحدت وجود اور وحدت شہود کا منظر پیش کیا گیا ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت وحدت وجود کی قائل ہے۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)— جناب والا کوئی نہیں سمجھ رہا ہے۔ بیشک پوچھ لیں کوئی نہیں سمجھ رہا ہے۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی — انہوں نے مطالبہ کیا ہے۔ میں ان کو سمجھاتا ہوں۔ صاحب صدر — ہمارے وزیر صاحب اس عمر کے حصہ میں تصوف سے آگاہ نہیں ہیں یہ اس کا ثبوت دے رہے ہیں۔ کہ وحدت وجود ہونے کے کیا معنی ہیں۔ آپ کو اگر تصوف نہیں آتا۔ آپ ایک آمر کے پیچھے ایمان رکھتے ہیں۔ آپ کو ہر چیز کی.....

Minister of Agriculture: I was serious. I submitted very seriously, it was not a joke, that none of us is following the gentleman.

امیر حبیب اللہ خان سعدی — اس لئے آپ نے دوطبقوں کو تقسیم کر رکھا ہے۔ (قطع کلامیاں)

سپیکر — سعدی صاحب مسئلہ تصوف کو کسی اور وقت ڈسکس فرمالیں۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی — جناب والا — میں اسی زبان میں سمجھاتا ہوں جس کے وہ عادی ہیں۔ میں عرض کر رہا تھا کہ آمرانہ نظام حکومت کی اس قدر انہوں نے حمایت کی ہے اور باقاعدہ طور پر تفریق پیدا کی ہے ملک میں جو آمرانہ نظام کے قائل ہیں۔ ان کیلئے سب سہولتیں حاصل ہیں اور جو اس کے قائل نہیں ہیں اور جو جمہوریت سچے طور پر چاہتے ہیں ان کو کوئی سہولت مہیا نہیں کی ہے۔ تو میں نے اس لئے وحدت وجود کا حوالہ دیا ہے۔ مجھے افسوس ہے۔

وزیر مال — ہم تھوڑے پڑھے ہوئے ہیں۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی — صاحب صدر — جو شرط اس آرڈیننس میں رکھی گئی ہے کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کرنے کی اجازت کیلئے کیا کیا طریقے ہیں اس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ اس سے آسان طریقے یہ رہ گئے ہیں جو ملک صاحب کو ناگوار گزرے ہیں۔ لیکن حقیقت وہی ہے۔ کہ حکمرانوں کی خوشامد کریں تو لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت مل سکتی ہے۔ جتنی چاہیں تقریریں کرلو۔ علامہ اقبال نے اسی صورت حال کے متعلق کہا ہے۔ اگر معنی سمجھ میں نہ آئیں تو مجھ سے پیپلز میں آکر سمجھ لیں۔

میں کار جہاں سے نہیں آگاہ و لیکن
ارباب نظر سے نہیں پوشیدہ کوئی راز

کر تو بھی حکومت کے وزیروں کی خوشامد
دستور نیا اور نئے دور کا آغاز

معلوم نہیں ہے یہ خوشامد کی حقیقت
کہہ دے کوئی اُلو کو اگر رات کا شہباز

آپ خوشامد کیجئے۔ اناالحق کہئے۔ پھانسی نہ پائیے یہ دور انہوں نے ہمارے سامنے پش کردیا ہے۔ وہ خواہ جمعیت المشائخ کے نام پر۔ یا مشائخ کی تمام علقوں کے پردے کے پیچھے چھپا دیا جائے۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech.

اسیر حبیب اللہ خان سعدی – ابھی تو مجھے اس پر بات کرنی ہے۔ جناب اسکے سیکشن ۲ میں جو یہ رکھا گیا ہے۔ سب سیکشن سی (۱) میں یہ درج ہے۔

Bringing into hatred or contempt any Government established by law in Pakistan or the administration of justice in Pakistan or exciting this affection towards the said Government."

جناب صدر— اس کی رو سے ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ان وجوہ کی بنا پر لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہ دے لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کو یہ سمجھ لیا ہے۔ کہ وہ وقت سے پہلے ہی سب کچھ دیکھ سکتا ہے۔ حالانکہ جہاں وقت گزر جاتا ہے۔ تب بھی ان کو کوئی بات نظر نہیں آتی۔ یہ عجیب بات ہے کہ کوئی جرم سر زد ہونے سے پہلے کسی کو یہ کہہ دیا جائے کہ تم تو یہ جرم کرنے والے ہو۔ قانون سازی کی دنیا میں یہ منطق سب سے نرالی نظر آئی ہے۔ اور پھر جناب عالی یہ فیصلہ کرنا کہ **Government established by Law** یعنی جس گورنمنٹ کیلئے یہ تمام جابرانہ قوانین بنائے جا رہے ہیں۔ وہ تو خود بھی **by Law establish** نہیں ہوئی حالانکہ اس ملک میں یہ نہایت ضروری ہے کہ یہاں جو حکومت ہو۔ وہ **by Law establish** ہو لیکن انہوں نے سب کا منہ بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کے **Sub Section** کا تیسرا حصہ یہ ہے۔

"Bringing into hatred or contempt or exciting disaffection towards the Ruler of any Acceding State integreted in the Province of West Pakistan."

صاحب صدر — جہاں تک ہمارے Rulers کا تعلق ہے۔ سمجھ نہیں آتی کہ اس بیسوی صدی میں یہ Rulers کا تصور ہمارے دماغوں پر بار بار کیوں ٹھونسا جا رہا ہے۔ یہ تو مسلمانوں کا ملک ہے۔ یہ سب کا ملک ہے۔ یہ ہمارے عوام کا ملک ہے۔ اس Rulers کے تصور کے پیش نظر جو ہمارے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔ کل کو یہ کہیں گے کہ ان چھوٹے چھوٹے Rulers کے اوپر ایک بادشاہ بھی ہونا چاہئے۔ (ایک آواز۔ کیا آپ اس ملک میں بادشاہت قائم کرنا چاہتے ہیں۔) جی نہیں۔ آپ کے لیڈر تو اس بات کا اعتراف کرچکے ہیں کہ آپ اس تصور سے ہی ناواقف ہیں۔

صاحب صدر۔ اسلام کا یہ مانا ہوا اصول ہے:

افضل الجہاد کلمۃ الحق عند سلطان الجابر۔

یعنی یہ Rulers اگر جابر اور ظالم ہوں۔ تو ان کے سامنے سچی بات کہنا سب سے بڑا جہاد ہے۔ لیکن انہوں نے تو جہاد کے دروازے ہی بند کردئے ہیں۔ کہ نہ ہوگا بانس۔ نہ بجے گی بانسری۔

سسٹر سپیکر — اب رائے منصب علی خاں تقریر فرمائیں۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی — جناب والا۔ میں تو ابھی Section بتا رہا ہوں کہ اس میں یہ نقائص ہیں۔

Mr. Speaker: Then finish in 2 minutes please.

رائے منصب علی خاں کھرل — جناب والا۔ سعدی صاحب تو ہمیں بڑی لمبی چوڑی داستانیں سنا رہے ہیں۔ اس کی بجائے تو وہ گلستان بوستان اٹھا لیا کریں۔ اور وہ ہمیں سنا دیا کریں۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی — جی نہیں۔ آپ ان سب اندھوں کو وہاں لے جایا کریں اور وہاں ان کے انگوٹھے لگوا آیا کریں۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا۔ معزز ممبر کھرل صاحب اس سے زیادہ اپنی جہالت کا ثبوت پیش نہ کریں۔ (قہقہہ)

اسیر حبیب اللہ خاں سعدی— صاحب صدر۔ اس کے علاوہ اس قانون میں سب سے بڑا نقص جو اس دور کا طرۂ امتیاز ہے۔ یہ لکھا گیا ہے کہ اس کے خلاف کوئی اپیل کسی عدالت میں نہیں کی جا سکتی۔ اپیلیں صرف انتظامیہ کے پاس ہی جا سکتی ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر اس قانون سازی سے ان کا مقصد کیا ہے۔ جب آپ کسی معاملے کی چھان بین کرنے کا پورا حق نہیں رکھتے تو پھر .....

Mr. Speaker: Order please.

اسیر حبیب اللہ خان سعدی— جناب۔ اس کا Section 9 یہ ہے۔

"No suit or other legal proceedings shall lie against any person for anything done or intended to be done, in good faith, under this Ordinance."

تو یہ بھی وہی بیمازی ہے کہ اسے عدالتوں کے تمام اختیارات سے الگ رکھا گیا ہے۔ اس سے ایک ہی بات ثابت ہوتی ہے۔ اور وہ یہ کہ یہ حکومت اپنے تمام اقدامات سے خود بھی مطمئن نہیں۔ نہ معلوم وہ انصاف کے مطابق کئے جا رہے ہیں یا نہیں۔

Minister of Agriculture: On a point of privilege. The Press is not writing what my friend is saying.

Mr. Speaker: This is not a point of privilege.

Minister of Education: For the information of the learned Minister, I may say that the Press will take the written copy of the speech of my learned friend.

اسیر حبیب اللہ خاں سعدی— صاحب صدر۔ میں محترم ملک قادر بخش صاحب کا بڑا ممنون ہوں کہ ان کے دل میں ہمارے لئے بڑی ہمدردی ہے۔ دراصل انکو بڑی تکلیف ہو رہی ہے۔ لیکن ان کو معلوم ہونا چاہئے۔ کہ پریس والوں کو کس نے پابند کیا ہے۔

وزیر تعلیم— آپکی تقریر لکھنے کے متعلق ہم نے بالکل پابند نہیں کیا۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— صاحب صدر۔ آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ ان معمر حضرات سے بہتر معقولیت کی توقع کی جاتی ہے۔ (قطع کلامی اور شور) اس آرڈیننس کی غرض و غایت یہ بتائی گئی ہے کہ بعض جگہیں ایسی بھی ہوتی ہیں۔ جہاں نا پسندیدہ شور و غل کو لوگ قابل اعتراض سمجھتے ہیں۔ چنانچہ اس بہانے سے یہ آرڈیننس لایا جا رہا ہے۔ تاکہ ایسے موقعوں پر کنٹرول کیا جائے۔

میں کہتا ہوں کہ اگر آپ کی نیت نیک ہے۔ تو آپ جلسوں جلوسوں میں جو غنڈہ گردی کراتے ہیں۔ اس کے خلاف بھی ایک آرڈیننس لائیے۔ اور خواہ وہ آرڈیننس ہی ہو۔ تب بھی ہم اس کی حمایت کرینگے۔

Minister of Education: Sir, I move:

That the question be now put.

مسٹر سپیکر— رائے منصب علی کھرل۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ۔ ۳)— جناب والا۔ ہنگامی مسودہ قانون جو اس وقت اس معزز ایوان میں زیربحث ہے۔ اس پر تقریر کا آغاز کرتے ہوئے محترم قائد حزب اختلاف نے فرمایا تھا کہ جناب گورنر نے وہ اختیار جو آئین کی رو سے انہیں حاصل ہے۔ بڑے بے دریغ طریق سے استعمال کیا ہے۔ اس لئے آرڈیننسوں کا اجرا بڑی کثرت سے ہوا ہے۔ یہی دلائل حزب اختلاف کی طرف تشریف رکھنے والے معزز ممبران نے بارہا دھرائے ہیں۔ اور ہم بھی ان اعتراضات کا بارہا جواب دے چکے ہیں۔ ان کی طرف سے الزام اور اعتراض کہ آرڈیننسوں کا اجرا نہیں ہونا چاہیئے۔ یا کم ہونا چاہیئے۔ یا یہ کہ آرڈیننسوں کا اجرا اس ایوان کے حقوق پر ڈاکہ ہے اور اس ایوان کے وقار کے خلاف ہے۔ ہمیں اس بات سے کسی حد تک اتفاق ہے۔ اور یہ بات بھی کسی حد تک معقول ہے کہ آرڈیننسوں کا اجرا کم سے کم ہونا چاہیئے— اور زیادہ قانون سازی بلوں کے ذریعے ہونی چاہیئے۔ لیکن میں یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ آخر حزب اختلاف کے معزز ممبران کو اتنا بخار کیوں چڑھا ہوا ہے۔ کیونکہ جب بھی کوئی آرڈیننس اس ایوان میں پیش ہوتا ہے۔ تو وہ انہی

پرانی دلیلوں کو دھرانا شروع کردیتے ھیں ۔ اور اس پر اعتراض کرتے ھیں۔ اور یہ کہتے ھیں کہ آرڈیننس کسی صورت میں اس ایوان میں پیش نہیں ھونا چاھیئے ۔

Minister of Agriculture : Sir, a pressman is writing something in the House.

Mr. Speaker : He is not a pressman. He is a Reporter.

Minister of Agriculture : Reporter of what ?

Mr. Speaker : Reporter of the Assembly.

وزیر زراعت— جناب ۔ ابھی انہوں نے سعدی صاحب سے کاپی لی ھے۔ اور جو کچھ انہوں نے پڑھا ھے۔ وہ نقل کر رھے ھیں۔ بیشک آپ دیکھ لیں ۔ This is not proper Sir. آپ کاپی منگوا کر دیکھ سکتے ھیں۔ (قطع کلامیاں اور شور)۔

مسٹر سپیکر— ملک صاحب پوزیشن یہ ھے کہ اسمبلی کے رپورٹر معزز ممبران کی تقاریر ساتھ ساتھ لکھتے جاتے ھیں۔ بعض اوقات اگر کوئی چیز رہ جائے تو وہ فاضل ممبر سے دریافت کر لیتے ھیں۔ تاکہ رپورٹ صحیح ھو۔

وزیر زراعت— بہرحال میں اسے آپ کے نوٹس میں لایا ھوں ۔ ویسے اب ٹھیک ھے جناب ۔

Mr. Speaker : I want to give one directive to the Reporters and that is that they should not complete the speeches niside the House.

رائے منصب علی خاں کھرل — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ اس بات کو جتنی بار دھرایا گیا ھے ۔ کہ آرڈیننس کا اجرا حکومت کی طرف سے نہیں ھونا چاھئے ۔ اس کے جواب میں ھر بار پوری تفصیل کے ساتھ وزیر تعلیم صاحب نے دلائل پیش کئے ھیں ۔ اور بتایا ھے ۔ کہ جناب گورنر صاحب کو آئین کی رو سے اختیار حاصل ھے ۔ کہ جب اسمبلی سیشن میں نہ ھو۔ اور وہ اس وقت کسی قانون کی ضرورت محسوس کریں تو پھر آرڈیننس کا اجرا کرتے ھیں ۔

اب جناب والا۔ محض اس بات کو کہ آرڈیننس کا اجرا کثرت کے ساتھ ہوا ہے۔ موضوع گفتگو بنالینا اور روزبروز دھرانا کوئی اچھی بات نہیں۔

مسٹر حمزہ— ہماری باتیں اُن کی طبع نازک پر گراں گزرتی ہیں۔

رائے منصب علی خاں کھرل— آپ اتنی طبع آزمائی نہ کریں کیونکہ میں نہیں چاہتا۔ کہ یہاں نوبت اس حدتک آجائے۔ کہ دوبارہ کوئی ہنگامہ پیدا ہو۔

جناب والا۔ میں صرف اتنا عرض کرونگا۔ کہ جب حکومت کو ضرورت ہو۔ اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو۔ وقت کا تقاضا ہو۔ اور حالات ایسے ہوں۔ اور آرڈیننس جاری نہ کئے جائیں۔ تو بعض اوقات مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لئے قائد حزب‌اختلاف کے اُن دلائل کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جن میں انہوں نے اتنا زور بیان صرف کیا ہے کہ یہاں جو آرڈیننس آجاتے ہیں۔ عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ اور ایوان کے وقار کے منافی ہے۔ یہ درست نہیں۔ اس لئے اس وقت جو آرڈیننس توثیق کے لئے پیش ہے۔ اُس کے لئے میں معزز ایوان سے استدعا کروں گا۔ کہ وہ اس کی توثیق کردیں۔ اُس کے نقصانات اور اُس کی خرابیاں جو مفروضہ کے طور پر اس طرف سے پیش کی گئی ہیں۔ وہ تمام بے بنیاد ہیں ان میں کوئی حقیقت نہیں۔ اصل میں جناب والا۔ یہ حضرات اپنے آپ کو خرابیوں کی خورد بین سمجھتے ہیں۔ اور ساون کے اندھے کی طرح یہ ہر چیز کو برا ہی سمجھتے ہیں۔ جو معقول بات ہو۔ اور وقت کا تقاضا ہو۔ اور اُس کی ضرورت ہو۔ یہ پھر بھی اس میں کیڑے نکال لیتے ہیں۔

مسٹر حمزہ— آپ کو تو کالا ہی کالا نظر آتا ہے۔

Mr. Speaker: No interruptions please.

رائے منصب علی خاں کھرل— جناب والا۔ جہاں تک قانون کا تعلق ہے۔ عوام کو پریشانیوں اور تکالیف سے بچانے کے لئے امن و سکون کے لئے یہ نہایت ضروری ہے۔

خواجہ محمد صفدر – آھا ھا ۔ کیا خوب ہے ۔

رائے منصب علی خان کھول– اس لئے جو کچھ دوسری طرف سے کہا گیا ہے ۔ وہ درست نہیں ۔

جناب والا ۔ یہ ایوان جو عظیم روایات کا حامل ہے ہمیشہ اس کے وقار کو مدنظر رکھنا چاھئے ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں ۔ کہ یہاں بھی لاؤڈ سپیکر جائز استعمال نہیں کیا جاتا ۔ اور بعض معزز حضرات یہاں بھی ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں ۔ جو انہیں نہیں کہنی چاھئیں۔ اور پھر اگر عام اجازت دے دی جائے ۔ تو جو کسی کے جی میں آئے گا ۔ جو کسی کی مرضی ہوگی ۔ کہہ دے گا ۔ اس طرح یہ چیز حکومت اور عوام دونوں کے لئے موجب پریشانی ہو گی ۔ میرا اشارہ نواب زادہ صاحب کی طرف نہیں ۔ کیونکہ میرے خیال میں وہ واقعی نواب زادہ ہیں ۔ اور مجھے اس بات کا یقین ہے کہ وہ شریف زادہ بھی ہیں ۔ کم از کم ان کی باتوں سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker: There should be no personal remarks.

رائے منصب علی خان کھرل– جناب والا ۔ انہوں نے میرے متعلق فرمایا تھا ۔ اور ایک شعر پڑھا تھا ۔ اس میں انہوں نے اپنے دل کی پیش کش کی تھی ۔ لیکن میں نے دیکھا ہے۔ ان کا دل سیاہ ہے ۔ اور میں اسے قبول کرنے کو تیار نہیں ہوں اس لئے میں ان کی پیش کش کو رد کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک راؤ خورشید علی خان صاحب کا تعلق ہے ۔ وہ تو اپنے ذھنی اندھیرے میں ھی رھتے ھیں ۔ کچھ فقرے چست کرتے ہیں ۔ اور شیرینیٔ لب سے روزہ افطار کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker: We are not discussing the conduct of members. We are discussing the Loud Speakers Ordinance.

Mr. Ahmed Saeed Kirmani: He has nothing to say.

رائے منصب علی خان کھرل– جناب والا ۔ جب آپوزیشن کے ممبران Personal remarks پاس کریں گے ۔ تو ان کا جواب دینا ضروری ہو جاتا ہے ۔

Mr. Speaker: The member can raise a point of Personal Explanation.

رائے منصب علی خاں کھرل— جناب والا ۔ اس قانون کے ذریعہ ڈپٹی کمشنر کو اختیار دیا گیا ہے ۔ اور اس بارے میں جو کچھ بتایا گیا ہے ۔ وہ بے بنیاد ہے کیونکہ جب قانون بنایا جاتا ہے ۔ تو اس سلسلہ میں کسی نہ کسی افسر کو اختیار تو دیا جاتا ہے ۔ حکومت تمام قوانین کے متعلق خود تو کنٹرول نہیں کرسکتی ۔ جب کوئی قانون بنے گا ۔ تو اختیارات کسی افسر کو تو ضرور ملیں گے ۔ اب یہ اعتراض کرنا ۔ کہ انتظامیہ کو وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ کسی طرح بھی صحیح نہیں ۔ انہوں نے اپنی تقریروں میں انتخابات کے سلسلہ میں بے حد دھاندلیوں کا ذکر کیا ہے ۔ اور افسران کی دخل اندازی کے متعلق کہا ہے ۔ ان کے بیانات جن کا میں حوالہ دوں گا پڑھے جائیں ۔ تو آپ کو معلوم ہوگا ۔ کہ یہ سب الزامات غلط ہیں ۔ کیونکہ جو چیز ان کو راس آتی ہے ۔ اور ان کے نزدیک مناسب ہوتی ہے ۔ اس کا تو خیرمقدم کرتے ہیں اسے تو قبول کرلیتے ہیں ۔ لیکن جو چیز راس نہیں آتی اسے کہتے ہیں ۔ کہ غلط ہے میں ان کے تمام الزامات کی تکذیب کرتا ہوں ۔ اور اس کے جواز میں ان کے بیانات پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ انتخابات کے سلسلہ میں انہوں نے جو بیانات دئے ہیں ۔ ان میں مشرقی پاکستان کے متعلق جو کچھ جنرل اعظم خاں نے کہا ہے ۔ جو ان کے بڑے مقتدر لیڈر ہیں ۔

Khawaja Muhamad Safdar: How is it relevant Sir.

مسٹر سپیکر— اس وقت یہاں لاؤڈسپیکر کا آرڈیننس زیر بحث ہے ۔

So please be relevant.

رائے منصب علی خاں کھرل— انہوں نے یہ دعوے کئے ہیں ۔ کہ انتظامیہ کو وسیع اختیارات دینا غلط ہے ۔ کیونکہ وہ لوگوں کے خلاف استعمال کرتے ہیں ۔ اور **Victimization** ہوتی ہے ۔ لیکن میں عرض کرونگا ۔ کہ ان کے تمام دعوے اور الزامات بالکل غلط اور بے بنیاد ہیں ۔

کیونکہ خود ہی انکے بیانات سے اسکی تکذیب ہوتی ہے ۔ میں اسی کا حوالہ دے رہا تھا ۔ یہ قطعاً حزب اختلاف کا اعتراض تھا ۔

جناب والا ۱۵- نومبر سنه ۱۹۶۳ کے نوائے وقت میں درج ہے جسمیں انہوں نے یہ دعوی کیا کہ متحدہ حزب اختلاف ۹۰- فیصدی نشستوں پر قابض ہوجائیگا۔ اسی طرح نوائے وقت ۱۶- نومبر سنه ۱۹۶۳ میں حزب اختلاف کی طرف سے یہ دعوی کیا گیا کہ ۹۰- فیصد نشستیں وہ جیت لیں گے۔ مغربی پاکستان کے متعلق جناب مولانا مودودی صاحب نے دعوی کیا ۔ ۔ ۔ ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد– اگر یہ فرمائیں کہ یہ جنرل اعظم خان نے لاؤڈ سپیکر کے متعلق کہا تھا تو یہ relevant ہیں اور کچھ بات بنے وگرنہ کسی طرح بھی انکی تقریر میں لاؤڈ سپیکر سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

رائے منصب علی خان کھرل– جناب سپیکر۔ نے آپکا اعتراض سن لیا تھا اور اسے مسترد کردیا تھا۔

مسٹر سپیکر– آرڈر۔ آرڈر۔ رائے صاحب میں نے اسکے بعد اجازت دیدی تھی لیکن آپ کا فرض یہ ہے کہ جو دلائل انہوں نے ایلمنسٹریشن کو اختیارات نہ ہونیکے سلسلے میں پیش کئے ہیں آپ یہ ثابت کریں کہ ایلمنسٹریشن کو یہ اختیارات ہونا چاہئیں۔ اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ متحدہ حزب اختلاف کے بیانات کا حوالہ دینے لگیں۔

رائے منصب علی خان کھرل– میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جو چیز انکو راس آجاتی ہے اور انکے لئے جو مناسب ہوتی ہے اسکی یہ تعریف کرتے ہیں مثلاً انتخابات کے سلسلے میں جب انکا نتیجہ انکے خلاف ہوا اور جب ہار چکے ہیں تو اسکے بارے میں کہتے ہیں کہ انتخابات میں دھاندلی ہوئی لیکن اسکے پہلے یہ دعوی کر رہے تھے کہ ہم ۹۰ فیصدی سیٹوں پر قبضہ کرلیں گے۔ اسکے بعد اب یہ کہتے ہیں کہ انتظامیہ کو یہ اختیارات نہ دینا چاہئیں کیوں یہ ہمارے خلاف استعمال کریں گے۔ اسلئے میری یہ عرض ہے کہ انکی تمام باتیں اسلئے بے معنی ہیں کہ ان میں کچھ حقیقت نہیں ہوتی وہ خلوص کیساتھ نہیں کہی جاتیں ہیں کیونکہ جب کوئی چیز انکو راس آجاتی ہے تو یہ اسکے حق میں ہوجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ سب کچھ

جائز تھا اور ٹھیک تھا لیکن اگر ایسی صورت نہیں ہوئی تو لاؤڈ سپیکر کے سلسلے میں یہ اعتراض فرما رہے ہیں کہ انتظامیہ کو یہ اختیارات نہ ملنے چاہئیں۔ ڈی۔ سی۔ کو اختیارات نہ ملنے چاہئیں کیونکہ یہ حزب اختلاف یا ایسے لوگوں کے خلاف ہوگا جن کا حکومت سے اختلاف ہے تو میں یہ حوالہ اسلئے دے رہا تھا کہ یہ بات انکی سچائی اور خلوص پر مبنی نہیں ہے اور اعتراض بھی بالکل ایک بیجا اعتراض ہے۔

دوسرے جناب والا۔ یہاں عبداللطیف جو شیخوپورہ سے ممبر ہیں انہوں نے اپنی تقریر میں ایک لفظ dissatisfaction کا ترجمہ بے محبتی کیا تھا کہ جو شخص گورنمنٹ سے محبت نہیں کرتا اسکے خلاف بھی اسمیں حوالہ دیدیا گیا تھا کہ اسکے خلاف یہ قانون استعمال ہوسکتا ہے۔ ڈی۔ سی۔ اسکی بھی قانونی اجازت نہیں دے سکتا لیکن اسکا در اصل ترجمہ بے اطمینانی ہے لہذا جو حکومت کے خلاف بے اطمینانی پھیلاتا ہے اپنی حرکات سے اپنی بول چال سے تو اسمیں یہ شق موجود ہے کہ ڈی۔ سی۔ لاؤڈ سپیکر استعمال کرنیکی اجازت نہ دیں۔

اسکے علاوہ کچھ ایسی اور باتیں ہیں میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ان حضرات کو اسمیں کیا اعتراض ہوسکتا ہے۔ جیسے کہ مسجد۔ سکول۔ کالج۔ ہسپتال کے نزدیک استعمال کرنیکی اجازت نہیں ہوسکتی۔ اگر متعلقہ افسر یہ سمجھے کہ ایسا کرنے سے وہاں پریشانی کا باعث ہوگا یا حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے میں قانون و انصاف کی راہ میں روڑے اٹکانے کے سلسلے میں اجازت مانگی جائے تو reject ہوسکتی ہے۔

اسی طرح ایسی ریاستیں جنکے حکمران آج پاکستان میں شامل ہوچکے ہیں اور اعلان کر چکے ہیں انکے خلاف نفرت کے جذبات پھیلانے کیلئے لاؤڈ سپیکر کا استعمال ہو تو اسکی اجازت نہیں دیجاسکتی۔

اب جناب والا انکا اعتراض ہے۔ کہ ڈی۔ سی کیسے سمجھ لیں گے کہ اس جرم کا ارتکاب ہونیوالا ہے۔ تو اس سلسلے میں آثار و قرائن سے بھی باتوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور جب تک ایسے وجوہ اور اسباب موجود نہ ہوں جنسے

یہ پتہ چلا ہو کہ ایک لاؤڈ سپیکر کا غلط استعمال ہوگا تب تک یہ فرض بھی کیسے کیا جا سکتا ہے کہ متعلقہ افسر انکو اجازت نہیں دیگا۔

لہذا میرے خیال میں ان کا یہ اعتراض غلط ہے اور کچھ مفروضہ باتیں گڑھ لی گئیں ہیں اور جنھیں حکومت کو بدنام کرنے کیلئے بنایا گیا ہے ورنہ ان میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔

سسٹر سپیکر— راؤ خورشید علی خان۔

رائے منصب علی خان کھرل— جناب والا۔ میں نے ابھی ختم نہیں کیا۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat. Rao Khurshid Ali Khan.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری-۳)— جناب والا۔ اس آرڈیننس کی ضرورت پر بعض دوستوں نے اظہار خیال کیا ہے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ بعض حالات اس قسم کے ہوتے ہیں کہ انکے استعمال پر اگر پابندی نہ لگائی جائے تو nuisance پیدا ہوتا ہے پریشانی ہو اور گڑبڑ پیدا ہوتی ہے۔ امن و امان تباہ و برباد ہوجاتا ہے۔ طبع نازک پر گران گزرتا ہے۔ میں جناب کے توسط سے یہ بتا دینا چاہتاہوں کہ پہلے پہل اس لاؤڈ سپیکر آرڈیننس کے بنانے کی ضرورت کیوں لاحق ہوئی۔ اس آرڈیننس کے بنانے سے پہلے لاؤڈ سپیکر پر پابندی دفعہ ۱۴۴- کے تحت لگائی جاتی تھی چنانچہ ایک جماعت کی سالانہ کانفرنس کے موقع پر اس جماعت کو لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے کی دفعہ ۱۴۴- کے تحت اجازت نہیں دیگئی۔ آل پاکستان کانفرنس جسمیں ہزاروں delegates کو شریک ہونا تھا اور جسمیں لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہ دینے کا مقصد صاف تھا کہ یہ کانفرنس نہ ہونے پائے چنانچہ اس بات کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا۔ بحث کے دوران ہائی کورٹ کے آنریبل جج صاحب نے ایڈووکیٹ جنرل کو یہ بتایا کہ یہ تو بتائیے کہ گورنمنٹ کا case تو weak معلوم ہوتا ہے آپ دوسرے فریق سے سمجھوتہ کرلیں تو

گیا یہ مناسب نہ ہوگا۔ اگلے دن صبح کو لاؤڈ سپیکر آرڈیننس نافذ کردیا گیا گویا یہ مقصد اور یہ اس آرڈیننس کی غرض و غایت تھی۔ اس کی غرض وغایت یہ بالکل نہ تھی کہ ہسپتالوں کے مریضوں کو شور و شغب سے بچایا جائے جیسا کہ محترم یاسین وٹو صاحب نے بتایا ہے کہ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ کا ذہنی سکون برقرار رکھا جائے یا لوگوں کی نیندیں حرام کیجائیں۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ حرام ہونے سے بچیں۔

رائے منصب علی خان— اگر اس وجہ سے پابندیاں لگائی جاتیں تو کس کافر کو اعتراض کا یارا ہوتا۔

وزیر تعلیم— آپ یہی کرتے ہیں۔

راؤ خورشید علی خان— لیکن دراصل سیاسی مقاصد حاصل کرنے کیلئے اور ناجائز طریقے استعمال کرنے کیلئے یہ حربہ استعمال کیا گیا ہے یہ بہت افسوس ناک بات ہے۔ جناب والا میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اسکی ضرورت اس stage سے لاحق ہوئی ہے اسکی کوئی اور ضرورت نہیں تھی بالکل خالص پولیٹیکل ضرورت تھی بلکہ سیاسی سرگرمیاں بند کرنے کیلئے یہ کیا گیا تھا۔

چنانچہ لاؤڈ سپیکر آرڈیننس جب یہ چیلنج ہوا ہائی کورٹ میں تو سب کو معلوم ہے کہ ہائی کورٹ نے اس کے متعلق قرار دیا کہ تقریر و تحریر اور اجتماعات کی جو آزادیاں ہیں وہ ان کے منافی ہے اور fundamental rights کے منافی ہے۔ اور آئین کے بھی منافی ہے تو اس نے اس کو کالعدم قرار دے دیا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اگر کم از کم یہ آپوزیشن کا یا جمہوریت کا یا دوسری قدروں کا لحاظ نہیں کرتے تو کم از کم انہیں ہائی کورٹ کا تو احترام روا رکھنا چاہئے تھا۔ ہائی کورٹ نے جس قانون کو کالعدم قرار دے دیا ہے تو پھر انہیں اس کو دوبارہ ایک دوسری شکل میں نہیں لانے کی کوشش کرنی چاہئے تھی۔ اور اگرچہ ایسا کرتے ہیں تو کم از کم ساتھ ہی ساتھ پھر یہ دعویٰ کرنے سے

گریز کریں کہ ہمیں ہائی کورٹ کا بڑا احترام مقصود ہے۔ میں عرض کر چکا ہوں جناب سپیکر۔ کہ ہائی کورٹ میں وہ Pending Case تھا تو یہ احترام اور وقار کا کون سا تصور ہے کہ ہائی کورٹ میں ایک کیس زیر سماعت ہے زیر تجویز ہے اور ہائی کورٹ اگلی صبح کو اپنا فیصلہ دینے والی ہے اور اس کے متعلق ہائی کورٹ کو اس فیصلہ سے باز رکھنے کے لئے گویا مداخلت ہے۔ ہائی کورٹ کے اختیارات میں۔ قوانین کی حاکمیت میں مداخلت ہے۔ چنانچہ اس چیز کو بالائے طاق رکھتے ہوئے راتوں رات ایک آرڈیننس اور ایک قانون کے ذریعے سے گویا یہ بالکل ہائی کورٹ کی منشاء۔ قانون کی منشاء۔ ہائی کورٹ کے وقار اور قانون کی حاکمیت کے خلاف روش اختیار کی جاتی ہے اور پھر لوگوں کے سامنے یہ دعوے کئے جاتے ہیں کہ ہم ہائی کورٹ کے احترام اور وقار میں اضافہ کرنے کے لئے دوسرا آرڈیننس لے آئے ہیں۔ دوسری بات جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اکثر یہ الزام لگتا ہے کہ اور بالکل جائز طور پر کہ رفتہ رفتہ اس ملک کو پولیس سٹیٹ میں تبدیل کیا جا رہا ہے اب اگر ہم اس کے متعلق یہ کہیں لیکن اس سے زیادہ اس بات کا اور کیا ثبوت ہو گا کہ لاؤڈ سپیکر پر پابندیوں کے سلسلے میں تمام تر اختیارات ڈپٹی کمشنر کو دیدئے گئے ہیں اور عملاً کیا ہوتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کاغذات مارک کر دیتے ہیں ایس پی کو اور ایس پی صاحب ان کو ایس ایچ او صاحب کے پاس پہنچا دیتے ہیں۔ اب ایس۔ ایچ۔ او صاحب وہ بالکل گویا یہ نہیں دیکھتے کہ صورت حال کیا ہے کیا واقعی امن و امان کو کوئی خطرہ ہے یا کوئی گڑ بڑ ہونے کا احتمال ہے۔ وہ قطعاً نہیں سوچتے۔ وہ خالصتاً سیاسی بنیادوں پر ایک رپورٹ کر دیتے ہیں بلکہ اس قسم کے واقعات جناب سپیکر رونما ہوئے ہیں کہ ایک مرحلے پر ایک ایس۔ ایچ۔ او صاحب نے یہ دیکھتے ہوئے کہ گڑ بڑ کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔ کوئی لا اینڈ آرڈر کا problem بھی نہیں ہے اس لئے رپورٹ کردی کہ مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ جب یہ رپورٹ اوپر پہنچی ہے اور جب وہاں کے ضلع کے ذمہ دار لوگوں کو معلوم ہوا کہ یار یہ تو

ایس۔ ایچ۔ او صاحب نے ایسے ہی رپورٹ کر دی اور کہ ہمیں لاؤڈ سپیکر کی اجازت دینی پڑے گی تو اس ایس۔ ایچ۔ او کو مجبور کیا گیا کہ تم اپنی رپورٹ واپس لو اور از سر نو دوسری رپورٹ بھیجو جس میں یہ لکھو کہ لا اینڈ آرڈر کا problem پیدا ہو جائے گا اور میں اس کی ذمہ داری نہیں لیتا۔ اب اگر ان حالات میں ہم یہ کہیں کہ واقعی انہوں نے ملک کو پولیس سٹیٹ میں تبدیل کر دیا ہے تو آپ ایمانداری سے بتائیں کہ آپ کے پاس کوئی جواز ہے اس کا؟

وزیر تعلیم — جناب والا۔ یہ غلط فرما رہے ہیں۔

راؤ خورشید علی خان — جناب والا۔ یہ سچ ہے مجھے جھوٹ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حد تو یہ ہو گئی ہے کہ ان کے لئے Press and Publication Ordinance Main-tenance of Public Order Ordinance اور کریمنل لا امینمنٹ ایکٹ کا استعمال وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بالکل ناکافی ہیں۔ اس ملک میں تقریر و تحریر اور اجتماعات کی پابندیاں ختم کرنے کے لئے اب انہوں نے لاؤڈ سپیکر آرڈیننس اور نافذ کر دیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی ان کے لئے ناکافی ہو گا اور ایک دن انہیں اس بات کا انتظام کرنا پڑے گا کہ یہ لاؤڈ سپیکر کی درآمد جو ہے اس پر پابندی لگا دی جائے۔ اس کے بنانے پر اور اس کی خرید و فروخت پر پابندیاں لگا دی جائیں اور یہ چیز اس ملک کے لئے ممنوع کر دی جائے۔ یعنی یہ کتنی افسوسناک بات ہے کہ اس کا موجد جس نے اتنی محنت صرف کر کے اتنا مفید آلہ بنایا تھا یعنی اگر اس کے ذہن میں یہ بات آتی کہ ایک ملک ایسا بھی ہے، جس میں ایسے لوگ پائے جاتے ہیں کہ وہ بجائے اس کے کہ وہ میرے شکر گزار ہوں گے وہ کفران نعمت کا ثبوت دیں گے اور اس پر پابندیاں لگائیں گے تو وہ پھر اپنی اس عزیز محنت کو اس کام کے لئے صرف نہ کرتا۔ یعنی کس کس بات کو گنوایا جائے گویا ایسا معلوم ہوتا ہے جناب ان کی شکل و شبہات اس شعر کے مصداق ہو گئی ہے۔

ا پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی
جو بات کی خدا کی قسم لا جواب کی

یعنی کس کس بات کا یہاں رونا روئیں۔ جس طرف بھی نظر ڈالتے ہیں تو اس قسم کے حالات نظر آتے ہیں کہ قطعاً ان کا کوئی جواز نہیں ہے۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ انگریز بیچارے کو بروقت یہ تدبیر نہ سوجھی اگر اسے کرمانی صاحب کی یہ بات سوجھ جاتی تو آج تک اس ملک کو آزادی نصیب نہ ہوتی۔ یعنی یہ تو××××* انگریز کو بھی مات کر گئے ہیں۔

Mr. Speaker : Rao Sahib may please withdraw the word.

Rao Khurshid Ali Khan : I with-draw Sir.

Mr. Speaker : And that is expunged*.

راؤ خورشید علی خان۔ یہ گویا جناب سپیکر اپنی ہوشیاری۔ چالاکی اور چابکدستی اور قابلیت میں انگریز کو بھی مات کر گئے ہیں۔ یعنی انگریز نے بہت سر مارا ہو گا کہ کوئی ایسی تدبیر نکلے کہ یہ جو آزادی کی تحریک اس ملک میں شروع ہو گئی ہے وہ ختم ہو اور اس نے اس کے لئے کریمینل لا ایمنڈمنٹ ایکٹ بنا لیا تھا۔

Mr. Speaker : But that is not under discussion.

راؤ خورشید علی خان – تو یہ پابندیاں ہیں جناب والا۔ یہ لاؤڈ سپیکر آرڈیننس جس قسم کی پابندیاں visualize کرتا ہے اس قسم کی پابندیوں کے متعلق بات ہے۔ بہرحال اگر جناب اس کو غیر ضروری قرار دیتے ہیں تو میں اس کو چھوڑ دیتا ہوں۔ میں تو صرف یہ اشارہ کر رہا ہوں کہ یہ حضرات سابق حکمرانوں کو بھی مات کر گئے ہیں انہیں جو تدبیر نہ سوجھی تھی وہ ان کو سوجھی تمام گویا Civil Liberties اور Fundamental Rights کو ختم کرنے کے لئے تدبیر جو انہیں نہیں سوجھی تھی ان کو یہ سوجھ گئی کہ دیوانہ بکار خویش ہوشیار۔

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

وزیر تعلیم – یہ آپ پر صادق آتی ہے۔

راؤ خورشید علی خان – تو جناب والا۔ میں یہ بات عرض کرنی چاہتا تھا کہ جس قسم کی پابندیاں اس آرڈیننس کے ذریعے سے لگائی گئی ہیں اس قسم کی پابندیوں کی موجودگی میں جناب سپیکر میں یہ دعوے سے یہ کہتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی پابندی کی موجودگی میں اب کسی شہر کے کسی محلے کے اندر کسی انسانی بستی کے اندر کوئی جلسہ نہیں ہو سکتا۔ ہاں بیابانوں اور جنگلوں میں اب یہ جلسے ہو سکتے ہیں۔ مثلاً میں ثبوت دیتا ہوں۔ اس میں جناب ایک شرط یہ لگائی ہوئی ہے کہ اگر کسی محلے کے کے افراد یہ درخواست دے دیں کہ یہ جو جلسہ ہو رہا ہے یہ مجھے بالکل ناپسند ہے اور اس سے میری نیند تباہ و برباد ہو جائے گی۔ میرا سکون ختم ہو جائے گا اور میں بالکل نہیں چاہتا کہ یہ جلسہ میرے محلے کے نزدیک ہو۔ آپ فرمائیں جناب سپیکر کہ ایک محلے میں ایک بستی میں سے اگر دو چار پانچ سات آدمی مصنوعی قسم کے پکڑ لیں (قطع کلامی)

اب جناب سپیکر۔ اگر دو چار پانچ سات آدمیوں کی طرف سے کوئی درخواست آ گئی اور اس آرڈیننس کی شرائط کے لحاظ سے وہ لاؤڈ سپیکر کی شرائط کے لحاظ سے وہ لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہیں دی گئی تو جناب ہوا کیا ہے عملاً میں مثال آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ ایک جلسے کے لئے لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی درخواست دی گئی لیکن اسی طرح پانچ سات آدمیوں کی طرف سے ایک درخواست آ گئی کہ ہمیں یہ گوارا نہیں کہ ہمارے محلے کے نزدیک اس قسم کا جلسہ ہو۔ ہم نے کہا کہ یار یہ خوامخواہ کیوں ایسی بات کہی جا رہی ہے۔ ہم نے سارے محلے میں اپنے ورکرز کو بھیج دیا کہ بھئی یہ جو شریف آدمی ہیں ان کے نام تو معلوم کرو ان سے پوچھو کہ بھائی تمہیں کیا تکلیف ہو گئی ہم تو خدا اور رسول کی باتیں سنانا چاہتے ہیں اور کیا تم یہ نہیں سننا چاہتے؟

خدا گواہ ہے کہ ہم نے پورا محلہ چھان مارا، ان پانچ سات آدمیوں کے لئے۔ لوگوں کو ادھر ادھر روانہ کیا مگر وہ نہ ملے۔ یہ لاؤڈ سپیکر

آرڈیننس کا استعمال ہو رہا ہے۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ یہ روشنی کا زمانہ ہے لہٰذا ہمیں اس قسم کی روشنی سے بچائے۔ میں نے یہ باتیں اس لئے عرض کی ہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ موجودہ آرڈیننس کی موجودگی میں کسی انسان کی بساط میں نہیں کہ وہ کوئی جلسہ کر سکے۔ اگر ایوب صاحب کو جلسہ کرنے کی اجازت دی جاتی ہے تو وہ بھی دھاندلی کے ساتھ دی جاتی ہے ورنہ پانچ سات آدمی بوگس پیدا کر لینے کیا مشکل ہیں۔ جو بات ہے کہ انہیں ایسا جلسہ ہونا پسند نہیں۔ یہ اتنی زیادہ سخت گیری ہے کہ کوئی شخص کہیں تقریر نہیں کر سکتا۔ اس پابندی کو کوئی ملک اور کوئی قوم برداشت نہیں کر سکتی۔ اس سے آزادی تقریر مذاق بن گئی ہے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور ۔۲)۔ جناب صدر۔ اس ہنگامی مسودہ قانون پر کافی بحث ہو گئی ہے۔ میں ان دلائل کا اعادہ نہیں کرونگا، نہ وہ تجزیہ پیش کرونگا جو میرے رفقائے کار نے اس معزز ایوان میں ایوان کی توجہ کے لئے پیش کیا ہے۔ میں نہایت مختصر انداز میں صرف دو تین باتیں عرض کروں گا۔

پہلی بات یہ ہے کہ اس ہنگامی مسودہ قانون کی افادیت اور اس کا جواز اور فلسفہ کے متعلق محترم وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ جن اشیاء کے اندر قدرتی طور پر جو قوت ہے اس سے زیادہ قوت موجود ہو، انہیں کنٹرول کرنے کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ میں آپ کے توسط سے ان سے صرف اتنا سوال کروں گا کیا وہ لاؤڈ سپیکر جو مغربی پاکستان میں استعمال ہوتے ہیں ان کی قوت بہت زیادہ ہے، بہ نسبت ان کے جو مشرقی پاکستان میں استعمال ہوتے ہیں۔ آخر اس قانون کو صرف اسی صوبہ پر عائد کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔ اس ملک کا آئین ایک ہے۔ ہم ایک ملک ہیں۔ ایک قوم ہیں۔ لیکن اس حکومت کی ہمیشہ سے یہ کوشش ہے کہ یہ انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات منتقل کردیں۔ اور اس صوبہ کے عوام کو مجبور محض بنا کر رکھ دیں۔ بالکل اسی طرح جیسے جرگہ کے جنگل

کے قانون کی افادیت اور نفاذ اسی صوبہ کے اندر ہے ۔ ملک کے دوسرے حصہ میں نہیں ہے ۔ لاؤڈ سپیکر آرڈیننس کی ضرورت بھی اسی صوبہ میں سمجھی گئی ہے ۔ آج تہذیب و تمدن کی دنیا میں ایسی ضروریات پر پابندی ، تقریر و تحریر پر پابندی عائد کرنے کے بعد کوئی حکومت جمہوری کہلانے کی مستحق نہیں رہتی ۔

اب یہ دیکھئے کہ ہمارے صوبہ کی سب سے بڑی عدالت اس سے پہلے آرڈیننس کو کالعدم قرار دے چکی ہے ۔ اور موجودہ آرڈیننس کی مندرجات اور تقاضوں میں اور پہلے آرڈیننس کے تقاضوں میں کسی قسم کا فرق محسوس نہیں ہوگا ۔ مقصد صرف یہ اختیارات ڈی سی کو منتقل کرنا تھا ۔ یہ چیز پہلے قانون میں بھی موجود تھی اور اس میں بھی موجود ہے ۔

باقی رہا میرے محترم اور معزز دوست رائے منصب علی صاحب کا یہ فرمانا کہ ہسپتالوں ، مدرسوں اور کالجوں کے قریب لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر پابندی ہونی چاہیئے ۔ اگر وہ اس قانون میں یہ لکھ دیتے کہ ان مقامات کے قریب لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں ہوگا ، تو یہ بات تو سمجھ میں آ سکتی تھی ۔ مگر حکومت تو ڈپٹی کمشنر صاحبان کو اختیارات منتقل کرنا چاہتی ہے ۔ کہ وہ چاہیں تو سکولوں کالجوں اور ہسپتالوں کے قریب لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دے دیں ۔ نہ چاہیں تو بڑی ہی معقول وجہ ہوتے ہوئے بھی اس کے استعمال کی اجازت نہ دیں ۔

یہ ملک بڑی جدوجہد کے بعد معرض وجود میں آیا تھا ۔ اب یہاں کے رہنے والوں کو ان حقوق سے تو محروم نہیں کرنا چاہیئے ، جن سے وہ انگریز کے سامراجی زمانہ میں محروم نہ تھے ۔ کیا ان دنوں ہسپتال کالج ، سکول نہ تھے ۔ اگر وہ اس بنا پر لاؤڈ سپیکر کا استعمال بند کردیتے ، تو وہ جمہوریت کی تحریک اور آزادی کی جدوجہد میں رکاوٹ پیدا کرسکتے تھے ۔

اب جناب میں اس کے عملی پہلو کا صرف ایک واقعہ عرض کروں گا ، جیسے میرے فاضل دوست راؤ خورشید علی نے بیان فرمایا ہے ۔ ہمارے بہاولپور میں حالت یہ ہے کہ بہت سے دیہات بہاولپور سے ۲۰ ، ۳۰ میل کے

فاصلہ پر ہیں ۔ ذرائع آمدورفت مفقود ہیں ۔ بسیں نہیں چلتیں ۔ لاریاں نہیں ہیں ۔ ٹرینیں نہیں ہیں ۔ جب لوگ ڈی سی کے پاس لاؤڈ سپیکر کی درخواست دیتے ہیں تو وہ پولیس کے پاس بھیج دیتے ہیں ۔ پولیس والے سب انسپکٹر علاقہ کو بھیج دیتے ہیں ۔ اس آمدورفت میں پورے سات دن گذر جاتے ہیں ۔ اور اس وقت تک جلسہ کا وقت گذر چکا ہوتا ہے ۔ پھر یا تو یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ ہم وقت گذر چکا ہے یا یہ کہ اب جلسہ کرنے کی اجازت ہے ۔ اس جمہوری ملک کے اندر اس قدر آمرانہ اختیارات حاصل کرنا کسی حکومت کے لئے قابل فخر کارنامہ نہیں ہوسکتا ۔ اب جناب ہر مقرر نے یہاں ایک آدھ شعر پڑھا ہے ۔ اجازت ہو تو میں بھی ایک عرض کردوں ۔

لب بند ، زباں بند ، دھاں بند ، فغاں بند
اظہار تمنا کے ہوئے سارے ہی در بند

اجازت کے دروازے ڈی سی کے پاس ہیں ۔ اور اس لحاظ سے رائے منصب علی صاحب اور میں ایک ہی در کے سوالی ہیں ۔

میں اور عدو ایک ہی در کے ہیں سوالی
لیکن یہ عجب درہے آدھر واہے ادھر بند

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا ۔ اس آرڈیننس پر بحث کا معیار مجموعی طور پر بہت بلند رہا ہے ۔ بالخصوص قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر میں بہت سے اہم نکتے پیش فرمائے ہیں ۔ بہت سے دلائل دیئے ہیں ۔ ایک چیز جس پر جناب والا حزب اختلاف کے دوستوں کا اصرار ہے وہ انکار کی سی صورت ہے ۔ اور اس اصرار میں تکرار کی یہ حد ہے کہ ہر صاحب وہ اصرار بھی اور انکار بھی فرماتے رہے ہیں ۔ کہ اس ایوان کو قانون سازی کے بارے میں کوئی اختیار نہیں ۔ مجھے یہاں ان کی بے بسی سے پوری ہمدردی ہے ۔ ان کی تعداد اتنی نہیں کہ وہ اپنے فیصلے کثرت رائے سے پاس کرا سکیں ۔ مجھے کچھ یوں معلوم ہوتا ہے کہ اپنی تعداد کی کمی

گی وجہ سے وہ اس قدر مایوس ہوچکے ہیں کہ انہیں سارے ایوان کے اختیارات سلب نظر آتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ان دنوں باقی سب لوگوں کی طرح میں بھی آزاد تھا ۔ میں ان دنوں ابھی جماعت میں شامل نہیں ہوا تھا ۔ اب میں ایک جماعت میں شامل ہوچکا ہوں ۔ اگر وہ بھی ہماری طرف تشریف لانا چاہیں تو ہم انہیں خوش آمدید کہیں گے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آئینی اور قانونی طور پر یہ کہنا کہ اس ایوان کو قانون سازی کا اختیار حاصل نہیں یہ قطعاً غلط ہے ۔ اس لئے کہ اس صوبے کی قانون کی کتاب پر کوئی مسودہ قانون بحیثیت قانون کے باقی نہیں رہ سکتا ۔ جو اس اسمبلی نے کسی نہ کسی صورت میں پاس نہ کیا ہو ۔ چاہے وہ بل کی صورت میں ہو ۔ چاہے وہ آرڈیننس کی شکل میں ہو ۔ پھر میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ وہ آرٹیکل جس آرٹیکل کے متعلق خواجہ صاحب نے پرسوں جناب کی توجہ دلائی تھی ۔ میرا مطلب آرٹیکل نمبر ۹۷ سے ہے ۔ وہ خود بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں ۔ کہ اس آئین میں بالکل واضح بات ہے ۔ کہ قانون سازی کے اختیارات کسی صورت میں اس ایوان کو حاصل ہیں ۔ اور جب یہ ایوان کسی وجہ سے یا تو Disolve کردیا گیا ہو یا اجلاس میں نہ ہو ۔ صرف اس صورت میں گورنر صاحب کو اختیار ہے ۔ اور یہ بات اس چیز کا بالکل مسلم ثبوت ہے ۔ کہ اگر یہ اسمبلی موجود ہو ۔ اسکا اجلاس جاری ہو ۔ تو کسی بھی شخص کو اور کسی بھی ادارے کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے ۔ کہ وہ قانون سازی اسوقت کرے ۔ چنانچہ میں وہ الفاظ جناب کے سامنے پڑھتاہوں ۔

"(1) if, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved or is not in session."

If the Assembly is in session nobody else but only the Assembly has the power to legislate.

"The Governot of the Province is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary, he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinance as the circumstances appear to him to require, and any such ordinance shall, subject to this Article, have the same force of law as an Act of the Provincial Legislature."

پھر جناب والا ۔ Sub-Article (2) میں ہے ۔

"(2) An Ordinance made and promulgated under this Article shall, as soon as practicable, be laid before the Assembly of the Province."

وزیر تعلیم — یعنی ہر چیز اس کی طرف اشارہ کر رہی ہے ۔ کہ اگر اسمبلی موجود ہو ۔ Disolve ہو چکی ہو ۔ توجب قانون بنایا جائیگا ۔ تو جہانتک ممکن ہوگا ۔ اس معزز ایوان کے سامنے رکھا جائیگا ۔ تو پھر اگر یہ معزز ایوان اسے پاس کردیتا ہے ۔ تو جبھی وہ قانون رہ سکتا ہے ۔ اور اگر اسکو نامنظور کردیتا ہے ۔ تو وہ قانون یا آرڈیننس قانون ہی نہیں رہ سکتا ۔

"(3) If, before the expiration of the prescribed period, the Assembly of the Province, by resolution, approves of the Ordinance, the Ordinance shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature, but if, before the expiration of that period, the Assembly of the Province, by resolution, disapproves of the Ordinance, it shall cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, upon the passage of the resolution."

اگر پاس نہیں ہوتا ۔

"(4) If the Assembly of the Province has not approved or has not disapproved of the Ordinance, and it has not been repealed by the Governor, before the expiration of the prescribed period, it shall cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, upon the expiration of that period."

گویا اس میں یہ بات بھی ہے ۔ کہ جبتک واضح طور پر یہ اسمبلی اس آرڈیننس کو پاس نہ کردے ۔ اسوقت تک وہ قانون نہیں ہوسکتا ۔ اور اگر وہ نامنظور کردے ۔ اور اسے positive vote کے ساتھ پاس نہ کردےتو بھی وہ قانون ختم ہوجائیگا ۔ تو یہ بات صاف ہے ۔ کہ جہانتک اس سارے ایوان کا تعلق ہے ۔ یہ ایوان صوبے کی حد تک اور اپنے آئینی اختیارات کی حد تک مکمل طور پر آزاد اور مکمل طور پر قانون سازی کا حق رکھتا ہے۔ اگر میرے دوستوں کی اس ایوان میں اتنی تعداد نہیں ۔ کہ وہ اپنے فیصلے کے مطابق یا اپنی رائے کے مطابق یہاں کوئی کام کرسکیں۔ تو اس سے یہ نہیں کہا جا سکتا ہے ۔ کہ اس ایوان کو وہ اختیارات ہی نہیں ہیں۔ ہاں البتہ یہ کہا جا سکتا ہے ۔ کہ اس طرف بیٹھنے والے خود ان کی تعداد اتنی نہیں ہے ۔ کہ وہ اگر کسی قانون کو اپنی رائے دیکر منوانا چاہیں ۔ تو اس طرف بیٹھنے والے حضرات کی چونکہ اکثریت ہے ۔ تو انکی رائے مان لی جائیگی اور وہ رائے نہیں مانی جائیگی ۔ یہ بات علیحدہ ہے ۔ لیکن جہانتک اس سارے ایوان کے حقوق اور اختیارات کا تعلق ہے ۔ انہیں کیوں اصرار ہے۔ کہ اس ایوان کو کوئی اختیار نہیں ہے ۔ جبکہ عملی

طور پر یہ ثابت ہوگیا ہے۔ کہ آئین کے مطابق یہ اختیار موجود ہے ۔ اور تمام شواہد اس امر کے موجود ہیں کہ ایسے آرڈیننس بھی موجود ہیں ۔ کہ جنہیں اس معزز ایوان نے منظور نہیں کیا ۔ تو اسکے بعد وہ قانون کی کتاب پر موجود نہیں ہیں ۔ یہ تمام باتیں انکے جواب کے طور پر تھیں ۔ ورنہ میرا خیال ہے۔ کہ مجھے یہ بات کرنے کی زیادہ ضرورت نہیں ۔ لیکن چونکہ مسلسل طور پر تمام صاحبان نے یہ اصرار کیا تھا ۔ کہ میں اس سلسلے میں کچھ عرض کروں تو۔۔۔۔

راؤ خورشید علی خان — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ضرورت تو اس بات کی تھی ۔ کہ وہ یہ بتاتے ۔ کہ وہ ہنگامی حالات کیا تھے ۔ کہ جنکے تحت یہ آرڈیننس آیا ہے ۔ اسکے متعلق تو انہوں نے ایک لفظ بھی نہیں کہا ۔

وزیر تعلیم — جناب والا ۔ میں اسکے متعلق بھی عرض کر دونگا پھر یہ ارشاد فرمایا گیا ہے ۔ کہ موجودہ حکومت عدالتوں کے فیصلوں کا احترام نہیں کرتی ۔ یا وہ کونسے ہنگامی حالات یا خصوصی حالات تھے ۔ ہنگامی حالات کی بجائے اگر خصوصی حالات کہے جائیں ۔ تو زیادہ مناسب ہوگا۔ میں نے اس آرڈیننس کے بارے میں جو قرارداد پیش کی تھی ۔ اسوقت بھی میں نے عرض کیا تھا ۔ کہ اس سے پہلے بھی ایک آرڈیننس موجود تھا جسے قائد حزب اختلاف نے ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا ۔ اور ہائی کورٹ نے یہ فیصلہ کیا تھا ۔ کہ یہ آرڈیننس ultra-vires ہے اور حکومت کے اختیارات اور صوبائی اسمبلی اور گورنر کے اختیارات سے باہر ہے ۔ اور آئین کے ایک خاص آرٹیکل کی خلاف ورزی کرتا ہے ۔ تو اسی لئے اسے خلاف قانون قرار دیا گیا ۔ اور اس وقت یہ اسمبلی سیشن میں نہ تھی ۔ اور جسطرح کہ میں نے اس وقت عرض کیا تھا ۔ کہ کوئی بھی چیز جو کسی قدرتی طاقت کو زیادہ بڑھاتی ہے ۔ اس پر جائز قسم کی پابندیاں لگا دینا از حد ضروری ہوتا ہے ۔ اور جسطرح خود ایک معزز رکن نے فرمایا تھا ۔ کہ کسی نہ کسی طرح سے وہ پابندیاں موجود تھیں ۔ چاہے وہ مناسب پابندیاں دفعہ ۱۴۴ کے

تحت لگائی جاتی تھیں یا کسی اور قانون کے تحت ایسا میں یہ رعایت کرونگا کہ اس آرڈیننس کو عدالت عالیہ نے خلاف قانون قرار دیا تھا۔ تو اس سے یہ کہنا کہ موجودہ حکومت کو عدالت عالیہ کے ارشادات کا احترام نہیں ہے۔ یہ اپنی حقیقت سے اتنی ہی دور ہے۔ کہ جتنی تصور کی جا سکے۔ کیونکہ ایک بات کا اظہار یہاں سے زیادہ ضروری ہے۔ اور اس طرف بیٹھنے والے میرے اکثر بھائی وکلاء ہیں۔ اور وہ حقیقتاً اس سلسلے میں میرے ساتھ متفق ہونگے۔ کہ دنیا کے قوانین کی جتنی بھی Jurisprudence ہیں۔ یا دنیا کے قوانین کے جتنے بھی فقے ہیں۔ ان میں ایک بات مسلمہ ہے۔ کہ عدالتیں قوانین کو interpret کرتی ہیں۔ عدالتیں قانون ساز ادارے نہیں ہوتے۔ بلکہ قانون کو interpret کرنے کی authority ہوتی ہیں۔ قانون سازی کے اختیارات عوام کے نمائندوں اور اسمبلی کے ممبروں کو ہی ہے۔ ساری دنیا میں آپ نظر دوڑا لیجئے۔ اور میرے فاضل دوست اس بات میں مجھسے متفق ہونگے۔ بلکہ عدالتوں کا یہ فیصلہ ہے۔ اور ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے یہ خود تسلیم کیا ہے کہ کئی دفعہ تو ہمارے یہ بھی فرائض نہیں ہیں۔ کہ ہم یہ دیکھیں۔ کہ آیا قانون اچھا ہے۔ یا برا۔ لیکن اگر قانون صحیح قانون ہے۔ تو اسے interpret کرکے اسکے مطابق فیصلہ کرنا ضروری ہے۔ جہاں بھی دنیا میں written constitutions ہیں۔ وہاں یہ بات ضروری ہے۔ کہ وہاں انتظامیہ اور قانون ساز اداروں کے اپنے اپنے اختیارات ہوتے ہیں۔ اور اپنے اپنے دائرہ اختیار کے سلسلے میں انہیں اپنے حلقۂ اختیار میں فیصلہ کرنا ہوتا ہے اس چیز پر میرے خیال میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں۔ کہ قانون بنانا عدالتوں کا نہیں بلکہ Legislators ہے۔ البتہ انکو آئین کی روشنی میں interpret کرنا عدالتوں کا کام ہے۔ عدالت نے یہ دیکھنا ہے۔ کہ چونکہ یہ قانون آئین کے خلاف آرٹیکل کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ لہذا یہ خلاف قانون ہے۔ ہم نے اسکو تسلیم کیا ہے اور جب بھی عدالتوں کی طرف سے کوئی فیصلہ ہوا ہے۔ اور انکی طرف سے کوئی ہدایات جاری ہوئی ہیں۔ ہم نے انکے سامنے ہمیشہ سر جھکایا ہے۔ ہم نے کبھی یہ نہیں کیا کہ عدالت کے کسی فیصلے کی خلاف ورزی کی ہے۔ یا عدالت کے وقار اور عظمت کو کسی نہ کسی طرح سے مجروح کیا ہو۔ جناب والا۔ اگر اسکے باوجود ہم اس

آرڈیننس کے متعلق اصرار کرتے ۔ گو ہم اس قانون کو قانون کی کتاب پر رکھتے ہیں ۔ تو وہ عدالت کے اس ارشاد کی خلاف ورزی ہوتی ۔ لیکن ہم نے اسکے بر عکس عدالت کے اس فیصلے کی روشنی میں اور آئین کی روشنی میں ایک قانون بنایا ہے ۔ جسکے متعلق خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ یہ قانون پہلے قانون سے مختلف نہیں ہے۔ میں جناب کی وساطت سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کرونگا ۔ کہ یہ قانون اس پہلے قانون سے مختلف ہے ۔ چونکہ یہ بیحد ضروری ہے ۔ اس لئے میں تھوڑا سا وقت اس سلسلےمیں لونگا ۔ اور پانچ دس منٹ میں اسے ختم کرنے کی کوشش کرونگا ۔

Mr. Speaker: Not more than five minutes.

وزیر تعلیم— جناب میں Article 9 کیطرف توجہ دلاتاہوں۔ یہ Freedom of speech کے متعلق ہے ۔

"Every citizen shall have the right to freedom of speech and expression, subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of the security of Pakistan, friesdly relations with foreign States, Public order decency or morality, or in relation to contempt of court, defamation or incitement to an offence."

یہ وہ پابندی ہے ۔ Reasonable restriction ہے ۔ جو آئین کے مطابق freedom of speech پر لگائی جا سکتی ہے ۔

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ وزیر تعلیم آئین کا حوالا دے رہے ہیں ۔ آپ نے کہا ہے in the interest of public وہاں ×××××××× * ہوگا ۔

Minister of Education: Sir, the remarks of the learned member from that side are uncalled for and I take the protection of the Speaker.

Mr. Speaker: Mr. Hamza should not have made these remarks; they are expunged from the proceedings of the Assembly.
That was not a point of order.

وزیر تعلیم — اب جناب والا۔ پہلا آرڈیننس جو تھا اس کی دفعہ ۲ میں کیا تھا ۔ اس کی دفعہ ۲ آپکی اجازت سے پڑھتاہوں ۔ وہ تھوڑے سے الفاظ ہیں ۔

*Expunged as ordered by Mr. speaker.

"No person shall use or cause to be used a loudspeaker in a Public place for any purpose except with the permission of the Deputy Commissioner, and subject to such terms and conditions as the Deputy Commissioner may impose."

اب جناب اس میں difference اس بات میں ہے۔ بلکہ دو صورتیں ہیں
اب جناب اس میں restriction نہیں ہے۔ restraint نہیں ہے۔ بلکہ اس
کی بجائے پہلے پورشن کی دفعہ ۲ ذیلی دفعہ (i) میں restraint کی بجائے
regulation ہے۔ وہ اس طرح ہے:-

"2. (1) No person shall, operate, use or cause to be used or operated, a loudspeaker or a sound amplifier in a public place, save with the permission of the Deputy Commissioner of the District and subject....."

not to the conditions prescribed by the Deputy Commissioner, but subject.....

".....to such terms and conditions as to the day or days and the hour or hours on which such loudspeaker or sound amplifier may be used or operated, the number of loudspeakers or sound amplifiers which may be used at any one time and the volume of sound (decibels) to which they must be adjusted."

اب یہ چیزیں دی گئی ہیں۔ ان restriction کے تحت regulation
کرے گا۔ یعنی کہ اجازت دینی ہے۔ تو اس چیز کی پہلی صورت میں
اجازت دینی ہے۔ صرف اس طریقے پر regulate کرے گا۔ اب اگر وہ
وہ اجازت نہ دینا چاہیں پھر اس کی دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ (ii) آئے گی۔

"2 (2) The Deputy Commissioner may refuse to grant permission for the use or operation of a loudspeaker or a sound amplifire in a public place, if in his opinion, after holding such enquiry (if any) or calling for such reports from the police, municipal or other authorities, as he may deem fit, and hearing the person applying for the permission."

without hearing اس کو refuse نہیں کرسکتا۔

"(a) the use or operation of the loudspeaker or sound amplifier is likely to cause annoyance or injury to the persons residing in the locality where such loudspeaker or sound amplifier is proposed to be used or operated; or

(b) the loudspeaker or the sound amplifier is proposed to be used or operated within the proximity of a place of worship, a hospital or educational institution, a Court or any other public or private institution, office or undertaking the working whereof is likely to be disturbed by the use or operation of such loudspeaker or sound amplifier; or

(c) the loudspeaker or the sound amplifire is intended to be used or is likely to be used for the purpose of....."

وھی ساری restrictions ھیں۔

وھی ذریعہ پابندی ھے۔ جو آئین کے مطابق میں نے پہلے جناب کی خدمت میں reasonable restriction پڑھی ھیں۔ ان چیزوں کے علاوہ باقی ذرائع restraint میں آتے ھیں۔ وقت کی کمی کی وجہ سے ھر ایک کو نہیں پڑھوں گا۔ پھر جناب والا۔ اگر انکار بھی کردیا جائے۔ کمشنر کے پاس اپیل کی جاسکتی ھے۔ وھاں سے انکار کردیا جائے تو پھر revision بھی ھوسکتی ھے یہ جناب والا اسکی قانونی پوزیشن ھے۔ اس کے بعد یہ آرڈیننس آئین کے مطابق اور ھائی کورٹ کے فیصلہ کے عین مطابق ھے۔ آخر میں تقریر ختم کرنے سے پہلے ایک بات صرف یہ عرض کروں گا بہت سے دوستوں نے اس آرڈیننس پر تقریر کرتے ھوئے اس چیز کے خدشات کا اظہار کیا ھے کہ یہ آرڈیننس شائد اس وجہ سے بنا یا گیا ھے کہ حکومت کسی کی آزادی تقریر پر کسی قسم کی پابندی لگانا چاھتی ھے۔ جناب والا۔ اخبارات اس بات کے گواہ ھیں۔ صوبہ کے عوام اس بات کے گواہ ھیں۔

سسٹر حمزہ— پوائنٹ آف آرڈر۔ ھم نے شک کا اظہار نہیں کیا ھم نے یقین کا اظہار کیا ھے۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر تعلیم—جناب والا۔ سارے صوبہ کے عوام اس بات کے گواہ ھیں کہ گذشتہ انتخابات میں حزب اختلاف کو حکومت پر نکتہ چینی کرنے کی۔ حکومت کے خلاف بات کرنے کی۔ حکومت کے خلاف اپنی دوسری تجاویز پیش کرنے کی۔ عوام کے سامنے پروگرام پیش کرنے کی۔ ھر طرح سے۔ ھر جگہ پر مکمل طور پر آزادی تھی۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question?

وزیر تعلیم—کئی جگہ سے آزادی سے غلط طور پر بھی استعمال کیا گیا ھے۔ مگر پھر بھی اعتراض نہیں کیا گیا۔ یقیناً حکومت کی مراد

اس آرڈیننس سے اپنے سیاسی مخالفوں کی کسی صورت میں زبان بندی کرنا نہیں ہے۔ ابھی جس طرح میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ عوام کے مفاد کو اس قانون میں اس طرح ریگولیٹ کیا گیا ہے۔ پابندی نہیں ہے۔ بلکہ موجودہ جو آرڈیننس ہے اس میں ریگولیٹ کیا گیا ہے۔ restriction نہیں کی گئی ہے۔

جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے حزب اختلاف کو یقین دلاتا ہوں ہمارا منشاء اس آرڈیننس کو کسی شخص یا کسی جماعت کے خلاف استعمال کرنے کا نہیں ہے۔ اب ہم بالکل قانون اور آئین کے مطابق جب بہت ضروری ہوگا۔ وہی استعمال کرنے کیلئے اسکو لگا رہے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ جناب والا میں اس ایوان سے استدعا کروں گا کہ اس قرار داد کو پاس کردے اور اس آرڈیننس کی توسیع کردی جائے۔

Mr. Speaker: I will now put the question. The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964..

(The motion was carried.)

THE PROVINCIAL INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1964

Mr. Speaker: Next motion.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir I beg to move—

That the Assembly do approve of the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Assembly do approve of the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ -) — Opposed, Sir. جناب والا
میں اس موضوع پر کوئی تقریر کرنا نہیں چاہتا - اس تحریک کی محض
اس لئے ہم مخالفت کر رہے ہیں کہ یہ آرڈیننس کی شکل میں آئی ہے -
ورنہ اس آرڈیننس کے ذریعہ محض چھوٹی صنعتوں کی تعریف جو کہ
ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن آرڈیننس میں دی ہوئی ہے اس
کی ترمیم کرنا مقصود تھی - پہلے وہ تعریف اس بنا پر کی گئی تھی
کہ کس کارخانہ میں کتنے افراد کام کرتے ہیں اب اس کو اس طرح
ترمیم کردیا گیا ہے - کہ اب اس کارخانہ کی مالیت کیا ہے - اس
کی اس بنا پر تو ہم مخالفت نہیں کر رہے بلکہ محض اس بنا پر
کر رہے ہیں کہ یہ آرڈیننس کی شکل میں آیا ہے - اگر یہ ایک بل
کی شکل میں آتا شائد اس وقت جتنی باتیں کہی ہیں اتنی کی ضرورت
نہ ہوتی - میں اس بنا پر اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں -

Mr. Speaker: I will now put the question. The question is—

That the Assembly do approve of the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th September, 1964.

(*The motion was carried.*)

THE WEST PAKISTAN ESSENTIAL ARTICLES (CONTROL AMENDMENT) ORDINANCE, 1964.

Mr. Speaker: Next motion.

Minister of Education: Sir, I beg to move:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th September, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th September, 1964.

Mr. M. A. Hamza:
Khawaja Muhammad Safdar: } Opposed.

Mr. Speaker: Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) — جناب سپیکر - آپ کو بھی احساس ہوگا - اور گورنمنٹ کے احساس کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - (قہقہہ) لیکن اس صوبے کی عام آبادی جانتی ہے کہ جیسے ہمارے اس ملک میں ہنگامی قوانین نافذ کرنے کا معمول ہے - بلکہ ان کا رواج عام ہوگیا ہے - اسی طرح اشیائے صرف کی گرانی کا بھی معمول بن چکا ہے - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس ہنگامی قانون کے ذریعے حکومت جو دو سال کے لئے مزید اختیارات حاصل کر رہی ہے - آخر اس کی غرض و غایت کیا ہے -

وزیر تعلیم — غرض و غایت نیک ہے -

مسٹر حمزہ — آپ نیکی کے دشمن ہیں -

جناب صدر - ویسے یہ کہا جاسکتا ہے کہ گورنمنٹ کے قانونی اسلحہ خانہ میں یہ ایک بڑا ہی موثر قسم کا قانون ہے - اگر ان کی نیت درست ہو - تو اسے نیک مقاصد کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے - اور اس کے ذریعے صارفین کے حقوق کی حفاظت کی جاسکتی ہے - حقیقت یہ ہے کہ وہ مہذب قسم کی لوٹ کھسوٹ جو اس وقت سرمایہ داروں نے اس ملک میں مچا رکھی ہے - اس کی روکاوٹ اور سدباب کیلئے اس آرڈیننس کی رو سے حکومت نے بڑے اختیارات لے رکھے ہیں - لیکن جن اشیائے صرف کا ذکر Schedule میں ہے - ان کی قیمتوں کے بارے میں ہماری پبلک بڑے عرصے سے - حتیٰ کہ آج بھی زیادتی کی شکایت کر رہی ہے - اور یہ شکایت بڑے عرصے سے چلی آرہی ہے - حالانکہ وہ ضروری اشیا جن پر اس قانون کے ذریعے کنٹرول کیا جاسکتا ہے - اور ان کی فراہمی - رسد اور تقسیم پر کڑی نگرانی کی جاسکتی ہے - یہ ہیں - مثلاً اخباری کاغذ - گاڑیاں - کوئلہ - لوہا - سیمنٹ - سوتی - اونی اور ریان کا کپڑا - سائیکل - ٹائر اور ٹیوب - لیکن جیسا کہ میں عرض کرچکا ہوں کہ ہماری حکومت صارفین کے حقوق کے تحفظ کو اپنا فرض نہیں سمجھتی - بلکہ اس بات کا آپکو بھی علم ہوگا کہ ہمارے ملک کے اقتصادی ماہرین جو ہمارے ملک کی اقتصادی پالیسی چلانے پر مقرر

ہیں۔ Economic Experts یا Economists جو ہیں۔ ان کا رویہ ان نام نہاد مفتیان کا سا ہے۔ جن کو بعض اوقات بلکہ اکثر اوقات ہماری حکومت خریدتی ہے۔ اور اپنی مرضی کے مطابق ان سے فتوے لیتی ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ اس ملک کی مادی یا صنعتی ترقی تیز تر کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ دولت کم سے کم ہاتھوں میں سمٹ جائے۔ اگر دولت کی مساویانہ تقسیم ہوگی تو Savings کم ہوجائینگی۔ اور ان Savings کے ذریعے جو دولت حاصل ہوگی۔ اسے صنعتوں میں invest کرنا بہت ہی مشکل ہوگا۔ بلکہ ناممکن ہوگا۔ چونکہ ہماری گورنمنٹ ان کی رائے پر عمل کرتی ہے۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ یہ رائے ہماری حکومت کو بہت ہی پسندیدہ ہے۔ اس لئے اس پالیسی پر بڑی سختی سے عمل کیا جا رہا ہے۔

جناب سپیکر۔ جہانتک اشیائے صرف پر کنٹرول کا تعلق ہے۔ خواہ یہ انکی فراہمی یا تقسیم پر ہی کیوں نہ ہوں۔ اس کیلئے لازم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کی انتظامیہ مشینری انتہائی دیانتدار۔ فرض شناس اور قابل اشخاص پر مشتمل ہو۔ میں پہلے بھی کئی بار عرض کرچکا ہوں کہ ہمارے ملک میں انتظامیہ موجود ضرور ہے۔ لیکن اسے عموماً جن اغراض و مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان میں یہ اغراض و مقاصد شامل نہیں ہوتے جن کیلئے انہوں نے اس قسم کا ہنگامی قانون نافذ کیا ہے۔

جناب سپیکر — آپکو اس چیز کا بھی علم ہوگا کہ ہماری گورنمنٹ نے پچھلے دو سال سے کئی ایک اشیائے صرف پر سے کنٹرول کی پابندیاں اٹھا رکھی ہیں۔ اس چیز کا اگرچہ ان لوگوں نے اپنے منہ سے کبھی اعتراف نہیں کیا۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ سچی بات کہنے سے ہمیشہ ہچکچاتے ہیں۔ میرے نزدیک اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک کی انتظامیہ مشینری جس نے ان کنٹرولز کو نافذ کرنا ہے۔ اسقدر corrupt ہوچکی ہے اور اسقدر نا اہل ہے کہ بجائے اس کے کہ اس سے صارفین کو فائدہ

پہنچتا ۔ اس سے انتظامیہ کے افسران اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کو بہت زیادہ فائدہ پہنچ رہا ہے ۔ اسی لئے ہماری گورنمنٹ نے سب کنٹرول وغیرہ ہٹا دیئے ہیں۔ اس کے باوجود میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اس قسم کے قوانین آئندہ دو سال کیلئے کیوں نافذ کیا جا رہے ہیں۔ کیا آپ آئندہ دو سال کے دوران انتظامیہ مشینری کو عملی طور پر پہلے سے بہتر بنا سکیں گے ۔ جب کہ ہم نے ابھی حال ہی میں دیکھا ہے کہ آپنے اس کی صلاحیتوں بلکہ اس ساری انتظامیہ مشینری کو اپنی مخصوص سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا ہے ۔

وزیر تعلیم — یہ غلط ہے ۔

مسٹر حمزہ — اور آج بھی اسی سختی سے استعمال کر رہے ہیں ۔

جناب سپیکر — جہانتک ذخیرہ اندوزی یا بلیک مارکیٹنگ کا تعلق ہے ۔ یا اشیائے صرف کی گرانی کا تعلق ہے ۔ اس وقت سارا ملک اور اس کی عام آبادی سخت پریشان ہے ۔ لیکن اس وقت ہماری حکومت نے جس قسم کی مراعات ہمارے ملک کے سرمایہ داروں یعنی Capitalists اور Industrialists کو۔ نیز تجارت پیشہ لوگوں کو دے رکھی ہیں ۔ بالخصوص ان لوگوں کو جو بڑے پیمانے پر بڑی بڑی فیکٹریوں کو کنٹرول کرتے ہیں۔ میں چھوٹے موٹے کارخانہ داروں کا ذکر نہیں کر رہا ۔ کہ ان مراعات نے ان کو پبلک کے مفاد سے بالکل بے نیاز کر دیا ہے۔

اس کے علاوہ بعض اشیا کی درآمد پر اس قسم کی پابندیاں ہیں ۔ جن کی وجہ سے وہ Healthy Competition کی فکر سے بالکل بے نیاز ہو چکے ہیں ۔ اس وقت ہمارے ہاں اشیائے صرف کی cost of production ہی اس قدر زیادہ ہے کہ ہم اسے صارفین پر ایک indirect ٹیکس کے علاوہ اور کچھ بھی قرار نہیں دے سکتے ۔ ایک طرف وہ cost of production زیادہ ہونے کے باعث healthy competition سے بے نیاز ہیں ۔ اور دوسری طرف المیہ یہ ہے کہ آپ قیمتوں پر دیانتداری سے کنٹرول نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر! اس سے زیادہ خطرناک چیز اور کوئی نہیں۔ خاص طور پر ملک کے مستقبل کے لئے یہ چیز بے حد خطرناک ہے۔ کہ ملک کی دولت سمٹ کر چند ہاتھوں میں آجائے بڑے بڑے سرمایہ داروں نے حکومت کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے ایک نسخہ ایجاد کیا ہے۔ اور اس نسخہ کو کامیاب پایا ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے۔ کہ بجائے صارفین کی ضروریات کا خیال رکھنے کے حکومت چلانے والوں سے میل جول پیدا کیا جائے۔ بڑے بڑے افسران سے تعلقات بڑھائے جائیں۔ اس سے آپ اس قوم کے غریب صارفین کو لوٹ سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ عام صارفین کے مفاد کی قطعاً حفاظت نہیں کی جاتی۔ ان کی طرف سے جب کسی وقت کچھ اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں۔ تو حکومت ان پر کان دھرنے کو قطعاً تیار نہیں ہوتی۔ ملک کی اقتصادی پالیسی۔ امپورٹ اور ایکسپورٹ پالیسی fiscal پالیسی اور Taxation کے بارے میں تمام عام صارفین کے حقوق کی حفاظت قطعاً نہیں کی جاتی۔ اور نہ ہی ان کی حفاظت کے لئے کوئی قواعد مرتب کئے جاتے ہیں۔ اس کی غرض و غایت محض یہ ہوتی ہے۔ کہ چند گنے چنے لوگوں کے ناجائز مفادات کی حفاظت کی جائے۔

جناب سپیکر۔ پہلے بھی یہ سرمایہ دار گورنمنٹ کے بڑے بڑے افسران۔ اور جو حکومت کے چلانے والے ہیں۔ ان کے ساتھ میل جول رکھا کرتے تھے۔ اس الیکشن کے بعد صورت حال یہ پیدا ہوگئی ہے۔ کہ اب انہوں نے دیکھ لیا ہے۔ جانچ لیا ہے۔ سمجھ لیا ہے الیکشن میں لوگوں نے روپیہ لگا کر مقابلتاً بہت زیادہ روپیہ کمایا ہے۔ اور سیاست کے میدان کو نفع بخش پایا ہے اس میدان میں آکر انہوں نے روز افزوں ترقی حاصل کی ہے۔

Mr. Speaker : The member may please finish his speech within two minutes.

مسٹر حمزہ۔ میں اپنی تقریر کم از کم ۴۰ منٹ میں ختم کر سکوں گا۔

Mr. Speaker : I understand that the working arrangement was different.

Khawaja Mohammad Safdar: We will adjust it.

مسٹر حمزہ – مجھے پیر کو موقع دے دیا جائے۔

خواجہ محمد صفدر– آج جمعہ کا دن ہے۔ ورنہ اگر وقت بڑھا دیتے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں تھا۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)– پھر کل اجلاس کرلیا جائے۔

مسٹر حمزہ– ہم پیر کو کمی پوری کرلیں گے۔

خواجہ محمد صفدر– آپ نے دو آرڈیننس کے متعلق کہا تھا۔ وہ ہوجائیں گے۔

وزیر تعلیم– آپ پرسوں کمی نکال لیں۔

خواجہ محمد صفدر– بعض دوستوں کو اعتراض ہوگا۔

مسٹر سپیکر– کل کے متعلق کیا خیال ہے۔

خواجہ محمد صفدر– کل تو مشکل ہے۔ کیونکہ بعض لوگ باہر جارہے ہیں۔

مسٹر حمزہ – جناب سپیکر۔ موجودہ نظام حکومت اس قسم کا ہے۔ کہ کارخانہ دار اپنی دولت کے زور سے قانون ساز اداروں میں بڑی آسانی سے جاسکتے ہیں۔ اور دولت کی کرشمہ سازی سے ایوانوں میں پہنچکر عام افراد کے حقوق کی حفاظت کی بجائے زیادہ سے زیادہ امپورٹ لائسنس حاصل کرتے ہیں اور قیمتوں کو بڑھانے کا اہتمام زیادہ موثر طریقہ سے کرسکتے ہیں۔ اس لئے آج قوم کے سامنے یہ لمحۂ فکریہ ہے۔ کہ ان سرمایہ داروں کے پاس اس قدر دولت جمع ہونے کو کس طرح روک سکیں۔

وزیر تعلیم– جب ریزولیوشن کے متعلق تقریریں ہو رہی تھیں تو کہا گیا تھا کہ۔ **15 Time Limit** منٹ ہونی چاہیئے۔

خواجہ محمد صفدر — Legislation کے متعلق یہ Point تو بڑی دیر ہوئی۔ Decide ہوچکا ہے۔

مسٹر حمزہ — عوام کے نمائندوں کی حیثیت سے قانون ساز ایوانوں میں پہنچ کر یہ سرمایہ‌دار اپنی تجارت اور صنعت کو فروغ دیں گے۔ اس لئے تجارتی اغراض کے لئے پہلے سیاسی میدان میں آئیں گے۔ اور پھر ان ایوانوں میں آنے کی کوشش کریں گے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ قوم کے سامنے یہ سب سے بڑا لمحۂ فکریہ ہے کہ ان بڑے بڑے سرمایہ داروں کو ان کی من مانی کی کس حد تک اجازت دی جاسکتی ہے۔ ان حالات کو دیکھ کر قوم آج انگشت بدندان ہے۔ مگر یہاں حالات اس قدر پیچیدہ ہوگئے ہیں۔ کہ پہلے تو یہ سرمایہ دار اس ایوان میں آکر تجارت کی بات سوچتے تھے۔ اور اب ہمارے بوڑھے سربراہوں کی ہوس زر اس قدر بڑھ چکی ہے۔ ہمارے بوڑھے سربراہوں کی ہوس زر اس قدر جوان ہوچکی ہے۔

مسٹر سپیکر — موجودہ آرڈیننس میں Essential Article آرڈیننس کی زندگی بڑھائی گئی ہے۔ اس کے متعلق کچھ فرمائیں۔

مسٹر حمزہ — اس وقت Essential Articles کی قیمتیں اس قدر زیادہ ہیں۔ سیمنٹ کی قیمتیں دیکھیں۔ Vehicles کی قیمتیں اس قدر زیادہ ہیں۔ کہ عام آبادی کتنے عرصہ سے چیخ و پکار کر رہی ہے۔ لیکن ہماری حکومت ان کی تکالیف کی طرف کان نہیں دھرتی۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آخر یہ صورت حال کیوں پیدا ہوئی۔ میں یہ بھی آپ کی خدمت میں اور اس ایوان کی خدمت میں عرض کردینا چاہتا ہوں کہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت یہ صورت حال پیدا کی گئی ہے تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ ان کو اس قدر ہوس زر ہے کہ اب انہوں نے تجارت اور صنعت کے میدان کو مفید پایا ہے۔ اب آپ خود ہی اندازہ لگالیں۔ کہ وہ لوگ جن کے پاس لاکھوں روپیہ تھا۔ اور اقتدار کی مسند پر بیٹھے تھے۔ انہوں نے اس دولت کی بنا پر کیا کچھ کیا ہے۔

Mr. Speaker: The member is not relevant.

Minister for Revenue (Khan Pir Mohammad Khan) : He should be asked to sit down.

مسٹر سلطان محمد اعوان– پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ جب بھی حمزہ صاحب تقریر کے لئے کھڑے ہوتے ہیں ۔ تو ہاؤس میں کورم نہیں رہتا ۔ ان کے یہ جملے تلے الفاظ ہم تین سال سے سنتے آرہے ہیں ۔

Mr. Speaker : He is within his right.

مسٹر حمزہ ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری حکومت کے اسلحہ خانوں میں اس قسم کے قوانین کیا معنی رکھتے ہیں ۔ انکی کیا ضرورت ہے اور اسکی میعاد بڑھانے کیلئے ایسے ہنگامی قانون کو کاہے کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔ ابھی دو تین دن گزرے سیمنٹ کی گرانی یا اسکی نایابی اور مقررہ نرخوں پر نایابی کی شکایت اس ایوان میں پیش کی گئی تھی ۔

Mr. Speaker : The house now stands adjourned to meet again on Monday at 9-00 a.m.

(The Assembly then adjourned till 9-00 a.m. on Monday, the 25th January, 1965.)

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 6233)

STATEMENT W

POLICE DEPARTMENT

	S.S.P.	S.P.	A.S.P.	D.S.P.	P.D.S.P.	Inspectors	Sergeants	S.-Is.	A.S.Is.	H.Cs.	P. Cs.
LAHORE DISTRICT											
1947-48	1	2	..	6	1	19	4	98	170	445	3,561
1962-63	1	2	2	6	1	26	5	118	233	600	4,598
SIALKOT DISTRICT											
1947-48	..	1	..	1	1	5	1	31	47	113	769
1962-63 ..	..	1	..	1	..	7	1	36	54	120	866
GUJRANWALA DISTRICT											
1947-48	...	1	..	1	..	3	..	29	34	93	677
1962-63	..	1	..	1	1	4	..	32	35	93	685
SHEIKHUPURA DISTRICT											
1947-48	..	1	..	1	..	3	..	31	53	87	637
1962-63	..	1	..	1	1	5	..	29	49	93	639

	Excise		Traffic		Black Marketing		Smuggling	
	1947-48	1962-63	1947-48	1962-63	1947-48	1962-63	1947-48	1962-63
جناب والا ۔ اس میں شک نہیں کہ سرونسٹن چرچل ۶۰ سال کے عرصہ سے دارالعوام کے رکن رہے ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ وہ عظیم پارلیمنٹیرین تھے اس میں شک نہیں کہ وہ عظیم مدبر تھے ۔ اس میں شک نہیں کہ وہ بہت بڑے سیاست دان تھے ۔ اس میں شک نہیں کہ وہ Strategist تھے اور ملٹری Strategy کے ماہر تھے لیکن جہاں تک ان کی ان صفات کا تعلق ہے ان کے علاوہ وہ انگریزی زبان کے بہترین مصنف تھے اس صدی کے بڑے مقرر تھے ان کی کتابیں خواہ وہ History of World War ہو ۔ خواہ History of the English Speaking People ہو خواہ My Contemporaries ہو سب آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں ۔ ان کی زبان بے حد پاکیزہ اور شستہ ہے ۔ وہ ایک منفرد قسم کے مصور تھے ۔ دراصل وہ ایک فرد نہیں تھے بلکہ ایک انسٹی ٹیوشن تھے ۔ اور اپنے ہر فن میں کمال رکھتے تھے ۔ ایسے عظیم انسان کا اس دنیا سے گذر جانا اس دنیا کے لئے ایک سانحہ ہے ۔ میں انگریز قوم ۔ لیڈی ونسٹن چرچل اور مرحوم کے ورثا سے اپنے دوستوں کی طرف سے اور اپنی طرف سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس تحریک کی تائید کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر — ہم آج ایک عظیم انسان کے لئے سوگوار ہیں ۔ سرونسٹن چرچل کو تاریخ عالم میں ایک منفرد مقام حاصل تھا ۔ اور ان کی شخصیت نہ صرف انگلستان کے لئے بلکہ ساری دنیا کے لئے ایک بہت بڑے مینار کی طرح تھی ۔ سرونسٹن چرچل ایک بہت بڑے مدبر ۔ شعلہ بیان مقرر تاریخ دان

اور ادیب تھے ۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جن لوگوں کو اپنی قوم کے نام ان کی نشری تقریریں سننے کا اتفاق ہوا ہے ۔ وہ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ ان کی شعلہ بیانی تھی جس نے انگریز قوم کے حوصلوں کو بلند رکھا ۔ اور ایسے وقت میں جب ان پر ہر طرف سے ادبار کے بادل چھا رہے تھے انہوں نے حوصلے نہ ہارے ۔ ان کی وہ مشہور تقریر جس میں انہوں نے قوم کے سامنے خون آنسو اور پسینہ بہانے کا نسخہ پیش کیا تھا مجھے اچھی طرح یاد ہے یہ وہ وقت تھا جب نازی جرمنی کے ہزاروں ہوائی جہاز ہر روز و شب انگلستان پر بمباری کر رہے تھے اور یہ نظر آتا تھا کہ اب شاید تاریخی رودبار انگلستان جرمنی کے انگلستان پر قبضہ کی راہ میں حائل نہ ہوسکے گی ۔ اس وقت سرونسٹن چرچل کی تقریروں نے انگریز قوم کو ایک آہنی عزم دیا اور قوم کا بچہ بچہ اپنے وطن عزیز کی حفاظت کے لئے اٹھ کھڑا ہوا ۔

سرونسٹن چرچل کی شخصیت کے بہت سے پہلو تھے اور ہر پہلو میں انہوں نے کمال حاصل کیا ۔ ان کی تصانیف ویسے تو بیشمار ہیں لیکن ''انگریزی زبان بولنے والے لوگوں کی تاریخ،، اور ''دوسری جنگ عظیم،، ان کی اتنی معرکتہ الارا کتابیں ہیں کہ جب تک دنیا میں انگریزی زبان بولی جاتی رہے گی سرونسٹن چرچل کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا رہے گا ۔

سرونسٹن چرچل بہت بڑے حوصلے اور جرأت کے مالک تھے ۔ انہوں نے اپنی زندگی میں کئی بار موت کو بھی چل دینے کی کوشش کی اور اگرچہ ہر انسان فانی ہے اور اسے ایک نہ ایک دن اپنے خالق کے پاس جانا ہے انہوں نے آخری بار بھی موت کے ساتھ ۷۰ دن جنگ کی اور بالآخر کل اپنی جان جان آفرین کے سپرد کردی ۔

سرونسٹن چرچل ایک عظیم پارلیمنٹیرین تھے اور ان کی موت ان کی قوم کے لئے بالخصوص اور ساری دنیا کے لئے بالعموم ایک بہت بڑا نقصان ہے اور جو کچھ ایوان میں آج ان کے متعلق کہا گیا ہے ۔ میں حرف بہ حرف اس سے متفق ہوں اور اب میں ایوان سے استدعا کرتا ہوں کہ ہم خاموشی سے کھڑے ہوکر دو منٹ کے لئے اس عظیم انسان کو خراج عقیدت پیش کریں اور انگلستان کے لوگوں اور مرحوم کے خاندان کو اسمبلی کی طرف سے تعزیتی پیغام بھجوائیں ۔

وزیر تعلیم — جناب والا ۔ اگر خواجہ صاحب متفق ہوں تو دو ایڈ جرزنمنٹ موشن ملتوی کردئے جاویں ۔

Khawaja Muhammad Safdar: We will manage it.

رہنے دیں - کرلیں گے -

QUESTION OF PRIVILEGE

RE, WILFUL BREAKING OF QUORUM BY THE MINISTER OF AGRICULTURE ON 20TH JANUARY, 1965 (*Speaker's Ruling*)

Mr. Speaker: Now, I will give my ruling on the question of Privilege raised by Allama Rehmatullah Arshad, on 21st January, 1965.

Allama Rahmatullah Arshad has moved a motion that on 20th of January, 1965, the day fixed for discussion on Private Members' Bills, the National Languages Bill moved by him was included in the Order of the Day and that it was going to be placed before the House for its final decision, but Malik Qadir Bakhsh, Minister for Food and Agriculture asked the Members of the Majority Party to go out of the Chamber and having thus willfully broken the quorum of the House has deprived him of his right to get the proposed legislation steered through and has thus committed a breach of privilege of this House.

This privilege motion has been opposed on the grounds:—

Firstly, that no breach of privilege of the Member concerned or this House has taken place; and

Secondly, the facts alleged in this motion are not correct.

Before holding the motion in order, the first thing to be seen is whether *prima facie* there is any breach of the privilege of this House or the Member. May has defined "Parliamentary Privilege" as the sum of the peculiar rights enjoyed by the House collectively or by a Member individually without which he could not discharge his functions and which exceeds those possessed by other bodies or individuals. The privileges of a House are the rights which are absolutely necessary for the due execution of its powers. These rights are enjoyed by the Members because the House cannot perform its functions without unimpeded use of the services of its Members and by every House for the protection of its Members and the vindication of its own authority and dignity. When any of these rights and amenities, both of the Members individually and of the Assembly in its collective capacity, which are known by the general name of 'privileges' are disregarded or attached by any nidividual or authority, a breach of privilege takes place. In the famous case of Shirley versus Fag, in asserting that privilege of Parliament belongs to every Member of the House of Commons it was declared that the reason of that privilege is that the Members of the House of Commons may freely attend the public affairs of that House without disturbance or interruption.

It is, therefore, the right and privilege of every Member of a House to be provided with an opportunity of being in a position to carry on the public affairs of the House uninterrupted and undisturbed. The State and the constituents both expect that a Member, while performing his public duties, should not be disturbed; rather be provided an opportunity and atmosphere of performing his duties smoothly. Any attempt made in this behalf to obstruct a Member in the performance of his public duties or in the performance of his parliamentary obligations inside the House would surely be tantamount to the breach of privilege. Any hindrance or obstruction caused by a person howsoever high he may be, in the performance of the public duties of a Member, would, therefore, give a cause of action to a Member to raise a question of the breach of the privilege for the intervention of this august House. Any obstruction caused to the rights or privileges of the Members does not only deserve the severest condemnation but is always jealously guarded by the Chair.

In the present case it is to be determined whether Allama Rahmat Ullah Arshad, the learned mover, had the right or the privilege of having the quorum in the House till the time the National Languages Bill was passed by the House and secondly, whether he had been deprived of his right by the willful intervention of Malik Qadir Bakhsh. There is no doubt that the maintenance of quorum in the House is a constitutional obligation for carrying on the proceedings of the Assembly and keeping quorum adds to the dignity and decorum of the House but it is not the privilege of a Member that the House should be in quorum and the keeping up or breaking of the quorum is the act of the Assembly itself and not of a particular Member. In Legislative Assembly Debates dated 18th August, 1943, pages 659-660, it has been ruled by the President, "I do not think the House would like me to hold that it is the duty of the Government Members and Members nominated by the Government alone to attend the House regularly and in proper time and that an equal duty does not devolve on the Members who have been elected by constituents. If I were to lay down any such ruling, it would mean that the constituencies need not look to their elected Members to attend the Assembly and carry on the business of the House. I should be very loath to lay down any such ruling." It is, therefore, the responsibility of the entire House to keep quorum in the House and none else but the whole House is responsible for breaking or maintaining the quorum. The action of breaking the quorum is, therefore, the action of the House itself and cannot give rise to a breach of the privilege.

On the factual side, Malik Qadir Bakhsh has denied the allegations contained in the privilege motion itself and has stated that he neither persuaded any Member nor tried to break the quorum on the said day. On the other hand, Allama Rahmat Ullah Arshad has emphatically asserted that the quorum was not maintained at the instigation of Malik Qadir Bakhsh. The contention of Allama Rahmat Ullah Arshad that the Majority Party did not want a debate on the National Languages Bill on the said day and, therefore, they broke the quorum is based on conjectures only. The Government Party having a majority could resist the passage of the Bill by using parliamentary tactics

and it cannot be expected that the Majority Party would have thought of escaping the passage of the bill by resorting to such a tactic of breaking the quorum thereby not only setting a bad precedent but also wasting one full day of the Assembly and the public money. The facts alleged by the learned mover have been emphatically denied by Malik Qadir Bakhsh, who is well known for being one of the senior-most Ministers and an old seasoned parliamentarian of this Province. No corroborative evidence in support of the contention of Allama Rahmat Ullah Arshad has been produced.

In Legislative Assembly Debates of 23rd February, 1932 at pages 1078-1079, it was observed by the President that representations had been made to him regarding obstruction of Members entering the Chamber. The Chair wished to inform the Honourable House that the Leader of the Opposition, Sir Hari Singh Gour, complained to the Chair that on two occasions when the afternoon sittings of the Assembly had to be adjourned for want of quorum, organised efforts were made by some Members in the Lobby, thereby preventing other Members from entering the House. The Chair considered that this was a serious complaint to make of interference with the normal business of the House and called upon Sir Hari Singh Gour to furnish proof in support of his allegations. Sir Hari Singh Gour furnished the names of some Honourable Members who would support the allegations made. The Chair addressed letters to these Members, and received their replies. Enquiries were also made in other directions with the result that the Chair was satisfied that there was interference and obstruction in the Lobby on these two occasions with the object of preventing Honourable Members from entering the House. As this was the first occasion on which the attention of the Chair had been drawn to this incident, it did not propose to take any action but gave a clear warning against repetition of such tactics.

I would also like to refer to May's Parliamentary Practice 16th Edition page 122 wherein by the reference of House of Commons Debate 1948-49, page 470, it is stated that on 30th of November, 1949, a Member informed the House that a stranger had endeavoured to dissuade a Member from entering a Committee Room in order to prevent the formation of quorum on the Standing Committee of a Bill, Mr. Speaker called for a report on the incident from the Sergeant-at-Arms but the House took no action on the ground of privilege.

In view of the authorities cited above and the denial of facts by Malik Qadir Bakhsh, Minister for Food and Agriculture, and in the absence of any corroborative evidence by Allama Rahmat Ullah Arshad, I hold that there is no *prima facie* case of the breach of privilege of this House and the motion is, therefore, ruled out of order.

علامہ رحمت اللہ ارشد— میں ملک قادر بخش صاحب کی کامیاب جدوجہد پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

وزیر مال— اور اس کے ساتھ معذرت بھی کریں۔

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker: Now, we will take up adjournment motions. Adjournment motion No. 45.

وزیر تعلیم — جناب والا میری درخواست پر تحاریک التوا نمبر ۱۴ اور ملتوی کی گئی تھیں ۔ مجھے امید ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس آج تشریف لے آئیں گے ۔ میری اطلاع کے مطابق وہ آج شام کو تشریف لے آئیں گے ۔ چنانچہ میں آپ سے استدعا کروں گا کہ یہ کل پر ملتوی کردی جائیں ۔

مسٹر سپیکر — نمبر ۱۴ اور نمبر ۴۴ ؟

I think Khawaja Sahib has no objection.

Khawaja Muhammad Safdar: No objection Sir.

Mr. Speaker: These two motions would be taken up tomorrow. Next motion, Khawaja Sahib.

INTERFERENCE BY THE REVENUE STAFF OF JHELUM DISTRICT IN THE PRESIDENTIAL ELECTIONS.

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful interference by the Revenue staff of Jhelum District in the Presidential Election, in so far as they served the members of the Electoral College of District Jhelum with notices to attend a political meeting for convessing support for the Convention Muslim League candidate, President Muhammad Ayub Khan. This meeting was to be addressed on the 17th November, 1964, by Sh. Masud Sadiq, Finance Minister & President of West Pakistan Convention League and Sheikh Khurshid Ahmed, Central Minister for Law. This action of the Revenue staff of District Jhelum has lowered the prestige of the Provincial Government in the eyes of the public.

وزیر مال (خان پیر محمد خان) : میں اسے Oppose کر رہا ہوں جناب۔ مجھے واقعات سے قطعاً انکار ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ جو Notices issue ہوگئے تھے ان کی کاپی یہاں ریکارڈ پر لے آتے اور ہم دیکھتے کہ اس میں کوئی صداقت ہے یا نہیں تو حقائق جو ہیں ہمیں ان سے انکار ہے ۔ باقی انہوں نے کہا ہے ریونیو سٹاف جو کہ جہلم ڈسٹرکٹ کا ہے ۔ یہ چیز بھی Vague ہے اور اگر فرض کریں کہ کوئی دخل اندازی ہوگئی ہے جس سے مجھے انکار ہے تو ہم کس پر ہاتھ رکھیں یا باز پرس کریں یا جواب طلبی کریں گے ۔ آیا یہ کوئی تحصیلدار ہوگا ۔ افسر مال ہوگا ۔

نائب تحصیلدار ہوگا گرداور ہوگا کون ہوگا۔

Revenue staff right from the Deputy Commissioner, up to a Patwari

ہم کس کس پر ہاتھ رکھیں کہ کون کون اس میں شامل تھے۔ ان کے کہنے کے مطابق تو جیسا کہ میں نے عرض کردیا کہ واقعات سے بھی انکار ہے۔ انہوں نے نوٹس کی کاپی شامل نہیں کی اور میں نے جو رپورٹ دی ہے وہ کہتے ہیں کہ ریونیو سٹاف کی طرف سے کوئی ایسی حرکت نہیں ہوئی جو قابل اعتراض ہو یا کہ انہوں نے اس مہم میں کوئی حصہ لیا ہو یا شیخ صاحب کی میٹنگ کے لئے کوئی نوٹس جو جاری کئے گئے ہوں کہ وہ جمع ہوں۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ۱) : جناب والا۔ میں ایک پریس رپورٹ پیش کرتا ہوں۔ بی ڈی کے ارکان کو مدعو کرنے کے لئے جو دعوت نامے جاری کئے گئے تھے اس کا مضمون یہ تھا کہ آپ کی اطلاع کے لئے تحریر کیا جاتا ہے کہ مورخہ ۱۷ نومبر ۱۹۶۴ء کو ساڑھے دس بجے قبل دوپہر گراؤنڈ بالمقابل سیشن کورٹ جہلم میں عزت مآب شیخ خورشید احمد وزیر قانون حکومت پاکستان اور عزت مآب شیخ مسعود صادق وزیر خزانہ مغربی پاکستان آپ سے ملاقات کریں گے۔ وقت مقررہ پر تشریف لاکر مشکور فرمائیں۔ دعوت نامے بلا دستخط تھے اور مدعوین کے نام دعوت ناموں سے بالکل حذف تھے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا عمداً کیا گیا۔ ان دعوت ناموں کو محکمہ مال کے گرداوروں اور دیگر ملازمین کے ذریعے پہنچایا گیا اور ہڑتال کے باوجود ارکان کو بسوں کے ذریعے جہلم پہنچایا گیا۔

وزیر مال - بلا دستخط وہ کیوں۔

مسٹر سپیکر- یہ ملازمین اگر وزیر مالیات کے حکم سے جہلم گئے۔ اور بی ڈی کے ممبران کو یک جاہ کیا تو کیا یہ ان کا فرض نہیں تھا۔ جس نوٹس کے ذریعے ممبران کو بلایا گیا آیا اس میں درج ہے کہ وزرا صاحبان ان کو صدارتی انتخاب کے سلسلے میں ایڈریس کرنا چاہتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر- جناب والا۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ کو بھی علم ہے اور مجھے بھی علم ہے اور ہر فرد کو علم ہے کہ شیخ مسعود صادق صاحب اور شیخ خورشید احمد صاحب انتخابی دورے پر نکلے ہوئے تھے اور سرکاری کام کے لئے نہیں نکلے ہوئے تھے۔

Mr. Speaker: They may have been touring for that purpose but so far

as the letter or the invitation from the authorities is concerned that is the subject of the member's adjournment motion. The member is going to talk about that letter and that action of the Revenue Department. Was there anything to this effect in the letter?

خواجه محمد صفدر — اخبار سے تو ظاهر نهیں هوتا۔

Mr. Speaker: And therefore, the motion is vauge and is ruled out of order. Next motion.

ARREST OF SARDAR SIKANDAR HAYAT KHAN
S/O SARDAR SHAUKAT HAYAT KHAN

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful arrest of Sardar Sikandar Hayat Khan, s/o Sardar Shaukat Hayat Khan, General Secretary, Pakistan Muslim League, and a prominent C.O.P. leader, under the Maintenance of Public Order Ordinance on the 21st November, 1964. This unlawful and revengeful arrest of an opposition leader's young son has caused widespread resentment amongst the public of the Province.

Mr. Speaker: A similar motion on this subject has already been disposed of.

خواجه صاحب یه تو Dispose of هوچکی هوئی هے ۔

خواجه محمد صفدر- شوکت حیات خان صاحب کے صاحبزادے کے متعلق —
هاں جناب یه هوچکی هوئی هے —

Mr. Speaker: The member may please ask for leave to move the next motion.

ARREST OF NAWAB ZAHID ALI KHAN

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful arrest of Nawab Zahid Ali Khan, a prominent Opposition leader and member of the Central Sterring Committee of the C.O.P., on the 21st of November, by the Tando Allahyar Police under the Maintenance of Public Order Ordinance, 1960. This arrest coupled with the arrests of other Opposition leaders has caused reasonable apprenehension in the minds of the public of the Province that the Provincial Government is bent on gagging and intimidating the Opposition in the Province and thus harming the election campaign of

the C.O.P. Presidential Election candidate.

Minister of Education (Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo): Opposed Sir. The matter is subjudice and the motion may kindly be ruled out of order, if my friend only wants to discuss the arrest of Nawab Zahid Ali Khan. But if he wants to discuss this arrest coupled with other arrests then the adjournment motion becomes vague and it should be ruled out of order on that point too.

Mr. Speaker: Under which Section has the case been registered?

Minister of Education The case has been registered under Section 13 of the Maintenance of Public Order Ordinance by the police against him. The case is, however, proceeding against him.

Mr. Speaker: And the proceedings are pending in the court of....?

Minister of Education: It might be in the court of a Sub-Judge but the words here used are, "the case is, however, proceeding against him".

Mr. Speaker: After that explanation, does the Leader of the Opposition still press his motion?

Khawaja Muhammad Safdar: I do not press it.

Mr. Speaker: The motion is not pressed. Next motion.

LAHORE CORPORATION'S RESOLUTION REGARDING DONATION OF TEN LAKHS OF RUPEES FOR THE CONSTRUCTION OF A DIV. PUBLIC SCHOOL.

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to get the Lahore Corporation's resolution to give a donation of 10 lakhs of rupees for the construction of a Divisional Public School suspended as reported in the daily Nawai Waqt dated 11th November, 1964. This extravagant donation which amounts to misuse of public funds has ceased great resentment amongst the public of Lahore, especially when the Corporation Schools are devoid of all educational facilities for the students, and the Corporation had, due to paucity of funds, failed to provide civic amenities such as reasonably good roads, sanitation etc.

Minister of Basic Democracies (Mr. Abdul Ghaffar Khan Pasha) : This decision has been taken by the National Council of Education to provide public schools in all the divisional headquarters of West Pakistan. On this decision, the Corporation has provided rupees ten lacs. The different districts like Gujranwala, Lahore and Sialkot have been provided. On the

decision of the National Council of Education they have provided a school in all the divisional headquarters of West Pakistan and, I don't think there is anything from public side to say that they have got any objection. As far as the funds in the Municipal Corporation are concerned, we are providing good roads, we are providing sanitation in Lahore and I think Khawaja Sahib will bear me out that numerous roads have been built in Lahore and we are carrying out important development projects in Lahore. As far as the adjournment motion is concerned this decision has been taken by the National Council of Education. As far as the funds is concerned, the Corporation has itself provided it. The decision of the Corporation is a democratic one and we don't want to come in between the Corporation and the Government to supersede the resolutions.

Mr. Speaker: I think, no legal objection has been raised to the adjournment motion. I, therefore, hold it in order.

Khawaja Muhammad Safdar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to get the Lahore Corporation's resolution to give a donation of 10 lakhs of rupees for the construction of a Divisional Public School suspended as reported in the daily Nawai Waqt dated 11th November, 1964. This extravagant donation which amounts to misuse of public funds has caused great resentment amongst the public of Lahore, especially when the Corporation schools are devoid of all educational facilities for the students, and the Corporation had, due to paucity of funds, failed to provide civic amenities such as reasonably good roads, sanitation, etc.

Now I would request those Members who are in favour of leave being granted to rise in their places.

(As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused)

Mr. Speaker: Next motion.

FAILURE OF GOVT. TO MAINTAIN LAW AND ORDER DURING ELECTION TO THE ELECTORAL COLLEGE

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and public importance, namely, the failure of the Provincial Government to maintain law and order and check goondaism on the polling stations throughout the province during the recent electoral College elections, especially in Lahore on the 3rd November, 1964, when twenty persons six of them seriously, were injured. This lack of proper vigilance on the part of the law and order forces of the Province has caused grave apprehension in the minds of the public of the province that police is passively if not actively

helping the goondas in the province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I oppose it. The adjournment motion is vague and again it is about something which according to the wording of the motion is continuing . The Leader of the Opposition wants to discuss the failure of the Provincial Government to maintain law and order and check goondaism on the polling stations throughout the province during the recent electoral college election. He does not want to discuss anything which is specific, and he does not want to discuss anything which is particular. It is so vague that it does not even deserve the attention of the House. Then he wants to discuss the lack of proper vigilance on the part of the law and order forces of the province which according to him has caused grave apprehension in the minds of the province that police is passively if not actively helping the goondas. This is something which according to the motion itself is continuing.

The actual facts are that as a matter of fact it was at the instance of the SHO himself that cases were registered against those persons who played mischief in that public meeting that took place. During the elections, of course, sentiments are very high and in a public meeting everybody is entitled to go..

Mr. Speaker: Was there any incident on the 3rd November, 1964 in Lahore?

Minister of Education: There was a bit of disturbance because persons belonging to different parties were there.

Mr. Speaker: Is there any case pending in a court?

Minister of Education: Yes, a case was registered.

خواجہ محمد صفدر— جناب۔ انہوں نے پبلک میٹنگ کا بار بار ذکر فرمایا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ وہ پبلک میٹنگ کہاں سے لے آئے ہیں ۔ میری تحریک التوا میں تو پبلک میٹنگ کا ذکر نہیں ہے ۔ میں نے تو پولنگ سٹیشنوں پر جو دھینگا مشتی ہوئی تھی سر پھٹے تھے ۔ ھڈیاں توڑ دی گئی تھیں ۔ اسکے متعلق ذکر کیا تھا ۔

Mr. Speaker: He admits that there was some disorder in that polling station.

Minister of Education: I am sorry for the words 'public meeting' that I have used.

Khawaja Muhammad Safdar: Please let us know if any case has been registered?

Minister of Education: On 3.11.1964, 5 cases of hurt and rioting were registered in connection with incidents during elections. So the matter is *subjudice*.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I do not press it.

Mr. Speaker: The motion is not pressed. Next motion.

DISRUPTION OF THE PUBLIC MEETING AT LAHORE CONVENED BY THE C.O.P. ON THE DEATH ANNIVERSARY OF QAID-I-AZAM

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the District Administration of Lahore to restrain the goondas and anti-social elements of Lahore from disrupting the public meeting held on 12th September, 1964, in connection with the death anniversary of the Qaid-i-Azam, convened by the C.O.P. by cutting loud-speaker wires, throwing brick-bats and chairs on the audience and thereby injuring several persons. This lawlessness continued in the presence of police from 9.50 upto 10.35 p.m. as reported in the Press on the 13th September, 1964. The stark negligence of duty on the Part of the Lahore police to maintain law and order especially in a public meeting convened to Commemorate the death anniversary of the Qaid-i-Azam the Founder of the nation had resulted in great resentment amongst the public of the province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir, I oppose it. The allegations levelled against the police to the effect that it did not restrain the goondas of Lahore from disrupting the public meeting held on 12th September, 1964, in connection with the death anniversary convened by the C.O.P are quite baseless and unfounded. As a matter of fact the factual position is that on the given date the proceedings of the meeting started with the recitation of the Holy Quran. Thereafter some speakers addressed the meeting and criticised President Ayub. Some audience started raising slogans in favour of President. Every time the trouble started, the police made their best efforts to control the situation. It was due to the efforts of the police alone that some speakers could speak for quite some time. Had the police not taken a prompt action, the proceedings of the meeting would have been suspended at the early stage.

It may also be pointed out that no one from amongst the organisers of the meeting turned up to the Police Station to lodge a report about that incident. If the Police had been a party to the disturbances, as alleged by Khawaja Sahib, S.H.O. would not have registered a case in this connection under sections 147/337 PPC. on his own initiative. Even the Deputy Superintendent of Police and the City Magistrate were present at Police Post Mochi Gate at the time of the occurrance, but no one went to them either.

Case F.I.R. No. 201 dated 13-9-64 has been registered in this connection

and is pending investigation. So the matter is *subjudice*.

خواجہ محمد صفدر— کس کس کے خلاف مقدمہ درج ہوا ہے؟

Minister of Education: It was registered against the persons who were alleged to have taken part in the disturbances. Names are not there. But so far as the incident is concerned, the matter is *subjudice*.

Khawaja Muhammad Safdar: In that case I do not press it.

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

ATTACK ON MAULANA ABDUS SATTAR KHAN NIAZI IN LAHORE ON 18TH SEPT., 1964

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent importance, namely, the failure of the Lahore Police to check political goondaism and hooliganism in Lahore which has resulted in grave danger to the lives of very importance Opposition Leaders, so much so that on the 18th September, 1964 at about noon on a very busy road, i.e. McLeod Road, four goondas without provocation attacked Maulana Abdus Sattar Khan Niazi, a renowned political leader and inflicted several injuries on his person. This grave neglect of duty on the part of those who are charged to and paid for the protection of the lives and properties of peaceful citizens of the State has sent a wave of panic and disappointment amongst the public of the province.

مسٹر سپیکر— خواجہ صاحب۔ کیا اس واقعہ کے متعلق کوئی Adjournment motion پیش ہو چکی ہے۔

خواجہ محمد صفدر— وہ کالا باغ کے واقعہ کے متعلق ہوئی تھی

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, in this connection the first objection is that the Leader of the Opposition wants to discuss the failure of the Lahore Police to check goondaism which has resulted in grave danger to the lives of very importance Opposition Leaders. He wants to discuss the failure of the administration to control goondaism, which according to him happens to be something continuing, then he wants to discuss something which is so general according to the wordings of the motion. Then he wants to discuss something which occurred on the given date and in which Mr. Abdus Sattar Khan Niazi was injured. The report of the Police is that on 18-9-64 at about 11.15 A.M. Maulana Abdus Sattar Khan Niazi was going on a tonga on McLeod Road, Lahore. He was accompanied by three other persons including 2 students. When he reached in front of the

office of the Daily Kohistan he was attacked by four unknown persons, who pulled him down from the tonga and gave him fist blows.

After the occurrence, the complainant went to the Police Station Gowalmandi and lodged a report of the whole matter. He was accompanied by Hakim Mohammad Anwar and Shah Din, Proprietor, Good-Luck Paper Mart. A report was recorded in the Daily Diary of the Police Station. The injuries on the person of Maulana Abdus Sattar Khan Niazi were found to be simple in nature and caused with blunt weapon. He was sent to the Police Surgeon for examination and the Doctor reported that all the injuries were simple and caused with a blunt weapon. The Surgeon however, recommended X-Ray examination for one injury but the complainant refused to get himself X-Rayed and gave his refusal in writing.

As the offence made out under the circumstances was not cognizable, the police had no option but to record the report in the Roznamcha and to direct the complainant to go to a court of law as required by section 155 Cr. P.C.

Under the circumstances explained above, it is wrong to allege that the police was responsible for any neglect of duty. Apparently it was an individual act of which the administration could have no knowledge.

Again this is something which happened to be a breach of an ordinary law and in which redress is available to the complainant under the ordinary law. So far as the police is concerned, they performed their duty vigilently and whatever was required of them they did.

It was for the complainant himself. As the case was not cognizable he could go to the Court. It is not a matter of that public importance that it should be the subject matter of an adjournment motion. So, on this ground it may be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا۔ موجودہ سال میں اخبارات کے ذریعہ مجھے معلوم ہوا ہے ۔ کہ عبدالستار خان نیازی پر دو بار لاہور میں اور ایک بار کالا باغ میں حملہ ہوا ۔ عبدالستار خان نیازی کو جہاں تک میں جانتا ہوں ۔ وہ ایک مرنجان مرنج بزرگ ہیں ۔ پرانے سیاسی کارکن ہیں ۔ اور اس ملک کے قیام کی تحریک میں انہوں نے نمایاں حصہ لیا تھا ۔ اور اس بارے میں انکی خدمات بڑی واضح اور واشگاف ہیں ۔ اور چونکہ اب وہ آپوزیشن سے متعلق ہیں ۔ تو وہ جہاں کہیں بھی جاتے ہیں تو انکے ساتھ اس قسم کا نازیبا سلوک کیا جاتا ہے ۔ اس لئے میں نے اس تحریک التوا کو پیش کرکے اس سلسلے میں احتجاج کیا ہے ۔ ان کی اہمیت اس لئے ہے ۔ کہ وہ آپوزیشن کے ایک لیڈر ہیں ۔ وہ ایک عام انسان نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : آپ بھی آپوزیشن کے لیڈر ہیں ۔ آپ پر تو کسی نے حملہ نہیں کیا ۔

خواجہ محمد صفدر— ہوسکتا ہے ۔ کہ اسکے بعد میرے متعلق بھی آپ کے خیالات ایسے ہی ہو جائیں ۔ کیونکہ اگر میرے دوستوں کے ذہن میں کوئی اس قسم کا فتور آ جائے ۔ تو ہم اسکے متعلق کیا کرسکتے ہیں ۔ سوائے اس کے کہ اسکے خلاف احتجاج کریں ۔ اسلئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ یہ نہایت ہی موزوں اور مناسب تحریک ہے ۔ اور اس پر بحث کی اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker: "The matter proposed to be discussed in this adjournment motion is the failure of the Lahore Police to check political goondaism and hooliganism in Lahore which has resulted in grave danger to the lives of very important Opposition Leaders. The motion is not definite. It is couched in general terms and moreover no case has been made out that the Lahore Police has failed to do its duty which it was bound to do under in the law in force.

Therefore, the motion is ruled out of order.

LATHI-CHARGE BY THE HYDERABAD POLICE ON A PROCESSION OF HIGH SCHOOL STUDENTS

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unprovoked illegal and merciless lathi-charge by the Police of Hyderabad on a peaceful procession of High School Students on the 23rd September, 1964, thereby severely injuring seven students. This illegal act of the Hyderabad Police at the alleged promptings of a local businessman has caused great resentment amongst the public of the Province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, it is opposed. The actual position is not as has been stated by the Leader of the Opposition that a procession taken out on the given date was mercilessly lathi-charged resulting in severe injuries to students and this illegal act was prompted by a local businessman.

The correct position is that on the evening of 23rd September, 1964 some goonda element gathered in front of Hotel Orient and started throwing brickbats to damage the Hotel. They were ordered to disperse but they did not. Ultimately giving a warning especially to students, if there were any, to leave the place so that action could be taken against rowdy elements, the police had to disperse the crowd by force.

This was the actual position. This was done to save the property and persons in the Hotel. It was not against the students particularly. This action was against the gathering which was throwing brickbats and was taken just in a routine manner.

Mr. Speaker: Under Section 144?

Minister of Education: They were throwing brickbats and injuring people sitting in that hotel and causing injury to the property of the hotel. So this action was taken to stop the crowd from throwing brickbats.

Mr. Speaker. was there a lathi-charge?

Minister of Education: Yes.

Khawaja Muhammad Safdar: There was no Section 144 in the town at that time. Of course it was promulgated after this incident.

Minister of Education: My submission is that this is an action taken during the ordinary administration of law. It was in self-defence and in defence of the persons and property of the persons present in the hotel.

خواجہ محمد صفدر- میرے محترم دوست نے اس Ordinary Administration of Law کی Phrase کو بڑے وسیع معنی پہنائے ہیں - دراصل کسی Stretch of Imagination سے بھی اس Phrase کو یہ معنی نہیں پہنائے جاسکتے - دراصل انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ سب کچھ Self defence کے طور پر کیا گیا تھا - ایک پرائیویٹ پراپرٹی کی حفاظت کرتے ہوئے ان بچوں پر لاٹھی چارج کیا گیا ہے - اور میرے دوست نے اس بات سے انکار نہیں کیا ہے- کہ یہ جلوس سکول کے بچونکا تھا -

وزیر تعلیم — اس بات سے انکار کیا ہے -

خواجہ محمد صفدر — یہ واقعہ دوبار ہوا ہے - اور دونوں بار ان سکولوں کے نام بھی اخبارات نے دئیے ہیں - اور جو بچوں کی جماعت تھی - اسکے متعلق بھی ذکر تھا - کوئی Rowdy element اس میں نہیں تھے - تو ان کو Disperse کرنے کیلئے ایک بزنس مین نے چند غنڈہ عناصر کو اکٹھا کیا پہلے ان پر لاٹھی چارج کیا اور پھر ان پر پتھراؤ کیا -

Mr. Speaker: I do not agree with the contention of the learned Minister for Education that the lathi-charge by the Police was in the ordinary administration of law and I, therefore, hold the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar: Thank you very much.

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unprovoked illegal and merciless lathi-charge by the Police of Hyderabad on a peaceful procession of High School students on the 23rd September, 1964, thereby severely injuring seven students. This illegal act of the Hyderabad Police at the alleged promptings of a local businessman has caused great resentment amongst the public of the Province.

Those Members who are in favour of leave being granted, may rise in their places.

(*As less than 25 Members rose in their places, leave to move the motion was refused*)

Mr. Speaker: Rest of the adjournment motions will be taken up tomorrow.

SUPPLEMENTARY SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1964-65 (*Laid on the Table*)

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir, as required under Article 43(3) read with Article 44 and 89 of the Constitution I lay on the Table the Supplementary Schedule of Authorised Expenditure for the year 1964-65 authenticated by the Governor.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN ESSENTIAL ARTICLES (CONTROL) (AMENDMENT) ORDINANCE 1964 (*Resumption of discussion*)

Mr. Speaker: Next item on the agenda is the resumption of discussion on the Resolution moved by a Minister that the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1964, Promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th September, 1964. Mr. Hamza was addressing the House.

Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور-۶) : جناب سپیکر — میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ اس ہنگامی قانون سے حکومت نے سیمنٹ کی سپلائی اور اسکی تقسیم پر کنٹرول کے اختیارات لئے ہوئے ہیں ۔ چند دن گذرے ۔ کہ جناب وزیر قانون صاحب نے وقفۂ سوالات کے دوران میں اس ایوان کو بتایا تھا ۔ کہ کراچی میں صارفین مقررہ قیمت پر سیمنٹ خرید سکتے ہیں ۔ لیکن صوبے کے دوسرے مقامات

پر سیمنٹ کی سپلائی کا جہانتک تعلق تھا۔ انہوں نے اپنے اس بیان سے لاعلمی کا اظہار کیا ۔ میں اپنی گورنمنٹ سے جو کہ اس قسم کے اختیارات حاصل کرکے عوامی مسائل سے پہلو تہی کرتی ہے ۔ اور پہلو تہی اس حد تک کہ کسی مسئلے یا کسی تکلیف یا کسی مجبوری جو کہ عوام کو لاحق ہو ۔ اسکے بارے میں اپنی لاعلمی کا اظہار کرتے ہیں ۔ اور اسکے وجود سے ہی انکار کرتے ہیں ۔ حالانکہ عوام کو وہ تمام کی تمام مجبوریاں اور تکالیف لاحق ہیں ۔ بالاخر اس قسم کے اختیارات ان ہنگامی قوانین کے ذریعہ حاصل کرنے کا کیا مقصد ہے ۔

جناب سپیکر — جہاں تک سیمنٹ کی سپلائی پوزیشن کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جہاں تک مغربی پاکستان کے جنوبی حصے والے ہیں سیمنٹ کراچی اور حیدرآباد میں مقررہ نرخوں پر مل جاتا ہے ۔ لیکن جہاں تک سابقہ پنجاب اور سابقہ صوبہ سرحد کا تعلق ہے وہاں سیمنٹ مقررہ نرخوں سے بہت زیادہ نرخوں پر فروخت ہوتا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے ایجنٹ اور وہ لوگ جو سیمنٹ کا کاروبار کرتے ہیں ان کے گوداموں میں سیمنٹ کی بوریاں پڑی ہیں لیکن اس کے باوجود سیمنٹ مقررہ نرخوں پر نہیں ملتا اور ہماری گورنمنٹ نے مل مالکان کو اس قدر کھلا چھوڑا ہوا ہے ۔ اس قدر کھلی چھٹی دی ہوئی ہے ۔ ان پر کسی قسم کی پابندی نہیں ہے ۔ ان کو روکنا ان کے بس کا روگ نہیں ہے ۔ نہ ہی کسی قسم کی پابندی عائد کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں ۔ نہ ہماری حکومت پبلک کی نمائندہ ہے ۔ نہ ان کے سامنے جواب دہ ہے ۔ اسی لئے پہلوتہی کا رویہ انہوں نے اختیار کر چھوڑا ہے ۔ میں نے کل ہی اپنے طور پر پتہ کیا ہے کہ واہ فیکٹری جو اے سی سی سیمنٹ فیکٹری کہلاتی ہے اس سیمنٹ فیکٹری میں فی ٹن نرخ ۱۱۹ روپیہ ۵ پیسے ہے ۔ اس کے مقابلہ میں اسمٰعیل سیمنٹ فیکٹری غریب والا میں نرخ فی ٹن ۱۵۴ روپے ۵۴ پیسے ہے ۔ سیمنٹ کی قسم بعینہ ایک جیسی ہے ۔ لائلپور سے میں نے تمام حقائق حاصل کئے ہیں ۔ لائل پور میں مقررہ نرخوں پر سیمنٹ بالکل دستیاب نہیں ہوتا ۔ یہی صورت حال لاہور میں بھی ہے ۔ بلکہ میں اس چیز کو ضرور تسلیم کروں گا کہ سیمنٹ کے بلیک مارکیٹ میں جو نرخ تھے وہ پہلے سے کم ہوگئے ہیں ۔ اس کے باوجود اس وقت ساڑھے نو روپے فی بوری سیمنٹ فروخت ہو رہا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ کی طرف سے محرمانہ غفلت کا اظہار اس ایوان میں کیا جا رہا ہے ۔ اس کا پس منظر جو میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس قسم کے جتنے اختیارات گورنمنٹ کو دیئے جاتے ہیں وہ محض پبلک کو

الو بنانے کیلئے یہ سخت لفظ ہے محض ان کو دھوکہ دینے کیلئے اختیارات دیئے جاتے ہیں ۔ جہاں تک عوام کے مفادات کا تعلق ہے اور ان کے حقوق کی حفاظت کا تعلق ہے مل مالکان کی لوٹ کسوٹ کو روکنے کیلئے ہماری گورنمنٹ اس میں بری طرح ناکام ہو رہی ہے لیکن انہوں نے ہمیشہ مل مالکان کو اس معاملہ میں عوام کو لوٹنے کی زیادہ تقویت بخشی ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک نیوز پرنٹ کی سپلائی کا تعلق ہے آپ کو معلوم ہے کھلنا واحد ادارہ اور کارخانہ ہے جو کہ سارے ملک کو کاغذ سپلائی کرتا ہے ۔ آپ کو اس چیز کا بھی احساس ہوگا کہ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈر نے ہمارے اخباروں کو اور پریس کو کسی حد تک بے جان بنا دیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ پریس ٹرسٹ نے اخباری دنیا میں عجیب کیفیت پیدا کردی ہے اسکو فورتھ سٹیٹ بنا دیا ہے ۔ نیوز پرنٹ کی جو قیمتیں ہیں اس کی وجہ سے بہت بری طرح پریشان ہیں ۔ عام لوگوں کے مسائل سے ہماری گورنمنٹ کو کوئی واسطہ نہیں ہے ۔ اس کے بارے میں لاعلمی کا اظہار اس ایوان میں کیا جاتا ہے ۔ میں اس گورنمنٹ سے دریافت کرتا ہوں یہ کیا وجہ ہے کہ ایک ایسی مل جو پی آئی ڈی سی چلا رہی ہے اس کے نیوز پرنٹ کے نرخ بیرونی درآمد شدہ سے ڈیڑھ گنا ہیں ۔ اس کے متعلق ہمارا پریس آج نہیں بلکہ کافی عرصہ سے چیخ رہا ہے آخر اس کی پیداوار اور اس کی تقسیم سے متعلق یہ اختیارات گورنمنٹ نے کس لئے لئے ہوئے ہیں ۔ جہاں تک نیوز پرنٹ کی دوسری قسم کے کاغذ کا تعلق ہے اس کے بارے میں گورنمنٹ کو علم ہے کہ اس کی تمام تر سپلائی کرنافلی پیپرز مل کرتی ہے جو ہماری زیادہ ضروریات کو پوری کرتی ہے ۔ یہاں داؤد انڈسٹریز نے ہماری حکومت کے ساتھ مل کر اس ملک میں یہ ماحول پیدا کردیا ہے ۔ یہ دھاندلی کی ہے کہ یہ اپنے من مانے نرخ صارفین سے وصول کرتے ہیں لیکن عوام کی چیخ و پکار اگر ہماری گورنمنٹ کے ایوانوں تک پہنچتی ہے تو اس کا رد عمل کوئی نہیں ہوتا ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ٹیکسٹائل کا تعلق ہے جناب سپیکر ۔ آپ کو اس چیز کا علم ہوگا بلکہ ایک مہینہ نہیں گزرا اسی ٹیکسٹائل انڈسٹریز والوں نے ہماری گورنمنٹ کو الیکشن جیتنے کے لئے فی تکلہ ۔ فی پاور لوم چندہ کرکے دیا تھا ۔ بالاخر یہ حکومت کی اس قدر اعانت اور اس قدر مدد کیوں کرتے ہیں لیکن آپ اس چیز کو بھی تسلیم کیجئے یہ تمام چندے جو وصول کئے جاتے ہیں وہ ان ڈائرکٹ تمام کے تمام چندے بلکہ اس سے دس گنا زیادہ

اشیائے ضروریات اور کپڑے کی قیمتیں بڑھا کر ان ڈائرکٹلی وصول کئے جاتے ہیں ۔ یہ اسی قسم کا مجرمانہ فعل ہے ۔ ظالمانہ فعل ہے جس کے خلاف جتنا بھی شدید احتجاج کیا جائے کم ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہماری گورنمنٹ ان انڈسٹریل کو کنٹرول نہیں کرسکتی بلکہ یہ انڈسٹریل ہماری گورنمنٹ کو کنٹرول کرتے ہیں ۔

میر محمد خاں تالپور — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is now in quorum. Yes Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہماری حکومت **Industrialists** کو تو کیا کنٹرول کرے گی ۔ الٹا **Industrialists** ہماری حکومت کو کنٹرول کر رہے ہیں ۔ اور اب حالات اس قدر بگڑ چکے ہیں کہ ان کی وجہ سے ہمارے علم میں ایسی باتیں بھی آئی ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت بذات خود بہت سی **Textile** ملوں کا سودا کرنا چاہتی ہے ۔ چنانچہ اب حکومت چلانے والوں کا مطلب عام لوگوں کی طرح صرف حکومت چلانا ہی نہیں ۔ بلکہ کچھ اور ہے ۔

جہانتک **Nationalisation** کی پالیسی کا تعلق ہے ۔ اس سے تو ہماری حکومت کوسوں دور بھاگتی ہے ۔ اور اسے انتہائی ناپسند کرتی ہے ۔ ہمارے ملک میں تو روز بروز قسما قسم کی اجارہ داریاں بڑھ رہی ہیں ۔ اور جہانتک بڑی بڑی صنعتوں کا تعلق ہے ۔ یہ تو ہمارے ملک میں ایک خاص طبقے کی ملکیت بن کر رہ گئی ہیں ۔ جن پر ہماری حکومت پبلک کے مفاد کے پیش نظر کسی قسم کا کنٹرول کرنے کے بارے میں کوئی کارروائی نہیں کرتی ۔ اور نہ ہی کرنے کیلئے تیار ہے ۔

جناب سپیکر — **Mechanically propelled vehicles** کو بھی اس قانون کے ذریعے کنٹرول کرنے کا اختیار بھی ہماری حکومت نے اپنے ذمے لے رکھا ہے ۔ آپ کو علم ہوگا کہ ابھی پچھلے دنوں ہمارے ایک وزیر جو مرکز سے تعلق رکھتے ہیں کئی فرم کو ٹرک درآمد کرنے کیلئے پانچ کروڑ روپے کا لائسنس دیا گیا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ جب کوئی بھی فیصلہ کرتی ہے ۔ تو ان کے نزدیک پبلک کا مفاد کوئی اہمیت نہیں رکھتا ۔ بلکہ یہ اپنے تمام اختیارات سیاسی سودے بازی اور اپنی کرسیوں کی حفاظت

کیلئے استعمال کرتی ہے ۔

جناب سپیکر — میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ آج صورت حال اس قدر بگڑ چکی ہے کہ پہلے تو پبلک کو انتظامیہ کی خرابی ۔ سرمایہ دار کی خود غرضی اور لالچ اور ذخیرہ اندوزی کی شکایت ہوا کرتی تھی ۔ لیکن آج سیاست ۔ تجارت ۔ صنعت اور نظامت چند خاندانوں کی داشتائیں بن کر رہ گئی ہیں ۔ اور وہ آپس میں اسقدر مل جل گئے ہیں ۔ کہ ان میں سے ایک کو دوسرے سے پہچاننا انتہائی مشکل ہوگیا ہے ۔ اگر ان کے بارے میں یہ مکالمہ جوکسی شاعر نے شعر کی صورت میں ادا کیا ہے پیش کیا جائے ۔ تو میرے خیال میں انتہائی مناسب ہوگا ۔

جہانتک Executive Industrialist اور گورنمنٹ کا تعلق ہے ۔ ان کا آپس کا مکالمہ یہ ہے ۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

مسٹر سپیکر — مسٹر عبدالرازق خاں !

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳) : جناب سپیکر — اس وقت ایوان میں جو آرڈیننس زیر بحث ہے ۔ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ Essential Commodities Ordinance جس کی میعاد ختم ہو رہی ہے ۔ اسے ایک آرڈیننس کے ذریعے توسیع دی جائے ۔ اس کے خلاف اسمبلی کے پچھلے اجلاس میں بھی ایوان کے دونوں جانب سے تقریریں ہوئی تھیں ۔ جواب پھر دہرائی جا رہی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس قانون کا مقصد یہ ہے کہ بعض اشیائے صرف جن کی عوام کو روزمرہ زندگی میں اکثر ضرورت رہتی ہے ۔ اگر وہ مناسب قیمتوں پر دستیاب نہ ہوں تو حکومت کے پاس کوئی ایسا اختیار ہو جس کی مدد سے وہ ان پر کنٹرول کرسکے ۔ دراصل چاہئیے تو یہ تھا کہ اس قانون کی حمایت کی جاتی ۔ اور ایسی تجاویز پیش کی جاتیں جن سے حکومت کے ہاتھ مضبوط ہوں ۔ اور عوام کو ان کی اشیائے ضروریہ سستے داموں مل سکیں ۔ لیکن ہوا یہ کہ Essential Commodities Amendment Ordinance کی آڑ میں

دنیا بھر کی باتیں کہی گئیں۔ اس میں شک نہیں کہ ان میں سے بعض باتوں سے مجھے بھی اتفاق ہے۔ وہ یہ ہیں کہ مغربی پاکستان کے کارخانہ دار واقعی اس معیار پر پورے نہیں اترتے جس کی ہمیں ان سے توقع تھی۔ ان کو حکومت کی طرف سے اور بالخصوص قوم کی طرف سے صنعتیں قائم کرنے کے سلسلے میں جو مراعات دی گئی تھیں۔ اور ان کے ساتھ جو رعایت برتی گئی تھی۔ ان سب کا مقصد صرف یہ تھا کہ ایک تو ہم بیرونی زرمبادلہ بچا سکیں۔ اور دوسرے اپنے کارخانوں میں تیار شدہ سامان اور مال عوام کو سستے داموں فراہم کرسکیں۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر ایک کارخانہ دار آج ایک کارخانہ لگاتا ہے۔ تو چند سال بعد اس کے کارخانوں کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ وہ لاکھوں سے کروڑوں تک پہنچ جاتا ہے۔ اور غریب عوام کو اس کے Concern سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ میں خاص طور پر اپنے وزرا صاحبان اور حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہے۔ اور ان کو صدر مملکت پاکستان کا وہ وعدہ یاد دلاتا ہوں جو انہوں نے مختلف جلسوں میں بطور صدارتی امیدوار فرمایا تھا۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ ہم عوام کو ان کی ضروریات زندگی سستے داموں مہیا کرنے کا پورا پورا انتظام کرینگے۔ مجھے معلوم ہے کہ اس وعدے کی تکمیل کیلئے بعض اقدامات حکومت کی طرف سے کئے جا چکے ہیں۔ جن کی وجہ سے چینی کی قیمت کم ہوگئی ہے۔ اور سیمنٹ جو پہلے بڑا مہنگا ملتا تھا۔ اب اس کی قیمت بھی بہت کم ہوگئی ہے۔ اسی طرح کپڑے کی صورت حال کو بہتر بنانا بھی اشد ضروری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک کارخانہ داروں کے کان نہ کھینچے جائیں گے۔ محض قانون پاس کرنے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اب اس قانون کے ذریعے ہم آپ کو جو اختیارات دے رہے ہیں۔ آپ ان اختیارات کا پورا پورا استعمال کریں۔ اور اس کے استعمال کیلئے ایسے افسران مقرر کریں جو کارخانہ داروں سے مرعوب نہ ہوسکیں۔ میرا خیال ہے کہ اس طرح عوام کی تکالیف دور ہوجائیں گی۔ اور اس قانون کا مقصد بھی پورا ہوجائیگا۔ میں اس آرڈیننس کی حمایت کرتے ہوئے یہ خواہش کرتا ہوں کہ ہماری حکومت کو عوام کو سہولتیں پہنچانے کیلئے چین کی تقلید کرنا چاہئیے۔ وہاں بلیک مارکیٹ کی سزا تین سال قید یا پانچ سو روپے جرمانہ نہیں ہوتی۔ وہاں تو ایسے شخص کو سر بازار پھانسی پر لٹکا دیا جاتا ہے۔ لہذا ہمارے ہاں بھی جب تک اس کے متعلق سخت انتظامات نہ کئے جائیں گے۔ بلیک مارکیٹ۔ ذخیرہ اندوزی اور منافع بازی کی قباحتیں ہمارے ملک سے دور نہیں ہوسکتیں۔

مسٹر سپیکر – راجہ اللہ داد خان

راجہ اللہ داد خان (راولپنڈی - ۱) – محترم صدر - Essential Articles Ordinance پاس تو ہو جائیگا - کوئی Ordinance بھی ایسا نہیں ہوسکتا جس کو ہماری رکاوٹیں نامنظور کراسکیں - یا اس کے منظور ہونے کے راستے میں سدباب بن سکیں - بہر حال اس آرڈیننس پر بحث کرتے ہوئے میں تعمیری پہلو لیتا ہوں - اور آپ کی وساطت سے وزرا صاحبان سے مخاطب ہوتا ہوں - میں ان کو وہ زمانہ یاد دلاتا ہوں جب ابھی پاکستان بنا ہی تھا - اس سے پہلے Rally brothers اور Roberts جیسی کئی فرمیں ہر سال لاکھوں من غلہ بیرونی ممالک کو بھیجا کرتی تھیں - لیکن اس کے باوجود ہمارے ہاں کافی حد تک آسودہ حالی تھی - میں سمجھتا ہوں کہ عوام کے نقطہ نظر سے سب سے ضروری اور لازمی چیز مسئلہ خوراک ہے - دوسری چیز کپڑا ہے - عوام سیمنٹ - لوہے اور اخباری کاغذ کے بغیر گذر اوقات کرسکتے ہیں - لیکن غذا اور پارچہ‌جات وہ لازمی اشیاء ہیں - جن کے بغیر ان کا گذارہ مشکل ہے - میرے نزدیک وہ حکومت بھی اچھی حکومت نہیں کہلا سکتی جس کے دور اقتدار میں عوام کو کھانے اور پہننے کیلئے اشیائے ضروریہ سستے داموں دستیاب نہ ہوسکیں - یہ وہ ملک ہے جہاں ۱۹۲۷ء میں میں نے خود اپنی گندم ایک روپیہ دو آنے من کے حساب سے بیچی تھی - لیکن ساتھ ہی یہ تھا کہ جب میں نے ۱-۲ روپیہ فی من گندم بیچی تھی ان وقتوں میں جاپانی ٹی سیٹ ۱-۴- روپیہ میں ملتا تھا - اور جو کپڑا تھا - وہ چار آنہ گز کے حساب سے لٹھا ملتا تھا - اس طرح تمام اشیائے ضرورت سستی تھیں لیکن آج صورت حال یہ ہے کہ اول تو بے حد مہنگا زمانہ آگیا ہے - ہر چیز انتہائی مہنگی ہے - اس پر طرہ یہ ہے کہ امریکہ سے جب گندم آتی ہے تو اس میں سے سوجی اور میدہ نکال لیا جاتا ہے - اور صرف پھوک ہمیں ملتا ہے - اس سے آئندہ نسلوں کا کیا بنے گا - ان چیزوں میں تو غذائیت نہیں - ان پر کنٹرول سے کچھ نہیں ہوگا جب تک آپ Production پر کنٹرول نہیں کریں گے اس وقت تک صحیح معنوں میں ترقی نہیں ہوسکتی - پہلے گوندل بار تھی (یعنی سرگودھا کا علاقہ) صندل بار تھی (لائل پور کا علاقہ) گنجی بار تھی (منٹگمری کا علاقہ) اور پھر نیلی بار تھی - ان علاقوں میں بہترین غلہ پیدا ہوتا تھا - اب ان کے علاوہ تھل کا علاقہ آباد ہوگیا ہے - تونسہ بیراج ہے - گدو بیراج ہے - اور غلام محمد بیراج ہے پھر ہر جگہ ٹیوب ویل کا آغاز ہوگیا ہے اور ہزاروں ایکڑ رقبہ آباد

کیا گیا ہے ۔ ان تمام باتوں کے باوجود ''ڈھاک کے وہی تین پات،، والی بات ہے ۔ ۱۹۴۷ سے پہلے جتنی گندم ہوتی تھی آج اس سے زیادہ نہیں ہوتی ۔ تو پھر کیا خامی ہے ۔ سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ زمیندار لوگ Cash crops کی طرف زیادہ توجہ دے رہے ہیں ۔ ایک کلہ گنا (کماد) ۔ ۲۰۰۰ روپیہ پیدا کرتا ہے ۔ باغ کے ایک کلہ سے ۲۵۰۰ روپیہ ملتے ہیں ۔ اس کے برعکس گندم کا ایک کلہ زمین صرف ۲۰۰ روپیہ دیتا ہے اور وہ بھی اس صورت میں جب وقت پر اچھی طرح گندم کی کاشت ہو تو اخراجات نکال کر سیونگ ۲۰۰ روپیہ ہوتی ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل — پوائنٹ آف آرڈر ۔ معزز ممبر گندم نما جو کی بات کر رہے ہیں اور یہاں ہاؤس میں سیمنٹ کی بات ہو رہی ہے ۔

Mr. Speaker: Cement is not the only Essential Article. Food products are also essential Articles.

The point of Order is ruled out.

راجہ اللہ داد خاں — آپ سیمنٹ کی بات کر رہے ہیں ۔ غریب عوام کے لئے گندم اور دوسری کھانے کی چیزوں کی ضرورت ہے ۔ اب اس کمی کا تدارک کس طرح کیا جائے ۔ یہ بالکل معمولی بات ہے کہ گندم کا ''معاملہ،، کماد میں ڈال دو ۔ زمیندار کو Incentive ہوگا اور وہ اس طرف راغب ہوگا ۔ علاوہ ازیں Grow more food کے لئے جو اتنے وسیع رقبہ جات دے رکھے ہیں کبھی آپ نے یہ بھی سوچا کہ Grow more food واقعی ہوا ہے یا نہیں ۔ وہاں کماد پیدا کیا گیا ہے باغات لگائے گئے ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد — وہاں کپاس پیدا کی جا رہی ہے ۔

راجہ اللہ داد خاں— کپاس تو بے شک ہے لیکن کپڑے کے لئے اس کی ضرورت ہے ۔

مسٹر سپیکر — آپ علامہ صاحب سے بحث نہ کریں بلکہ Chair کو Address کریں ۔

راجہ اللہ داد خاں — معاف کیجئے ۔ بات جو چل نکلی تو براہ راست جواب دینا پڑا ہے ۔

پنجاب کے اس علاقہ کو Granary of India کہا جاتا تھا اب ان علاقوں میں زیادہ گندم نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نہر پر جہاں ۲۴ گھنٹہ میں دس کلے یا ۱۵ کلے زمین آبپاش کی جاتی تھی۔ آج وہاں رقبے بڑھا دئے گئے ہیں پانی کم ہوگیا ہے۔ کیونکہ باغات کو دوگنا پانی دے دیا ہے۔ گندم بروقت کاشت نہیں ہوتی۔ گندم کی کاشت کا جو وقت ہوتا ہے وہ ستمبر اور اکتوبر ہوتا ہے اس وقت دریاؤں میں پانی کم ہوتا ہے اس لئے اگر وقت پر گندم کاشت نہ ہوسکے تو پیداوار میں کمی ہو جاتی ہے۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ پانی کے ہر موگا پر ٹیوب ویل لگایا جائے۔ تاکہ پانی دوگنا ہو جائے اور زیادہ زمین آباد ہو۔

مسٹر سپیکر — آپ کا وقت ختم ہو رہا ہے۔

راجہ اللہ داد خاں — میں نے تو ابھی چوزوں کا ذکر بھی کرنا ہے۔ جنہیں برف میں لگا کر پاکستان منگایا جا رہا ہے۔

مسٹر سپیکر — آپ اس بات کے متعلق تقریر کریں کہ آیا حکومت کو اشیائے ضرورت پر کنٹرول کرنا چاہئے یا نہیں۔

علامہ رحمت اللہ ارشد — اشیائے ضرورت میں خوراک اور کپڑا بھی ہے۔ ان کی پروڈکشن پر کنٹرول ہو تو یہ ایک تعمیری پہلو ہے۔

راجہ اللہ داد خاں — جی ہاں۔ واقعی یہ ایک تعمیری پہلو ہے۔ اس سے عوام اور حکومت دونوں کی آسودہ حالی ہوگی۔

مسٹر سپیکر — ٹھیک ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس میں کوئی تخریبی پہلو ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ آپ زیر بحث موضوع پر تقریر کریں۔

راجہ اللہ داد خاں — Essential Article کے مسئلہ میں خوراک سب سے زیادہ ضروری چیز ہے ہمارے بہترین چاول عرب والے کھاتے ہیں۔ لیکن ہم مجبور اور لاچار ہیں ہمیں دستیاب نہیں ہوتے۔ پھر اس کا تدارک کس طرح کیا جائے۔

خواجہ محمد صفدر — آپ کے لئے مرغے آرہے ہیں۔

راجہ اللہ داد خاں — جی ہاں چوزے برف میں لگے ہوئے آرہے ہیں۔

یہاں تو آٹا نہیں ملتا اب ان سے کب تک گذارہ ہوگا۔ ہمیں اس چیز کا تدارک کرنا ہوگا۔

وزیر تعلیم — ۳۲ کروڑ روپیہ کی گندم منگوائی ہے۔

راجہ اللہ داد خاں — مالٹوں کی یہ مالت ہے۔ کہ اب ۸-۱ اور ۲ روپیہ سینکڑہ ملتے ہیں۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر — نواب زادہ صاحب آپ راجہ صاحب کی تقریر کی طرف توجہ فرمائیں۔

راجہ اللہ داد خاں — عوام تلملا رہے ہیں۔ آپ ہزاروں قوانین پاس کریں۔ لیکن جب تک اناج اور کپڑا سستا کرنے کی کوشش نہیں کریں گے اس وقت تک عوام مطمئن نہیں ہوں گے۔ اس وقت تک ان کو اطمینان قلبی نصیب نہیں ہوگا۔ اس وقت تک یہ حکومت کامیاب نہیں ہوگی۔

اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ موضع بھائیکے تھانہ ہجرہ شاہ مقیم کے باشندوں نے ایک درخواست دی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ان کو ڈپو سے آٹا ملتا ہے۔ ڈپو والے جب آٹے کی مل والوں کے پاس جاتے ہیں تو تین تین چار چار دن تک انہیں آٹا دستیاب نہیں ہوتا۔ بعض اوقات تو ان کو صاف جواب مل جاتا ہے اور جب بچاروں کو منت سماجت کرکے پانچویں دن آٹا ملتا ہے تو جبراً ان کو سوجی اور میدہ بھی دیا جاتا ہے ورنہ کہہ دیتے ہیں کہ آٹا نہیں ملے گا۔ وجہ یہ ہے کہ براہ راست مل والے آٹا بیچ دیتے ہیں اس طرح وہ ۸-۲ روپیہ زیادہ کماتے ہیں حالانکہ ان کو عوام کی خواہش پوری کرنی چاہئے۔ اشیائے ضرورت پر کنٹرول نہایت ضروری ہے بشرطیکہ خوراک اور پارچہ جات ان دونوں چیزوں کی قیمتوں کو کم کیا جائے تاکہ عوام بآسانی خرید سکیں۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی (ہزارہ-۱) صدر گرامی ذرا ٹائم کا خیال رکھیں کہ پانچ منٹ مانگ کر فاضل مقرر نے ۱۵ منٹ لگادئے۔

جناب والا۔ جوزیر بحث آرڈننس ہے یعنی Essential commodities control ordinance صدر گرامی اس پر بہت کچھ کہا جا چکا ہے میں اس میں تھوڑا ہی اضافہ کرونگا میرے واجب الاحترام بھائیوں نے اسطرف سے بھی اور اسطرف بھی اسکے

متعلق بہت کہا ہے انہوں نے زیادہ زور اس امر کیطرف دیا ہے کہ ہمارا کارخانہ دار اچھا نہیں ہے بد دیانت ہے یہ ہے اور وہ ہے ۔ تمام سرمایہ ایک خاندان کے پاس اور ایک گھر میں جمع ہوگیا ہے ۔ علی ھذالقیاس اسی طریقے سے انہوں نے ارشاد فرمایا ۔ میں جناب والا آپ کے توسط سے ان کی اطلاع کیلئے صرف اتنا عرض کردینا چاھتا ہوں کہ کاش ہمارا سرمایہ دار ذھین ہوتا اور ہمارے سرمایہ دار کے ذھن میں ان مفلوک الحال اور بیکس عوام کا کچھ مقام ہوتا ہمارا کارخانہ دار یہ محسوس کرتا کہ اسکے فرائض میں جہاں دولت کی فراھمی ہے وھاں اسکے فرائض میں یہ امر بھی داخل ہے کہ وہ ان غریب اور بیکس عوام کو ضروری اشیاء مہیا کرنے کا بندوبست کرے لیکن یہ کہاں یہ تو بڑی دیر کی بات ہے تو ان ھی چیزوں کو کنٹرول کرنے کیلئے ان ھی چیزوں پر نظر رکھنے کیلئے اگر اس قسم کا لیجسلیشن نہ کیا جائے اگر اس قسم کا آرڈننس نافذ نہ کیا جائے تو میں اپنے بھائیوں کو غور و فکر کی دعوت دیتا ہوں جنہوں نے اسکی مخالفت کی ہے ۔ میں حکومت سے استدعا کروں گا کہ اس آرڈننس کو بنانے کی کیا ضرورت ہے اگر آپ اسکو Enforce نہیں کرسکتے ۔ ذرا آپ ان علاقوں کے حالات دیکھیں ۔ یہاں تو آپ کو کیا کیا مسائل ہیں اور وھاں صرف آٹے کا مسئلہ ہے ۔ اس آٹے کے مسئلے کو مجھ سے پوچھئے ۔ میرے سر پر روزانہ ۱۰ - ۱۵ اور بیس آدمی صرف اسی لئے بیٹھے رھتے ہیں کہ ھمیں آٹا مہیا کیا جائے پاکستان کی دیہی بنیادی ضرورت یہ آٹا اور کپڑا ہے ۔ صدر گرامی میں اپنی حکومت کی توجہ اس امر کیطرف دلانا چاھتا ہوں کہ دیہاتوں میں ایسے علاقہ جات ہیں جنکی زرعی پیداوار ایک پرسنٹ بھی نہیں ہے وہ سال میں اپنی زرعی زمینوں سے ایک پرسنٹ بھی پیداوار نہیں حاصل کرسکتے اور یہاں تو میں اپنے بھائیوں کیلئے ایک مثال پیش کر رھا ہوں کہ وہ اپنے ذھن میں حیران ہونگے کہ وہ کونسے زمیندار ہیں اور وہ کونسے کسان ہیں جو اپنی زرعی زمینوں سے ایک سال میں ایک ماہ کیلئے بھی گندم نہیں پیدا کرسکتے اور میں آپ کی خدمت میں دیہات میں رھنے والے لوگوں کی مثال پیش کرسکتا ہوں جو اس حال میں رھتے ہوئے اکثریت میں ہیں ۔ میں حکومت کو مبارکباد دیتا ہوں اور اپیل کرتا ہوں کہ وہ Essential commodities کی نوعیت کا خیال رکھیں اور deficit ایریاز میں Article فوری طور پر اس آرڈننس کو نافذ کریں تاکہ وھاں غلہ اور آٹے کی فراھمی کا انتظام ہوسکے ۔ مجھے راشننگ کا وہ زمانہ یاد آرھا ہے جب غربی پاکستان کے اندر ھائی سکیل پر راشننگ کی مخالفت ہوئی تھی اور شاید اسی آرڈننس قسم

کا ایک آرڈننس تھا جسکے تحت اس تمام علاقے میں راشننگ تھی اور اس راشننگ کے خلاف اس ملک کے کونے کونے سے مخالفت شروع ہوئی کہ راشننگ Withdraw کیجائے۔ یہ ٹھیک ہے کہ شہروں میں راشننگ کی ضرورت نہیں ہے وہاں حالات دیہاتوں کے مقابلے میں اور قسم کے ہوتے ہیں لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ان علاقوں میں جہاں غلہ فراہم کرنا آپ کے فرائض میں داخل ہے وہاں آپ غلہ کسطرح فراہم کرسکتے ہیں۔ ہزارہ اور مری کو راولپنڈی سے آٹا مہیا کیا جا رہا ہے۔ ہمکو معلوم ہے کہ ہمارے لئے کیا تکالیف ہیں اس محکمہ راشننگ کا مل اونر پر کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ وہ ان کو اخلاقی طور پر مجبور کرسکتے ہیں وہ ان کو اخلاقی طور پر ترغیب دے سکتے ہیں لیکن اگر میں یہ کہدوں تو بیجا نہ ہوگا کہ یہاں ترغیب دینے سے کیا ہوگا یہاں کسی کو ترغیب دینے سے کوئی عمل نہیں ہوتا جب تک ان کے سروں پر برہنہ تلوار نہ لٹکادی جائے۔ میں اسوقت کچھ زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کیونکہ لا منسٹر صاحب کا ارشاد ہے کہ انہیں بہت سے آرڈیننس پیش کرنے ہیں میں ان کی خدمت میں صرف اتنی گزارش کرونگا کہ اسکو Enforce کرنیکا فوراً پروگرام بنائیں اگر آپ اسکو کہیں اور نہیں Enforce کرسکتے تو کم سے کم ہمارے علاقے میں ضرور فوراً Enforce کردیں جہاں لوگ بھوک اور افلاس سے بچ سکیں۔

مسٹر حمزہ — میں پرسنل Explanation کے طور پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں

مسٹر سپیکر — آپ کے لئے انہوں نے کچھ نہیں کہا۔

مسٹر حمزہ — جناب عرض یہ ہے کہ جہاں تک آٹے کی سپلائی کا تعلق ہے میں ان کی معلومات میں اضافہ کردوں کہ ہزارہ والے گنیش فلور مل لائیلپور اور لائیلپور کاٹن مل پر بہت جلد قبضہ کر رہے ہیں آپ کو جلد آٹا اور کپڑا مل جائیگا۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب حمزہ صاحب کی کچھ عادت سی ہوگئی ہے میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ۔ * XXXXXXXX

* Expunged as ordered by the speaker.

Mr. Speaker: This is no point of order.

وزیر تعلیم — جناب والا ۔ وقت کی کمی کے باعث میں بحث کا تفصیلی جواب نہیں دے سکوں گا ۔

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I would request that these remarks of my friend may be expunged.

Mr. Speaker: Yes, they are expunged from the proceedings of the Assembly. Now the Minister of Education.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا ۔ اس آرڈننس کے سلسلے میں جو کچھ تنقید کیگئی ہے اس میں بہت سی تنقید ایسی تھی جو شاید اصولی طور پر اس آرڈننس سے متعلق نہ تھی جو اعتراضات اس سلسلے میں کئے گئے ہیں وہ اس سلسلے میں ہیں کہ اسکے نفاذ میں بہت تکلیفیں ہونگی اور اسکے نفاذ کیلئے بہت موثر طریقہ اختیار کرنا چاہئے ۔ بہر حال اسوقت جو مسئلہ زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ اصولی طور پر جو اختیارات اس آرڈننس کے تحت حکومت کو مل رہے ہیں اور اس ایکٹ کی مزید دو سال کیلئے توسیع جو کیگئی ہے آیا وہ حکومت کیلئے صحیح ہے یا نہیں ۔ میں اس سلسلے میں تھوڑی سی دیر میں عرض کرکے ختم کردونگا اور وہ یہ کہ اگرچہ بنیادی طور پر اقتصادیات کی ڈیمانڈ اور سپلائی کے اصول کے مطابق وہ اشیاء جو عوام کی ضرورت کی ہوتی ہیں انکے متعلق تعین ہونا زیادہ مناسب ہوتا ہے لیکن اگر ساری چیزوں کی پیداوار کو ڈیمانڈ اور سپلائی کے اس اصول کے مطابق کھلم کھلا اس اصول کے حوالے کردیا جائے تو کئی دفعہ اس سے عوام کو اور غریب عوام کو نقصان پہونچتا ہے چنانچہ اسبات کا خیال رکھنے کیلئے کہ اس ڈیمانڈ اور سپلائی کے اصول کے مطابق عوام اور غریب آدمیوں کو خاص طور سے نقصان نہ پہونچے اسلئے حکومت کو زیادہ اختیارات حاصل کرنے کی ضرورت ہوئی ۔ جسکے تحت یہ اوریجنل ایکٹ میں واضح طور پر ہے کہ چونکہ یہ عوام کے مفاد میں ہے اسلئے حکومت کو یہ اختیارات دے دئیے گئے ہیں کہ وہ کسی چیز کے پروڈکشن کو کنٹرول کرسکے ۔ یا اسکی **Movement** کے بارے میں پابندیاں عائد کرسکے اور یہ پابندیاں عوام کے بہترین مفاد میں عائد کیجاتی ہیں ۔ جناب والا میں آپ کی وساطت سے یقین دلاتا ہوں کہ جو اختیارات اس سلسلے میں اس قانون کے ذریعہ حاصل کئے جا رہے ہیں وہ عوام کے بہتر مفاد میں استعمال کئے جائیں گے ۔ اور جہاں عوام کا بہترین مفاد تقاضا کریگا ہم قطعاً اسکا خیال نہیں کریں گے

کہ اس سے کون بڑے آدمی اور کون سرمایہ دار متاثر ہوتے ہیں ۔ ہمارے سامنے بنیادی اور Basic چیز عوام کا مفاد ہوگا۔

Khawaja Mohd. Safdar: Question! Question !!

وزیر تعلیم — اور عوام کے مفاد کیلئے ہر چیز کو استعمال کیا جائیگا اور کیا بھی جاتا رہا ہے ۔

ان الفاظ کیساتھ میں عرض کرونگا کہ اس آرڈننس کو پاس کردیا جائے ۔

مسٹر حمزہ — آپ وعدہ فردا پر ٹرخاتے ہیں ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Government of West Pakistan on 19th September, 1964.

(*The motion was carried.*)

THE WEST PAKISTAN HISTORICAL MOSQUES FUND CESS (AMENDMENT) ORDINANCE 1964.

Mr. Speaker: Next motion.

Minister of Education: Sir , I beg to move:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Historical Mosques Fund Cess (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Historical Mosques Fund Cess (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) — Opposed Sir جناب والا۔ اس ہنگامی قانون کے جہاں تک متن کا تعلق ہے اسکی مخالفت کرنیکی تو کوئی ضرورت نہ تھی۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ تاریخی مساجد کی مرمت بڑی باقاعدگی سے ہوتی رہے۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس نیک کام کیلئے اگر شہروں میں بسنے والے یا دیہاتوں میں رہنے والے ہمارے بھائیوں کو کچھ تھوڑی سی رقم بطور چندہ کے ادا کرنی پڑے تو کوئی بری بات نہیں لیکن جس طور سے ہمارے

یہاں قانون سازی کی جا رہی ہے ہمیں مخالفت اس طریقہ کار سے ہے ۔ ابھی ترسوں کی بات ہے کہ جناب وزیر قانون نے اپنا سارا زور بیان اس امر پر صرف کیا تھا کہ اس ایوان کے بڑے اختیارات اس آئین کے تحت ہیں ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ اختیارات ہیں ۔ لیکن بڑا اعتراض یہ ہے کہ وہ اختیارات کے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتے ۔ آئین سازی ہمارا حق ہے ۔ یہ ہمارا اختیار ہے ۔ اگر آپ نے میری تقریر سنی ہوتی کہ آئین سازی اور قانون سازی ہمارا حق ہے تو آپ اس چیز کو دوبارہ نہ اٹھاتے لیکن ہم اس حق سے محروم ہو رہے ہیں ۔ ہمیں آرٹیکل ۹۷ سے کوئی فائدہ نہیں اس سے ہمارے اختیارات چھینے جا رہے ہیں ۔ اور اس تذکرہ سے کوئی بات ثابت نہیں ہوتی ۔ تو میں جناب والا ایک بار پھر اس احتجاج کیساتھ کہ اس معزز ایوان کے اختیارات اور حقوق کے لئے اور جس غرض سے کہ یہ معرض وجود میں آیا تھا وہ غرض پوری نہیں ہو رہی ۔ اختیارات چھینے جا رہے ہیں اور اس ایوان کو عزو معطل بنایا جارہا ہے ۔ اس بنا پر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ خدا کا شکر ہے کہ آج اس ایوان کی مدت ختم ہونے سے پہلے پہلے خواجہ صاحب کی زبان سے یہ الفاظ بہر صورت اس ایوان کی کارروائی میں شامل ہو ہی گئے ہیں کہ یہ ایوان با اختیار ہے اور اس اختیار کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اگر یہ ایوان چاہے تو اس آرڈیننس کو چاہے وہ گورنر صاحب کی طرف سے ہی کیوں نہ Promulgate کیا گیا ہو اسے اپنی منظوری رائے سے نامنظور کرسکتا ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک بنیادی اصول کا تعلق ہے خواجہ صاحب اس چیز کے مخالف نہیں ہیں اور اس سے مراد یہ کہ ریونیو ادا کرنے والے جو اصحاب ہیں ان سے رقوم اکٹھی کرکے تاریخی مساجد پر خرچ کیجائیں ۔ تو میں استدعا کروں گا کہ اس آرڈیننس کو پاس کردیا جائے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Historical Mosques Fund Cess (Amendment) Ordinance, 1964 promulgated by the Governor of West Pakistan..

Mr. Ahmed Mian Soomro: On a point of order Sir. Would it not be against the Constitution because it discriminates; the charge will be only on Muslims and not on others?

Minister of Education: As a matter of fact, according to the Constitution....

Mr. Speaker: That is not a point of order, and the member should not have raised it when I was putting the question. Mian Sahib, therefore need not reply.

The question is—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Historical Mosques Fund Cess (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

(The motion was carried.)

THE WEST PAKISTAN-JAMIA ISLAMIA (BAHAWALPUR) ORDINANCE, 1964

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattto): Sir I move—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Jamia Islamia (Bahawalpur) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Jamia Islamia (Bahawalpur) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed Sir.

Mr. Speaker: Will Mian Sahib please explain the purpose of this Ordinance first?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ہے اس کے ذریعے جامعہ اسلامیہ بہاول پور کو قانونی حیثیت دی گئی ہے ۔ کچھ عرصہ پیشتر اس چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ موجودہ حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ اسلامی اور دینی تعلیم کے لئے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کئے جائیں اور زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ یہ کوشش بھی کیجائے کہ صحیح موجودہ تعلیمی طریقوں کے مطابق ایک ایسی جامعہ اسلامیہ بھی قائم کی جائے جو جامعہ اظہر کے مقابلہ میں کام کرسکے اور ہم دینی علوم کے بارہ میں ایسی اونچی تعلیم حاصل کرسکیں جو وہ لوگوں کو دے سکے ۔ تو اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے جس وقت محکمہ اوقاف نے بہاول پور میں اس جامعہ کا کام شروع کیا اور اس جامعہ کا کام پچھلے سن ۱۹۶۳ سے شروع ہو چکا تھا اور اب اس کو ایک صحیح اور قانونی شکل دینے کے لئے یہ آرڈیننس بنایا گیا

جس کی غرض و غایت یہ ہے کہ جامعہ اسلامیہ بہاول پور کو قانون کے مطابق ساری وہ مراعات وہ ساری چیزیں دیکر جو مقصد ہے جس کے مطابق اسے قانونی حیثیت حاصل ہوگی تو یہ ایک نیک مقصد ہے جسے خواجہ صاحب کو منظور کرنے میں مجھے امید ہے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ تو ان معروضات کیساتھ میں یہ استدعا کروں گا کہ اسے پاس کردیا جائے۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱)— جناب والا۔ مجھے انتہائی خوشی ہے کہ ہمارے اس صوبے میں ایک دینی درسگاہ قائم کی گئی ہے جسے ایک یونیورسٹی کی دانشگاہ کا مرتبہ حاصل ہوگا۔ جہاں تک اس ہنگامی قانون کی غرض و غایت ہے میں اسے نہایت ہی نیک سمجھتا ہوں اور ذاتی طور پر اپنے دوستوں کی جانب سے جامعہ عباسیہ کو جامعہ اسلامیہ کا درجہ دینے میں میں اس حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

Minister of Education: What a great day for the Government.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ اس نیک مقصد کو جس بھونڈے اور جس غلط طریقہ سے حاصل کرنے کی سعی کیگئی اس کی سب سے پہلی مثال تو یہ ہے کہ اس قانون کو بھی ایک ہنگامی قانون کی شکل میں پیش کیا گیا ہے غور فرمائیں کہ ۷۴ دفعات پر مشتمل یہ ہنگامی قانون۔ آخر اس کی وجہ یا جواز تو اس کا ہونا چاہئیے کہ اتنا لمبا چوڑا قانون اس شکل میں ایوان کے سامنے پیش کیا جائے۔ میرے محترم دوست نے اس کا اپنی تصریحات میں کوئی اشارہ تک نہیں کیا۔ اس عریض و وسیع ہنگامی قانون اور اگر اس کو بل کی صورت میں پیش کرتے تو جس نیک مقصد کے لئے یہ قانون نافذ کیا جا رہا ہے شائد اس کے طریق کار میں یہ ایوان کوئی بہتری کی صورت پیدا کرسکتا۔ ایسی تجاویز اس ایوان میں پیش ہوتیں جن سے اس قانون کے مقصد کا حصول آسان ہو جاتا اور وہ مقصد ہمارے زیادہ نزدیک ہو جاتا اور اس مقصد کو صوبے کے عوام۔ صوبے کے علماء اور فضلاء اچھی طرح سوچ سمجھ کر اس کے حصول کے لئے اپنی رائے قائم کرتے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ جناب والا میں اس پر زیادہ وقت اس معزز ایوان کا نہیں لوں گا۔ صرف ایک پہلو کیطرف اشارۃ میں عرض کروں گا اور وہ یہ ہے کہ اس ہنگامی قانون کو رسوائے زمانہ یونیورسٹی آرڈیننس کے Pattern پر ڈھالا گیا ہے۔ اس یونیورسٹی آرڈیننس جس کے خلاف گزشتہ چار سالوں سے اس صوبے کے طول و عرض میں ایک بار نہیں۔ دوبار نہیں۔ دس بار نہیں۔ بیس بار نہیں۔ سینکڑوں نہیں

بلکہ ہزار بار اس قوم کے نونہالوں نے احتجاج کیا ہے ۔ اس آرڈیننس کے ڈھانچے کے مطابق ڈھالا گیا ہے جس کے خلاف اس قوم کی آئندہ نسل نے احتجاج کیا اور جن کے ذمہ اس ملک اور قوم کی احیا اور بقا ہوگی ۔ انہوں نے گولیاں کھائیں ۔ انہوں نے Teargas کے حملے برداشت کئے ۔ انہوں نے لاٹھیاں کھائیں ۔ انہوں نے اپنی پسلیاں تڑوائیں ۔ انہوں نے اپنی ہڈیاں تڑوائیں اور جس قانون میں ترمیم کی غرض سے ہماری اس حکومت نے ۔ اس پارٹی نے جس کی یہ حکومت ہے ایک کمیشن مقرر کیا کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں تبدیلی یا ترامیم کرنے کی تجاویز حکومت آپ کے سامنے پیش کریگی ۔ اس جامعہ اسلامیہ کے آرڈیننس کے نفاذ ہونے کے بعد حکومت کا یہ وعدہ کہ عوامی مطالبہ کے پیش نظر یونیورسٹی آرڈیننس میں تبدیلیاں یا ترامیم کیجائیں گی محض غلط معلوم ہوتا ہے ۔ اگر ان کے ذہن میں تھوڑا سا بھی عوامی احتجاج کا اثر ہوتا اور اس بات کا خیال ہوتا کہ آخر یہ کیا بات ہے جس کی بنا پر جناب والا اس آرڈیننس کا نفاذ کر رہے ہیں تو ان کا نکتہ نظر مختلف ہوتا ۔ آج بھی خیبر یونیورسٹی بند ہے ۔ سندھ یونیورسٹی بند ہے ۔ کراچی یونیورسٹی بند ہے ۔ آج لاہور کے تمام کالجوں میں ہڑتال ہے ۔ محض اس آرڈیننس کی وجہ سے ۔ یہ ان کی کارگزاری ہے ۔ حالت یہ ہے کہ وہی دفعات جن کے خلاف آج اس صوبہ میں اس قدر زبردست احتجاج ہو رہا ہے ۔ وہ اس آرڈیننس میں بھی لے آئے ہیں ۔ میری رائے میں اس سے پہلے اتنا شدید احتجاج صرف انگریز کے بنائے ہوئے رولٹ بل یا ایکٹ کے خلاف ہوا تھا، جو اپنی موت آپ مر گیا تھا ۔ انگریزی حکومت نے اسے نافذ نہیں کیا تھا ۔ اس کے باوجود ہمارے دوست ایک اور آرڈیننس لے آئے ہیں ۔ اور اس قسم کا لے آئے ہیں کہ اس میں یہ تمام اختیارات امیر الجامعہ کو حاصل ہیں ۔ یہاں چانسلر کے لئے امیر الجامعہ کا لفظ رکھا گیا ہے ۔ وہ کسی کی ڈگری چھین سکتا ہے ۔ کسی کو یونیورسٹی سے بیدخل کرسکتا ہے ۔ اور اس کا فیصلہ آخری اور ناطق ہوگا ۔ علی ہذالقیاس اور بھی کئی باتیں ہیں ۔

تو میں جناب والا ۔ آپ کے توسل سے ایوان کو اس امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ آپ کے بھی بچے ہونگے ۔ اور تعلیم بھی حاصل کر رہے ہوں گے ۔ وہ محض وزیر تعلیم کی وجہ سے ۔ محض اس حکومت کی وجہ سے بجائے تعلیم حاصل کرنے کے ہڑتالیں کرنے میں اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں انہیں مجبور کیا جا رہا ہے ۔ کہ وہ ہڑتالیں کریں ۔ ان پر گولیوں کی بوچھاڑ اور ڈانگوں کی بارش ہے ۔ جناب والا ۔ کاش ہماری یہ حکومت اس

صوبہ میں اس قسم کے قوانین کو نافذ کرنے سے اجتناب کرتی، جن سے انکی طاقت و سطوت کا اظہار تو ہوتا ہے ۔ ان کی قوت کا اظہار تو ہوتا ہے ۔ لیکن اس بات کا اظہار نہیں ہوتا کہ ان کے دل میں اس صوبہ کے عوام کے لئے محبت ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے ۔ جیسے ان کا دل جذبات محبت سے عاری ہے ۔ انہیں قطعاً احساس نہیں کہ اس صوبے کے ۵ کروڑ عوام کیا چاہتے ہیں ۔ اگر یہ ان ۵ کروڑ عوام کے حقیقی نمائندے ہوتے تو شاید ان کے دل کی دھڑکن بھی عوام کے دل کی دھڑکن کے ساتھ چلتی ۔ لیکن ایسا نہیں ۔ یہ تو ایک فرد واحد کے نمائندہ ہیں ۔ اور کسی کے نمائندہ نہیں ۔ اس لئے جناب والا یہ نہیں چاہتے کہ اس صوبہ میں اس ملک میں ایسی حکومت قائم ہو، جو صحیح معنوں میں عوام کی نمائندہ ہو ۔ اسلئے ہم چاہتے ہیں کہ آئین میں اس طرح ترمیم کی جائے کہ حکومت عوام کی نمائندہ ہو جائے ۔

جناب والا ۔ ان مختصر گذارشات کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی، جس شکل میں یہ پیش ہوا ہے، شدید مخالفت کرتا ہوں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور ۔ ۲)۔۔ جناب صدر ۔ رائے کے معاملہ میں دوست دشمن کے ساتھ انصاف کرنا چاہئے میں صمیم قلب کے ساتھ اس ہنگامی قانون کا خیر مقدم کرتا ہوں (تالیاں) اور کسی ذہنی اختصاص (Mental reservation) کے بغیر بہاولپور کے عوام، ملک کے علما، دانشوروں، دانش جوؤں، طلبہ، علوم شرق کے ماہروں اور علوم شرق کے طلبگاروں سب کی طرف سے اس صوبہ کے گورنر اور مملکت کے صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس آرڈیننس کے ذریعہ علوم شرق کے طلبگاروں کا ایک پرانا مطالبہ پورا کردیا ہے میں ان سب صاحبان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس میں حصہ لیا ہے ان میں سرفہرست بہاولپور کے سابق کمشنر مسٹر بی اے قریشی ہیں ۔ ان کے بعد وہاں کے ڈپٹی کمشنر مسٹر مختار مسعود ہیں ۔ پھر شیخ منظور الہی اور مسٹر ایس ایم اکرام ہیں ۔ انہوں نے اس کیلئے مناسب شکل کا منصوبہ بنایا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج اس ملک میں جو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا ہم فخر کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہاں اسلامی علوم کی تعلیم و ترویج کیلئے بہاولپور میں ایک علمی مرکز کی بنیاد پڑ گئی ہے ۔ جناب صدر ۔ اگر میں آپ کی اجازت سے اس جامعہ اسلامیہ کا پس منظر بیان کردوں تو اس سے ایوان کے علم میں اضافہ ہوگا ۔ یہ جامعہ اسلامیہ دراصل جانشین ہے جامعہ عباسیہ کی جس کی بنیاد ہمارے عباسی فرمانروا امیر بہاولپور نے ۱۵ جنوری ۱۹۲۵ء کو

رکھی تھی ۔ انہوں نے اپنے اسلاف کی علم پروری کی روایات کو زندہ رکھنے کیلئے اس پر توجہ دی ۔ اور ذاتی انہماک کے ساتھ اس درسگاہ کو قائم کیا ۔ آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ اس درسگاہ میں باہر سے بڑے بڑے ممتاز اور جید علماء منگوائے گئے اور ان سے تعلیم و تدریس کا کام لیا گیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دو چار برسوں کے اندر ہی یہ درسگاہ پورے متحدہ ہندوستان میں ایک نہایت باوقار اور علمی اعتبار سے موثر درسگاہ ثابت ہوئی ۔ اور صوبہ سرحد بلوچستان ۔ پنجاب ۔ یوپی اور سی پی کے طلبہ یہاں تعلیم کیلئے آنے لگے ۔ میں بھی اسی درسگاہ میں پڑھتا رہا ہوں ۔ مولانا عبدالحق بھی اسی کے فارغ التحصیل ہیں ۔ مجھے یاد ہے کہ جب میں پڑھتا تھا ۔ تو کابل اور بخارا کے طالب علم بھی اس مدرسے کے اندر پڑھتے تھے ۔ بنگال اور مدراس کے طلبا بھی اسکے اندر پڑھتے تھے ۔ لیکن جس وقت وحدت مغربی پاکستان کا قیام ہوا ۔ تو وہ اسلامی روایات، وہ اسلامی اشاعت اور وہ اسلامی آثار قدیمہ جو اسلامی ریاست کی نشانیاں تھیں ۔ علامات تھیں ۔ وہ آہستہ آہستہ ختم کردی گئیں ۔ اور جامعہ عباسیہ بھی روبہ انحطاط ہوا ۔ روبہ تنزل ہوا ۔ اور وہاں کے علماء کے لئے واقعی یہ ایک مسئلہ پیدا ہوگیا ۔ اور علوم شرقیہ کے طلبگاروں کے لئے ایک مسئلہ پیدا ہوگیا ۔ کہ اب اس درسگاہ کا کیا ہوگا ۔ چنانچہ جامعہ اسلامیہ کی تاسیس ہوئی ۔ جس ہنگامی قانون پر ہم آج غور کر رہے ہیں ۔ یہ ایوان غور کر رہا ہے ۔ میں اس میں بعض چیزوں کی طرف آپکی وساطت سے اپنے محترم وزیر تعلیم کو متوجہ کرونگا ۔ اور بعض حقائق کی طرف انکی توجہ دلاؤنگا ۔ پہلی بات تو یہ ہے ۔ اور جیسے کہ میرے قائد نے بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے ۔ اس لئے میں اسے نہ دھراؤنگا ۔ Sense of proportion یا حصہ تناسب کا یہ تقاضا تھا ۔ کہ چونکہ یہ اسلامی علوم کی درسگاہ تھی ۔ دینی علوم کا ایک مرکز بنایا جا رہا تھا ۔ تو لازمی طور پر اسکے احوال کو اور اسکے اسلامی ماحول کو مرتب کرنے کیلئے اس آرڈیننس کے ان دوائر کو ان خطوط پر مرتب نہ کیا جاتا ۔ جس طرح کہ باقی آرڈیننسوں کو مرتب کیا گیا ہے ۔ ابتداء میں ہی یہ تاثر دینا کہ علوم دینیہ کے طلباء اور علوم دنیاوی یا علوم غربیہ کے طلباء کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا مناسب نہ تھا ۔ اور دوسری بات میں محترم وزیر تعلیم مجھ سے اتفاق کریں گے ۔ کہ کوئی درسگاہ ، کوئی دانشگاہ کوئی تعلیمی مرکز اپنی بلند شگاف عمارت کی وجہ سے، خوبصورت بورڈوں کی وجہ سے اپنی نستعلیق شاہراؤں کی وجہ سے اور جاذب نظر فرنیچر کی وجہ سے اپنی عظمت حاصل نہیں کرسکتا ۔ اصل میں درسگاہ کو عظمت حاصل ہوتی ہے ۔ مدرس کی ذات

سے معلم کی ذات سے ۔ جتنا ہی معلم عظیم المرتبت ہوگا ۔ جتنا ہی مدرس عظیم المرتبت ہوگا ۔ اسکی علمی وسعتیں جتنی زیادہ ہوں گی ۔ اس درسگاہ کی علمی عظمت بھی اسکے ساتھ ہی اتنی ہی بڑھے گی ۔ میں نے یہ آپ کی خدمت میں پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ کہ امیر بہاولپور نے جب اسکی بنیاد رکھی تھی تو انہوں نے یہی کوشش کی تھی ۔ کہ اس وقت کے متحدہ ہندوستان کے مستند ترین علماء جو کہ اپنے اپنے فنون میں بڑے ماہر سمجھے جاتے تھے ۔ جو معقولیت میں، فقہ میں، منطق میں، حدیث میں، تفسیر میں، علم ہئیت میں علم افلاک میں اسوقت جو بڑے بڑے علماء اور شجر علماء سمجھے جاتے تھے ۔ ان کو انکی اپنی ہی شرائط پر وہاں بلوایا گیا ۔ تو تب ہی اس درسگاہ کی علمی عظمت اور اسکا وقار قائم ہوا ۔ چنانچہ لوگ وہاں ملک کے کونے کونے سے کھچ کر آئے ۔ تو سب سے بڑی بات جسکی طرف ان کو توجہ کرنی چاہئے ۔ وہ یہ ہونی چاہئے ۔ کہ اگر اس ملک کے اندر متجر علماء جو اپنے اپنے فنون کے اندر یکتائے روزگار ہوں ۔ بڑے ماہر ہوں ۔ اور بڑی منفرد شخصیت کے مالک ہوں ۔ اگر وہ اس سرزمین سے ان کو ملجائیں ۔ تو اس سے زیادہ بہتر بات نہیں ہے ۔ اور اگر وہ یہ سمجھیں کہ اس قحط الرجال کے زمانے میں لوگ نہیں ملتے ۔ مدرس نہیں ملتا ۔ معلم کی شخصیت بڑی حد تک مفقود ہوگئی ہے ۔ اور یہاں علوم شرقیہ کے ماہر کم ہیں ۔ تو اسکے لئے انکو جامعۂ اظہر سے، قاہرہ یونیورسٹی سے بغداد سے اور دوسرے ان مقامات سے جہاں سے کہ علوم شرقیہ اب بھی رائج ہے ۔ اور جہاں انکی عظمت قائم ہے ۔ لوگ پڑھتے پڑھاتے ہیں ۔ اگر متجر علمی رکھنے والے علماء ان کو وہاں سے مل سکیں ۔ تو ان کو اس معاملے میں بخل نہیں کرنا چاہئے ۔ اس لئے کہ محکمہ اوقاف کے پاس روپے کی کمی نہیں ہے ۔ خود بہاولپور کی اوقاف سے ایک سرسری تخمینے کے مطابق نوے لاکھ یا ایک کروڑ روپے کے برابر برابر وقف املاک سے آمدنی ہے ۔ اسلئے حکومت کو اس معاملے میں بخل نہیں کرنا چاہئے ۔ اور بڑی وسعت قلب و نظر اور وسعت ظرف کے ساتھ اس ادارے کی عظمت قائم کرنے کے لئے اور لوگوں کے لئے اسے جاذب نظر بنانے کیلئے متجر علماء کو اسکے اندر منگوانا ہوگا ۔ ایک اور بات جسکی طرف میں اشارہ کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ چونکہ یہ میرے ذوق کی بات تھی ۔ میں علوم شرقیہ کا طالب علم ہوں ۔ اس لئے میں نے اس آرڈیننس کو بڑے غور کے ساتھ پڑھا ہے ۔ ایک بات اس میں متواتر اور مسلسل نظر آتی ہے ۔ کہ اس ادارے کے مختلف شعبوں اور مختلف کمیٹیوں میں، اس آرگنائزیشن کے مختلف حصوں میں چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف

هر جگہ پر چھایا ہوا نظر آتا ہے ۔ معنوی طور پر اصل اختیارات ان کی ذات میں مرکوز کردئیے گئے ہیں ۔ اس وقت چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ایس ۔ ایم ۔ اکرام خوش قسمتی سے ایسے آدمی ہیں ۔ جو مصنف بھی ہیں ۔ جو علوم شرقیہ کے ماہر تو یقیناً نہیں ہیں ۔ لیکن علوم شرقیہ سے مس ضرور رکھتے ہیں ۔ وہ چند کتابوں کے مصنف بھی ہیں ۔ پرانے آدمی ہیں ۔ تجربہ کار ہیں ۔ ہوسکتا ہے ۔ کہ ان کی موجودگی میں ان اختیارات کو غلط طور پر استعمال نہ کیا جائے ۔ یا نہایت موزوں اور مناسب انداز میں ان کو استعمال کیا جائے ۔ یہ ہوسکتا ہے ۔ لیکن قیاس یہ ہے ۔ کہ اس عہدے پر ہمیشہ کوئی پرانے سی ۔ ایس ۔ پی ۔ نافذ ہونگے ۔ میں مثال کے طور پر آپ کی توجہ نصاب کمیٹی کی طرف مبذول کراؤنگا ۔ جس نے کہ اس درسگاہ کا نصاب مرتب کرنا ہے ۔ اور جسے طلباء نے پڑھنا اور اس میں مہارت حاصل کرنی ہے ۔ اس نصاب کمیٹی کے جو ارکان ہیں ۔ ناظم اعلے اوقاف اس کمیٹی کے صدر ہونگے ۔ رئیس الجامعہ اور جامعہ اسلامی کے شعبہ جات کے دو سربراہ اور مغربی پاکستان کے تین سربرآوردہ علماء اور ماہرین تعلیم (یہانتک تو بالکل ٹھیک بات ہے) جنہیں ناظم اعلے اوقاف نامزد کریگا ۔ تو جبتک کوئی آدمی خود ان علوم کا ماہر نہ ہوگا ۔ تو اس سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اس ملک کے افراد اور اشخاص میں سے ان آدمیوں کو اور ان حضرات کو منتخب کریں گے ۔ جو اس کام کیلئے، جو اس منصب جلیلہ کے لئے اس دینی تعلیم کے لئے، علوم شرقیہ کو پڑھانے کیلئے نہایت ہی مناسب ترین آدمی ہونگے ۔ ان سے یہ توقع رکھنا میرا خیال ہے ۔ کہ زیادہ صحیح نہیں ہے ۔ ان چیزوں کی طرف متوجہ کرنے کے بعد میں ایک دفعہ پھر اسکا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ بہاولپور کے عوام کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور پھر ان کو متوجہ کرتا ہوں ۔ کہ خدا کے لئے اس یونیورسٹی کو یونیورسٹیوں کے خطوط پر نہ چلائیں ۔ جن یونیورسٹیوں کے آرڈیننس کی ناکامی اس ملک کے عوام پر ثابت ہوچکی ہے ۔ اور جس یونیورسٹی آرڈیننس سے تین طبقے متعلق ہوسکتے ہیں ۔ طلباء یونیورسٹی کے ادارے اور حکومت ۔ میری پختہ رائے ہے ۔ کہ اس یونیورسٹی آرڈیننس کے ساتھ ان تینوں میں سے کسی کو بھی فائدہ نہیں ہوا ۔ ان کا وقار مجروح ہوا ۔ بچوں کے بازو ٹوٹے ۔ اور یونیورسٹیوں کے وقار میں بھی اضافہ نہیں ہوا ۔ تو ان احوال میں اسکو ان یونیورسٹیوں کے خطوط پر چلانا مناسب نہ ہوگا ۔ اسکو مختلف زاویہ نگاہ اور مختلف انداز سے چلانا چاہئے ۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ ۔۳) جناب سپیکر ۔ جامعہ

بہاول پور کے متعلق جو آرڈیننس اس وقت اس ایوان میں پیش ہے اس اسلامیہ کی ہمہ گیر افادیت اور اسکے مقاصد کے پیش نظر میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں اور اس کی تائید کرتا ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں یہ یقیناً ان آرزوؤں اور امنگوں کی طرف یہ پہلا موثر اقدام ہے جن کیلئے یہ ملک حاصل کیا گیا ہے ۔ اور وہ امنگیں اور آرزوئیں یہ تھیں کہ اس ملک میں اسلام کے صحیح تصور کو فروغ دیا جائے اور اسلامی معاشرے کے قیام اور اس کے وجود کو قائم رکھا جائے ۔ اس بل پر بات کرتے وقت مجھے اپنا ایک بل بھی یاد آتا ہے جو اسی سلسلہ میں میں نے اس ایوان میں پیش کیا تھا ۔ جامعہ محمدی شریف بل جو کہ جھنگ کا ایک گاؤں ہے جہاں کہ یہ ادارہ سال ہا سال سے اسلام کی خدمت کررہا ہے ۔ اس بل کا مقصد بھی پاکستان میں ایک ایسی اسلامی یونیورسٹی کا قیام تھا جس میں صحیح اسلامی تعلیم رائج ہوسکے اور اسلامی قانون ۔ اسلامی فقہ اور تاریخ ہو ۔ اسلام کے تمام پہلوؤں پر وہاں تعلیم کا انتظام ہوسکے ۔ اس بل کی کہانی فتح و شکست اور ناکامی کی ایک طویل داستان ہے ۔ اس بل کے سلسلے میں جناب ایوان کے معزز ممبران نے میرے ساتھ تعاون کیا وہاں محکمہ تعلیم نے ایسا اغماز برتا جو شائد ان کے شایان شان نہ تھا ۔ محکمہ تعلیم نے اس سلسلہ میں ایسا رویہ اختیار کیا تھا جو پاکستان کی حکومت یا اس کے عوام کیلئے یقیناً باعث فخر نہیں ہوسکتا ۔

جناب والا ۔ میں اس بل کا خیر مقدم اسلئے کرتا ہوں کہ چلو جھنگ میں نہ سہی بہاول پور میں ہی سہی حکومت نے محسوس تو کیا ہے کہ ایک ایسی یونیورسٹی کا قیام جس کا مطالبہ عوام کی طرف سے اور عوام کے نمائندگان کی طرف سے ہو رہا تھا اور نہایت ضروری تھا اس مطالبہ کو تسلیم کر رہے ہیں ۔ علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب کے خیالات سے مجھے اتفاق ہے جو اس میں خامیاں اور کوتاہیاں ہیں وہ یقیناً دور ہوسکتی ہیں ۔ اصولی طور پر یہ بل ایک اچھا بل ہے اور اسکے مقاصد جو ہیں وہ نہایت نیک مقاصد ہیں ۔ یہ ہم دیکھتے رہے ہیں کہ عیسائی مشنری کی طرف سے تبلیغ ہوتی ہے لیکن اسلام کی طرف سے کوئی ایسا اقدام نہیں کیا گیا یہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں حکومت کی طرف سے مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ اور اسلامی یونیورسٹی بل جامعہ محمدی شریف جو کہ ابھی تک سلیکٹ کمیٹی کے پاس ہے اس کی طرف بھی گورنمنٹ کو اور محکمہ تعلیم اور وزیر تعلیم کو غور کرنا چاہئے اور اس کو بھی پاس کرنا

چاھئے ۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اور عوام کو اسلامی تعلیم کے مواقع حاصل ھوسکیں اور ایسے اسلامی معاشرے کا قیام وجود میں آسکے جس کی ھمیں نہایت اشد ضرورت ھے ۔

جناب والا۔ ان گزارشات کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی تائید کرتا ھوں اور ممبران سے التجا کرتا ھوں کہ اسے پاس کیا جائے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو)— جناب والا۔ جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ھے یہ بڑی خوشی کی بات ھے کہ حزب اختلاف کے قائد اور دوسرے ممبران کی طرف سے اس کا خیر مقدم کیا گیا ھے ۔ حکومت کو شائد پہلی مرتبہ اس گرم جوشی کے ساتھ مبارک باد دی گئی ھے ۔ اگرچہ اس مبارک باد کے ساتھ ''لیکن،، کا لفظ ھے ۔

جناب والا۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ھے کہ موجودہ حکومت نظام تعلیم میں دینی تعلیم کو ھر جگہ لانا چاھتی ھے یہ اس بات سے ظاھر ھوتا ھے کہ پرائمری سکولوں سے لیکر بلکہ پہلی جماعت سے لیکر آٹھویں جماعت تک دینی تعلیم ضروری قرار دیدی گئی ھے ۔

Chaudhri Muhammad Ibrahim: Point of order, Sir.

The House is not in quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*)

The House is not in quorum, let the bells be rung. (*Quorum bells were rung.*)

The House is now in quorum.

وزیر تعلیم — تو جناب والا۔ میں یہاں تک بات کر پایا تھا کہ موجودہ حکومت دینی تعلیم کو کس قدر اھمیت دیتی ھے ۔ پہلی جماعت سے لیکر آٹھویں جماعت تک دینی تعلیم لازمی قرار دے دی گئی ھے۔ اس کو ضروری قرار دے دیا گیا ھے ۔ تمام یونیورسٹیوں میں دینی تعلیم حاصل کرنے کیلئے ھر قسم کی رعایت حاصل ھے ۔ اس کے علاوہ دینی تعلیم کے لئے الگ یونیورسٹی کا قیام سمجھا گیا ھے ۔ اس سے پیشتر جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے کہ محکمہ اوقاف نے بہت بڑی یونیورسٹی جامعہ اسلامیہ بہاول پور قائم کردی ھے انشاء اللہ ھر ممکن کوشش کی جائے گی کہ اس جامعہ کو اونچے سے اونچا مقام دیا جائے اور اس کا تعلیمی معیار اتنا بلند کیا جائے کہ تمام

اسلامی ممالک میں اس جامعہ کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے۔

جناب والا۔ اب میرے احباب نے ''لیکن،، کے بعد جن جن باتوں کے متعلق ارشاد فرمائے ہیں ان کے بارے میں اب میں آپ کی اجازت سے چند باتیں عرض کرونگا۔ ایک بات جس کے متعلق قائد حزب اختلاف نے خاص طور پر اعتراض فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ یہ آرڈیننس ایسے پیٹرن پر بنا ہے جس پر یونیورسٹی کے دوسرے آرڈیننس بنے ہیں۔ میں اس سلسلے میں عرض کرونگا کہ جہاں تک اس جامعہ کے اسلامی نقوش اور اسلامی بنیاد کا تعلق ہے اس جامعہ کے مطابق رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ البتہ قانونی بنیاد پر کچھ پابندیاں ہوتی ہیں اور وہ ضرور رکھنی پڑتی ہیں۔ اور قانون کے اصول کے مطابق چانسلر اور وائس چانسلر کا تصور نہیں کیا گیا ہے۔ اس کے مطابق امیر جامعہ اور رئیس جامعہ ہے۔ اور اسی طرح طلبا کی ڈگریوں کے بارے میں بھی ہے۔ ڈگریوں۔ ڈپلومے اور نصاب کے بارے میں ساری چیزیں اسلامی نظریات کو مد نظر رکھ کر یہ قانون بنایا گیا ہے۔ جن چیزوں سے ان کی صحیح اسلامی شخصیت جو ہے قائم رہے۔ ایک چیز جس کے بارے میں خاص طور پر اشارہ فرمایا گیا ہے وہ امیر جامعہ کے اختیارات ہیں۔ اس پر بہت سے اعتراضات ہوئے ہیں۔ میں آپ کی اجازت سے پڑھتا ہوں۔

> "The Amir-ul-Jamia may withdraw any degree or diploma, conferred on or granted to any person by the Jamia Islamia, if he has been convicted by a Court of Law of an offence involving moral turpitude."

یہ حق امیر جامعہ کو اس طرح حاصل نہیں ہے کہ جس شخص کی چاہے ڈگری یا ڈپلومہ واپس لے لے۔ کوئی شخص اس جامعہ کی ڈگری رکھتا ہے وہ ایسے اخلاقی جرم میں سزا یافتہ ہو جائے جیسے مجسٹریٹ یا ہائی کورٹ اسکو مجرم گردانے امیر جامعہ اگر چاہے تو ڈگری واپس لے سکتا ہے۔ یہ نہیں کہ بغیر کسی قانونی جواز کے ڈگری واپس لی جاسکتی ہے۔ جب کوئی شخص قانونی طور پر سزا یافتہ ہوگیا ہو ایسے جرم میں جو اخلاقی جرم ہو ایسی صورت میں ہے۔ لیکن اس کے باوجود میں یہ عرض کرونگا کہ یہی بات کرتے ہوئے خواجہ صاحب نے یہ ارشاد فرمایا کہ اس آرڈیننس کی وجہ سے جو آج یہاں پیش ہوا ہے۔ اس سلسلے میں جو کمیشن مقرر کیا گیا ہے۔ اس کمیشن کے جواز کے بارے میں بھی انہوں نے شکوک و شبہات کا اظہار کیا تھا۔ میں جناب والا۔ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ یہ آرڈیننس جو اس وقت آپ کے سامنے ہے۔ مورخہ ۳۰ ستمبر

۱۹۶۴ء کو نافذ کیا گیا تھا۔ لہذا اس کے بعد اب منظوری کیلئے اس ہاؤس کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ چنانچہ وہ کمیشن اس کے بعد مقرر کیا گیا۔ حزب اختلاف کی طرف سے جس چیز پر اعتراض کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اگر کمیشن نے یونیورسٹی آرڈیننس میں ترامیم کے بارے میں کچھ سفارشات کیں۔ اور ان سفارشات کے مطابق ان آرڈیننسوں میں جو جو ترامیم کی گئیں۔ تو اس خاص شق کے بارے میں اس آرڈیننس کے سلسلے میں بھی یقیناً اس پر غور کیا جائیگا۔ اور مناسب ترامیم عین وقت پر کردی جائینگی۔

جناب والا — علامہ صاحب نے اپنی تقریر کے دوران ایک دو بہت اعلے تجاویز پیش کی ہیں۔ جن کے بارے میں میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ہر ممکن کوشش کریگی کہ جہاں کوئی خاص مضمون پڑھانے کیلئے اونچے معیار کے معلمین اپنے ملک میں نہ ملیں گے۔ وہاں یقیناً یہ کوشش کی جائیگی کہ باہر کے ممالک سے اعلے تعلیم یافتہ اور اعلے معلمین اس یونیورسٹی کیلئے بلائے جائیں۔ اور طلبا کی پڑھائی کیلئے خاطر خواہ انتظام کیا جائے۔ اس سلسلے میں یقیناً کسی بخل سے کام نہ لیا جائیگا۔

ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کرونگا کہ اس آرڈیننس کو پاس کردیا جائے۔

Mr. Speaker: I will now put the question. The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Jamia Islamia (Bahawalpur) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1964.

(The motion was carried.)

THE WEST PAKISTAN PRIMARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1964

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir I move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Primary Education (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 3rd December, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Primary Education (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 3rd December, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed Sir.

Mr. Speaker: Will Mian Sahib please give the outline of this Ordinance?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا۔ کہ یہ بات اس ایوان کے علم میں بھی ہے کہ ۱۹۶۲ء سے موجودہ حکومت نے پرائمری تعلیم کا انتظام اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ چنانچہ جس وقت سارے صوبے کی پرائمری تعلیم کو حکومت نے اپنی تحویل میں لیا۔ تو اسوقت ہر ایک ضلع میں ایک ایک پرائمری ایجوکیشن کمیٹی مقرر کر دی گئی تھی۔ اور اس کمیٹی کے Disposal پر پرائمری ایجوکیشن فنڈ رکھا گیا تھا۔ جس میں گورنمنٹ۔ لوکل باڈیز اور ان کے علاوہ دیگر عطیات وغیرہ جمع کئے جاتے تھے۔ اسی فنڈ سے اساتذہ کو تنخواہیں دی جاتی تھیں۔

جناب والا۔ اب عملی تجربے نے ثابت کیا ہے کہ پرائمری ایجوکیشن فنڈ کی موجودگی میں جہاں لوکل باڈیز نے اپنا حصہ دینا ہوتا تھا اور گورنمنٹ نے اپنا حصہ دینا ہوتا تھا۔ اساتذہ کی تنخواہوں میں عملی دقتیں پیدا ہوتی رہی ہیں۔ جن کی وجہ بہت سے اضلاع سے روزانہ شکایات موصول ہوتی رہی ہیں۔ چنانچہ حکومت نے اس بات پر غور کیا اور اس کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ بجائے اس کے کہ ہر ضلع میں پرائمری ایجوکیشن فنڈ ہو جس میں لوکل باڈیز کی طرف سے ادائیگی کے سلسلہ میں کئی دفعہ دقتیں پیش آ جاتی تھیں اور اساتذہ کو تنخواہ حاصل کرنے میں کئی مشکلات کا سامنا کرنا ہوتا تھا۔ لہذا یہ فیصلہ کیا گیا کہ اساتذہ کو آئندہ تنخواہیں براہ راست حکومت کے خزانے سے دی جائیں۔ اور لوکل باڈیز اور حکومت کا وہ حصہ جو پرائمری ایجوکیشن کیلئے دیا جاتا ہے۔ وہ at source ہی کاٹ کر حکومت کے خزانے میں جمع ہو جائے۔ تاکہ اساتذہ کو تنخواہ کے بارے میں کسی قسم کی دقت کا سامنا نہ ہو۔ چنانچہ اس قانون کے مطابق پرائمری ایجوکیشن فنڈ ختم کردیا گیا ہے۔ اور اس کے مطابق مناسب ترامیم جو ضروری تھیں۔ اور Consequential قسم کی تھیں۔ وہ کردی جائیں گی۔

دوسری دقت جو عام طور پر اس سلسلے میں اساتذہ کو پیش آرہی تھی۔ یہ تھی کہ پہلی جماعت سے لیکر آٹھوں جماعت تک تعلیم اور اس سلسلے میں تمام اختیارات یعنی اساتذہ کی تقرری۔ سزا دینے۔ اور ملازمت سے ہٹانے

کے لئے سب کے سب ڈسٹرکٹ انسپکٹر یا ڈسٹرکٹ انسپکٹریس کو حاصل تھے۔ اور اب جب کہ پہلی جماعت سے لیکر آٹھویں جماعت تک تعلیم حکومت کی تحویل میں آچکی ہے۔ اور گورنمنٹ کے جو ہائی سکول پہلے موجود تھے۔ یا وہ اساتذہ جو کسی مڈل سکول میں ملازم ہوں۔ وہ ان گورنمنٹ سکولوں میں تبدیل نہیں کئے جاسکتے تھے۔ خواہ وہ اس سے پہلے گورنمنٹ کے ہائی سکول تھے یا اس کے بعد گورنمنٹ کے بنائے گئے۔ اور اس کے ساتھ بہت سے B.A.,B.T. ۔ اور M.A.,B.T. اساتذہ جو مڈل سکولوں میں کام کر رہے تھے۔ ان کے بارے میں تمام اختیارات ڈسٹرکٹ انسپکٹر یعنی صرف ایک شخص کو حاصل تھے۔ لیکن جو S.V. اور J.V. اساتذہ ہائی سکولوں میں کام کر رہے تھے۔ ان کے بارے میں تمام اختیارات ڈویژنل انسپکٹر کو حاصل تھے۔ چنانچہ ان عملی دقتوں کے باعث بھی اساتذہ کو بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ لہذا دوسری ترمیم جو اس آرڈیننس کے ذریعے کی جا رہی ہے۔ وہ ان اساتذہ کی Condition of service کے بارے میں ہے۔ چنانچہ ان Condition of service کو جن کی وجہ سے اساتذہ کو دقتیں پیش آتی تھیں۔ ختم کردیا گیا ہے۔ اور آئندہ تبادلے وغیرہ کے سلسلے میں ان کی تمام شرائط اور قواعد کو گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ کے ساتھ ہم آہنگ کردیا گیا ہے۔

جناب والا۔ مندرجہ بالا اغراض کیلئے جن دفعات کو ختم کرنا ضروری تھا۔ انہیں ختم کردیا گیا ہے۔ اور جہاں مناسب ترمیم کرنا ضروری تھا۔ وہاں ترمیم کردی گئی ہے۔

جناب والا۔ میں اس مرحلے پر ایک اور چیز کا بھی ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ پہلے چونکہ پرائمری فنڈ کیلئے لوکل باڈیز کی طرف سے رقوم دی جاتی تھیں۔ لہذا اسوقت لوکل باڈیز کو پرائمری فنڈ کی Planning کے بارے میں یہ دیکھنا پڑتی تھی کہ کسی خاص ترقیاتی منصوبے کیلئے رقوم کہاں سے آئینگی۔ اب چونکہ وہ ساری ذمہ داری حکومت کے خزانے پر براہ راست آگئی ہے۔ اس لئے اس چیز کو بھی ختم کردیا گیا ہے کہ وہ رقم کہاں سے آئیگی۔ آئندہ اس چیز کیلئے حکومت خود ذمہ دار ہوگی۔

جناب والا۔ ایک اور چیز جو پہلے آرڈیننس میں تھی۔ اس کے بارے میں بھی میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ پہلے مقامی کونسل کے ہر ممبر کو یہ

اختیار حاصل تھا کہ وہ کسی پرائمری سکول کا معائنہ کرسکتا ہے ۔ اور اسکے بعد Visitor's book میں اپنے تاثرات درج کر سکتا ہے ۔ یہ اس لحاظ سے بھی نامناسب تھا کہ کونسلوں کے کئی مرد ممبران لڑکیوں کے سکولوں میں جاکر معائنہ کرسکتے تھے ۔ چنانچہ اس بات کو بھی ختم کردیا گیا ہے ۔ اور یہ ترمیم کردی گئی ہے کہ اب کوئی مرد ممبر لڑکیوں کے سکولوں کا معائنہ نہیں کرسکتا ۔ بلکہ اب صرف خواتین ممبران ہی لڑکیوں کے سکولوں کا معائنہ کرسکیں گی ۔ ان معروضات کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی ہر ایک چیز ایسی ہے جو اساتذہ ۔ تعلیم اور بالخصوص پرائمری تعلیم کے بارے میں ہے ۔ اور جس کے ذریعے ہم خاص طور پر ان دقتوں کو دور کرنا چاہتے ہیں جو عملی طور پر ہمارے سامنے آئی ہیں ۔ اس آرڈیننس کے پاس ہو جانے سے اساتذہ کی تنخواہ ۔ ان کی ملازمت اور دیگر شرائط کے بارے میں جو مشکلات ہیں ۔ وہ انشا اللہ سب دور ہو جائینگی ۔ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ تعلیم کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ اساتذہ کے مقام ۔ ان کی تنخواہوں اور دیگر دقتوں کے سلسلے میں ان کو وہ مقام دیا جائے جس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں ۔ چنانچہ یہ ایسی چیز ہے جس کے متعلق اس ایوان کو کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ اس لئے مجھے امید ہے کہ یہ آرڈیننس زیادہ بحث کئے بغیر ہی پاس کردیا جائیگا ۔

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi took the Chair)

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ بعض اوقات حکومت کی نشستیں جب مستحق مبارک باد ہوتی ہیں ۔ تو ہم مبارک باد دینے میں بخل سے کام نہیں لیتے ۔ بلکہ جب بین دلائل سے یا جب نیک نیتی سے کوئی مسئلہ پیش ہوتا ہے ۔ تو ضرور مبارکباد دیتے ہیں ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — لیکن آپ سب کی طرف سے نہیں کہہ سکتے ۔

خواجہ محمد صفدر— میں یقین دلاتا ہوں ۔ کہ ہم ہمیشہ نیک نیتی سے کام لیتے ہیں ۔ اور اپنے قول و فعل سے ثابت کرتے ہیں ۔ عوام نے جو مقدس فریضہ ہمارے سپرد کرکے ہمیں یہاں بھیجا ہے ۔ اپنی ہمت کے مطابق اور اپنے فکر کے مطابق پوری نیک نیتی سے پورا کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ایک

لمبے عرصہ سے لوکل باڈیز کے سکولوں کے اساتذہ احتجاج کرتے چلے آرہے تھے۔ اور ایک عرصہ سے یہ احتجاج کرتے چلے آرہے ہیں۔ کہ ان کے سکولوں کو لوکل باڈیز کی تحویل سے نکال کر حکومت اپنی تحویل میں لے لے۔

اس ایوان میں چند روز ہوئے۔ میں نے اپنی تقریر کے دوران میں National Education Commission کی رپورٹ کے اقتباسات پیش کئے تھے۔ جن میں National Education Commission نے اعتراف کیا تھا۔ کہ ہمارے ہاں لوکل باڈیز کی انتظامیہ مشینری کے نقائص کی وجہ سے ہمارے اساتذہ جو لوکل باڈیز سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہمیشہ ناخوش چلے آرہے ہیں۔ کیونکہ ان کے جائز مطالبات پورے نہیں کئے جاتے۔ اور انہیں طرح طرح کی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس رپورٹ کی بنا پر جیسا کہ محترم وزیر تعلیم نے ارشاد فرمایا ہے ۱۹۶۲ء میں ایک آرڈیننس کے ذریعہ پرائمری تعلیمی اداروں کو لوکل باڈیز کی تحویل سے نکال دیا گیا۔ لیکن اگر میں یہ کہوں کہ جب حکومت نے انہیں اپنی تحویل میں لے لیا۔ تو یہ بھی درست نہیں ہوگا۔ پھر ان کی صورت ایسی ہوگی۔ کہ ''آسمان سے گرا کھجور پہ اٹکا''۔ یعنی وہ نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے۔ ابھی چند ماہ پہلے آپ نے اخبارات میں دیکھا ہوگا۔ کہ کسی نہ کسی ضلع کے اساتذہ کی جانب سے یہ احتجاج ہو رہا ہے۔ کہ ۴ ماہ سے یا ۶ ماہ سے یا ۸ ماہ سے ان کو تنخواہ نہیں ملی دراصل بات یہ ہے۔ کہ ہماری موجودہ حکومت عقل و فکر سے عاری ہے۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ ہاؤس میں کورم نہیں۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*) Now, the House is in quorum. Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا۔ کہ یہ حکومت عقل و فکر سے عاری ہے۔ اور ان کا ہر قدم اس بات کی دلیل ہوتا ہے۔ کہ اس کے متعلق یہ پورے طور پر سوچ بچار نہیں کرتے۔ نیم دلی سے کرتے ہیں۔ اول تو ان کی یہ حالت ہوتی ہے۔ کہ

''زمین جنبد نہ جنبد گل محمد''

عوام سالہا سال سے **Agitation** کرتے ھیں ۔ اپنے مطالبات کو بار بار دھراتے ھیں ۔ جلسے کرتے ھیں ۔ جلوس نکالتے ھیں ۔ ھڑتالیں کرتے ھیں ۔ ایک بار نہیں ۔ سالہا سال سے متواتر اس قسم کے مظاھرے کرتے ھیں ۔ اس کے بعد اس حکومت کے دل میں تھوڑا سا بھی احساس ان کے مطالبات پورا کرنے کا پیدا ھو جائے ۔ تو یہ بھی غنیمت ھے ۔ تو اساتذہ کے اس مسلسل اور لگاتار مطالبہ کے بعد انہوں نے اپنی روایات کو برقرار رکھتے ھوئے اپنے پرانے عزم کو قائم رکھتے ھوئے نیم دلانہ قدم اٹھایا اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ھے کہ اساتذہ کا یہ حال ھوگیا کہ آسمان سے گرا اور کھجور میں اٹکا ۔ پہلے جو ان کو پوری تنخواہ مل جایا کرتی تھی تو اساتذہ کو ان کے اس اقدام سے تنخواہ کا بھی جواب مل گیا اسکی وجہ یہی تھی جسکا ابھی ھمارے محترم دوست نے ذکر فرمایا ھے کہ پرائمری ایجوکیشن کمیٹی فنڈ میں کچھ رقم فنڈ کے طور پر حکومت نے دینا تھی اور کچھ رقم مقامی ڈسٹرکٹ کونسل نے ادا کرنی تھی اور باقی اسکا سرمایہ **Donations** اور دوسری چیزوں سے اکٹھا ھونا تھا ۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے پاس سرمایہ کا فقدان تھا اور سارے ضلع کے اساتذہ کی تنخواہ اسنے ادا کرنی تھی ظاھر ھے کہ اگر یہ سوچ بچار سے کام لیتے تو یہ سابقہ آرڈیننس میں یہ شق نہ رکھتے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کو فنڈ اسطرح سے مہیا کیا جائیگا ۔ یہیں تک نہیں ایک اور مضحکہ خیز بات جسکی ابھی ترمیم کی گئی ھے وہ اساتذہ کی ملازمت کے متعلق قوانین اور ان کا مرتبہ اور رتبہ ھے تو اس میں یہ درج تھا کہ جن اساتذہ کو یا جن سکولوں کو یہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے حوالہ کر رھے ھیں انکی تنخواہ ان کے گریڈ اور ان کی ملازمت کی دوسری مراعات قواعد و ضوابط اس قسم کے ھونگے جسے گورنمنٹ پسند کرے ۔ یہ بھی کوئی بات ھے جب آپ نے اسبات کو تسلیم کرلیا ھے اور جب آپ نے ایجوکیشن کی سفارشات پر تسلیم کیا ھے تو سیدھی بات کیوں نہیں کرتے کہ جو اساتذہ لوکل باڈیز اور پرائمری سکولوں سے متعلق ھیں وہ فلاں تاریخ سے گورنمنٹ کے ملازم ھونگے اور اسی درجے کے سکولوں اور اسی **Qualifications** کی تنخواھیں اورگریڈ حاصل کرینگے ۔ جس کام کو ۱۹۶۲ء میں ھو جانا چاھئے تھا وہ ان بزرگوں کو ۱۹۶۴ء کے آخر میں اور ۱۹۶۵ء میں آکر سوجھی ھے اگر اسی وقت اس پر غور کرلیا جاتا تو دو ڈھائی ھزار لائق اساتذہ کے غریب طبقہ کو جن مشکلات کے دور سے اور جن تکالیف کے زمانے سے اور جن مصائب کے دور سے گزرنا پڑا ھے وہ ان کو نہ گزرنا پڑتا تو یہ بھوک پیاس اور افلاس اور دوسری تمام تکالیف کی ذمہ داری

اس نا اهل اور نا سمجھ حکومت کے سر ہے جو گزشتہ تین سال میں پرائمری سکولوں کے اساتذہ پر گزری اور آج اسبات کو فخریہ بیان کیا جاتا ہے کہ ہمنے سابقہ قانون میں یہ بہتری پیدا کردی ہے تو وہ قانون بھی ایک آرڈیننس تھا اور آپ ہی کا نافذ کیا ہوا تھا اور یہ بھی آرڈیننس ہے جو آپ پاس کرلیں گے ۔ اگر یہ قانون اسمبلی میں بل کی صورت میں پیش ہوتا تو اسمبلی اس میں دیکھتی کہ اسے کس جگہ پر کونسی چیز رکھنی چاہئے اور کس جگہ کونسی چیز نہیں رکھنی چاہئے اور اسطرح پھر ذمہ داری اسمبلی کی ہوتی کہ اسنے ایک قانون بنایا ہے اور اس میں یہ نقص رہ گیا ہے اور پھر ہمارے دوست یہ دعویٰ کرسکتے تھے کہ تین سال کے بعد ہمارے لائق اور فائق وزیر قانون کو یہ پتہ چلا ہے کہ یہ غلطی تھی اسلئے ہم نے اسکو درست کردیا ہے اور اس کا کریڈٹ ہمیں ملنا چاہئے ۔ اگر یہ کریڈٹ لیتے ہو تو پہلے **Discredit** کو بھی سنبھالو ۔ ان تین سال میں جو دھاندلیاں کی ہیں ان کی ذمہ داری بھی تو لو ۔

ایک آواز – گزشتہ را صلوات آئندہ را احتیاط ۔

خواجہ محمد صفدر—یہ بات معقول تو ہے لیکن صلوات تب ہی بھیجی جاتی ہے کہ جو پہلے کام تھا وہ بیوقوفی پر مبنی تھا عقل پر مبنی نہیں تھا فہم و فراست پر مبنی نہیں تھا لیکن اب اقرار کرتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوگا تب ہی آئندہ کیلئے احتیاط سمجھ لی جائیگی ۔ اس آرڈیننس میں سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ اگر خدانخواستہ کوئی چھوٹی موٹی غلطی " Is " I " S " کی پڑگئی ہو تو چلو درست کرلیا جائے لیکن اگر **Technically** کوئی لفظ ڈرافٹنگ میں آگے پیچھے پڑجائے تو یہ اسمبلی درست نہیں کرسکتی خواہ وہ واضح طور بین طور پر کتنی ہی بیہودہ کیوں نہ ہو اور اسکی موجودگی سے چاہے کچھ بھی ہو جائے تو یہ اسمبلی قدرت نہیں رکھتی کہ اس میں ترمیم کی جائے چہ جائے کہ ایک شق میں جسکے تحت ایک ایسا ادارہ کیا گیا ہے اور جسکے تحت کسی خاص کام کو سرانجام دینا مقصود ہے اس شق کو تبدیل کردیا جائے ۔ یہ بھی ناممکن ہے اسلئے جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دفعہ (٦) میں یہ شق رکھی گئی کہ ان کی ملازمت کے شرائط وہی ہونگے جو گورنمنٹ فیصلہ کریگی اور آج تین سال کے بعد ——

Chaudhri Muhammad Ibrahim : The House is still not in quorum.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*)

There is no quorum. Let the bells be rung (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum. Khawaja Sahib may please continue his speech.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا میں جس بات کا ذکر کر رہا تھا وہ اسطرح درج ہے کہ یہ آرڈیننس ۳۹ (۱۹۶۲ء) کے سکشن ۲ - سب سکشن (بی)

"All teachers and other staff employed by a Local Council in connection with primary education shall stand confirmed for service and be employed on such terms and conditions including promotion pay, contribution towards provident fund, as the Government may determine."

اگر ان میں فہم و ادراک ہوتا تو جو الفاظ انہوں نے آج اس آرڈیننس میں رکھے ہیں یہ اسی وقت رکھدیے جاتے اور وہ الفاظ یہ ہیں

"All teachers and other staff employed by a local council in connection with primary education shall stand transferred for service to and be employed by Government on the same terms and conditions as are applicable from time to time to teachers and staff of corresponding categories in the Government service."

کیا ہی اچھا ہوتا کہ تین سال تک جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ اس طبقہ کو جو مصائب برداشت کرنے پڑے ہیں وہ نہ برداشت کرنا پڑتے۔

اسکے علاوہ جناب سکشن (۱۰) میں ترمیم کی گئی ہے - اسکا ذکر میں تھوڑا بہت پہلے بھی کرچکا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس ترمیم سے پہلے سابقہ آرڈیننس کی رو سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی اپنے ماتحت تمام پرائمری سکولوں کے اساتذہ کے ملازموں کی تنخواہوں کے ادا کرنے کی ذمہ دار تھی مگر اسکے پاس پیسے نہ تھے۔

اس کا Source of income نہیں تھا - ذرائع آمدنی قطعاً نہیں تھے - ان سے وعدہ کیا گیا تھا کہ حکومت اس قدر گرانٹ دیگی اور ڈسٹرکٹ کونسلیں اس قدر گرانٹ دیں گی - تو کبھی گورنمنٹ کی گرانٹ دیر سے پہنچتی ہے - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ضلع بھر کے چند اساتذہ پہلے تنخواہیں وصول کر لیتے اور چند اساتذہ تو چھ ماہ سے قبل وصول کرنے سے قاصر ہیں - اس میں بھی کچھ خامیاں ہیں جو تیرہ سال کے بعد رفع ہوئیں کاش کہ اس سے پہلے وہ ان کو رفع کر دیتے اس آرڈیننس کے ذریعے آج رفع کی گئی ہیں کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کی ذمہ داری یہ نہیں رہی کہ وہ سٹاف کو تنخواہیں دے -

بلکہ سٹاف اور ٹیچرز کو تنخواہیں سرکاری خزانے سے بلا واسطہ دیجائیں گی اور وہ ادا ہونگی اور آئندہ ہر ماہ دوسرے ملازمین کیطرح ان کو تنخواہیں ملیں گی۔ یہ اچھی بات ہے تو میں کہتا ہوں کہ یہ اس وقت اچھی بات کیوں نہیں کی گئی۔ مثال کے طور پر اگر اس ایوان میں اس پر بل پیش ہو جاتا تو ہم ان کو یہ بتاتے کہ یہ مشکلات آنے والی ہیں۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش)— دیر آید درست آید۔

خواجہ محمد صفدر — جناب میرےمحترم بزرگ ملک قادر بخش صاحب جو کہ میرے نہایت کرم فرما بزرگ ہیں اگر وہ بجائے وزیر ہونیکے کسی پرائمری سکول کے ٹیچر ہوتے تو پھر اگر وہ یہ کہتے تو میں ان کی بات مان لیتا کہ دیر آید درست آید۔

وزیر خوراک و زراعت— اس وقت تک میں ریٹائر ہوچکا ہوتا۔(قہقہے)

وزیر مال (خان پیر محمد خان) مگر وزارت میں پنشن نہیں ملتی مشکل تو یہ ہے۔

خواجہ محمد صفدر—تو ان مشکلات اور مصائب اور ان چیزوں کا تدارک ہم کیا کرسکتے ہیں۔ یہ تو وہی لوگ کرسکتے ہیں تو جناب والا جہاں یہ دو ترامیم سابق قانون کو بہتر بنانے کے لئے کیگئی ہیں وہاں کم از کم ایک ترمیم اس قدر خطرناک ہے میرے نکتہ نگاہ سے کہ جو ان کے ذہنوں کی صحیح اور واضح طور پر عکاسی کرتی ہے۔ وہ کیا چاہتے ہیں۔ وہ ملک میں کس قسم کی حکومت یہاں چاہتے ہیں۔ کس قسم کے ادارے چاہتے ہیں۔ کس قسم کا نظام چاہتے ہیں۔ میری مراد جناب والا سیکشن ۱۰ سب سیکشن ۳ کی شق نمبر (سی) سے ہے۔ اس میں جناب یعنی سیکشن ۱۰ میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی اور پرائمری ایجوکیشن کمیٹی کو کچھ اختیارات نہیں ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کو کیا کیا اختیارات ہونگے اس میں یہ بھی ایک اختیار متعین تھا

> "Appointment of teachers and other staff for Government Primary Schools, their promotion, transfer, punishment and removal."

وزیر تعلیم — جناب خواجہ صاحب آپ غلطی پر ہیں۔

خواجہ محمد صفدر— نہیں جناب میں غلطی پر نہیں ہوں۔ جناب میرا

جو اعتراض ہے جب میں عرض کرونگا لیکن شائد میرے محترم دوست . . .
اگرچہ میں اس اعتراض کا زبان سے اعتراف نہیں کرونگا لیکن مجھے یقین ہے
کہ وہ دل سے متفق ہونگے۔ میرا اعتراض جناب والا یہ ہے کہ میں اصولی
طور پر اس بات کے حق میں نہیں ہوں کہ لوکل باڈیز سے تعلیم جیسی اہم
چیز چھین لی جائے۔ دنیا کے تمام متمدن ممالک۔ تمام ترقی یافتہ ممالک آپ
دیکھیں گے کہ وہاں نظام تعلیم لوکل باڈیز کے ذمہ ہے۔ حکومت کے ذمہ
نہیں ہے۔ آئے دن میرے مہربان دوست اس بات کا رونا روتے ہیں کہ ہمارے
پاس سرمایہ نہیں۔ ہم تعلیم پر اس قدر کیسے خرچ کریں گے۔ اگلے روز
محترم وزیر تعلیم صاحب نے ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ
پرائمری سکولوں کی مرمت کیسے کرائیں اس پر کروڑوں روپیہ خرچ آئے گا
کہ یہ مقامی ذمہ داری ہے۔ لوکل کونسلوں کی اور یونین کونسلوں کی ذمہ داری
ہے حالانکہ اس جائیداد کے مالک یہ ہیں۔ حکومت مالک ہے پرائمری
سکولوں کی اور مرمت کی ذمہ داری دوسروں پر ڈال رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے
کہ اس کے متعلق میرا ذہن بالکل واضح ہے اور وہ یہ ہے کہ میں یہ
چاہتا ہوں کہ ہماری لوکل کونسلیں زیادہ سے زیادہ مقامی طور پر تعلیم
کی ذمہ داری کو اپنائیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے اساتذہ
کو جو کہ لوکل باڈیز کے ملازم تھے انہیں حد درجہ کی تکالیف تھیں میں
مانتا ہوں اور مجھے ان سے ہمدردی ہے آج بھی اور اس سے پہلے بھی اس مسئلے
کے متعلق جبکہ انہوں نے اپنی آواز اٹھائی تو میں نے اس کی تائید کرنے کی
کوشش کی اور آج بھی کرتا ہوں اور آئندہ بھی کروں گا۔ لیکن اس کا یہ
مطلب نہیں کہ لوکل باڈیز سے تعلیم جیسے مسئلے کو چھین لیا جائے اور
حکومت اس کو اپنی تحویل میں لے لے۔ حکومت کو دراصل ایک **Ancilliary**
صورت اختیار کرنی چاہئے جہاں مقامی طور پر ہم اچھی تعلیم کا انتظام نہیں
کرسکتے وہاں حکومت کو چاہئے کہ ایک دو سکول اور کالج کھول دے
لیکن تمام کے تمام پرائمری سکول جو لاکھوں کی تعداد میں ہیں اگر حکومت
اپنی تحویل میں لے تو یہ حکومت ویسے بھی انتظامیہ مشکلات اپنے لئے
پیدا کر رہی ہے۔ تو بجائے اس کے کہ ہم نے لوکل باڈیز کو درست کیا ہوتا۔
انکے نظام کو درست کیا ہوتا۔ انکی خامیوں کو رفع کیا ہوتا ہم نے سرے
سے ہی اس نظام کو اس لوکل باڈیز کے نظام کو نظام تعلیم کو حد سے زیادہ
عاری کردیا ہے۔ ان سے یہ اختیارات چھین لئے ہیں تو میں نے یہ سمجھا چلو
لوکل باڈیز نہ سہی۔ یہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی جس کے چیرمین ڈی سی
صاحب ہیں اور جس کے سیکریٹری ڈسٹرکٹ انسپکٹر صاحب ہیں اور جن کے

تین ممبران غیر سرکاری ہوتے ہیں وہ تینوں کے تینوں یہ حکومت نامزد کرتی ہے ۔ وہ کسی کے نمائندے نہیں ہوتے ۔ چاہو ان کے پاس یہ اختیارات رہیں ۔ شائد وہ کسی ضلع میں کسی سیکشن کے نمائندہ ہوں ۔ ہوسکتا ہے کہ ان لوگوں کی غلطی کی بنا پر ہی وہ کسی طبقے کے نمائندے ہوں اور وہ اس ایجوکیشن کمیٹی میں چلے جائیں تو ان کو یہ اختیارات ہونگے کہ وہ ان سکولوں کی ایڈمنسٹریشن کی دیکھ بھال کرسکیں گے اس طور پر کہ اس بیورو کریسی کا کم سے کم ہاتھ ہوگا ۔ ڈسٹرکٹ انسپکٹر محض ایک سیکریٹری کی حیثیت سے کام کرے گا ۔ تو یہ حکومت کے تینوں نامزدہ اشخاص ہیں ۔ اساتذہ کی تقرری ان کے تبادلے اور دیگر اس قسم کی چیزوں پر اور اس سلسلے میں کچھ اثر اپنا رکھ سکیں یا اپنی رائے دے سکتے ہوں ۔ یہ اختیارات چھین کر ڈسٹرکٹ انسپکٹر کے حوالے کردئیے گئے ہیں یعنی بیورو کریسی کو دن بدن قوی کیا جا رہا ہے اور یہ نیم دلانہ جو آپ کی روش ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کو یہ اختیارات حاصل تھے اس سے چھین کر آپ نے انہیں ڈسٹرکٹ انسپکٹر کو دے دئے ہیں ۔ مجھے اس پر اعتراض ہے کہ ہر قسم کی تقرری اور تبادلے اس آرڈیننس کی رو سے ڈسٹرکٹ انسپکٹر صاحب کرینگے ۔ Am I right Sir?

Minister of Education: Sir, that is exactly a negation of what he has been saying.

خواجہ محمد صفدر — جی ؟

وزیر تعلیم — اس میں یہی چیز ہم نے Undo کی ہے ۔

That the authority of the District Inspectors of Schools and Inspectors of Schools has been withdrawn and now the general rules applicable to the transfers, appointments and other matters and conditions of service of the teachers in general Government Schools will apply to these Primary Schools as well.

خواجہ محمد صفدر — آپ نے دفعہ ۱۰ کی تحتی دفعہ ۳ کے جزو (سی) میں یہ لکھا تھا :

(c) Appointment of teachers and other staff for Government primary schools, their promotion, transfer, punishment and removal;

اب اسے انہوں نے کاٹ دیا ہے ۔ وہ اختیار جو گورنمنٹ سکولوں کے متعلق قوانین مرتب کرنے کا یعنی تقرری کون کرے گا ۔ تبدیلی کون کرے گا وغیرہ ۔ یہ اختیار جو ایک غیر نمائندہ عوامی ادارے کو حاصل تھی، وہ بھی

چھین لیا ہے اور اسے ڈسٹرکٹ انسپکٹر کے حوالہ کردیا ہے ۔ میرا یہ اعتراض ہے ۔

جناب والا۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کی رو سے جہاں ہم نے دو ایک خامیوں کو رفع کیا ہے، وہاں ایک خامی کا اس میں اضافہ بھی کردیا ہے ۔ جناب والا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر ضلع کو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا چیئرمین اور ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز کو اس کمیٹی کا سیکریٹری بنا کر اور اس میں اپنے آدمیوں کو نامزد کرکے یہ بات واضح کردی ہے کہ انہیں عوامی نمائندوں پر بھروسہ نہیں ۔ اب حال ہی میں، گزشتہ تین چار ماہ میں ان کی طرف سے اس قدر بلند بانگ دعوے کئے گئے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت رائج ہے ۔ عوام کی مرضی کے ساتھ حکومت ہورہی ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن عمل ان کا یہ ہے کہ اس ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی میں چیئرمین بیورو کریسی کا فرد ہے اور اس پر تین افراد کو نامزد کیا جاتا ہے ۔ ان کے دل میں عوامی نمائندوں پر ہرگز بھروسہ نہیں ہے ۔ یہ کسی عوامی نمائندہ پر بھروسہ کرنے کی بجائے اپنے سرکاری ملازم پر بھروسہ کریں گے ۔ بیورو کریسی پر بھروسہ کریں گے ۔ عوام کے نمائندوں پر بھروسہ نہیں کریں گے ۔ (قطع کلامیاں) جناب والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم ان معنوں میں عوام کے نمائندے نہیں ہیں، جن معنوں میں ہمیں عوام کا نمائندہ ہونا چاہئیے ۔ یہ بات ایسی نہیں جو چھپانے سے چھپ سکے ۔ دنیا جانتی ہے کہ موجودہ نظام کے تحت جو نمائندے چنے جاتے ہیں، دراصل وہ عوام کے صحیح نمائندے نہیں ہیں ۔ وہ صحیح نمائندے تب ہوں گے، جب اس صوبہ بلکہ اس ملک کے ہر فرد کو ووٹ کا حق ہو ۔ اور وہ اپنے ووٹ سے اپنے نمائندے چنے ۔ صفدر آئے یا نہ آئے اس کی پرواہ نہیں ۔ مجھے احساس ہے کہ اس ایوان کا رکن بنا کر مجھے بہت بڑی عزت سے سرفراز کیا گیا ہے ۔ لیکن مجھے اپنے حلقہ کے تین یا چار سو بنیادی جمہوریتوں کے ممبروں نے اپنا نمائندہ بنا کر یہاں بھیجا ہے ۔ میں اپنے عوام کا نمائندہ نہیں ہوں ۔

جناب والا۔ میرے دوست نے ایک اور ہی بات چھیڑ دی ۔ میں یہ عرض کررہا تھا کہ اگر میرے محترم وزیر تعلیم اس ہنگامی قانون کو اس طرح پیش کرتے کہ اس کی صحیح شکل ہوتی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی عوامی نمائندوں کی طرف سے معرض وجود میں لائی جاتی تو میں انہیں مبارکباد

دیتا ۔ لیکن جس طرح وہ اسے لائے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی مجبور ہیں ۔ لیکن ہمارے ذہن اسے قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ میں اسے عوام کے حقوق پر چھاپہ سمجھتا ہوں ۔ اگر یہ اسے اس ایوان میں بل کی صورت میں لاتے، تو اس میں کوئی خامی نہ رہتی ۔ جناب والا ۔ آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ میں اس آرڈیننس کی مخالفت اسلئے کر رہا ہوں کہ اگرچہ اس میں پرائمری ایجوکیشن آرڈی ننس ۱۹۶۲ء کے چند نقائص کو رفع کردیا گیا ہے، مگر چند نہایت ضروری اور جن کی طرف توجہ دینا نہایت ضروری تھا اور جن کی ترمیم اس آرڈیننس میں لانا میرے خیال میں ضروری تھا، ان کو اس آرڈیننس میں شامل نہیں کیا گیا ہے ۔ دوسری وجہ اس آرڈیننس کی مخالفت کی میرے نزدیک یہ ہے کہ اس قانون کو ہنگامی حالات کے نہ ہوتے ہوئے ہنگامی قانون کی صورت میں پیش کیا گیا ہے ۔ جس کی وجہ سے اس ایوان کے اختیارات کو غصب کیا گیا ہے ۔ اور اس کے وقار کو ٹھیس لگی ہے ۔ ان وجوہات کی بنا پر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ (لاہور ۔ ملتان ڈویژن) — صدر محترم ۔ میرے فاضل لیڈر نے اس آرڈیننس کے متعلق اسوقت ایسی فاضلانہ تقریر فرمائی ہے کہ اس آرڈیننس کی شقوں کو لیکر ان پر کچھ کہنے کی میرے لئے کوئی ضرورت باقی نہیں رہی ۔ مجھے آج چند ایک گذارشات اس ایوان کے سامنے رکھنی ہیں ۔ کل میری زندگی کا ایک بہت بڑا قیمتی دن تھا ۔ کیونکہ کل اس ایوان کی ممبری میں میرے Active کام کے پچیس سال پورے ہوئے تھے ۔ اور تقریباً اٹھائیس سال سے یہ خاکسار اس خدمت میں مصروف ہے ۔ جس میں سے اگر مارشل لاء کے زمانے کے تین سال نکال دئیے جائیں ۔ تو Active Legislation کے پچیس سال پورے ہوتے تھے ۔ اس کے علاوہ آٹھ سال مرکزی اسمبلی کی ممبری کے بھی ہیں ۔

صدر محترم ۔ کل شام میں اپنے کمرے میں بیٹھی تھی ۔ اور سب سے پہلے میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ۔ کہ جس نے مجھے یہ توفیق بخشی ۔ کہ میں نے کسی قیمت پر بھی یہ کرسی نہیں بدلی ۔ اور پھر اس بات کا شکر ادا کیا ۔ کہ میں جن اصولوں کو اپنا کر اس ایوان میں داخل ہوئی تھی ۔ ان پر قائم رہی ۔ اور حق کی آواز بلند کرنے سے کبھی گریز نہیں کیا ۔ شکر الحمد اللہ ۔ اسکے بعد جناب والا کل میرے گھرانے کے یعنی میرے والد مرحوم اور میرے شوہر مرحوم اور میرے قانون سازی کے ساٹھ سال مکمل

ہوئے تھے ۔ مجھے مارشل لاء کی حکومت اور اسکے بعد جن باتوں کو آپکی خدمت میں پیش کرنا ہے ۔ وہ یہ ہیں ۔ کہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ یہ جمہوری حکومت ہے ۔ میں مانتی ہوں ۔ کہ یہ جمہوری حکومت ہے ۔ لیکن جمہوری حکومت کو سب سے پہلے کن چیزوں کا انتظام کرنا چاہئیے تھا ۔ اور اسکے متعلق ہی ہمیں ٹھنڈے دل سے سوچنا ہے ۔ ہمیں مارشل لاء کی حکومت سے بہت امیدیں تھیں ۔ کہ اگر ترکی اپنی جمہوریت کو بارہ سال میں Literate بنا سکتا ہے ۔ تو پھر اگر ان کی پیشرو حکومتیں ایسا نہ کرسکی تھیں ۔ تو ان سولہ سال میں کم از کم نصف یا ایک تہائی حصے کو تو Literate بنا سکتے تھے ۔ لیکن صدر محترم جس وقت میں نے اپنے ان پونے تین سال کے کام پر نظر ڈالی ۔ تو میرا دل خون کے آنسو رو رہا تھا ۔ ان پونے تین سالوں میں ہم نے کیا کام کیا ہے ۔ صرف ۱۲۲ آرڈیننسوں پر دستخط ثبت کرنے کا کام کیا ہے ۔ اسکے علاوہ ہم کتنے مفید عام بل اس ایوان میں لائے ہیں ۔ میں بار بار سوچ رہی تھی ۔ کہ سوائے اسکے کہ ہماری تجاویز کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا ۔ اور کوئی مفید مطلب کام یہاں نہیں ہوسکا ۔ مثلاً یہ خاکسار Family law courts کا ایک بل لائی تھی ۔ لیکن اسکو بھی ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا ۔ اور محترم مولانا غلام غوث صاحب دو ایک بڑی اچھی تحریکیں لائے تھے ۔ مگر ان کو بھی ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا ۔ الحمد اللہ خدا خدا کرکے وہ جسطرح بھی ہوا پاس ہوگیا ۔ مگر آج چھ مہینے ہوگئے ہیں ۔ اور ہائی کورٹ کا ایک جج مقرر نہیں ہوسکا ۔ کہ وہ قوانین اور قواعد مرتب کئے جاسکتے ۔ جن سے کہ وہ عدالتیں وجود میں آتیں ۔ جو کہ میجسٹریٹوں کو دی جاتیں ۔ اسکے علاوہ اگر ہم ایک ایک چیز پر نظر کریں ۔

(قطع کلامی)

میں آپکو بتا رہی ہوں ۔ کہ آپکو کام کیا کرنا چاہئے تھا ۔ اور آپ نے کیا کیا ہے ۔ ہم نے یہ ضرور کیا ۔ کہ ہم نے پریس کی آزادی سلب کی ۔ یہ ضرور کیا ۔ کہ ہم نے عدالتوں سے اختیارات لے لئے ۔ ہم نے یہ ضرور کیا ۔ کہ ہم نے اپنی اقتصادیات بدل ڈالی ۔ اور State trading کو اپنا لیا ۔ سب کچھ کیا ۔ لیکن جس جمہوریت کے نام پر ہم آج بھی اپنی حکومت بنا رہے ہیں ۔ ہم اسے Literary جیسی چیز نہ دے سکے ۔ ہم نے یہ ضرور کیا ۔ کہ اسکے لیئے کمیٹیاں بنائیں ۔ ہم نے یہ ضرور کیا ۔ کہ اس ایوان میں بیٹھکر زیادہ سے زیادہ آرڈیننس پاس کئے ۔ ہم نے یہ ضرور کیا ۔ کہ ابتدائی تعلیم کو اپنی تحویل میں لے لیا ۔ اگر آپ نے اسے لیا ہی تھا ۔ تو کیا آپ کا یہ فرض نہ تھا ۔

کہ آپ اس فضا کو صاف کرتے ۔ وہ آرڈیننس جو ۱۹۶۲ء میں آیا ۔ اسکو بھی آرڈیننس کے طریقے سے نہ لاتے ۔ اسکو بھی اس ایوان میں بل کی شکل میں لاتے ۔ تو ان تمام تر خرابیوں کو محسوس کرتے ہوئے آج جو یہ ترمیمی آرڈیننس لائے ہیں ۔ وہ ہم آپکے سامنے رکھتے ۔ بلکہ جو خامیاں آپکو نظر نہیں آئیں ۔ وہ ہم آپکے سامنے پیش کرتے ۔ اگر آپ اسے بل کی شکل میں پیش کرتے ۔ تو ہمیں کسقدر خوشی ہوتی ۔ کہ واقعی حکومت نے کیسا اچھا کام کیا ہے ۔ جو یادگار رہتا ۔ اسکے علاوہ ان اساتذہ کے لئے ایک تعلیمی سروس قائم کی جاتی ۔ ان کی تنخواہیں اس طرح سے دی جاتیں ۔ جو کہ آج تجویز کی گئی ہے ۔ بجائے اسکے کہ آپ آرڈیننس سے حکومت کرتے ۔ کاش ان پونے تین سالوں میں آپ ایسے گولڈن بل لاتے ۔ جنکو پاس کرکے ہمیں خوشی ہوتی ۔ کہ ہم نے ان پونے تین سالوں میں اتنا اعلے کام کیا ہے ۔ اور اس کام کی یاد لیکر ہم اس ایوان سے رخصت ہوتے ۔ مگر افسوس ہے ۔ کہ سوائے اسکے کہ ہم نے ۱۲۲ آرڈیننس پاس کئے ۔ اور کچھ بھی نہیں کیا ۔ حزب اختلاف نے اعلے اعلے تجاویز پیش کیں ۔ میرے ایک بھائی نے ریونیو پر ایسی اعلیٰ تقریر کی ہے ۔ کہ اگر کوئی اور حکومت ہوتی ۔ تو اس سے چند ایک تجاویز ضرور اپناتی ۔ مگر انہوں نے ان کا کچھ خیال نہیں کیا ۔ اور نہ ہی اس آرڈیننس میں ایک حرف بھی بدلا ہے ۔ آپ ایک حرف تک بدلنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ آپ دیکھ لیجئے ۔ ان پونے تین سالوں میں انہوں نے کسی بھی آرڈیننس میں ایک حرف تک نہیں بدلا ۔ افسوس کی بات ہے ۔ کیا وہ یہ دعویٰ کرسکتے ہیں ۔ کہ یہ آرڈیننسوں کی حکومت نہیں ہے ۔ مگر یہ اس چیز کا دعویٰ نہیں کرسکتے ۔ ہم نے ان پونے تین سالوں میں کوئی قواعد و ضوابط مرتب نہیں کئے ۔ یہ ایسا ایوان ہے ۔ کہ اس خاکسار کو ایک کمیٹی کا صدر بنایا گیا تھا ۔ اور مجھے خوشی ہوئی ۔ کہ مجھے یہ موقع دیا گیا ۔ کہ میں بھی یہ بتا سکوں ۔ کہ ایک عورت بھی کچھ کام کرسکتی ہے ۔ وہ کمیٹی تھی ۔ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کی ۔ لیکن Initiation of legislation پہلے ہی لے لیا گیا ۔ اور نہ وہ کمیٹی Meet کرسکی ۔ اور نہ اس سے آجتک کوئی کام ہوسکا ۔ کیا یہ وہ کام ہے ۔ کہ جس پر ہم کچھ فخر کرسکتے ہیں ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں ۔

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ ۔۳)— صاحب صدر ۔ کسی نے فرمایا ہے ۔ کہ —

خشت اول چوں نہد معمار کج تا ثریا می رود دیوار کج

دراصل ابتدائی تعلیم پر ہی بالاتر تعلیم کا انحصار ہے ۔ لیکن ہم اپنی اس تعلیم کے ضمن دیکھنا چاہتے ہیں ۔ کہ ہم آخر کس مقصد کے لئے اس پر اتنی رقم خرچ کر رہے ہیں ۔ ہر حکومت اپنی یہ اہم ذمہ داری سمجھتی ہے ۔ کہ وہ عوام میں تعلیم کا فروغ کرے ۔ جمہوریت کا مزاج الگ ہے ۔ جسکے مطابق وہ جمہوریت کیلئے انسانوں کی سیرت کی تعمیر کرتی ہے ۔ اور آمریت کا مزاج الگ ہے ۔ جس کے لئے وہ انسانوں کی سیرت کی تعمیر کرتی ہے ۔ وہ بدیسی حکومت، وہ انگریز جو یہاں حاکم رہے تھے ۔ انہوں نے اپنی ضروریات اور مقاصد کے پیش نظر یہاں تعلیم کو رائج کیا تھا ۔ لارڈ میکالے (جسے ہم سب جانتے ہیں) کے سامنے صرف ایک مقصد تھا ۔ یعنی دفتروں اور دیگر اداروں کیلئے جو انگریزی آمریت کی بقاء اور قیام کیلئے تھے ۔ کچھ کارکن اور کلرک پیدا کرنا اسکا مقصد تھا ۔ جو بہر حال ان کے مقصد کے لئے مفید بھی رہا ۔ اور وہ اپنے مقاصد کو پورا کرتے رہے ۔ ہمیں اب یہ دیکھنا ہے ۔ کہ آزادی کی عمر کو اب اٹھارہ سال پورے ہو رہے ہیں ۔ یعنی انگریز کو رخصت ہوئے اٹھارہ سال ہوچکے ہیں ۔ لیکن کیا وہ جو لارڈ میکالے کا مقصد تھا ۔ آیا اس میں ہم نے کسی قسم کی بہتری کی طرف توجہ کی ہے ۔

میں تو یہ کہوں گا کہ اس پاکستان کی ایڈیالوجی کے مطابق درحقیقت وہ ایڈیالوجی جو ہر جمہوری حکومت اور ہر سٹیٹ کی ایڈیالوجی ہے جو کہ ان اغراض و مقاصد کو متعین کرتی ہے جو تعلیم سے حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے ۔ ہماری ایڈیالوجی کا تقاضا یہ تھا کہ ہم انسانیت کے فروغ کے لئے پوری اپنی توجہ صرف کرتے ۔ اسلامی اخلاق کی طرف توجہ دیتے ۔ لیکن علامہ اقبال کے قول کے مطابق کہ :

شکایت ہے مجھے یارب خداوندان مکتب سے
سبق شاہین بچوں کو دے رہے ہیں خاک بازی کا

وزیر تعلیم — یہ پہلے کی بات ہے ۔

چودھری محمد ابراہیم — اب تو بدرجہا بدتر ہے ۔ جو ہمارے اس سامنے ہے ۔ میں سمجھتا ہوں انگریز اپنے سکولوں میں یہ کرتا تھا (قطع کلامیاں) اس تعلیم سے کچھ اچھے بھلے ذہن پیدا ہوتے تھے ۔ اسی تعلیم کے زیر اثر علامہ اقبال پیدا ہوئے ۔ مولانا ظفر علی پیدا ہوئے اور کئی ایسی ممتاز شخصیتیں ہیں جو پیدا ہوئیں ۔ لیکن ہماری تعلیم نے کیا پیدا کیا وہ آپ کے

سامنے ہے ۔ پھر اس تعلیم پر جو زور دینے والے لوگ ہیں درحقیقت یہ ان کی ذہنیت کا انحطاط ہے جو ہمارے طالب علموں پر پڑ رہا ہے ۔

صاحب صدر۔ میں اس سلسلے میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پرائمری تعلیم کے متعلق جو آرڈیننس لایا گیا ہے ۔ اس تعلیم کو جب Provincialise کیا گیا ہے اس سے مقصود تو یہ تھا کہ تعلیم میں کچھ بہتری پیدا ہو۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں موجودہ حکومت کا ہر قدم جو ہے وہ برعکس نتائج پیدا کر رہا ہے ۔ جو نتیجہ ہمیں مطلوب ہے ان کی بجائے ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ تعلیم کے ہر شعبہ میں انحطاط ہے ۔ نہ صرف یہ بلکہ اس تعلیم ہی کا اثر ہے کہ ہمارے وزیر تعلیم ہی نہیں بلکہ تعلیم کے معاملے میں اور جتنے کار پرداز ہیں وہ بھی پریشان ہیں۔ سکولوں اور کالجوں میں مسلسل سٹرائک ہورہی ہے ۔ ان کے ذہنوں کی تربیت کا جب تک انتظام نہ ہوگا آپ کیسے توقع کرسکتے ہیں کہ یہاں اس قسم کے نتائج پیدا ہونگے۔ صاحب صدر میں اس جانب حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ :

آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور شے
لا کھ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

اس آدمیت کو پیدا کرنے کی طرف کچھ توجہ دیں ۔ اگر وہ اپنی سردردی کو کم کرنا چاہتے ہیں تو بھی اس جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ جتنے مصائب ان کو درپیش ہیں ۔ جتنی پریشانیاں ہیں یہ اسی وقت سے ہیں ۔ درحقیقت انسانیت اور آدمیت کے فروغ کیلئے اور اس کی تربیت کیلئے کوئی انتظام نہیں ہورہا ہے ۔ آپ انہیں جمع ۔ تفریق ۔ ضرب اور تقسیم کے سوال تو سکھا دیتے ہیں ۔ یہ قوت تو ان کے ہاتھ آ جاتی ہے لیکن اس کا کیا مصرف ہوگا یہ مصرف ان کے سامنے آپ نہیں رکھتے ہیں ۔ آپ اس ایڈیالوجی کو جس کے تحت اس مملکت کا قیام عمل میں آیا ہے ہر لحظہ اپنے سامنے رکھئے ۔ صرف علم ہی نہیں بلکہ اس کی تربیت اساتذہ کو بھی ۔ جو متعلمین ہیں ان کیطرف بھی آپ خاص توجہ دیجئے ۔ اس کا میرے نزدیک سب سے موجودہ تنزل ہمارے معیار تعلیم میں جو ہے اسکی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ہم نے اس ایڈیالوجی کو صرف نظر کر رکھا ہے ۔ ورنہ پھر اسی کے نتیجہ میں یہ بھی ہے کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں ڈسپلن کا انحطاط شدید ہوچکا ہے ۔ ایک مدرس کیلئے صرف یہ کافی ہے کہ وہ اپنے افسران بالا کی خوشامد حاصل کرنے کیلئے کچھ گر سیکھ لے ۔ اگر گر جانتا ہے وہ ہر قسم کی اقاعدگی کرسکتا ہے۔ میں چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ مدرس کے ڈسپلن

کا کیا حال ہے ۔ ایک سکول جو وزیر تعلیم کے نوٹس میں لایا تھا ۔ اور اس اسمبلی میں سوال کے سلسلے میں بھی پوچھا تھا ایک مدرس اپنے عزیز رشتہ دار کو چھ سال تاریخ پیدائش میں فرض ڈال لیتا ہے ۔ اس کے متعلق انکوائری ہوتی ہے۔ باقاعدہ یہ ثابت ہو جاتا ہے لیکن اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاتی اسلئے وہ مخصوص گر جانتا ہے کہ جو بالا تر افسران ہیں ان کی خوشنودی حاصل کرلی جائے ۔ اسی طرح اسی مدرس نے ایک اور اپنے عزیز کے متعلق رجسٹر میں تاریخ پیدائش بدلی ۔ جب آپ ڈسپلن کے متعلق کوئی تاکید نہیں کرینگے اس کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کرینگے یہ ڈسپلن اسی طرح خراب ہوتا چلا جائے گا ۔ اور آپ کا معیار تعلیم دن بدن اس وجہ سے گرتا چلا جائے گا ۔ میں آپ سے گزارش کروں گا آپ پرائمری سکولوں میں خصوصاً جبکہ ایک بچے کی تعلیم اور سیرت کی تربیت کا زمانہ ہوتا ہے ۔ اس پرائمری تعلیم کی طرف خصوصیت کے ساتھ توجہ دیں اور اس کو بہتر بنانے کیلئے جو دیگر ضروری چیزیں ہیں اس پر آپ غور فرمائیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Now the Minister of Education.

Minister of Education: Sir, I request that the time may be extended by 10 minutes.

(*Voices:* Yes.)

Mr. Senior Deputy Speaker: So the time is extended by 10 minutes

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ صرف چند باتیں آپ کی وساطت سے پیش کرتا ہوں ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ دفعہ ۱۵ میں ترمیم کرتے وقت جو ہم نے شق ''سی'' اڑائی ہے ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ ہم ڈسٹرکٹ انسپکٹر اور ڈسٹرکٹ انسپکٹرس کو اختیار دینا چاہتے ہیں ۔ حقیقت میں اس آرڈیننس کے تحت یہ اختیارات ان کو پہلے حاصل تھے ۔ ان کے فیصلہ کے خلاف اپیل کی جاتی ہے پرائمری ایجوکیشن کمیٹی کو جس کے وہ خود ممبر ہوتے ہیں ۔ موجودہ ترمیم سے یہ صورت ہوگئی ہے۔ افسران کے تقرر کا اختیار ڈسٹرکٹ انسپکٹر کو تو پہلے قانون کے مطابق تھا ۔ باقی ڈویژنل انسپکٹر کو ہوگا ۔ یہ زیادہ اچھی صورت ہے۔ اور اس سے اساتذہ کو آسانی اور آسائش پہنچتی ہے۔ خواجہ صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے۔ وہ اس وجہ سے غلطی ہوئی ہے کہ ساری تفاصیل دوسرے رولز میں ہیں اس میں نہیں ہیں ۔

اب جناب والا۔ ایک چیز جس کے متعلق سارے احباب نے فرمایا ہے۔ اور یہ تو وہ تسلیم کرتے ہیں موجودہ آرڈیننس جو ہے یہ پہلے آرڈیننس میں جو ترمیم کرتا ہے ۔ مفید ہے ۔ انہیں یہ اعتراض ہے پہلے کیوں نہیں ہوا ۔ اس کے متعلق میں صرف اتنی بات عرض کروں گا جب بھی کوئی نیا کام کیا جاتا ہے اس میں کئی چیزیں رہ جاتی ہیں جو Unforeseen ہوتی ہیں ۔ وہ عملی تجربہ سے ان سے استفادہ حاصل کرنا ہوگا ۔ وہ آرڈیننس جو پہلے بنایا گیا ۔ وہ چیز جو پہلے بنائی گئی ان سے دو تین سال کے تجربہ کے بعد استفادہ کرتے ہوئے یہ ترمیم لائی گئی ہے ۔ اور یہ تعلیم ۔ اساتذہ ۔ بچوں اور سکولوں کے استفادہ کیلئے ہے ۔ ان کو مزید آگے بڑھانے کے لئے ہے ۔ صرف ان معروضات کے ساتھ میں ایوان کا وقت نہیں لیتا اور میں عرض کرونگا کہ یہ آرڈیننس پاس کردیا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Primary Education (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 3rd December, 1964.

(*The motion was carried.*)

THE KARACHI ROAD TRANSPORT CORPORATION (REPEAL), ORDINANCE 1964.

Minister of Education: (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir, I beg to move:—

That the Assembly do approve of the Karachi Road Transport Corporation (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 7th December, 1964.

Mr. Senior Deputy Speaker: The motion moved is:—

That the Assembly do approve of the Karachi Road Transport Corporation (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 7th December, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed, Sir.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کردوں اس آرڈیننس سے مراد اصل میں یہ ہے ۔ کہ سنٹرل گورنمنٹ کے اس کارپوریشن میں حصص ہیں ۔ وہ پرائیویٹ لوگوں کو Transfer کردئیے گئے ہیں ۔ اور کراچی جو اس وقت صوبہ مغربی پاکستان میں ضم ہوچکی ہے ۔ اس بنا پر پہلے آرڈیننس کو سٹیچوٹ بک پر رکھنے کی ضرورت نہ

تھی ۔ اس وقت اس کو Repeal کردیا گیا ھے ۔ اس میں ایسی کوئی چیز نہیں جس میں زیادہ دقت ھو ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ یہ مزید بحث کے بغیر پاس کردیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)— جناب والا ۔ ھاؤس کو Extend کرنے کی ضرورت نہ تھی ۔ جبکہ وزیر تعلیم صاحب نے اس قدر مختصر تقریر کرنی تھی ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کی مخالفت محض اس لئے کر رھا ھوں کہ یہ آرڈیننس کی شکل میں آیا ھے .....

Minister of Food: Noted Sir,

(قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر — اس اپیل آرڈیننس کے متعلق مجھے معلوم نہیں ۔ ان تفاصیل میں اس وقت جایا نہیں جاسکتا کہ اس کراچی روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے کیا کمایا اور کیا پایا ۔ یہ تو تفاصیل کسی وقت شائد آڈٹر اکونٹ رپورٹ پڑھنے کے بعد کی بجٹ کی بحث میں آجائیں ۔ اس وقت صرف یہ ھے ۔ کہ یہ آرڈیننس سابقہ آرڈیننس سے ریپیل ھوچکا ھے ۔ حکومت نے حصے فروخت کردئے ھیں ۔ اس آرڈیننس کی ضرورت نہ تھی ۔ لہذا اس پر مزید کچھ کہے بغیر میں اس کی محض اس لئے مخالفت کرتا ھوں کہ یہ ھنگامی قانون کی شکل میں پیش کیا گیا ھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:

That the Assembly do approve of the Karachi Road Transport Corporation (Repeal) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 7th December, 1964.

(The motion was carried)

THE WEST PAKISTAN MAINTENANCE OF PUBLIC ORDER (AMENDMENT) ORDINANCE 1964.

Minister of Education: Sir, I move:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th October, 1964.

Mr. Senior Deputy Speaker: The motion moved is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th October, 1964.

Khawaja Muhammad Safdar: It is vehemently opposed.

جناب والا — پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر شروع کروں میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ میں اس کے متعلق کل ہی اپنی تقریر شروع کروں۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The House stands adjourned to meet at 9 a.m. tomorrow.

(The Assembly then adjourned till 9-00 a.m. on Tuesday, the 26th January, 1965)

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 6767)

ANNEXURE

شرائط داخلہ

درجہتہ المتخصص (مماثل ایم ۔ اے)

درجہتہ المتخصص میں داخلہ کی شرائط —

(الف) امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ وہ کسی مسلمہ دارالعلوم سے درس نظامیہ کا فارغ التحصیل اور سند یافتہ ہو اور انگریزی زبان پر خاصا عبور رکھتا ہو۔

یا

عربی زبان میں ایم ۔ اے یا بی ۔ اے آنرز یا عربی کے ساتھ درجہ اول میں بی اے ہو اور اسلامی علوم میں دسترس رکھتا ہو۔

(ب) عمر یکم ستمبر ۱۹۶۳ء کو چالیس سال سے زائد نہ ہو۔

(ج) انٹرویو میں داخلہ کا اہل ثابت ہو۔

درجتہ الاجسازہ

سال سوم مماثل (بی ۔ اے)

امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ —

(الف) کسی دارالعلوم میں ۷ تا ۸ سال زیر تعلیم رہا ہو۔

(ب) انگریزی زبان انٹرمیڈیٹ کے معیار تک بخوبی جانتا ہو۔×

(ج) عمر یکم ستمبر ۱۹۶۳ء کو تیس سال سے زائد نہ ہو۔

(د) انٹرویو میں داخلہ کا اہل ثابت ہو۔

سال اول (مماثل بی ۔ اے)

امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ —

(الف) انگریزی زبان میں میٹرک پاس کرچکا ہو۔

(ب) کسی دارالعلوم میں کم از کم پانچ سال تک زیر تعلیم رہا ہو۔

(ج) عمر یکم ستمبر ۱۹۶۳ء کو ۲۵ سال سے زائد نہ ہو۔

شعبۂ سکوئل :

جماعت نہم

امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ —

(الف) مڈل کا امتحان پاس کر چکا ہو۔

(ب) بقدر ضرورت عربی و فارسی زبانیں جانتا ہو۔

(ج) عمر یکم ستمبر ۱۹۶۳ء کو ۲۰ سال سے زائد نہ ہو۔

جماعتہائے ششم — ہفتم — ہشتم

چھٹی — ساتویں — آٹھویں جماعتوں کے داخلہ کے لئے ضروری ہے کہ طالب علم —

(الف) پرائمری کا امتحان پاس کر چکا ہو۔

(ب) عربی فارسی کی ابتدائی تعلیم حاصل کرچکا ہو۔

(ج) عمر ۱۰ سال سے کم نہ ہو۔

(نوٹ) داخلے طلبہ کی استعداد کے مطابق مناسب درجوں میں ہوں گے مذکورہ بالا چھٹی سے درجۃ المتخصص تک جملہ جماعتوں کے داخلے کے لئے حسب استعداد امتحان داخلہ لیا جائیگا اور انٹرویو بھی ہوگا۔

(×) جو امیدوار دوسری شرائط پوری کرتے ہوں لیکن بی۔ اے کی انگریزی یا اسلامی علوم سے واقفیت خاطر خواہ نہ رکھتے ہوں ان کی (بشرط انتخاب) اس کمی کو پورا کرنے کا جامعہ میں انتظام کیا جائے گا۔

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 8381)

ANNEXURE A

Serial No.	Name of Mosques in Hyderabad District.
1.	Masjid Azad Maidan Hyderabad.
2.	Masjid Abul Fazal. ,,
3.	Jamia Mosque Ahale Sunnat Wal Jamiat, Kali Road, Hyderabad.
4.	Jamia Masjid Bakra Mundi, Hyderabad.
5.	Masjid Goods Naka, ,,
6.	Jamia Mosque Jail Road, ,,
7.	Jamia Mosque Saddar, ,,
8.	Masjid Kumbarpara, ,,
9.	Masjid Mai Khairi, ,,
10.	Jamia Mosque Pretabad, ,,
11.	Jamia Mosque Tando Allahyar, ,,
12.	Jamia Mosque Matli, ,,
13.	Jamia Mosque Gharibabad Badin ,,

Serial No.	Name of Shrines in Hyderabad District.
1.	Shrine of Abdul Wahab Shah Jalani, Hyderabad.
2.	Shrine of Fazal Shah, Hyderabad.
3.	Shrine of Ashraf Shah, ,,
4.	Shrine of Gul Shah Bukhari, ,,
5.	Dargah of Gulab Shah, ,,
6.	Shrine of Imam Ali Shah, ,,
7.	Shrine and Masjid Misri Shah Jo pir, Hyderabad.
8.	Shrine of Muhmood Shah Bukhari, ,,
9.	Shrine of Mohbat Shah Bukhari, ,,
10.	Shrine of Murad Shah, ,,
11.	Shrine of Shah Muhammad Makqi, ,,
12.	Dargah of Nago Shah Jo Mukam, ,,
13.	Shrine of Pakha Pir, ,,
14.	Shrine of Pir Haji Shah, ,,
15.	Shrine of Sultan Shah ,,
16.	Shrine of Sarfaraz Khan, ,,
17.	Dargah of Makhdoom Nooh, Hala.
18.	Dargah of Hazrat Shah Abdul Latif Bhitai, Bhit Shah.
19.	Dargah of Shah Abdul Karim, Bulri.
20.	Dargah of Bachal Shah, Tando Mohd. Khan.
21.	Dargah of Ali Muhammad Shah, ,,
22.	Dargah of Lauri Sharif, Lauri.

ANNEXURE 'B'

STATEMENT SHOWING THE INCOME AND EXPENDITURE IN RESPECT OF WAQF PROPERTIES HYDERABAD FROM JAN. 64 TO DEC. 64.

Serial No.	Name of Waqf.	Details of attached properties.	Income.	Total Exp.
1.	Jamia Masjid Azad Maidan	38 Shops	5,873/19	3,868/08
2.	Masjid Abdul Fazal ..	18 Rooms ..	7,646/07	4,847/07
3.	Jamia Masjid Ahale Sunnat Kali Road.	1 House, 5 Shops, 1 Store-room, 1 Hujra.	1,492/25	1,178/33
4.	Masjid Bakra Mandi ..	9 Shops, 1 Hujra, 1 Madressah.	1,762/50	6,275/53
5.	Masjid Goods Naka ..	4 Rooms, 4 Shops, 1 Madresah.	526/-	1,851/49
6.	Jamia Mosque Jail Road ..	10 Shops, 1 Hujra ..	4,787/37	4,065/52
7.	Jamia Masjid Saddar ..	7 Houses, 13 Shops, 1 Hotel, 2 Garrages, 1 Office, 1 Hujra & two Store-rooms.	11,970/-	7,118/10
8.	Masjid Kumbarpara ..	24 Shops, 1 Petrol-pump	3,241/32	3,415/06
9.	Masjid Mai Khairi ..	1 House, 16 Shops ..	10,050/98	6,200/18
10.	Jamia Mosque Pretabad	1 House, 15 Shops ..	4,329/95	2,734/92
11.	Jamia Mosque Tando Allahyar.	42 Shops	6,599/-	3,446/12
12.	Jamia Mosque Matli ..	14 Shops	5,479/55	3,583/76
13.	Jamia Mosque Gharibabad Badin.	Agril: 3-16 Acres, Shops 10.	1,639/-	955/02
		Name of Shrines in Hyderabad District.		
1.	Shrine of Abdul Wahab Shah.	46 Houses, 20 Cabins, 1 Store-room, 2 Hujra.	11,620/65	8,740/22
2.	Shrine of Fazal Shah ..	One Otaro arly ..	*Nil*	*Nil*
3.	Shrine of Ashraf Shah ..	5 Houses	1,661/80	—
4.	Shrine of Gul Shah Bukhari	7 Acres Agril. land ..	8,804/67	6,144/89
5.	Shrine of Gulab Shah ..	11 Houses 1 ..	732/-	335/-
6.	Shrine of Imam Ali Shah ..	11 Huse, 1 Garden ..	245/-	541/-

Serial No.	Name of Waqf.	Details of attached properties.	Income.	Total Exp.
7.	Shrine and Masjid Misri Shah Jo Pir.	11 Houses, 3 Shops, 1 College.	2,965/-	3,596/74
8.	Shrine of Muhmood Shah Bukhari.	13 Houses, 1 Shop, 2 Cabin, 1 Madresah.	1,568/41	539/19
9.	Shrine of Mohbat Shah Bukhari.	4 Shops, 2 Houses, 1 Garrage.	1,844/-	809/-
			92,838.71	70,245.22
			92,838.71	70,245.22
10.	Shrine of Murad Shah ..	15 Houses, 1 Shop ..	3,359/50	241/50
11.	Shrine of Shah Mohd. Makai.	5 Houses, 6 Shops, 1 Garden, 1 Musafirkhana.	7,721/28	4,009/33
12.	Dargah of Nago Shah Jo Mukam.	18 Houses, 11 Work Shops	11,314/75	389/-
13.	Shrine Pakha Pir ..	1 Wooden Tall & 25 Houses.	3,295/25	577/02
14.	Shrine of Pir Haji Shah ..	2 Shops, 1 Room ..	1,713/71	4,053/10
15.	Shrine of Sultan Shah ..	20 Huts, 10 Shops ..	723/-	4,204/46
16.	Shrine of Sarfaraz Khan ..	27 Acres, Agril. land, 1 Musafirkhana, 1 Hujra.	6,941/77	2,646/86
17.	Dargah of Makhdoom Nooh	4 Houses, 8 Shops, 11 11 Cabins.	11,677/80	17,508/86
18.	Dargah of Abdul Latif Bhitai	1 Shop	25,352/16	19,169/94
19.	Dargah of Shah Abdul Karim Bulri.	1 Musafirkhana ..	2,705/-	700/-
20.	Dargah of Bachal Shah ..	...	...	...
21.	Dargah of Ali Muhmmud Shah	1 Shop, 1 Cabin ..	3,010/-	240/-
22.	Dargah of Shah Sharif ..	Agril: land 4,943/09 Acres, Grave Yard Mosque, Madresah Khangah, Store-room Langar Khana, Yateemkhana.	31,011/21	88,347/-

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 26th January, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9.00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqi, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ط وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ج وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ○

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو کچھ اللہ کے کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ان کو ان کے کاموں کا بہت اچھا بدلا دینگے ۔ جو شخص اچھے کام کرے گا خواہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی تو ہم اسکو دنیا میں نہایت آرام کی زندگی بسر کرائینگے اور آخرت میں انکے کاموں کا نہایت اچھا صلہ دینگے ۔ اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو ۔ کہ جو مومن ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں ان پر اس کا کچھ زور نہیں چلتا ۔ اس کا زور تو ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں ۔

(و ما علینا الا البلاغ)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mir Haji Muhammad Bux Talpur.

LIST OF MUKHTIARKARS

*2045. **Mir. Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the former Sind Government finalised in 1951 a list of Mukhtiarkars fit for promotion as Deputy Collectors ;

(b) whether it is a fact that a Select List of Mukhtiarkars was prepared in 1952 as well as in 1953 ;

(c) whether it is a fact that the said two lists were amalgamated in 1954 ;

(d) whether it is a fact that at the time of establishment of One Unit, a list of Mukhtiarkars was prepared in October, 1953, bringing all the names of Mukhtiarkars included in lists prepared by former Sind Government during years 1952-53 and 1954 therein ;

(e) whether it is a fact that the said list was finalised in 1958 ;

(*f*) whether it is a fact that when a Government servant is promoted to a higher post, Public Service Commission is consulted within 6 months of the promotion;

(*g*) whether it is a fact that when a Government servant has officiated for 3 years, he is considered fit to be confirmed in that post;

(*h*) whether it is a fact that the former Sind Government had reverted promotees after number of years of their service on the advice of the Commission;

(*i*) the number of Mukhtiarkars borne on the select list of 1955, along with the number of promotees belonging to former Sind who were reverted and their years of service and reasons for their reversions;

(*j*) whether it is a fact that for the early finalisation of the list, Government have powers to over-rule the advice of the Public Service Commission;

(*k*) if answers to (*a*) to (*i*) above be in the affirmative, whether Government intend to take steps to redress the grievances of Mukhtiarkars?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood):

(*a*) No. The list prepared in 1951 was finalized in 1952.

(*b*) No. Only recommendations for the preparation of select list were called for in 1952 as well as in 1953.

(*c*) It was decided in the year 1954 by the former Government of Sind to prepare a combined select list of Deputy Collectors for the years 1952 and 1953.

(*d*) No list was prepared in 1955. However, the combined select list of Mukhtiarkars fit for promotion as Deputy Collectors for the years 1952 and 1953 was referred to the Public Service Commission for approval in October, 1955.

(*e*) The List referred to the Public Service Commission in 1955 was finalised in 1958. It was called 1955 List.

(*f*) Yes.

(*g*) No. Confirmation is made in accordance with the Service Rules on the availability of a permanent vacancy.

(*h*) No. The select list was referred to the Public Service Commission on 1st October 1955 and before the advice could become available, Sind Government ceased to exist.

(*i*) 47. The number of promotees who were reverted is 2. They had officiated as Deputy Collectors for 2-3 years. They were reverted as Mukhtiarkars because of their bad record and removal of their names from the proposed select list.

(*j*) The Governor has the powers to over-rule the advice of the Public Service Commission for sufficient reasons. However, it is not necessary that the powers should be exercised for the early finalization of a list.

(*k*) Does not arise.

میر حاجی محمد بخش تالپور۔ آپ نے جواب کے حصہ (د) میں فرمایا ہے کہ سال ۱۹۵۲ یا ۱۹۵۳ کے لئے جو مختار کار ترقی کے قابل تھے ان کی فہرست ۱۹۵۵ میں تیار ہوکر پبلک سروس کمیشن کے پاس بھیجی گئی۔ اس درمیانی عرصہ دو تین سال میں ان کو کس معیار کے مطابق ترقی دی گئی۔

پارلیمنٹری سیکریٹری۔ ad hoc basis پر ترقی دی جا سکتی تھی

Major Abdul Majid Khan: As stated by the Parliamentary Secretary that two Deputy Collectors were reverted as Mukhtiarkars after they had put in two or three years' service as Deputy Collectors and the reason given for that by the Parliamentary Secretary is ".... because of their bad record", I think the reasons advanced by the Parliamentary Secretary is very vague and no specific reasons have been given for their demotion. Will the Parliamentary Secretary please state whether they have been charge-sheeted for any misconduct or offence or whether an adverse report has been initiated by the superior officers against them?

Parliamentary Secretary: If the member asks for such details he may kindly give a fresh notice.

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi: Sometimes, really, we cannot understand what is the actual answer because replies to two parts are always opposite to each other. Now, in part (*b*) of the question it has been asked whether it is a fact that a select list of Mukhtiarkars was prepared in 1952 as well in 1953 and the answer is 'No' but then in reply to part (*d*) it has been said, ".... However, the combined select list of Mukhtiarkars fit for promotion as Deputy Collectors for the years 1952 and 1953 were referred to the Public Service Commission. At (*b*) it has been said that no list was prepared and at (*d*) they say that a select list was submitted to the Public Service Commission. May I know the correct answer?

Parliamentary Secretary: Recommendations were called for in 1952 and 1953 but the list was prepared in 1955 and it was forwarded to the Public Service Commission.

NAMES OF THE SCHEMES IMPLEMENTED IN BAHAWALPUR DIVISION DURING FISCAL YEAR 1962-63

*6128. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state the names of the schemes implemented in Bahawalpur Division during Fiscal Year 1962-63 along with (*i*) the total cost of each scheme, (*ii*) the date of commencement and completion of each scheme, (*iii*) the monthly expenditure incurred on each scheme from the date of its commencement to 31st December 1963, (*iv*) the dates on which the tenders were invited and accepted for each scheme, and (*v*) the location of the said schemes?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan): A statement containing the requisite information received so far in the Planning and Development Department in respect of Bahawalpur Division as a whole is placed before the House*.

2. It is regretted that information about the month-wise expenditure on the development schemes from the date of commencement up to 31st December 1963, cannot possibly be given as the amount of time, effort and expenditure required for collecting the requisite information will not be commensurate with the value of the end product.

چودھری محمد علی۔ جناب والا۔ ترقیاتی منصوبہ جات کے لئے جو رقوم صوبائی حکومت سے محکمہ جات کو دی جا چکی ہیں ان کا کام محکمہ کی

* Please See Appendix I at the end.

سستی اور تساهل سے مکمل نہیں ہوا ان کے متعلق حکومت کا کیا خیال ہے ؟

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) : جناب والا ۔ جہاں کوتاهی ہوئی ہے وہاں متعلقہ لوگوں کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی ۔ اور جہاں کوئی عملی دقتیں تھیں ان دقتوں کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔

چودھری محمد علی ۔ جب رقم موجود ہے تو کام کیوں مکمل نہیں ہوا ۔

وزیر تعلیم ۔ اس سلسلہ میں ہر محکمہ سے جواب حاصل کرنا پڑے گا۔ اور تفصیلات حاصل کر کے ہی جواب دیا جا سکتا ہے ۔

TRAVELLING ALLOWANCE, ETC., DRAWN BY MINISTERS

*6748. **Mr. Hamza:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) the amount drawn as Travelling Allowance by each Minister from 8th June 1962 to date along with the places visited by each and the number of visits to each place;

(*b*) expenditure incurred on the provision of medical aid by the Government to each Minister during the said period;

(*c*) expenditure incurred for providing residential accommodation and furnishing and maintenance of bungalows of each Minister during the said period?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): *

(*a*) Travelling Allowance is admissible to the Ministers only when they perform journeys otherwise than by Government staff cars or railway saloons. The details of Travelling Allowance and Daily Allowance drawn by the Ministers from 8th June 1962 to 31st March 1964, along with the places visited by each and number of visits to each place are at Annexure I*.

(*b*) A Minister is entitled to medical facilities admissible in terms of the Special Medical Attendance Rules, 1950, except that he and his family is entitled to medical attendance at his residence. A statement showing expenditure incurred on provision of medical aid by Government to the Ministers from 8th June 1962 to 31st March 1964, is at Annexure II*.

---

*Please See Appendix II at the end.

(c) The amount incurred on providing residential accommodation and furnishing and maintenance of bungalows of the Ministers for the period in question is Rs. 2,62,762. It is regretted that information in respect of each Minister cannot be supplied as the expenditure is incurred on the residence owned or acquired by Government for the Ministers irrespective of the fact whether one Minister stays therein or the other.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ جب اس سوال کا جواب اس فہرست میں چھپا ہے اس کی تفصیلات اور گوشوارے کیوں سپلائی نہیں کئے گئے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) : وہ ایوان کی ٹیبل پر رکھ دئے گئے ہیں ۔

Mr. Speaker: Annexure I and Annexure II consist of 25 pages. Therefore it has not been printed but if the member wants to see them he can have them from the Table of the House.

مسٹر حمزہ ۔ جو اعداد و شمار دئے گئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے پبلک فنڈز کو "حلوائی کی دکان اور نانا جی کی فاتحہ" سمجھ رکھا ہے۔

جب وزراء اپنے گھروں کو جاتے ہین یا اپنے اضلاع میں جاتے ہیں تو ایسا شخص جو قادر بخش رپورٹ کا مرتب ہے ۱۵ بار مظفر گڑھ ۔ ۱۵ بار ملتان اور ۷ بار لیہہ گیا ہے یا کوئی وزیر ۱۴ بار مردان اور ۳۴ بار ہتھیان جائے ۔ جب یہ وزراء ان جگہوں پر اتنی بار گئے ہیں تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان ایام میں وہ ذاتی کام کرتے رہے ہیں ۔ ساتھ ہی ساتھ تنخواہ تو انہوں نے وصول کرنی ہی تھی ۔ ٹی۔اے بھی وصول کیا ہے ۔ آپ بتائیں کہ یہ ایسا کیوں ہے ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ تقریر ہے یا ضمنی سوال ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جب پبلک کے مفاد کے لئے وزراء کو دورہ پر جانا ہوتا ہے تو وہ اپنے ضلع یا دیہات یا اپنے رہائشی علاقہ میں بھی جاتے ہیں اور یہ

جگہیں بھی تو مغربی پاکستان کا حصہ ہیں۔ اس لئے وہاں جانا کوئی نامناسب بات نہیں ۔ ویسے جہاں اس بات کا تعلق ہے کہ نجی معاملات میں کوئی وزیر اپنے نجی کام کے لئے اپنے ضلع یا گھر جاتا ہے تو وہ ٹی۔ اے وصول نہیں کرتا ۔ لیکن سرکاری کام کے لئے وزراء ٹی ۔ اے وصول ۔ کرتے ہیں ۔

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): Last year, I went to my village for two days but I did not charge daily allowance for those two days although people had come to see me and I did the Government work also. It was, no doubt, in the interest of the Public but because that was my home place I did not draw my daily allowance for those two days which I spent in my village.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): And so is the case with me. I did not draw it also.

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا دادو ہمارے مغربی پاکستان میں نہیں ہے ۔ وہاں کوئی وزیر نہیں جاتا۔

وزیر زراعت ۔ وہ ہمارے دل میں ہے ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ صاحب یہ کہتے ہیں کہ ضرورت کے ساتھ لہیہ اور مظفر گڑھ جاتے ہیں ۔ کیا دادو اور لاڑکانہ پاکستان میں نہیں ہے وزیر وہاں کیوں نہیں جاتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب مناسب ہوگا کہ آپ سارے منسٹر صاحبان کو دادو میں دعوت دیں ۔

(قہقہہ)

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ گھر میں جانے کیلئے ضرورت ہے اور کہیں اور جانے کیلئے ضرورت نہیں ہے ، یہ نہیں دیکھتے کہ چھوٹے صوبوں کا کیا حال ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ اپنے اضلاع میں سرکاری کام کیلئے گئے ہیں تو کیا یہ مجھے بتا سکتے ہیں کہ وہاں جانیکی کیا خاص وجہ ہے ۔ ملک کے دوسرے حصوں میں تو وہ ایک بار گئے ہیں ۔ کیا وہاں لوگ نہیں رہتے ہیں اور خاص طور پر یہ اپنے اضلاع میں ۸۰ بار اور ۱۰۰ بار گئے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ ملک کے دوسرے حصوں میں بھی گئے ہیں اور دوسرے مقامات پر بھی گئے ہیں اور بہت سے مقامات پر کام کرتے ہیں اور سرکاری کام کیلئے جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ سرکاری کام وہیں ہو سکتا ہے اور کہیں نہیں سرکاری کام ہو سکتا ۔ وزراء سرکاری کام ایسی جگہ کرنے کیلئے جاتے ہیں جہاں انکے گھر ہوں ۔

حاجی عبد المجید جتوئی ۔ جناب والا ۔ ملک قادر بخش اور خان پیر محمد خان ۱۹۶۲ء سے آج تک کتنی مرتبہ دادو ڈسٹرکٹ گئے ہیں اور یہ دونوں وزیر صاحبان کتنی بار مظفر گڑھ اور مردان گئے ہیں ؟

میر حاجی محمد بخش تالپور ۔ تھرپارکر میں کتنی بار گئے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ میرپور خاص گیا ہوں ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ کتنی مرتبہ دادو ۔ تھرپارکر اور ساحل مکران اور لاڑکانہ انسٹی ٹیوٹ گئے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ Southern ریجن میں سکھر ۔ جیکب آباد ۔ میرپور خاص ۔ حیدرآباد ۔ سانگھڑ اور ایک دو اضلاع اور ہیں ۔

ایک اواز ۔ ٹھٹھہ بھی گئے ہیں ؟

وزیر زراعت ۔ جی ہاں ٹھٹھہ بھی گیا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ آپ نے نقشے میں دیکھے ہونگے ۔

Minister of Agriculture: I did work and inquired from those gentlemen.

کینال سسٹم کے متعلق

میں میرپورخاص اور سندھ کے ان مقامات پر گیا ہوں جہاں اس سے پہلے کوئی منسٹر نہیں پہونچے یعنی انٹیگریشن سے پہلے کوئی وہاں سڑکیں نہیں تھیں اور صرف Duct تھی میں وہاں جیپ میں بیٹھکر گیا ہوں ۔ اور اسے سندھ والے حضرات جانتے ہیں کہ وہاں پہنچنا کسقدر مشکل تھا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ کیا بہاولپور اور رحیم یار خان بھی گئے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں نے تو اپنی طرف سے کوشش کی تھی ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ جناب دادو کے متعلق انہوں نے کچھ نہیں فرمایا ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے اس واسطے کچھ نہیں کہا کہ وہ دادو تشریف نہیں لے گئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ملک قادر بخش صاحب مجھے یہ بتائیں میں ان سے یہ سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہیں مظفر گڑھ اور ملتان کے کتنی بار دورے پڑے اور پیر محمد خان صاحب کو مردان اور ہتھیان کے کتنے بار دورے پڑے ۔

Mr. Speaker: That expression is unparliamentary and it should be withdrawn.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ Unparliamentary language استعمال کرنے کا کریڈٹ سب سے زیادہ فاضل ممبر کو حاصل ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں اسکو واپس لیتا ہوں ۔ اور ان سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ ۱۰ مرتبہ مظفر گڑھ اور ۱۰ بار ملتان اور ۰۰ مرتبہ پیر محمد صاحب ہتھیاں کیوں گئے اسکی وجہ بتائیں ۔

وزیر زراعت ۔ اسکا میں جواب دے چکا ہوں ۔

۳۶ مہینوں میں لہیہ ۷ مرتبہ جانا بہت تھوڑا ہے ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میں ایک بات پوچھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ قواعد کے مطابق وزراء پر کہ وہ کس جگہ جائیں اور کس جگہ نہ جائیں کیا یہ کوئی پابندی نہیں ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ نہیں کوئی پابندی نہیں ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم اس سوال کے پوچھنے کا مقصد یہ تھا کہ اس حکومت کی توجہ اسبات کیطرف مبذول کرائی جائے کہ یہ وزیر

مغربی پاکستان کے وزیر ہیں صرف مردان اور مظفر گڑھ کے وزیر نہیں ہیں ۔ اس نقشے سے کیا یہ درست نہیں ہے کہ ٹی۔اے یہ لیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اس سے دگنا چوگنا ٹی۔اے لیں اور بیشک لیں ۔ ہتھیان جانے کا ٹی۔اے لین ۔ لہیہ جانے کا لیں ۔ منٹگمری جانے کا لیں ۔

وزیر زراعت ۔ نہیں لیا۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ آپ نے ٹی۔اے لیا ہے ۔ اور اس نقشے کے دیکھنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ حضرات اپنے اضلاع میں موجود رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: What is the member's supplementary?

مسٹر افتخار احمد خان ۔ انکو مظفر گڑھ میں کام رہا ہے تو یہ بتائیں کہ مظفر گڑھ میں انہوں نے کیا کام کیا ہے ۔ اور ہتھیان میں اور مردان میں یہ کیوں رہے ہیں ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ ایک Separate question کردیں ہم بتادیں گے۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ یہ ۵۰ دفعہ مردان ۔ ہتھیان اور ۵۰ دفعہ مظفر گڑھ کس سپیشل کام سے گئے ہیں ۔

Minister of Agriculture: No, it is not 50 times.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جن علاقوں میں یا جن علاقوں کے یہ وزیر رہنے والے ہیں کیا وہاں کے عوام کو یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ وہاں یہ وزیر جائیں ۔

وزیر زراعت ۔ وہاں جائیں گے۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ دونوں منسٹر دادو اور لاڑکانہ کبھی نہیں آئے تو پھر ملک قادر بخش نے یہ کیسے کہدیا کہ وہ سندھ کے علاقہ میں Thousand of miles گئے ہیں ۔

وزیر زراعت - جناب میں نے عرض کیا ہے کہ میں Thousand of miles roads پر رہا ہوں جسکے لئے جناب انصاری صاحب فرما رہے تھے کہ میں نے ٹی-اے لیا ہے - میں نے انکے پرانے احباب کیطرح ٹی-اے نہیں لیا اور Milage نہیں چارج کیا -

مسٹر افتخار احمد خان - - - - - - - - *

Mr. Speaker: The remark made by Mr. Ansari is expunged from the proceedings.

وزیر زراعت - یہاں جناب جتنے وزیر ہیں وہ سب اپنی اپنی Constituency کی نمائندگی کرتے ہیں اور وہ اسکو کبھی نہیں بھول سکتے -

Mr. Iftikhar Ahmad Khan: The Minister is not a member.

Minister of Agriculture: May not be but, I was elected by those people and I feel honour for that.

حاجی عبد المجید جتوئی - مجھے اسکا جواب نہیں ملا -

Mr. Speaker : Next question.

DEVELOPMENT SCHEMES TO BE IMPLEMENTED IN BAHAWALNAGAR DISTRICT UNDER ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME 1964 - 65

*6755. **Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Divisional Council, Bahawalpur submitted a number of development schemes to Government for inclusion in the Annual Development Programme, 1964 - 65 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said schemes have been included in the said programme ; if not reasons therefor ;

(*c*) the nature of the said schemes along with the estimated cost to be incurred on their implementation ;

(*d*) the names of the schemes, out of those mentioned in (*a*) above, which pertain to Bahawalnager District and Fort Abbas Tehsil ?

---

* Expunged as ordered by Mr. Speaker.

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan) (*a*), (*b*) and (*c*) : The preparation of the Annual Development Programme for a particular years begins in the month of January of the preceding year. As a first step, a booklet entitled Annual Development Programme (Ist Edition) is prepared in the Finance Department, Government of West Pakistan, which contains all the demands both for on-going as well as new schemes made by the various Departments Agencies concerned with the development projects. The first edition of the Annual Development programme is the scrutinised in a series of meetings of the Provincial Development Working Party so as to tailor it to over all financial resources which are likely to be avaliable for development outlays for the year concerned in accordance with this procedure, the first edition of Annual Development Programme 1964-65 was prepared and it was found that the total of the demand made therein was of the order of Rs. 350 crores, as against the likely availability of Rs. 210 crores, as intimated by the Planning Commission, Government of Pakistan. With a view to bring about the necessary reduction, a number of modifications were made to the first edition of the Annual Development Programme as a result of discussion with the Administrative Developments/Agencies concerned. Thereafter, a second edition of the Annual Development Programme, 1964-65, on the modifications made to the first edition, was prepared and sent to all Commissoners of Divisions in West Pakistan for their comments. The Commissioner, Bahawalpur Division, in reply to the planning and Development Department's letter to this effect, sent a list of schemes consisting of three parts namely 'A' 'B' and 'C', copies of which are placed on the Table.* In the case of schemes listed in statement 'A', he, had pointed out that these were on-going schemes but had been omitted from the Annual Development Programme (Second Edition). On examination, it transpired that almost all the schemes included in this statement were in fact to be implemented from some black provision which are admitted in the Annual Development Programme every years. As the relevant block provisions had already been made in the Second Edition of the Annual Development Programme 1964-65, it was hoped that the Administrative Department concerned would provide the requisite funds for the components there of relating to Bahawalpur Division. Hence, no further action was called for on this part of the statement.

In part 'B' of the statement, the Commissioner included those new schemes which he thought might be included in the Annual Development Programme, 1964-65. After consideration of the resources available, some of these schemes were admitted for inclusion in the Annual Development Programme. Some had naturally to be deferred due to paucity of funds.

Part 'C' of the statement contained schemes which were included in the Second Edition of the Annual Development Programme 1964-65, but for some of which the Commissioner, Bahawalpur Division thought that the provision proposed might be enhanced. Here again, the matter was considered keeping in view the overall resources available and wherever possible his demand was accepted.

No recommendation in this behalf were received from the Divisional Council, Bahawalpur upto the finalization of the budget, but as late as 11th June, 1964, they passed a Resolution endorsing the recommendations sent by the Commissioner.

(*e*) A statement (Appendix 'D') containing schemes relating to Bahawal-

* Please See Appendix III at the end.

nagar District out of those included in the statements at Appendix 'A', 'B' and 'C', is placed on the Table.

PROMOTION OF CIVIL JUDGES OF FORMER BAHAWALPUR STATE

*6756. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration Department be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that most of the Civil Judges of the former Provinces of N.-W. F. P., Sind and Punjab have been promoted as Additional Sessions Judges after integration; if so, the names of the said Civil Judges along with the names of the Districts to which they belong ;

(*b*) whether it is a fact that no Civil Judge of the former Bahawalpur State has so far been promoted to the post of a Sessions Judge ;

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood):

(*a*) The following Civil Judges of the various pre-integrating Provinces if so, have been promoted as Additional Sessions Judges after integration:—

N.W.F.P.

Name	*Home District*
(1) Haji Muhammad Khan	.. Dera Ismail Khan.
(2) Mr. Abdullah Jan Mirza	.. Peshawar.
(3) Mr. Amirzada.	.. Mardan.
(4) Mr. Shah Nawaz Khan	.. Bannu.
(5) Mr. Muhammad Humayun Khan	.. Hazara.
(6) Mr. Fazal i-Khaliq Khan	.. Peshawar.
(7) Mr. Allah Nawaz Khan	.. Dera Ismail Khan.
(8) Captain Muhammad Daud Khan	.. Hazara.
(9) Mr. Jamaluddin Khattak	.. Mardan.

SIND

(1) Mr. B. G. Kazi	.. Nawabshah.
(2) Mr. Ali Muhammad Wali Muhammad Akhund.	Hyderabad.

PUNJAB

(1) Sh. Abdul Hamid	..	Lahore.
(2) Ch. Aziz Ahmed Waraich	..	Shahpur.
(3) Ch. Sultan Khan	..	Jhelum.
(4) Mirza Bashir Ahmed	..	Sialkot.
(5) Ch. Muhammad Shafqat	..	Sialkot.
(6) Syed Mohsin Tirmazi	..	Jhang.
(7) Khan Muhammad Afzal Khan	..	Sialkot.
(8) Mian Muhammad Salim	..	Jhang.
(9) Ch. Muhammad Anwar	..	Sheikhupura.
(10) Mehr Sher Muhammad Khan Sial	..	Jhang.
(11) Sh. Nur Muhammad	..	Sheikhupura.
(12) Khan Muhammad Ayub Khan	..	Rawalpindi.
(13) Sh. Muhammad Ishfaq Ali	..	Lahore.
(14) Mr. Gul Muhammad Qureshi	..	Rawalpindi.

(*b*) No. The following two Civil Judges of the former Bahawalpur State have also since been promoted.

(1) Mr. Muhammad Karam Shah	..	Bahawalpur.
(2) Sardar Abdul Ghafoor Khan	..	Bahawalpur.

DEVELOPMENT SCHEMES INCLUDED IN 2ND FIVE-YEAR PLAN FOR IMPLEMENTATION IN BAHAWALNAGAR DISTRICT

*6834. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state:—

(*a*) the names of development schemes included in the Second Five Year Plan for implementation in Bahawalnagar District along with their location and estimated cost;

(*b*) whether all the schemes mentioned in (*a*) above have been implemented; if not, (i) names of those which have not yet been implemented, (ii) reasons for delay in their implementation, (iii) their present stage, (iv) the names as well as designations of the officers responsible for this state of affairs, and (v) the action Government intend to take against the said officers?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan): The Second Five-Year Plan has been prepared on Sectoral basis and not on District basis. Moreover, a large majority of the schemes included therein are Provincial schemes of which the benefits are not confined to any particular area of West Pakistan but extend more or less to all the areas in the Province. The implementation of a National Plan is carried out through the medium of the Annual Development Budgets which are again prepared on Sectoral basis and not on District basis. It will, therefore, necessitate a detailed economic analysis of the National Plan as well as the Annual Development Budgets for the period covered by the Second Five-Year Plan to assess the quantum of development that has been done in any particular district. Such an exercise will involve a lot of time and effort, besides requiring the employment of a number of Economic Experts. As the effort, expense and time involved will not be commensurate with the value of the end product, it is regretted that the information asked for cannot be supplied.

SCHEMES IMPLEMENTED IN DISTRICTS OF RAHIMYARKHAN, BAHAWALPUR AND BAHAWALNAGAR DURING 1962-63

*6835. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state:—

(*a*) the names of the schemes implemented in the districts of Rahimyarkhan, Bahawalpur and Bahawalnagar during 1962-63 alongwith (i) the expenditure incurred on each scheme, (ii) the dates on which tenders were invited and accepted for each scheme in each District, and (iii) the date on which work on each scheme was started alongwith the date on which the said work was completed;

(*b*) the month-wise expenditure incurred on each scheme up to 30th June, 1963 from the date on which the work on the scheme was started?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan):

(*a*) A statement containing the requisite information received so far in the Planning and Development Department in respect of Bahawalpur Division as a whole is placed before the House*.

(*b*) It is regretted that information about the month-wise expenditure on the development schemes from the date of commencement up to 30th June 1963 cannot possibly be given, as the amount of time, effort and expenditure required for collecting the requisite information will not be commensurate with the value of the end product.

NAMES OF DEVELOPMENT SCHEMES IMPLEMENTED IN HYDERABAD DIVISION DURING THE YEAR 1962-63

*6961. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary

*Please See Appendix IV at the end.

Planning and Development be pleased to state the names of development schemes implemented in Hyderabad Division during the year 1962-63 along with (i) the total cost of each scheme, (ii) the date on which the work on the implementation of each scheme was started alongwith the date of its completion, (iii) the monthly expenditure incurred on each scheme from the date of its commencement to 31st March 1964, (iv) the dates on which the tenders were invited and accepted for each scheme, and (v) the location of each scheme?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan): A statement containing the requisite information as supplied by the Departments/Agencies so far, is placed on the Table.* It is regretted that it is not possible to give monthly expenditure in respect of each scheme. The amount of time, effort and expenditure required for collecting the requisite information will not be commensurate with the value of the end product.

WEST PAKISTAN GOVERNOR'S INSPECTION TEAM

*7005. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) the names of members of the "West Pakistan Governor's Inspection Team" alongwith (i) the date on which the said team was constituted, (ii) the total number of staff attached to it, and (iii) the number of motor-vehicles provided to the said team;

(*b*) the District-wise names of places visited by the said team during each year since its establishment along with the number of days spent on each such visit;

(*c*) the aims and objects of the said team and the nature of powers given to it;

(*d*) whether the said team has paid any visit to Thar desert, District Tharparkar; if so, the names of the places in the said desert visited by the said team alongwith the dates of its visits;

(*e*) in case, the said team has not paid any visit to Thar desert, reasons therefor;

(*f*) whether the said team has been successful in achieving the objects for which it was constituted;

(*g*) if answer to (*f*) above be in the affirmative, whether Government intend to take steps to enlarge the sphere of its activities?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) (*i*) (1) Mr. S. A. M. Khan, C.S.P., (Member, Board of Revenue), Chairman;

(2) Mr. M. A. K. Jadun, P.S.P., Member; and

(3) Mr. Saleh Muhammad Khan, P.C.S., Member III.

*Please See Appendix V at the end.

The Inspection Team was originally constituted,—*vide* notification No. S. VIII-3-155/60, dated the 10th November, 1960. Member (Colonies), Board of Revenue functioned alone as the Chairman, Inspection Team for about 8 months. The Team was thereafter reconstituted,—*vide* notification No. S. VIII-3-155/60, dated the 7th May, 1962.

(*ii*)	Officers	..	4
	Ministerial Staff	..	28
	Total	..	32

(*iii*) One.

(*b*) As detailed in the Annexure.*

(*c*) The functions of the Inspection Team are to make such enquiries as may be entrusted to it by the Governor; these enquiries may involve inspections on the spot, investigations regarding any specific case or pertaining to any sphere of Provincial Administration. The Inspection Team submits its reports directly to the Governor and the orders passed thereon are forwarded to the Departments concerned for implementation.

(*d*) No.

(*e*) A former Member of the Governor's Inspection Team who visited District Tharparkar on the 18th October 1961 to discuss the main problems of the district with the Deputy Commissioner and other officers concerned also discussed the problems of Thar desert generally during his meeting with them on that date.

(*f*) Yes.

(*g*) As would appear from (*c*) above, the sphere of the Inspection Team's activities is fairly wide and no change is envisaged in this respect for the present.

میر حاجی محمد بخش تالپور - صاحب یہ (θ) کے جواب میں کہا گیا ہے۔

The former member of the Inspection Team who visited district Tharparkar on the 18th October 1961 to discuss the main problems of the district with the Deputy Commissioner and other officers concerned also discussed the problem of Thar desert generally during his meeting with them on that date.

تو آپ کیا یہ بتاسکیں گے کہ کیا باتیں ہوئیں اور ان پر کیا عمل ہوا۔

Are you aware of it?

پارلیمنٹری سیکریٹری - تمام ترقیاتی سکیموں اور انتظامیہ امور پر بحث ہوئی۔

*Please See Appendix VI at the end.

مولانا غلام غوث ۔ جناب والا۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا انسپیکشن ٹیم کے تقرر کے بعد کوئی رشوت کا کیس پیش کیا گیا یا دفاتر کی اصلاح میں کوئی ترقی ہوئی ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ ہاں اس بات کو ہر جگہہ دیکھتے رہے ہیں اور اس میں ضرور بہتری ہوئی ہوگی ۔

ایک آواز ۔ کہئیے کہ ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ انہیں اس بات کا یقین نہیں ہے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ میرا مطلب ہے کہ بہتری ہوئی ہے مگر اسے ماپا نہیں جا سکتا ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi: Sir, can two notifications be issued under the same number?—because in the answer to (3) it is written "*vide* notification No. S.VIII-3-155/60, dated the 10th November 1960...." and then the notification dated the 7th May, 1962 is issued under the same number. I cannot actually understand this. How can both the notifications be issued under the same number?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ ممکن ہے کہ Misprint کی وجہ سے ایسا ہوگیا ہو ورنہ تاریخ تو واضح طور پر علیحدہ دیدی گئی ہے۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi: Notification No. is the same.

وزیر تعلیم ۔ وہ ے مٹی کا ہے۔ اس چیز میں تھوڑا misprint کیوجہ سے غلطی ہوگئی ہے ورنہ واضح طور پر تاریخ علیحدہ دے دی گئی ہے ۔

AMOUNT COLLECTED BY S.D.M., TOBA TEK SINGH FROM TEH SALE OF TICKETS OF FILM STAR VARIETY SHOW

*7083. **Amir Habibullah Khan Saadi:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) The total amount collected by S.D.M. Toba Tek Singh from the sale of tickets of the Film Star Variety Show held in the beginning of the month of April 1964 for the setting up of a T. B. Clinic in Toba Tek Singh;

(*b*) the total amount out of the amount mentioned in (*a*) above spent in holding the above said variety show and the amount given to each of the singers alongwith their names?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sutlan Mahmood): (*a*) Rs. 29,551,00,

The variety show was held on the 11th and 12th April 1964 by the T.B. Association, Toba Tek Singh of which the Sub-Divisional Magistrate is the *ex-officio* President.

(*b*) A total sum of Rs. 12,040·77 was spent on the holding of the variety show, out of the following amounts were given to each of the singers named below:—

		Rs.
(1)	Master Sharaf Din and Party	400·00
(2)	Amanat Alj Fateh Ali	950·00
(3)	Fazal Hussain	500·00
(4)	Zakar Ali Akhtar Ali	500·00
(5)	Surrayia Multanikar	1,400·00
(6)	Sadiq Ali Mando, Abdul Ghani	200·00
(7)	Niaz Hussain Shami	400·00
(8)	Saqqt	550·00
(9)	Shaukat Hussain	400·00
(10)	Salim Raza	750·00
(11)	Farida Khanum	2,225·00
(12)	Iqbal Bano	1,400·00
(13)	Ali Bakhsh Zahur	500·00
(14)	Mehdi Hassan	500·00
(15)	Zahida Parveen	1,050·00
(16)	Nazir Hussain Sazinda	50·00

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ صاحب صدر ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ۲۹,۵۰۱ روپیہ کی رقم لکھی گئی ہے کیا یہ غلط نہیں ہے، کیونکہ وہاں حقیقتاً ۶۴ ہزار روپیہ جمع ہوا ہے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ سوال کا جواب چھپا ہوا ہے۔ میرے خیال میں یہ درست ہے ۔ اگر فاضل ممبر صاحب اس سلسلے میں اس کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں تو ہم اس سلسلہ میں انکوائری کرسکتے ہیں اور اگر کسی نے غلط جواب دیا ہے تو اس کو قرار واقعی سزا دیجائے گی۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ دوسرا صاحب صدر ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جو اخراجات ہوئے ہیں اور ان میں سے رقوم مختلف فنکاروں کو دی گئی ہیں کیا ان میں غلط بیانی نہیں ہوئی کیونکہ ایک شخص ہے نادر خان ٹوانہ وہ انکے معاون ٹھیرے اور اسی نے اخراجات ادا کئے۔

وزیر تعلیم ۔ میں سوال سمجھا نہیں جناب والا ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ فرما رہے ہیں کہ اخراجات کی لسٹ جو ہے وہ بھی غلط ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ تو اس سلسلے میں وہی جواب ہے جناب والا ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ تو کیا پھر آپ اس کے لئے پرولیج موشن face کرنے کے لئے تیار ہیں اگر واقعات آپکے سامنے پیش کئے جائیں ۔

وزیر تعلیم ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ جو جواب مہیا کیا گیا ہے یہ درست ہے ۔ اگر فاضل ممبر کو شک ہے تو وہ لکھ کر دیدیں ۔ میں دوبارہ انکوائری کر کے پھر اس سلسلہ کو دیکھ لوں گا اور اگر کسی نے غلط جواب دیا ہے تو اس کو قرار واقعی سزا دیجائے گی ورنہ جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو کہ یہ جواب غلط ہے تو یہ جو جواب دیا گیا ہے یہ درست تصور ہوگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ جو اعداد و شمار دئیے گے ہیں ان میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ثریا ملتانی کر کو ۱,۳۰۰ روپیہ ایک رات کا ۔ فریدہ خانم کو ۲,۲۲۰ روپیہ اور اقبال بانو کو ۱,۳۰۰ روپیہ اور زاہدہ پروین کو ۱,۰۵۰ روپیہ ایک ہی رات میں دئیے گے ۔ تو میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان کے گانوں میں streptomycene کے ٹیکوں کی کتنی potency تھی ان میں کتنی طاقت تھی کہ اتنی زیادہ رقوم ایک ہی رات میں ادا کردی گئیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ کیا فاضل ممبر یہ سوال ثریا ملتانی کر اقبال بانو اور فریدہ خانم کی ہمدردی کیوجہ سے فرما رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجھے ہمدردی اس لئے ہے کہ وہ اتنی زیادہ رقوم ایک رات میں لے گئیں ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ یہ جو فہرست پیش کی گئی ہے کیا کوئی اس میں سے کوئی رقم بچی ہوئی ہے جو حمزہ صاحب کو دی جاسکے ۔

Mr. Speaker: That is not a supplementary. The member may please take his seat.

مولانا غلام غوث ۔ کیا اس قسم کے چندوں کے لئے اس قسم کے ورائٹی

شو کرنا بنیادی حقوق کے خلاف نہیں ہے۔ کیا یہ ہمارے دستور کے خلاف نہیں ہے کہ یہاں غیر اسلامی کام نہیں ہونگے؟

وزیر تعلیم۔ یہ ضمنی سوال موجودہ سوال کے متعلق نہیں ہے۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ جب یہ روپیہ جمع ہوگیا تھا، تو ٹو بہ اور اس علاقہ کے تمام لوگوں نے یہ کہا تھا کہ اسے ٹی بی کلینک پر خرچ کیا جائے اور یہ ورائٹی شو منعقد نہ کیا جائے۔

وزیر تعلیم۔ اس ورائٹی شو کی آمدن ٹی بی کلینک پر خرچ کی جانی تھی۔ ٹکٹین وغیرہ بیچنے سے جو کچھ حاصل ہوا، اسے ٹی بی کلینک قائم کرنے پر خرچ کردیا گیا۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب والا۔ ٹکٹ ایک ہفتہ پہلے فروخت ہوچکے تھے۔ جب آمدنی جمع ہوگئی تھی، پھر لوگوں نے مطالبہ کیا تھا کہ اسے ورائٹی شو پر خرچ نہ کیا جائے۔

وزیر تعلیم۔ جناب! مجھے اس کے لئے نوٹس چاہیئے۔ جواب منگواکر عرض کرسکتا ہوں۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ کیا وزیر صاحب۔ ان اخراجات کو جائز اور مناسب سمجھتے ہیں؟

وزیر تعلیم۔ ٹی بی کلینک پر جو خرچ کیا جائے' وہ جائز اور مناسب ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ میرے سوال کا جواب دیں۔ کیا وہ ان اخراجات کو جائز اور مناسب سمجھتے ہیں؟

وزیر تعلیم۔ یہ سب کچھ ٹی بی کلینک کے لئے کیا گیا ہے۔ تاکہ عوام کی صحت پورے طور پر بحال رکھی جائے۔ یہ عوام کے لئے ہے۔ مریضوں کے لئے ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ کیا وہ طوائفوں پر خرچ کرنا جائز بات سمجھتے ہیں۔

وزیر تعلیم - ورائٹی شو اس مقصد کے لئے تھا کہ ٹی بی کلینک کے لئے روپیہ اکٹھا کیا جائے -

الاعمال بالنیات

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کے اپنے اعداد شمار کے مطابق ۲۹ ہزار روپے جمع ہوئے - جس میں سے ۱۲ ہزار سے زیادہ ورائٹی شو پر خرچ کردئیے - کیا یہ اخراجات جائز ہو سکتے ہیں؟ آدھی رقم کانوں کے لئے دے دی - آدھی ٹی بی کلینک کے لئے رکھی - یہ کہاں تک جائز ہے -

وزیر تعلیم - مجھے فاضل ممبر کے اعتراض کا احترام ہے - ہم یہ خیال رکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ خرچ کہاں کیا جاتا ہے -

مسٹر حمزہ - کیا یہ درست ہے کہ مرض تپ دق کے انسداد کے نام پر مرض عشق کو عام کیا گیا ہے؟

وزیر تعلیم - کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا -

IMPLEMENTATION OF DEVELOPMENT PROJECTS IN FORMER SIND AREA

*7122. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a sum of Rs. 34·00 crore was sanctioned by Government at the beginning of the current financial year for implementation of certain development projects in the former Sind Area ; if so, the amount sanctioned for each scheme alongwith the names of Departments who were required to execute each scheme;

(*b*) whether it is a fact that the amount mentioned in (*a*) above has not so far been released by the Finance Department and utilized by the Department concerned; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Latif Khan): (*a*) and (*b*) An amount of Rs. 32.45 crores was provided in the Development Programme of 1963-64 for District, Divisional and Regional basis schemes relating to the areas of former Sind Province. Besides, these areas would also benefit from Provincial Schemes for which there was an overall allocation of Rs. 80·80 crores in the Development Programme 1963-64.

A statement containing the requisite information as furnished by the Departments/Agencies concerned so far, is placed on the Table*. It may be noted that the progress in the utilization of funds allocated to various development schemes, as contained in the statement placed on the Table, is only for the period from 1st July 1963 to 1st May, 1964.

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ مجھے جو لسٹ مہیا کی گئی ہے۔ اس کے مطابق بہت سی رقم خرچ نہیں کی گئی ہے۔ اور اس کی کوئی وجوہات بھی نہیں بتائی گئی ہیں کہ وہ کیوں وہاں خرچ نہیں کی گئی۔ ایسے بچ جاتے ہیں۔ کیا وہ صرف دکھانے کے لئے بجٹ میں رکھ دیتے ہیں۔

وزیر تعلیم ۔ (میاں محمد یاسین خان وٹو): جناب! ہر ایک سکیم کے جدا جدا حالات ہوتے ہیں۔ کہیں ٹیکنیکل مشکلات ہیں۔ کہیں ایڈمنسٹریشن سے اجازت لینے میں دیر ہوجاتی ہے۔ اگر وہ کسی خاص سکیم کے متعلق دریافت کریں، تو وجہ عرض کردی جائے۔

حاجی میر محمد بخش تالپور ۔ جناب یہ جو لسٹ کے صفحہ ۶ پر واٹر سکیم آف نگر پارک ہے اس پر صرف ۶۰ ہزار روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔ اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر تعلیم ۔ جناب! ان کا یہ سوال مئی ۱۹۶۴ء میں دیا گیا تھا۔ یہ جواب اس وقت کا ہے۔ وہ کہیں تو جواب دوبارہ چیک کیا جاسکتا ہے۔

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ اس وقت تک یہ رقم کیوں خرچ نہیں کی گئی تھی؟

وزیر تعلیم ۔ جناب جب کسی سکیم کی ابتدا ہوتی ہے، اس وقت اس پر زیادہ رقم خرچ نہیں ہوگی۔ جب سکیم پورے طور پر زور میں آتی ہے، اس وقت زیادہ خرچ ہوتا ہے۔

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ جناب یہ میرے اپنے علاقے کی سکیم ہے۔ اگر انہیں اس کا صحیح علم نہیں ہے تو کہہ دیں۔

وزیر تعلیم ۔ جناب اگر وہ پوچھتے کہ فلاں سکیم کہاں تک پہنچی ہے تو اس کا جواب تفصیل سے دیا جاسکتا تھا۔ ورنہ ہر چیز پوری تفصیل اور

*Please See Appendix VII at the end.

تشریح کے ساتھ نہیں دی جاسکتی۔ ویسے میں نے تو ایک ایک ماہ کا خرچ منگوایا ہے۔

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ اس سوال کے جزو (ب) میں پوچھا گیا ہے:۔

Whether it is a fact that the amount mentioned in (*a*) above has not so far been released by F.D. and utilized by the Deptt. concerned.

یہ تو واضح ہے۔

وزیر تعلیم۔ وہ release کیا جاچکا ہے۔ وہ utilise ہوچکا ہے۔

حاجی عبدالمجید جتوئی۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا چھوٹے صوبوں پر خرچ کرنا گناہ ہے؟

وزیر تعلیم۔ جناب، حاجی صاحب تو وہی سوال لاتے ہیں، جس میں ایک پونٹ کا ذکر ہوتا ہے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم پس ماندہ اور چھوٹے علاقے پر زیادہ خرچ کرتے ہیں۔

INQUIRIES INITIATED BY ANTI-CORRUPTION DEPARTMENT AGAINST OFFICIALS IN MARCH 1964

*7154. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state whether it is a fact that in March 1964 Anti-Corruption Department initiated 95 enquiries against officials; if so, the designations of such officials the names of districts to which they belong and whether any of them have been suspended or transferred and in case they have neither been transferred nor suspended whether their continuance there will not affect the investigation of the cases registered against them?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) During the month of March, 1964, the Anti-Corruption Establishment initiated 95 cases/enquiries against Government officials. These were instituted against one Director of Land, one Officer on Special Duty, one District Manager, Government Transport, one Medical Officer, Jhelum, One Assistant Surgeon, Lahore, three Executive Engineers, three Sub-Divisional Officers of P.W.D., one Deputy Superintendent of Police, one Deputy Collector, one Deputy Settlement Commissioner, one Tax Superintendent, Nawab Shah, two Welfare Officers of Karachi, one Officer Incharge Canal Store, Muzaffargarh, one Zillahdar, Bahawalnagar, one Pay Officer, Agricultural Development Bank, Tando Allahyar Khan, two Tehsildars of Jacobabad and Rawalpindi, two Naib-Tehsildars of Multan and Karachi, one Superintendent, Vaccination of a Municipal Committee, one Range Officer, Gujrat, two Headmasters of Larkana and Sukkur, one Extra Assistant Director of Agriculture, Sheikhupura, one Sadar Kanungo Sheikhupura, seven Overseers of D.I. Khan, Sargodha, Peshawar, Muzaffargarh, Lyallpur and Jhang, one Line Superintendent, Gujrat, one Manager Auqaf,

one Road Inspector, Muzaffargarh, two Head Clerks of Mirpurkhas and Lahore one Taxation Sub-Inspector Lahore, one Reader to Additional Commissioner (Revenue) Montgomery, fire Station House Officers, D.I. Khan, Gujrat, Multan, Hyderabad and Karachi, five Clerks of Dadu, Sanghar, Thatta and Jhelum, one Moharrir, Peshawar, five Head Constables of Lahore, Dadu and Multan, two Constables of Multan and Lahore, one A.I.O.W. Railway, Campbellpur, fourteen Patwaris of Peshawar, Multan, Campbellpur, Lyallpur, Montgomery, Muzaffargarh, Lahore, Sheikhupura and Mianwali, three Girdawars of Mianwali, Muzaffargarh and Campbellpur, one Chairman, Union Council, Jhelum, one Secretary, Union Council, Muzaffargarh, one Chairman, Town Committee, Sheikhupura, one H.V.C. Commissioner's office, Bahawalpur, one Assistant Sub-Inspector of Police, Hyderabad, one Driver, Engineering Department, Bahawalpur, two Forest Guards of Sheikhupura and Hyderabad, two Cashiers of Karachi, one Assistant Teacher, Karachi, one Naka Munshi, Dadu, one Nakedar City, Hyderabad, one Bailiff, Civil Court, Sanghar, one Tapedar, Mirpurkhas, one Orderly of Sargodha, one Jamadar, Municipal Committee, Sialkot, one Chowkidar, Hyderabad and some officials of Irrigation Department, Montgomery, Excise Department, Thatta, Police Station Dadu, and of Union Council, Pathoro, district Hyderabad.

Out of these, 16 officers were suspended and 7 transferred. In one case suspension and in another case transfer has been moved by the Anti-Corruption Establishment and the orders of the competent authorities are awaited. In 45 cases the Establishment is of the view that the accused need not be suspended or transferred. In 18 cases inquiries have not yet reached the stage in which the Establishment could make a recommendation either for suspension or for transfer. Six of the accused persons are no longer in service and one has been discharged having been found medically unfit.

Government has laid down instructions that suspension in the case of departmental inquiries of Police Chalans should be ordered if it is likely that one of the following penalities can be imposed:—

(*a*) Reduction to a lower post or time scale or to a lower stage in time scale;

(*b*) Compulsory retirement;

(*c*) Removal from service;

(*d*) Dismissal from service.

Secondly, instructions have also been issued that whenever the Establishment recommends that a Government servant under inquiry or even any other officer who tampered with such an inquiry be transferred, he should be transferred immediately. Both these instructions are being strictly complied with.

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ اگر وہ آسانی سے بتاسکیں تو اس میں سے سابقہ سندھ کے نام اور الزام بتا دیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میرے پاس لسٹ ہے میں آپ کو Help کردوں گا ۔

POSTING OF A CLASS I MAGISTRATE AT DEWAL

*7254. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state whether it is a fact that a proposal for posting a Class I Magistrate at Dewal in Jadoon Area is under the active consideration of Government; if so, the date by which the said Magistrate is expected to be posted there?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): Resolution No. 460 of the Provincial Assembly to the effect that a Tehsildar or a Naib-Tehsildar with powers of a First Class Magistrate should be posted at Dewal for the disposal of cases pertaining to Jadoon area has been carefully considered in consultation with the Board of Revenue and the Commissioner, Peshawar Division, There is no justification for the creation of a post of a Tehsildar at Dewal on the Revenue side. Even the amount of magisterial work does not make out a case for the creation of an additional post of a 1st Class Magistrate with Headquarters at Dewal. Government have, therefore, decided that instead of creating a new post for Dewal the District Authorities should so arrange that a 1st Class Magistrate regularly visits Dewal for the disposal of cases pertaining to Jadoon area so that the inhabitants of this area have not to travel long distances and do not experience any difficulty in attending the court.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ وہ قرارداد جو اسمبلی نے پاس کی تھی ۔ اس کا مقصد یہ تھا ۔ کہ اس نئے علاقے میں ریونیو Cases کے لئے نہیں تو کم از کم چونکہ وہاں پر ضابطہ فوجداری نافذ ہے ۔ تو اس طرح سے وہاں پر عام جو تکلیف ہوتی ہے ۔ وہ ضمانتوں کی ہوتی ہے ۔ کیونکہ سو پچاس آدمیوں کی ضمانتیں ہوتی ہیں ۔ اور جو باقی آدمی ضمانتوں سے بچ جاتے ہیں ۔ مجسٹریٹ نہ ہونے کی وجہ سے انکو صوابی آنا پڑتا ہے ۔ تو اگر نائب تحصیلدار یا تحصیلدار کو ضمانت کے اختیارات دے دیئے جائیں ۔ تو ان لوگوں کو اتنی دور کی مسافت طے کرنے کی تکلیف سے چھٹکارا مل جائیگا ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) : جناب والا ۔ فاضل ممبر جس طرح اس چیز کا علم رکھتے ہیں ۔ کہ ضابطہ فوجداری کے تحت نمبر ۱۰۷-۱۵۱ کے جو اختیارات ہیں ۔ وہ درجہ اول مجسٹریٹ کو ہی ہوتے ہیں ۔ اور دفعہ نمبر ۱۰۷-۱۵۱ کے جو مقدمات ہیں ۔ ان میں ساری چیزوں کو مدنظر رکھکر ہی یہ سب کچھ کیا گیا ہے ۔ اور جیسا کہ کہا گیا ہے ۔ کہ کام کی زیادتی کے پیش نظر یہ مطالبہ کیا گیا ہے ۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ اس سلسلہ میں لوگوں کو کوئی تکلیف نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ انکی اس تجویز پر غور فرمائینگے ۔ کہ جو وہ فرماتے ہیں ۔ کہ ضمانتوں کے مقدمات میں یہ تکلیف ہوتی ہے ۔ کہ اگر

مجسٹریٹ نہ ہو تو انکو اتنی دور جانا پڑتا ہے۔

وزیر تعلیم۔ شاید اسکے لئے ضابطہ فوجداری میں ترمیم کی ضرورت ہو۔ اور اس میں وقت لگنے کا احتمال ہے۔

خان اجون خان جدون۔ ضابطہ فوجداری میں ترمیم کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ وہاں مجسٹریٹ درجہ دوم کو آسانی سے ضمانت کے اختیارات دے سکتے ہیں۔

مسٹر سپیکر۔ جبتک آپ ضابطۂ فوجداری میں ترمیم نہ کریں۔ یہ ممکن نہیں ہے۔

وزیر تعلیم۔ اور ویسے اگر ترمیم کے بغیر ہی کوئی چیز ممکن ہو۔ تو اس بات کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

RAISING OF FUNDS THROUGH THE OFFICIAL AGENCY IN TOBA TEK SINGH SUB-DIVISION FOR THE ESTABLISHMENT OF T.B. CLINIC

*7257. **Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration Department be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that funds were raised through the official agency in Toba Tek Singh Sub-Division, Lyallpur District during the months of March and April, 1964 for the establishment of a T. B. Clinic;

(*b*) whether the officials are allowed to raise such funds in their official capacity;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the negative, the action taken against the officials who took part in raising the said funds?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) No. The fact are that after the Tehsil Council, Toba Tek Singh had passed a Resolution to that effect, the Tehsil T.B. Association (of which the Sub-Divisional Officer is the *ex-officio* President) which is an independent body affiliated to the West Pakistan T.B. Association, decided to set up a T.B. Clinic at Toba Tek Singh and raised funds for this purpose through various means including a variety show. The clinic has since started functioning.

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی ۔ صاحب صدر ۔ اصل سوال تو یہ ہے ۔ کہ آیا سرکاری توسل سے اور سرکاری اداروں کے ذریعہ چندہ جمع کیا گیا ہے یا نہیں ۔ اور آپ نے اسکا کوئی جواب ہی نہیں دیا ۔

وزیر تعلیم ۔ "No" کہا ہے ۔

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے ۔ کہ تحصیلداروں نے اپنی عدالتوں میں لوگوں سے چندہ جمع کیا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جواب سے صاف ظاہر ہے ۔ کہ کسی نے بھی Official Capacity میں ایسا نہیں کیا ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ کیا محترم وزیر کو علم ہے ۔ کہ اس ہاؤس میں اس سے پیشتر وہ رسیدیں پیش کی جا چکی ہیں ۔ جو تحصیلدار نے لوگوں سے سو روپے ٹکٹ کے طور پر لوگوں سے زبردستی وصول کئے ہیں اور ان لوگوں کے نام بھی لئے گئے ہیں ۔ اور جن لوگوں کی رجسٹریاں ہونی تھیں ۔ ان کی رجسٹریاں کرنے سے انکار کیا گیا تھا ۔

وزیر تعلیم ۔ اسکی ہر تفصیل کو اور ہر چیز کو تو یاد رکھنا ممکن نہیں ہے ۔ اور اس ایوان کی متعلقہ کارروائی دیکھنے کے بعد ہی اس کے متعلق کچھ کہا جا سکتا ہے ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ کیا وزیر تعلیم کو علم ہے کہ اس ریڈ کراس اور ٹی ۔ بی کے نام پر اضلاع میں لوگوں سے زبردستی چندہ لیا جا رہا ہے ۔ اور اسکا کوئی حساب ہی نہیں ہے ۔ کیا آپ اس بات پر غور فرمائینگے ۔ کہ افسران ٹی ۔ بی اور ریڈ کراس کے نام پر چندہ نہ اکھٹا کریں ۔

وزیر تعلیم ۔ عام طور پر تو افسران کو یہ چندے اکھٹے نہیں کرنے چاہئیں ۔ لیکن اگر ریڈ کراس یا کسی ایسے دیگر ادارے سے جنکا تعلق عوام کے بہترین مفاد سے ہے ۔ اور انکی صحت سے ہے ۔ تو اگر وہ غیر سرکاری طور پر یا ذاتی طور پر ان میں دلچسپی لیتے ہوں تو یہ بات علیحدہ ہے ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ کیا وزیر تعلیم صاحب یہ فرمائینگے کہ ایک تحصیلدار جب رجسٹری کرتا ہے تو اس وقت اسکی Official Capacity ہوتی ہے ۔ یا نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ اگر اس قسم کا کوئی واقعہ میرے نوٹس میں لائیں۔ تو میں اسکی تحقیقات کروں گا۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ جھنگ میں ایک نائب تحصیلدار اور ایک تحصیلدار کی دو ہزار روپے روزانہ آمدن ہے ....

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ اس چیز کے متعلق کیا کہا جا سکتا ہے۔ اگر آپ لکھ کر دیں ۔ اور اگر وہ ایسا کرتے ہوں ۔ تو پھر انکے خلاف کارروائی کی جائیگی ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ وہ ہر رجسٹری پر دو سو روپے لے رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وہ حلفاً یہ بیان فرمائینگے ۔ کہ وزیر بننے سے پہلے یہ انکے علم میں نہیں تھا

Mr. Speaker: I am afraid the member cannot force him.

مسٹر حمزہ ۔ انکو کہنے دیجئے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ انکے سوال میں اتنی تلخی ہے کہ آج انکو مٹھائی سے افطاری کرنی چاہئیے ۔

EXTORTION OF FUNDS BY RESIDENT MAGISTRATE, TOBA TEK SINGH, DISTRICT LYALLPUR FROM LITIGANT PUBLIC FOR THE CONSTRUCTION OF A COMPOUND IN COURT BUILDING

***7258. Mr. Hamza:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Resident Magistrate, Toba Tek Singh, District Lyallpur, extorted funds from the litigant public for the construction of a compound in his court building;

(b) whether it is a fact that the questioner wrote a letter No. H-3/21, dated 19th February 1964, to the Commissioner, Sargodha Division, complaining against the unlawful extortion of money by the said Magistrate from the litigant public;

(*c*) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the action taken against the said Magistrate?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) It is not correct that the Resident Magistrate, Toba Tek Singh, extorted funds from the litigant public. The position is that a shed was constructed at the demand of and for the benefit of the litigant public and local Bar on self-help basis, for which a Committee consisting of officials and Members of the Bar was set up. Funds were collected by the Members of the Bar from Lawyers and certain notables of the *ilaqa* and Chairmen of Union Councils. No subscriptions were demanded or realized from the accused persons standing trial.

(*b*) Yes.

(*c*) On receipt of the Member's letter, a report was obtained from the Sub-Divisional Magistrate through the Deputy Commissioner, Lyallpur. No action against the Resident Magistrate was called for.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی ۔ جواب کے جزو (الف) میں یہ جو کہا گیا ہے ۔ کہ لوگوں کی خواہش پر ایسا کیا گیا ہے ۔ تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہاں کے عوام نے، یا وہاں کے وکلاء نے کوئی تحریری درخواست اس مقصد کے لئے دی تھی ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ اسکے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ انکی طرف سے کوئی تحریری مطالبہ تھا ۔ لیکن ان ذرائع کی موجودگی میں کہا جا سکتا ہے کہ وہاں تحریری مطالبہ کیا گیا ہوگا ۔ ورنہ یہ کوئی ایسی بات تو ہے نہیں کہ جسے تفریحی طور پر کرایا گیا ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر صاحب کی اس بات کو سفید جھوٹ تو نہیں کہہ سکتا ۔ البتہ یہ ایک سفید غلط بیانی ضرور ہے ۔ ایک تو وہ افسران قانون کو پامال کرتے رہتے ہیں اور پھر یہ انکے ہر کام کی وکالت کرنا اپنا فرض منصبی کیوں سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker: This is not a supplementary question.

STENOGRAPHERS AND STENO-TYPISTS EMPLOYED BY GOVERNMENT THROUGHOUT THE PROVINCE

*7351. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) the total number of Stenographers and Steno-typists employed by Government throughout the Province as it stood on 1st January 1964;

(*b*) the number of Stenographers and Steno-typists out of those mentioned in (*a*) above respectively who are also qualified in Urdu shorthand?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) Eight hundred and seventy-six Stenographers and 1,153 Steno-typists.

(*b*) One Steno-typist (in the office of the Chief Engineer, Buildings and Roads, Eastern Range, Bahawalpur).

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ یہ جناب والا ان کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔ لیکن ملازمت صرف آپ نے ایک کو دی ہے ۔ ان کو ٹرینڈ کر کے ہشیمان تو نہیں ہوگئے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو): جناب والا ۔ یہ بات نہیں ہے ۔ آپ نے سوال ملاحظہ نہیں فرمایا۔ اگر سوال ملاحظہ فرمایا ہوتا تو یہ سوال پیدا ہی نہ ہوتا ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ ۱۱۵۳ سٹینو ٹائپسٹ میں سے صرف ایک اردو کا کوالیفائڈ ہے ۔ ایک طرف تو جناب والا ہمارا مؤقف یہ ہے کہ اردو ہماری قومی زبان ہے ۔ اس کے فروغ کے لئے عوام اور گورنمنٹ دونوں کو کوشش کرنی چاہئے اور کر رہے ہیں ۔ دوسری طرف عملی یہ صورت حالات ہیں ۔ اس کی کیا وجہ ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جہاں جہاں ضرورت ہوتی ہے رکھے جاتے ہیں ۔ وہاں ایک کی ضرورت تھی ۔ صوبائی اسمبلی میں آپ دیکھ لیجئے ایک سے زیادہ ہیں ۔ جہاں جس سلسلہ میں جتنی ضرورت ہوتی ہے اس کے مطابق رکھے جاتے ہیں ۔

خان اجوان خان جدون ۔ جناب والا ۔ جبکہ ہمارا پروگرام یہ ہے کہ ہم انگریزی کو اردو میں Switch over کریں ۔ کیا آپ ضرورت نہیں سمجھتے ہیں کہ جب آپ سٹینوگرافر یا سٹینو ٹائپسٹ بھرتی کریں ان کے ساتھ یہ شرط لگائیں کہ وہ اردو میں بھی کوالیفائڈ ہوں ۔ تاکہ آپ کو Switch over کرنے میں تکلیف نہ ہو ۔ ورنہ آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کس قدر آپ کو Switch over کرنے میں تکلیف ہوگی ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ سوال کی بجائے یہ ان کی تجویز ہے ۔

CONFIRMATION OF FOUR SPECIAL TRAFFIC MAGISTRATES POSTED IN THE FORMER N.W.F.P. REGION

*7422. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration Department be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that four Special Traffic Magistrates posted in the former North-West Frontier Province Region have been confirmed and their posts have also been merged in the P.C.S. cadre; if so, their names alongwith (*i*) their educational qualifications, (*ii*) dates of their confirmation, (*iii*) dates of merger of the posts in the P.C.S. cadre and (*iv*) their seniority positions in the said cadre;

(*b*) whether it is a fact that after their absorption in the P.C.S. no one has been promoted as Assistant Commissioner although the officials junior to them in the P.C.S. cadre have been promoted as such; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) Yes. 4 Special Traffic Magistrates posted in the former N.W.F.P. Region have been confirmed. The Council of Ministers has also decided that Lawyer Magistrates (this term also includes Special Magistrates) should be absorbed in P.C.S. (E.B.) after examination of their record of service. The decision is being implemented. The Lawyer Magistrates have not yet been merged in the P.C.S. cadre, though the case is likely to be finalized shortly. The requisite information is given as under:—

Name	Educational qualifications	Date of confirmation in the P.C.S. cadre	Date of absorption in the P.C.S. cadre	Seniority position in the said cadre
Mr. Faqir Ahmed Saeed ..	B.A.,LL.B.	6-11-58	Not yet absorbed in the P.C.S.	Does not arise.
Haji Muhammad Attah Khan ..	Ditto	7-11-58	Ditto	,,
Mr. Muhammad Aman Khan ..	Ditto	22-2-60	Ditto	,,
Mr. Abdul Karim Khan ..	Ditto	1-7-60	Ditto	,,

(*b*) Does not arise.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ ۵۸ ۔ ۱۱ ۔ ۶ سے ای۔سی۔ایس کیڈر میں کنفرم ہوئے ہیں ۔ لیکن ان کو absorb نہیں کیا گیا ۔ آپ اندازہ لگائیں اس سے دو نقصان ہوئے ہیں ۔ ایک ان کو absorb نہیں کیا گیا دوسرے ان کی جگہ جو خالی ہوئی ہے وہ بھی fill up نہیں ہوسکتی ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو): جناب والا! اسکے متعلق جواب دے دیا گیا ہے۔ لائر مجسٹریٹوں و اسپیشل ٹریفک مجسٹریٹوں کو اکٹھا absorb کیا جائے گا۔ اور ان کے کیسز بہت جلدی finalise کئے جائیں گے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ کیا محترم وزیر صاحب بتائیں گے کہ حکومت نے کب فیصلہ کیا ہے کہ لائر مجسٹریٹوں کو absorb کرلیا جائیگا۔ کتنے سال اس فیصلہ کو ہو گئے ہیں۔

وزیر تعلیم۔ جناب والا اس کے متعلق باقاعدگی سے کارروائی ہوتی رہی ہے۔ کئی دفعہ کیس پیش ہوچکے ہیں۔ مختلف مراحل ہوتے ہیں۔ اصولی طور پر یہ فیصلہ ہوا ہے۔ اسکے بعد جو حضرات لائر مجسٹریٹ تھے ان کے لئے بھی ہائی پاور کمیٹی نے دیکھا ہے کہ کن کن اصحاب کو رکھا جائے گا کن کن اصحاب کو نہیں رکھا جائے گا۔ اسکے بعد پبلک سروس کمیشن کے پاس کیس گیا اس لئے دیر ہوگئی ہے۔

مسٹر حمزہ۔ آپ نے فرمایا ہے بہت سے مرحلے ہیں۔ جو کہ آپ کو لاحق ہیں۔ کیا آپ یہ بتاسکتے ہیں کہ آپ کو کون سا مرحلہ لاحق ہے۔

وزیر تعلیم۔ اب معاملہ قریب قریب ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ صدر محترم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے وزیر صاحب سوال کو ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اسے ٹالنے کی کوشش نہ کیا کریں۔ سنجیدگی سے سوال کا جواب دینے کی کوشش کریں۔ اس لئے ان کی قابلیت میں اضافہ ہوگا۔

مسٹر سپیکر۔ آپ سوال پوچھیں۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ جناب والا! سوال یہ ہے کہ حکومت نے کب فیصلہ کیا ہے کہ ان کو پی۔سی۔ایس میں absorb کیا جائے۔

وزیر تعلیم۔ Exact date تو نہیں بتا سکتا۔ سوال دے دیں آپ کو تاریخ بتا دیں گے۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ اندازاً بتا دیں۔

وزیر تعلیم ۔ اندازہ یہ ہے کہ ۶۳-۱۹۶۲ کے آخیر میں ہے۔ صحیح تاریخ تو نہیں بتاسکتے سوال دے دیں تاریخ بتائی جاسکتی ہے اور اسکے ساتھ ساری تفصیل بھی بتائی جاسکتی ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب والا اکتنے افسوس کی بات ہے۔ سوال یہ ہے کہ لائر مجسٹریٹ کا کب فیصلہ ہوا۔ کیسے فیصلہ ہوا۔ کیسے employment ہوئی تاریخ سپلائی نہیں کی گئی ۔ میں ان کو یاد دلاتا ہوں ۔ شیخ خورشید احمد جب لا منسٹر تھے اس وقت کا فیصلہ ہوا ہے۔ آپ اندازہ لگا لیجئے ۔ کیا آپ بتائیں گے کہ کتنی progress ہوئی ہے۔

وزیر تعلیم ۔ میں نے عرض کردیا ہے ۔ بہت سے مراحل طے کر چکے ہیں۔ اصولی طور پر فیصلہ ہونے کو ہے۔ ہائی پاور کمیٹی میں یہ کیس گیا اور ہر ایک لائر مجسٹریٹ کا کیس دیکھا گیا ہے ۔ پھر اپنی سفارشات پبلک سروس کمیشن کے پاس بھیجی ہیں۔ اب اس وقت کی جو سٹیج ہے وہ سوال میں عرض کردی ہے۔ اب یہ جلدی کیس finalise ہو جائے گا۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کسی ایک کا کیس آپ بتاسکتے ہیں۔ یعنی لائر مجسٹریٹ کا کوئی کیس ابھی تک finalize ہوا ہے۔

وزیر تعلیم ۔ یہ سارے کیسسز کا اکھٹے فیصلہ ہورہا ہے۔ الگ الگ فیصلہ نہیں ہوسکتا ہے۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ! اس چیز کا تدارک کریں گے کہ اس کی وجہ سے جن لوگوں کی پروموشن ہوسکتی تھی وہ نہیں ہوئی اور جونیئر لوگوں کی پروموشن ہوگئی ہے صرف اس وجہ سے کہ آپ نے اتنا delay کیا ہے۔

وزیر تعلیم ۔ جو چیز ضروری قانونی طور پر طے کرنی تھی اس کے مطابق سارا کام کیا گیا ہے اس میں اسی قسم کی دیر ہوئی ہے۔ بہر صورت جو بھی فیصلہ ہوگا اور قانون کے مطابق ان کا جو حق ہوگا اسکو نظر انداز نہیں کیا جائیے گا۔

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

Mr. Speaker : Now Mr. Sultan Muhammad Awan may please read uot his short Notice Question.

Management of Lhore Zoo

***8443. Mr. Sultan Muhammad Awan :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Lahore Zoo is being managed by Animal Husbandry Department ; if so, since when ;

(*b*) whether it is a fact that the quarterly death figures of birds and wild animals have considerably gone up since the zoo has been taken over by Animal Husbandry Department ;

(*c*) whether it is also a fact that cases of misuse of rations for animals and misappropriation of gate money have been registered against management of the said zoo ; if so, details thereof ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to transfer the management of the said zoo from Animal Husbandry Department to Lahore Municipal Corporation ; if not, reasons therefor ?

وزیر زراعت (ملک قادر بخش): پارٹ ' الف ' کا جواب اثبات میں ہے اور پارٹ ' ب ' کا جواب نفی میں ہے اور یہ ۱۶ مارچ سے اس محکمہ نے تحویل میں لیا ہے۔

(*c*) A surprised raid was conducted by the C.I.A. staff on 9th of August 1964 and investigations carried out for about a week. But no evidence could be collected to prove misuse of rations of and misappropriation of gate money by the zoo management. A single clerk, however, was arrested and prosecuted on the allegation of using duplicate ticket. The case against him is still pending in the court.

(*d*) No, because the present arrangement is satisfactory.

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب اسپیکر۔ انہوں نے جواب میں انکار کیا ہے۔ یہ فرماتے ہیں کہ جب سے انہوں نے چڑیا گھر کا انتظام سنبھالا ہے۔ وہاں جانوروں کی اموات زیادہ نہیں ہوئیں ۔ کیا وہ مجھے ۱۶ مارچ ۱۹۶۲ء سے پہلے اور اس کے بعد کی اموات بتاسکتے ہیں ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) : جی ہاں سب کچھ بتا سکتا ہوں۔

I think you will be satisfied when I give the figures of birds and animals as well as income. Both the things I will put before the House.

Khan Ajoon Khan Jadoon : We don't want income.

Minister of Agriculture : You don't want income because it has gone up by one lakh.

In 1961-62 when it was under the charge of the Deputy Commissioner the death of animals and birds was 150. In 1962-63 it came down to 120 and in 1963-64 it came down to 83.

On the other side in 1958-59 income was 86,000. In 1959-60 one lakh ten thousand, in 1960-61 one lakh and forty one thousand, in 1961-62 one lakh and eighty four thousand, in 1962-63 one lakh and ninety three thousand. In the last year it was two lakhs twenty thousand five hundred and seventy.

Further I will submit that about a month back without a notice to the management I paid a surprise visit to the zoo and I was surprised that there was ample improvement, that bad smell from the cages of animals and birds was not there, there was a small restaurant, small plots for children to take rest, parks for visitors to sit and pass good time, there were shelters for elephants which never existed before, all efforts were being made to provide facilities for birds—bad water was being drained out. It was just a surprise visit and I had given no information to them. There is a marked improvement on the income side as well as the physical conditions of the animals and birds which I saw myself. I hope my friend will be satisfied that efforts made by the Animal Husbandry Department have brought in good results.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس امر کا اعتراف کرتا ہوں کہ آمدنی میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ اور میں نے بھی اسے دیکھا ہے ۔ صفائی وغیرہ بھی ٹھیک ہے۔ لیکن ایک چیز اگر آپ ذاتی طور پر checkup کرلیں اور اپنے آپ کو مطمئن کرلیں تو بہتر ہوگا۔

آپنے یہ جو اعداد و شمار بتائے ہیں کہ ۱۹۶۲ء میں ۱۶۲ مرے ہیں۔ اور پھر ۱۹۶۲ء کے آخر میں۔ ۱۲ اور جب سے ان کے پاس یہ انتظام آیا ہے تو ۸۳ ۔ آپ یہ دیکھ لیں کہ ان ۱۶۲ اور ۱۲۰ میں کونسے طوطوں کی تعداد زیادہ ہے اور ان ۸۳ میں کن کی، کہیں ہاتھی اور شیر تو نہیں مرے ؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میں ہاتھی اور شیر بھی دیکھ لونگا تاکہ معزز ممبر کی تسلی ہوجائے ۔

Minister of Agriculture : I will pay another visit and personally check up and I assure the House that I was amply satisfied that the management was doing very good work.

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب والا ! جس وقت C.I.A نے raid کیا تھا۔ تو اس وقت bogus قسم کی ٹکٹوں کی کچھ کتابیں بھی پکڑی گئی تھیں ۔ اور

ان کے خلاف مقدمات بھی درج ہوئے تھے۔ لیکن ملک صاحب فرماتے ہیں کہ ہمارا انتظام تسلی بخش ہے۔ کیا میں دریافت کرسکتا ہوں کہ یہ انتظام کس طرح تسلی بخش ہے؟ (قطع کلامیاں)

وزیر زراعت ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ ایک جونئیر کلرک پکڑا گیا تھا۔ وہ case ابھی Sub-Judice ہے۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر کیا جناب وزیر چڑیا گھر بتائیں گے (قہقہہ) کہ وہاں کالے ہاتھی کتنے ہیں اور سفید ہاتھی کتنے؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میں چاہتا ہوں کہ *

Mr. Speaker : The remark of Malik Qadir Bakhsh is expunged from the proceedings of the Assembly.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE.

Appointment of Certain Prosecuting Sub-Inspectors as Session Judges in former N. W. F. P. Region

*7423. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that some of the Prosecuting Sub-Inspectors have been directly appointed as Sessions Judges in the former N. W. F. P. Region;

(*b*) if answer to (*a*) be in the affirmative, (*i*) their names, (*ii*) the dates of their appointments, (*iii*) whether the Special Traffic Magistrates in said Region were considered for the said appointments ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Mahmood): (*a*) No Prosecuting Sub-Inspector has been directly appointed as Session Judge in the former N. W. F. P. Region.

(*b*) In view of (*a*) above the question does not arise.

Investigation by Anti-Corruption Department Against some Members of Town Committee, Toba Tek Singh, District Lyallpur

*7542. **Mr. Hamza :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

*Expunged as orderd by the Speaker.

(*a*) whether it is a fact that Anti-Corruption Department started investigations against some members of the Town Committee, Toba Tek Singh, District Lyallpur in the year 1963 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the nature of charges levelled against the said members alongwith the results of the investigations ;

(*c*) in case the investigation has not been completed, reasons therefor ?

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ مجھے پیر غلام علی صاحب اور مخدوم صاحب کی ارشادات کا بے پناہ احترام ہے مگر جناب والا ہم دیکھتے یہ ہیں کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں اگر میری ذات سے بھی تعلق ہو مگر میری ذات سے زیادہ تو حکومت پر بھی اس بات کا اعتراض ہوا ہے اور وہ بھی ایک ایسے شخص کی جانب سے جو کہ پارلیمانی سیکرٹری ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ میں آپکی توجہ اس امر کی جانب دلاتا ہوں کہ ہمارا ضابطہ اس امر کی اجازت دیتا ہے کہ ایک رکن کسی ایک جنرل موشن کے متعلق جبکہ وہ admit ہوا ہو اتنی لمبی چوڑی تقریر نہیں بلکہ تقریر کی تمہید کرے۔ تو میں یہ درخواست کروں گا کہ اس کو uphold کیا جائے۔

Mr. Speaker : I uphold the point of order. The Minister should be very brief.

Khawaja Muhammad Safdar : To cut it short I do not want to move this adjournment motion.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ! خواجہ صاحب نے ایک احسان بھی کیا اور وہ بڑی زیادتی کیساتھ کیا ۔ (قہقہے)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا! میں نہیں جانتا کہ آیا وزیر صاحب نے غلط بیانی سے کام لیا ہے یا کہ پارلیمانی سیکریٹری صاحب نے غلط بیانی سے کام لیا ہے ۔ مجھے کیا معلوم ہے جناب ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں یہاں موجود ہوں ۔ پارلیمانی سیکریٹری صاحب موجود نہیں ہیں ۔ جناب والا۔ مجھے افسوس ہوا ہے کہ مجھے وہ موقع نہیں دیا جس کا کہ میں تقاضہ کر رہا تھا ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب صدر مجھے وزیر صاحب سے ہمدردی ہے ۔ انہیں در مدح خود ایک قصیدہ پڑھنے کا موقع ملا تھا جو خواجہ صاحب نے چھین لیا ۔

Mr. Speaker : That is not a point of order.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ! قصیدہ تو آدمی ہر وقت پڑھ سکتا ہے لیکن میں نے اس کا کسی جگہہ پر جواب نہیں دیا تھا ۔ خواجہ صاحب نے ایک موقع فراہم کیا تھا لیکن مجھے اس بات کا دکھ ہے کہ خواجہ صاحب نے کچھ فراخدلی نہیں دکھائی کہ میں اس کا جواب دیتا ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کا جواب آپ کو مل چکا ہے ۔

Mr. Speaker : Next Adjournment Motion No. 61. Yes Khawaja Sahib.

AGRICULTURE DEPARTMENT'S REFUSAL TO ALLOW THE USE OF IQBAL PARK FOR A PUBLIC MEETING TO BE ADDRESSED BY MOHTARIMA FATIMA JINNAH.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most unreasonable and discourteous refusal of the Joint Secretary, Agriculture Department, to allow the use of Iqbal Park as a venue for a public meeting to be addressed by the Madar-e-Millat Moh-

tarima Fatima Jinnah, the Opposition Presidential Candidate, on the 4th October, 1964. This discourteous act of the Agriculture Department has caused great resentment to the public of the province.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, it is opposed on various grounds.

نمبر ۱ جناب کہ یہ تحریک التوا vague and indefinite ہے۔ خواجہ
صاحب نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں۔

He has not defined as to how he did not show proper courtesy to the applicants or was he hi nself discourteous to Mohtarima Fatima Jinnah. I think that should not be in his mind. There is nothing like that. It is not said in the motion that the refusal was unlawful or that the authority was not competent to refuse. Sir, whatever, is done is done in the discharge of ordinary duty which he was authorised to perform.

تو میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اس جائنٹ سیکریٹری کے پاس
جو شریف آدمی درخواست لے گیا تھا اس کے ساتھ ان کا رویہ کس طرح
unreasonable تھا یا خواجہ صاحب کی یہ مراد ہے کہ refusal سے
discourtesy نتیجہ نکلی۔

Next, basically the information that my friend has is absolutely incorrect. The Joint Secretary never passed the final order of refusal on the applications. He may have conveyed that refusal to the applicants but the order was passed by the Minister. The facts of the case are—I hope Khawaja Sahib will lend his ears to me. . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : I am all attention.

Minister of Agriculture : The facts of the case are that Sardar Muhammad Zafrullah, President, Lahore City Muslim League and Sh. Rafiq Ahmad, President National Awami Party, Lahore, made two separate applications requesting for permission to use Gulistan-e-Fatima in the Bagh-i-Jinnah, Lahore, on 4-10-64 between 3 to 6 p.m. for a reception to be given to Mohtarma Miss Fatima Jinnah, Presidential Candidate. Subsequently they changed the date from 4th to 5-10-64. In fact they wanted it for 5th.

The other application was for permission to use the Iqbal Park for a public meeting to be addressed by the Mohtarama Miss Fatima Jinnah, Presidential Candidate.

The case was submitted to the Minister of Agriculture with the information that on a previous occasion when Mian Amir-ud-Din, Chief Organizer, West Pakistan Muslim League, Lahore, when solicited Government's sanction for holding a meeting on a Grassy plot in Gulistan-e-Fatima (Bagh-i-Jinnah) was refused permission by the Minister of Agriculture and the Governor, West Pakistan, on the ground that under the Rules it was not permissible to hold meetings or arrange receptions of political nature at Government gardens. In another case, also the

Home Department had not allowed a certain political party to hold meeting in Iqbal Park, Lahore, as such parks are meant for purely recreational purposes of the public.

Under these circumstances, the Minister of Agriculture declined the permission sought for by Sardar Muhammad Zafrullah, President, City Muslim League and Sh. Rafiq Ahmad, President, National Awami Party, Lahore, for the use of Iqbal Park on 5-10-64 and not on 4-10-64 as mentioned in the adjournment motion for the purpose indicated above. I want to draw the attention of the Leader of the Opposition to the fact that he, however, accorded permission for the use of Gulistan-i-Fatima in Bagh-i-Jinnah, Lahore on 4-10-64 for holding a reception subject to the condition that no public speeches would be delivered. The applicants were informed accordingly.

The allegation that the Joint Secretary, Agriculture Department had been most unreasonable and discourteous' are, therefore, uncalled for and without any foundation as it was purely in the interest of the public that permission for the use of Iqbal Park for a public was refused. The allegations are, therefore, denied.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ میں اس ضمن میں ایک منٹ میں گزارش کروں گا کہ میرے محترم دوست نے جو اعتراضات کئے ہیں وہ درست نہیں ہیں۔ سیکریٹری کی جانب سے ہی یہ احکامات جاری ہوتے ہیں اور اخبارات میں بھی ایسا ہی آیا تھا۔ خواہ منسٹر نے آرڈر جاری کیا ہو لیکن ملک قادر بخش صاحب کے نام سے وہ آرڈر جاری نہیں ہوگا۔ آرڈر گورنمنٹ کیطرف سے جاری ہوگا۔ اس کو جائنٹ سیکریٹری ہی جاری کرے گا۔ اس لئے یہ کہنا کہ ملک قادر بخش صاحب نے جاری کیا ہوا ہے اور کہ میں نے جائنٹ سیکریٹری کا نام لکھ دیا ہے غلط ہے۔ تو یہ انکا کہنا یعنی میرے محترم بزرگ کا درست نہیں۔ دوسرے انہوں نے یہ ارشاد فرمایا کہ اقبال پارک کے متعلق گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ یہ سیاسی جلسوں کے لئے نہ دیا جائے۔ اقبال پارک کا نام قیام پاکستان سے پہلے منٹو پارک تھا اور میں ملک قادر بخش صاحب کو یاد دلاتا ہوں کہ انگریزوں کے زمانے میں یہ پارک بڑے بڑے سیاسی جلسوں کے لئے استعمال ہوتا رہا ہے۔ بلکہ قرار داد پاکستان اسی پارک میں پاس ہوئی۔ اگر انگریزی بھی اس طرح بخل سے کام لیتے اور سیاسی جماعتوں کا گلا گھونٹنے کے لئے طرح طرح کے ہتکنڈے استعمال کرتے جس طرح کہ آپ کر رہے ہیں تو یقیناً پاکستان معرض وجود میں نہ آتا۔ اور آپ کی خواہشات جو اس زمانے میں تھیں وہ پوری ہوکر رہتیں۔

وزیر خوراک و زراعت۔ تو میاں امیر الدین کو کیوں refuse کیا۔

خواجہ محمد صفدر۔ میاں امیر الدین صاحب کی درخواست کا مجھے علم

فہمن ۔ نہ میں ان کی طرف سے جواب دینے کے قابل ہوں ۔ میں جناب والا ۔ یہ درخواست کروں گا کہ یہ تحریک بالکل ضابطہ کے مطابق ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب کا فرمان یہ ہے کہ بعض شرائط کے تحت اس کی اجازت دے دی گئی تھی۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کا میں کیا علاج کروں ؟

وزیر زراعت ۔ درخواستیں میرے پاس موجود ہیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میاں امیرالدین صاحب ان کے ساتھی اور کارکن ہیں۔ اگر یہ ان سے قبل از وقت درخواست لکھا کر رکھ لیں ، تو میں کیا کر سکتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ، کیا یہ کس قانون کے تحت ضروری ہے۔ کیا یہ آپ کا حق تھا کہ یہ اجازت دی جاتی۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ! بات یہ ہے کہ محکمہ زراعت کے ذمہ صرف اس کی دیکھ بھال ہے ۔ انہیں یہ اختیار نہیں کہ وہ اسے کسی پر بند کردیں اور کسی کو اجازت دے دیں ۔ یہ تو پبلک پراپرٹی ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ عوام اسے استعمال کریں ۔

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister of Agriculture. Moreover the Government is not bound to grant permission in every case. It is a matter of grace for the Government to allow the holding of public meetings or arranging receptions in Iqbal Park. The motion is ruled out of order. Next motion.

ORDERS OF EXTERNMENT FROM W. PAKISTAN AGAINST MAULANA FARID AHMAD, M.N.A.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful orders of externment under the maintenance of Public Order Ordinance served on Maulana Farid Ahmad, MNA, General Secretary, Nizam-e-Islam Party of Pakistan, to remove himself from West Pakistan and not to enter West Pakistan for a period of six months from the date of order. This flagrant abuse of power by the Government of the Province with a view to harm the election campaign of the Presidential candidate of the Opposition has sent a wave of resentment amongst the public of the Province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Opposed. Sir, the matter is *sub-judice* and it is pending in the High Court. I would, therefore, request that the adjournment motion should be ruled out of order.

Mr. Speaker : What is the position ?

Khawaja Muhammad Safdar : I think, there is no writ about this. A writ was accepted by the Hon'ble High Court about the detention of Maulana Farid Ahmed. I don't know whether a writ about externment is there in the High Court.

Mr. Speaker : Is there any writ about the order of externment ?

Minister of Education : Yes Sir, a writ to this effect is pending in the High Court.

Mr. Speaker : As the matter is *sub-judice* the motion is ruled out of order. Next motion.

DISRUPTION OF A C.O.P. PUBLIC MEETING AT MUSA KHEL, DISTT. MIANWALI

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Mianwali Police to restrain the goondas from trying to disrupt a COP public meeting held in a mosque in Musakhel, District Mianwali, on the 27th October, 1964. These goondas continued firing from the noighbouring houses for ten minutes, though luckily no one was hurt. This naked lawlessness on the part of goondas and the inaction on the part of the police have dismayed the public of the Province.

وزیر تعلیم ۔ Adjournment motion نمبر ۲۶ میں یہی موضوع زیر بحث آ چکا ہے۔

Khawaja Muhammad Safdar : Then, I don't press it.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

اگر کوئی ایسی تحریک التوا آئے جو پہلے ایوان میں پیش ہو چکی ہو، تو گورنمنٹ کو چاہیئے کہ اس کے پڑھے جانے سے پہلے یہ بات میرے نوٹس میں لے آئیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ نمبر ۶۴ بھی ہو چکی ہے ؟

Mr. Speaker : I don't think so.

ARREST OF MAULANA FARID AHMED, M.N.A.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and unlawful arrest of Maulana Farid Ahmad, MNA, a very important leader of the Opposition, under the Maintenance of Public Order Ordinance on the 13th September, 1964 at Lahore. This flagrant abuse of this black law has resulted in great resentment amongst the public of the Province.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Opposed. Sir, the matter is no more important as the High Court has already decided the matter and Mr. Farid Ahmed has already been released. So, there is no need of discussing it.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ! ھائی کورٹ کے فیصلہ نے تو میری تائید کردی کہ ان کی قید خلاف قانون اور خلاف ضوابط تھی ۔ اور انہوں نے اپنے اختیارات کو غلط طور پر استعمال کیا تھا ۔

Mr. Speaker : Then, he has the remedy in a Court of Law to prosecute the Government for that illegal order.

Minister of Education : That remedy he has actually utilised and he has been released.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, this is a forum where we can ventilate our feelings and say that such and such action of the Government is illegal.

Mr. Speaker : But that matter must be urgent. The matter has lost its urgency and, therefore, the motion is ruled out of order.

وزیر تعلیم ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ بقیہ Adjournment Motions کل پر اٹھا رکھی جائیں کیونکہ آج ایوان میں بڑا اہم آرڈیننس زیر غور ہے۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Rest of the adjournment motions will be taken up tomorrow.

ORDINANCES.

THE WEST PAKISTAN MAINTENANCE OF PUBLIC ORDER (AMENDMENT) ORDINANCE 1964. (*Resumption of discussion*).

Mr. Speaker : Now, the House will resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th October, 1964. **Khawaja Muhammad Safdar.**

* خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) : جناب والا۔ ہنگامی قانون برقراری امن عامہ ۱۹۴۰ جس کا ابھی چند لمحے ہوئے اس ایوان میں ذکر ہوا تھا۔ اس سیاہ قانون کو ۱۹۴۰ سے لیکر آجتک چار مرتبہ ترمیم کیا جا چکا ہے۔ اور ہر بار ہماری اس حکومت نے اس سیاہ قانون کو سیاہ تر کرنے کی کوشش کی ہے۔

جناب والا۔ اس سے پیشتر کہ میں جناب کی وساطت سے اس ایوان میں موجودہ ہنگامی قانون (ترمیمی) برقراری امن عامہ مغربی پاکستان مجریہ ۱۹۶۴ کے ذریعہ جو ترامیم ہوئی ہیں۔ انکے متعلق اپنی گزارشات پیش کروں۔ میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ شخصی آزادی کے متعلق جو کہ اس ہنگامی قانون کا موضوع ہے کچھ گزارشات پیش کروں تا کہ میں شخصی آزادی کی اہمیت اپنے معزز دوست پر واضح کر سکوں۔ میں یہ عرض کروں گا۔ کہ شخصی آزادی کو دنیا کے مختلف ممالک میں کس قدر عزیز رکھا گیا ہے۔ کس قدر اونچا درجہ دیا گیا ہے۔ اس کے لئے کونسی قربانیاں دی گئی ہیں۔ اور اسکے حصول کیلئے وہ کیا کیا مصائب تھے۔ جو کہ نہ سہے گئے۔ جناب والا! آج سے ٹھیک ساڑھے سات سو برس قبل یعنی ۱۲۱۵ء میں انگریزوں نے اپنے جابر اور ظالم حکمران کنگ جان کے خلاف متحد اور متفق ہوکر ایک تحریک چلائی اور اسے مجبور کیا۔ کہ انکے مطالبات تسلیم کرے۔ بادشاہ کیلئے کوئی چارہ کار نہ تھا۔ کیونکہ اسوقت برطانیہ کا ہر طبقہ اس امر کا مطالبہ کر رہا تھا۔ کہ انہیں وہ بنیادی حقوق دیئے جائیں۔ جنکے لئے آج ہم بیسویں صدی کے آخر میں مطالبہ کر رہے ہیں۔ شاہ جان کو وہ مطالبہ تسلیم کرنا پڑا۔ اور میں ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ اس کی چند سطریں جو کہ شخصی آزادی کے متعلق ہیں۔ اس معزز ایوان میں پڑھکر سناؤں۔ بادشاہ نے یہ وعدہ کیا تھا۔ کہ

> "No free man shall be taken in prison, outlawed, banished or in any way destroyed, nor will we proceed against or prosecute him except by lawful judgement of his peers or the law of the land."

جن دستاویز سے میں نے جناب کی خدمت میں چند سطور پڑھکر سنائی ہیں۔ انگریزوں نے اسکا نام میگنا کارٹا Magna Charta رکھا۔ یہ آزادی کا منشور تھا یہ آزادی کی دستاویز تھی جو کہ انہوں نے آج سے ٹھیک ساڑھے سات سو برس قبل اپنے بادشاہ سے حاصل کی۔ اسکے بعد جمہوری ملکوں میں یہ بات ہر جگہ پر، ہر زمانے اور ہر سرزمین میں agitate ہوتا رہا۔ اور عوام اپنے ان حقوق کیلئے اپنے حکمرانوں سے برسر پیکار رہے۔ خواہ وہ کسی تحریک کی شکل میں، خواہ کسی agitation

کی شکل میں خواہ کسی جلسے جلوس کی شکل میں یعنی خواہ کسی بھی شکل میں وہ اپنے حکمرانوں سے اپنے ان حقوق کیلئے بر سر پیکار رہے۔ کہا جائیگا۔ کہ انگلستان میں ساڑھے سات سو سال کے عرصہ میں ایسا عرصہ بھی آیا ہے۔ کہ جبکہ حکمرانوں نے شخصی آزادی کو اس طرح کھلا نہیں چھوڑا جیسا کہ ان الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے۔ میں اسے تسلیم کرتا ہوں۔ پہلی جنگ عظیم میں اور دوسری جنگ عظیم میں جبکہ انگریز قوم موت و حیات کی جنگ لڑ رہی تھی۔ اور انکی زیست اور موت کا سوال تھا۔ تو اس زمانے میں پارلیمنٹ نے جو کہ انگلستان میں (supreme) ہے۔ اور وہاں اس سے بڑھکر کوئی اتھارٹی نہیں ہے۔ اور وہ کسی قانون کو بنا سکتی ہے۔ اور کسی بھی قانون کو توڑ سکتی ہے۔ وہ سب کچھ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ سوائے مرد کو عورت بنانے اور عورت کو مرد بنانے کے۔ تو مطلب یہ ہے کہ وہاں اس سے بڑھکر کوئی با اختیار ادارہ نہیں ہے۔ اس نے اپنی حکومت کو جنگ کے دوران میں کئی اختیارات دیئے۔ جس سر سوسلے وغیرہ کو نظر بند رکھا گیا۔ اسکے علاوہ ان دونوں جنگ ہائے عظیم کے علاوہ میرے علم میں کوئی واقعہ نہیں ہے جبکہ انگلستان میں ان جمہوری قدروں کو معطل کیا گیا ہے۔ لیکن اسکے ساتھ ہی جناب والا میں ایک اور جمہوری ملک کی بھی مثال عرض کرتا ہوں۔ اور وہ ہے ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ وہاں شخصی آزادی بنیادی حقوق کے ساتھ آئین میں درج کردی گئی ہے۔ جسکے نتیجے کے طور پر وہاں کی کانگریس کو بھی یہ اختیار نہیں کہ وہ جس وقت چاہے ان جمہوری قدروں کو معطل کردے۔ وہاں جنگ ہو یا صلح۔ کوئی بھی موقع ہو۔ جب سے وہ آئین جو کہ دو سو برس سے وہاں نافذ ہے تب سے یہ بنیادی حق کبھی بھی معطل نہیں ہوا تو امریکہ اور انگلستان کی طرز حکومت میں یہ فرق ہے جناب والا۔ ہمارے ملک میں، صرف یہاں پر ہی بس نہیں۔ دنیا کا کوئی ادارہ لیجئے۔ لیگ آف نیشنز کو لیجئے۔ اقوام متحدہ کے موجودہ ادارے کو لیجئے۔ ہر ادارے نے انسان کے اس بنیادی حق کو تسلیم کیا ہے۔ کہ بغیر مقدمہ چلائے، بغیر عدالت کے فیصلے کے، کسی شخص کی آزادی سلب نہیں کی جا سکتی۔ یہ بنیادی چیز ہے۔ اور اسکے علاوہ میں پھر آپکو ایک اور حوالہ Charter of Human rights کا دیتا ہوں۔ جو کہ اقوام متحدہ نے اپنے تیسرے اجلاس میں پاس کیا تھا۔ اس کا نواں حق یہ ہے۔ کہ ("No one Shall be Subject to arbitrary arrests" detention, or exile,) یہ دو چیزیں ہمارے موضوع کے مطابق ہیں۔ ہم نے اس Charter of Human arbitrary rights پر دستخط کئے ہوئے ہیں۔ "detention اور arrests"

پاکستان نے ان حقوق کے متعلق یہ وعدہ کیا ہوا ہے۔ جنکا ذکر مذکورہ چارٹر میں ہے۔ کہ انہیں اپنے ملک میں رائج کریگا۔ اور وہاں پر ہی بس نہیں جناب والا! ہم اس کمیشن کے بھی ممبر رہے ہیں۔ جو کہ انسانی حقوق کے متعلق اقوام متحدہ نے قائم کی تھی۔ ہماری جانب سے بیگم شائستہ اکرام اللہ ہماری مندوب تھیں۔ انہوں نے ایک تقریر میں فرمایا تھا۔ اور وہ دراصل اپنی جانب سے نہیں فرمایا تھا۔ وہ انہوں نے پاکستان کی نمائندہ ہونے کی حیثیت سے یعنی پاکستان کی جانب سے فرمایا تھا۔ کہ

"It was imperative that the peoples of the world should recognize the existence of a code of civilized behaviour, which would apply not only in international relations but also in domestic relations."

انہوں نے یہ تقریر کی۔ کہ میں نے جو کچھ ان حقوق کے متعلق کہا ہوا ہے۔ یہ نہ صرف بین الاقوامی حالات میں نافذ کرنے ہونگے۔ بلکہ ہر ملک اسکو اپنے اندرون ملک میں بھی نافذ کریگا۔

جناب والا۔ یہ تو وہ بنیادی باتیں ہیں۔ اور یہ بین الاقوامی دنیا کی باتیں ہیں۔ لیکن ہم نے جو مواعید اپنے عوام سے کئے ہیں۔ جو وعدے اپنے عوام سے کئے ہیں۔ وہ ان کے بر عکس نہیں ہیں۔

جناب والا۔ اپنے ملک کے سربراہ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب کے منشور میں سے صفحہ ۴ پر جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے عرض کرتا ہوں۔ وہ فرماتے ہیں۔

"پاکستان میں جمہوریت چاہے جو شکل اختیار کرے مگر اس کی بنیاد صرف نظریات کی اندھا تقلید کی بجائے حقیقت۔ مشاہدہ اور تجربہ پر ہونی چاہئے اس کا اصول یہ ہے۔ چوتھا اصول فرمایا ہے۔"

"انفرادی رائے کی آزادی۔ اشتراک عمل کی آزادی اور اجتماع کی آزادی۔ اور سب سے آخر میں جو کہ کسی صورت میں دوسروں سے کم نہیں۔ وہ قانون کی حکمرانی ہے۔
یہ جناب چھپا ہوا ہے پاکستان کنونشن مسلم کی طرف سے۔

جناب والا۔ اس صدارتی انتخابات کی مہم کے دوران جو کہ اکتوبر سے لے کر دو جنوری تک اس ملک کے طول و عرض میں نہایت جوش و خروش سے جاری رہی اور عوام کی اس بے پناہ تحریک نے کہ ہمیں جمہوریت درکار ہے۔

ہم جمہوریت مانگتے ہیں۔ ہمارے صدر مملکت کو مجبور کیا کہ وہ اس ملک کے گوشہ گوشہ میں جائے۔ شہر شہر جائے۔ قریہ قریہ اور گاؤں گاؤں جائے اور لوگوں کے ساتھ ملے اور ان کو بتائے کہ جو حالات آج ہیں ان سے بہتر حالات پیدا کئے جائیں گے۔ ان مواعید میں سے بار بار کیا گیا وہ وعدہ کہ اس ملک میں قانون کی حاکمیت ہوگی۔ میرے پاس کئی ایک اخبارات ہیں جن میں ان کے ارشادات گرامی درج ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ بار بار ان کو دہراؤں۔ در اصل اس ایوان میں ایک دو بار پہلے بھی آ چکے ہیں۔ میری رائے میں کوئی دوست میرے اس بیان کو غلط قرار نہیں دے گا کہ جناب صدر نے یہ بار بار وعدہ گزشتہ تین ماہ میں فرمایا کہ اس ملک پر قانون کی حاکمیت ہوگی۔ یعنی کسی شخص کو قانونی طور پر مقدمہ چلائے بغیر سزا نہیں دی جا سکتی۔ کسی کا کوئی حق غصب نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک کسی قانون کے مطابق یہ فیصلہ نہ ہو کہ اس کا یہ حق نہیں ہے۔ قانون کی حاکمیت کا مختصراً یہ مطلب ہے۔ تو جناب صدر نے نہ صرف اپنے منشور میں بلکہ اپنی تقاریر میں بار بار اس بات کا اعادہ کیا کہ اس ملک میں قانون کی حاکمیت ہوگی۔ جناب والا۔ چاہئے تو یہ تھا کہ ہمارے ملک کے کار پرداز۔ ہمارے ملک کے حاکم صدر مملکت کے ان مواعید جو انہوں نے اپنی تقریروں میں بلکہ تحریروں میں بھی آچکے تھے کا کچھ لحاظ کرتے۔ کچھ پاس کرتے لیکن نہیں؟

۱۷ اکتوبر کو جبکہ یہ صدارتی انتخابی مہم اپنے پورے جوبن پر تھی۔ ۱۷ اکتوبر کو سابقہ آرڈیننس میں ایک نئے ہنگامی قانون کی شکل میں وسیع قسم اور دور رس ترامیم کردی گئیں۔ ان ترامیم سے جو حالات پیدا ہوئے۔ ان کے متعلق میں الگ ابھی عرض کروں گا۔ لیکن پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس ترمیم شدہ قانون کے تحت میں اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہماری اس صوبائی انتظامیہ کے پاس وہ کون کون سے اختیارات ہیں جو اس قانون کے تحت انہیں حاصل ہوگئے ہیں۔ اس قانون کے تحت ہماری اس انتظامیہ کو کسی ایک شخص کو لا متناہی عرصہ تک کے لئے نظر بند کرنے کے اختیارات حاصل ہیں۔

وزیر تعلیم۔ آپ نادرست فرما رہے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ ان کا حوالہ یہ ہوگا کہ چھ ماہ سے زیادہ نظر بند نہیں کیا جا سکتا ہے۔

وزیر تعلیم۔ تین ماہ سے زیادہ نہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ میں انکو بتاؤں گا۔ وہ بول جو ان کے خود ساختہ ہیں۔ جہاں کہ ایک ملازم شامل ہوگا۔ آج اگر اپنے ملازم کے بجائے دوسرا کوئی جج مقرر کر دیتے تو میں اسے زیادہ پسند کرتا۔ بہرحال جناب والا۔ اگر اب اس ٹریبونل کو کسی طور پر اگر یہ شبہ ہو جائے جس کے متعلق اس نظر بند کو کوئی پتہ نہیں کہ کیا اس کے سامنے پیش ہے۔ غلط کیا ہے۔ درست کیا ہے۔ نا درست کیا ہے۔ یا جھوٹ کا پلندہ اس کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اگر یہ خیال ہے کہ اس کی نظر بندی گزشتہ تین ماہ سے زائد ہوگی آئندہ لامتناہی عرصہ تک اس شخص کو نظر بند رکھ سکتے ہیں۔ وزیر تعلیم صاحب فرمائیں کہ میں غلطی کرتا ہوں۔ میں اس کی تفاصیل سے پوری طرح واقف ہوں۔

اس کے بعد جناب والا۔ دوسرا اختیار اس قانون کے تحت اس حکومت کو میرے دوست دے رہے ہیں یا آج دینے والے ہیں کہ کسی شخص کو حدود بند کیا جا سکتا ہے۔ لامتناہی عرصہ تک حدود بند کیا جا سکتا ہے۔ جیسے آج بارک اللہ ایک گاؤں میں گزشتہ ۵ ماہ سے بند ہے۔ اس ایوان میں ہر شخص کو۔ اور ایوان سے باہر پانچ کروڑ مغربی پاکستان میں بسنے والے افراد کو لامتناہی عرصہ تک کسی خاص حدود خواہ وہ اپنے گاؤں میں ہو یا نہ ہو اس میں نظر بند کیا جا سکتا ہے۔

تیسرا حق جو وہ طاقت کے زور پر حاصل کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ کسی شخص کو جو مغربی پاکستان میں بستا ہو یا نہ بستا ہو۔ اگر بستا ہے تو اس کو یہ کہا جا سکتا ہے کہ تم کراچی کی بجائے پشاور میں رہو۔ اور پشاور والے کو کہا جا سکتا ہے کہ تم بہاول پور میں رہو۔ تم کہیں نہیں آجا سکتے۔ یہ بھی تو کہا جا سکتا ہے کہ تم پشاور داخل نہیں ہو سکتے۔ کراچی داخل نہیں ہو سکتے۔ یا لاہور داخل نہیں ہو سکتے۔ یہ تو ہے وہ حدود بندی۔ دوسرے وہ حدود سے باہر نکلے تو یہ علیحدہ اختیارات ہیں جو حاصل کر رہے ہیں۔ اسی اختیارات کے تحت مولانا فرید احمد کو چھ ماہ کے لئے مغربی پاکستان سے نکال دیا گیا ہے۔ وہ ممبر نیشنل اسمبلی ہے۔ اچھا بھلا اس ملک میں وہ رہنما ہے۔ پاکستان میں نظام اسلام پارٹی کا جنرل سیکرٹری ہے۔ اگر یہ انتظامیہ ۶ ماہ کے لئے کہہ سکتی ہے کہ تم اس صوبہ سے نکل جاؤ تو کسی دوسرے شخص کے ساتھ کیا کچھ نہیں کر سکتی۔ یہیں تک بس نہیں۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کو کیا کیا

اختیارات اس قانون کے تحت حاصل ہونے والے ہیں۔ انہیں اختیارات پر ہم انگوٹھا لگانے والے ہیں۔ یہ تیسرے اختیارات ہیں۔ اور چوتھا یہ ہے کہ وہ کسی ایک شخص کو جہاں کہ اس کو نظربند کرنا چاہیں۔ جہاں کہ اس کو مجبوس کرنا چاہیں۔ جس کو وہ حدود بند کرنا چاہیں یا کسی جگہ اسے بدر کرنا چاہیں۔ اسے مجبور کیا جاسکتا ہے کہ تم اپنی تصویریں دو۔ اپنے انگوٹھے کے نشانات کے نمونے دو۔ جناب والا۔ یہیں پر بس نہیں۔ یہ واحد قانون ہے۔ میں کوئی عالم نہیں ہوں۔ معمولی طالب علم ہوں۔

لیکن جہاں تک مجھے علم ہے۔ یہ ایک واحد قانون ہے جس کی رو سے کسی شخص کو اپنے خلاف شہادت دینے پر مجبور کیا جا سکتا ہے۔ اور یہ اسے بہلا پھسلا کر نہیں۔ بلکہ اس کی ٹانگ توڑ کر یا بازو توڑ کر یعنی طاقت استعمال کر کے مجبور کیا جاسکتا ہے۔ اور پھر یہیں تک ہی بس نہیں کی۔ اس قانون کی رو سے ہماری انتظامیہ یہ اختیار حاصل کرنا چاہتی ہے کہ وہ کسی اخبار کو کہہ دے کہ تم نے فلاں مضمون ضرور چھاپنا ہے۔ اور فلاں مضمون نہیں چھاپنا۔ یا اتنے عرصہ تک تم جو کچھ بھی شائع کرو یا چھاپو۔ تو ہمیں دکھا کر شایع کرو یا چھاپو۔ یعنی بالفاظ دیگر اس پر censorship بٹھائی جاسکتی ہے اور یہ اختیار یہیں تک ہی نہیں۔ اسی قانون کے ذریعے کسی اخبار کو بند بھی کیا جاسکتا ہے۔

جناب والا۔ یہ وسیع اختیارات۔ در اصل یہ قانون تو ایک ایسا مرکب اور ایسا پٹارہ ہے جس میں سے جس قسم کا آلہ اور ہتھیار چاہو۔ نکال لو۔ خواہ وہ ہتھیار کسی فرد کے خلاف استعمال کرنا ہو خواہ وہ کسی اخبار کے خلاف استعمال کرنا ہو خواہ کسی متبع کے خلاف استعمال کرنا ہو یا کسی پارٹی کے خلاف استعمال ہو۔ یہاں تک کہ اگر چار دوست کسی ایک دوست کے گھر پر جمع ہوں۔ تو ڈپٹی کمشنر صاحب تحریراً یہ حکم دے سکتے ہیں کہ یہ پانچواں سب انسپکٹر پولیس جو میں بھیج رہا ہوں۔ اسے بھی اپنی ساتھ بٹھاؤ۔ اور جو باتیں تم کر رہے ہو۔ یہ سب کو نوٹ کر یگا۔ چنانچہ اس قانون کے تحت حکومت کے ان اختیارات کا مظاہرہ بھی ہو چکا ہے۔ چند ماہ ہوئے کہ ہمارے ایک دوست نوابزادہ نصر اللہ خان ہمارے ایک دوست کے پاس پیلزمیں بطور مہمان ٹھہرے ہوئے تھے کہ ایک شام وہاں چند دوست جمع ہوئے۔ اتنے میں دو سب انسپکٹر پولیس وہاں آ گئے۔ پوچھا کہ آپ کیسے آئے۔ بولے کہ صاحب

آپ میٹنگ کر رہے ہیں۔ ہم نے کہا کہ ہم تو نہیں کر رہے۔ کہنے لگے کہ نہیں صاحب آپ کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس یہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ لاہور کے احکام ہیں۔ ہم تو یہاں بیٹھینگے۔ الغرض اس قسم کے اختیارات ان کو اس قانون کے تحت حاصل تھے۔ چنانچہ نواب زادہ صاحب کو مجبوراً وہ کمرہ چھوڑ سڑکوں پر گھومنا پڑا یہ سب اختیارات ان کو ایک ہنگامی قانون کے تحت۔ بل کے تحت نہیں۔ حاصل ہیں۔ جن کی بنا پر ہمارے گلوں میں پھندا اور مضبوط کیا جا رہا ہے۔ جس کے متعلق ہم سے پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ ہمارے گرد و پیش جو جال تنا ہوا ہے۔ اس کے حلقے اور زیادہ کسے جا رہے ہیں۔ لیکن ان محبوس پرندوں میں طاقت گویائی نہیں کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔ اور یہ دریافت کرسکیں کہ بھئی یہ کیا کر رہے ہو۔ کچھ تو خدا کا خوف کرو۔

وزیر تعلیم۔ خواجہ صاحب آپ کیا فرما رہے ہیں۔ آرڈیننس کچھ ہے اور آپ کچھ رہے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں۔ وہ اس آرڈیننس کے متعلق ہی عرض کر رہا ہوں۔

جناب والا۔ میں نے نہایت اختصار کے ساتھ یہ گذارش کی ہے کہ اس قانون کے تحت ہمارے صوبے کی انتظامیہ کو کون کونسے اختیارات حاصل تھے جن کی غلط استعمال کی وجہ سے گزشتہ تین سال میں وہ بدنام ہو چکی ہے۔ اور اب یہ مزید اختیارات حاصل کر رہی ہے۔

جناب والا۔ اب پیشتر اس کے کہ میں اس ترمیم سے پیدا ہونے والے حالات کے متعلق اپنی گذارشات پیش کروں۔ میں ان اختیارات کا جو اس قانون کے تحت ہماری انتظامیہ لے چکی ہے۔ مقابلہ ان اختیارات سے کرنا چاہتا ہوں۔ جو پاک و ہند کی تاریخ میں سابقہ انتظامیہ حاصل کرتی رہی ہے۔ وہ کون کونسے اختیارات تھے اور وہ انتظامیہ انہیں کس طرح استعمال کرتی تھی۔ تو اب میں اس تاریخ کے متعلق اجمالاً کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا۔ اگر آپ اپنے ذہن میں ان اختیارات کا خاکہ رکھیں۔ جنکا میں نے ابھی ذکر کیا ہے۔ اور پھر ان کا ان قوانین سے مقابلہ کرتے جائیں جنکا میں ابھی اجمالاً ذکر کرنے والا ہوں۔ میں نتیجہ کے متعلق ابھی کچھ عرض

نہیں کرتا ۔ کیونکہ نتیجہ بعد میں اخذ کرینگے۔ پہلے ان کا ذکر کرلوں ۔

آج سے تقریبا پونے دو سو برس قبل یعنی ۱۷۹۳ء میں برٹش پارلیمنٹ نے ایک قانون بنا کر ہندوستان بھیجا ۔ اس قانون کی دفعہ ۴۵ میں Governor General in Council کو کچھ اختیارات دئے گئے تھے ۔ اب آپ وہ اختیارات ملاحظہ فرمائیں Governor General in Council کو اس ضمن میں اس کے علاوہ اور کسی قسم کے اختیارات نہ تھے جن کا میں ذکر کرنے والا ہوں ۔ ان کو یہ اختیارات دئے گئے کہ وہ کسی شخص کی گرفتاری کیلئے وارنٹ جاری کر سکتے ہیں ۔ لیکن آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ وہ گرفتاری صرف پانچ دن تک رہ سکتی تھی ۔ پانچ دن کے اندر اندر اس شخص کو یہ بتانا پڑتا تھا کہ تمہارے خلاف فلاں فلاں الزامات ہیں ۔ اور اگر وہ شخص ان الزامات سے انکار کرتا تو اس صورت میں وہ جو گواہان صفائی پیش کرنا چاہتا ۔ انتظامیہ کو انہیں قبول کرنا پڑتا تھا ۔ اور حکومت کو اپنی طرف سے گواہان استغاثہ پیش کرنا پڑتے تھے۔ چنانچہ اس میں اس شخص کو جرح کی بھی اجازت تھی۔ بہر حال ۱۷۹۳ء میں اس بر صغیر ہند و پاکستان میں صرف یہ قانون رائج تھا ۔ اور آخر کیوں نہ ہوتا ۔ یہ قانون ہاؤس آف کامنز نے پاس کیا تھا ۔ انکے ذہنوں میں اپنی وہ جدو جہد ابھی قائم تھی جو انہوں نے شخصی آزادی کے حقوق حاصل کرنے کیلئے کی تھی۔ وہ میگنا کارٹا انہوں نے فراموش نہ کیا ہوا تھا ۔ اگرچہ وہ قانون ایک محکوم قوم کیلئے بنایا گیا تھا ۔ تاہم انہوں نے امتناعی نظر بندی کے متعلق Governor General in Council کو بھی اجازت نہ دی ہوئی تھی ۔ یہ نہیں کہ آج تو ڈپٹی کمشنر کو یہ اجازت ہے ۔ اور ڈپٹی کمشنر تو کیا ۔ یہاں تو ہر ایک کو اجازت ہے کہ وہ جسے چاہے پکڑ لے ۔ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو اجازت دینے سے مراد یہی ہے کہ اس ملک میں ہر شخص کو اجازت دیدی جائے کہ اس کے ہاتھ میں جو اختیار بھی ہو وہ اسی کی بنا پر دوسروں پر جھپٹ پڑے۔

جناب والا ۔ اس زمانے میں یعنی آج سے پونے دو سو سال پہلے جب کہ انگریزی حکومت ابھی یہاں پختہ بھی نہیں ہوئی تھی ۔ بلکہ ابھی وہ ہر طرف سے لڑایوں اور خطرات سے گھرا ہوا تھا ۔ یہ میں اس زمانے کی بات کر رہا ہوں جب کہ ابھی وہ دہلی تک بھی نہیں پہنچا تھا ۔

ان کے گورنر جنرل کے پاس کسی کو لا متناہی عرصہ کے لئے گرفتار کرنے

کے اختیارات نہیں تھے۔ وہ گورنر جنرل غالباً ویلزلی تھے۔ انکو وہ اختیارات نہیں تھے جو آج ۲۵ سالہ نوجوان کو جس نے سی۔ ایس۔ پی کا امتحان پاس کر لیا ہے حاصل ہیں کیونکہ آج وہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ لگ جاتا ہے۔ سب سے پہلے اس برصغیر ہند و پاک میں امتناعی نظر بندی کے احکام ۱۸۱۸ میں جاری ہوئے یعنی آج سے تقریباً ۱۵۰ سال قبل۔ اور اس قانون کا نام تھا۔ Bengal State Prisoners Regulation No. 3 ایک سال کے بعد اس قسم کے قوانین Madras Regulation No. 2 اور پھر Bombay Regulation No. 25 یکے بعد دیگرے نافذ ہوئے۔ ان کے بعد گورنر جنرل کو اختیار دیا گیا کہ وہ تمام ان علاقوں میں جہاں انگریز کی عملداری ہو چکی تھی۔ پنجاب میں ۴۰ سال بعد عملداری ہوئی۔ ان میں سے وہ کسی شخص کے خلاف گرفتاری کے وارنٹ جاری کر سکتا ہے اور اسے کسی جیل میں نظر بند، قید یا محبوس کر سکتا ہے۔ یہ اختیار بڑا وسیع تھا۔ کیوں؟ اس لئے کہ گرفتاری یا نظر بندی کی معیاد اس قانون میں نہیں دی گئی تھی۔ اس لئے بھی بہت وسیع تھا کہ کسی قسم کی عدالت اس کی نظر بندی کے احکام میں مداخلت نہیں کر سکتی تھی یا کوئی ٹریبونل یا کوئی کمیٹی ایسی نہیں تھی جو اس کی Revision کر سکے۔ اس لئے وہ بڑا ہی وسیع قانون تھا۔ لیکن جناب والا۔ بظاہر بڑا وسیع تھا مگر وہ انتہائی محدود تھا۔ ۱۸۱۸ کے ریگولیشن نمبر ۳ میں کیا میعاد تھی' میعاد محدود تھی۔ وہ کیا تھی' وہ یہ تھی۔ اس لئے کہ میں غلطی نہ کر جاؤں۔ میں اس ریگولیشن کو Refer کرتا ہوں۔

BB racing due maintenance of alliances formed by the British government with foreign powers.

یعنی انگریزوں اور دوسری حکومتوں کے درمیان معاہدات ہوئے ہیں۔ ایک وجہ یہ بھی تھی۔

"The preservation of tranquillity in the territories of native princes entitled to its protection."

دوسری وجہ یہ تھی کہ کسی شخص کو نظر بند کرنے کے لئے مقامی راجاؤں اور نوابوں کی حکومتوں کے اندر جن پر انگریزوں نے بذریعہ عہدنامہ یہ اختیار حاصل کر لیا ہوا تھا کہ وہ اندرون ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے ذمہ دار تھے۔

تیسری وجہ یہ تھی۔

" and the Security of British Dominions from foreign hostility and from internal commotion "

کہ باہر سے کوئی انگریزی مقبوضات پر حملہ آور ہو یا اندرون ملک کوئی بغاوت ہو تو کسی شخص کو گرفتار کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ چوتھی اور کوئی وجہ نہیں ہو سکتی تھی۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ اختیار محدود تھے ریگولیشن نمبر ۳ کے تحت صرف گورنر جنرل نظر بند کرنے کے احکام جاری کر سکتا تھا' کسی گورنر کو اختیار نہیں تھا۔ کسی کمشنر کو اختیار نہیں تھا۔ ڈپٹی کمشنر کو تو کوئی پوچھتا بھی نہیں تھا۔ ایک اتنی بڑی شخصیت جو کہ حکومت برطانیہ کی طرف سے ہندوستان میں نمائندہ ہو اس کی جانب سے جب تک وارنٹ گرفتاری جاری نہ ہو کسی کو محبوس نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اس لحاظ سے ان دو وجوہات کی بناء پر پہلی یہ کہ وہ اختیارات محدود رکھے گئے تھے۔ آج کی طرح نہیں۔ میں برسبیل تذکرہ عرض کردوں کہ مولانا مودودی کی گرفتاری کے متعلق عدالت نے اعتراض کیا کہ قانون میں پبلک سیفٹی کا لفظ درج نہیں تھا۔ اس لئے موجودہ ترمیم لائی گئی ہے۔ اب اس کے تحت کوئی شخص بچ نہیں سکتا۔ اس کی تعریف کا احاطہ بڑا وسیع ہے اب کوئی بھی شے نہیں ہوگی جو اس کے احاطہ سے باہر جا سکے۔ اس کے متعلق اس وقت سے عرض کروں گا جب میں ترمیم کے متعلق اپنی گزارشات پیش کروں گا۔ ۱۸۱۸ کا قانون جو کہ آج بھی اس مملکت میں قائم ہے اور وہ ابھی تک Repeal نہیں ہوا اس میں اختیارات اتنے محدود تھے کہ ان کے ہوتے ہوئے بھی اس کی ضرورت پڑ گئی۔ اس کے محدود ہونے کا اس سے بڑا اور کیا ثبوت ہے کہ ۱۸۱۸ کی ریگولیشن نمبر ۳ کے ہوتے ہوئے West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance 1964 لایا گیا ہے۔ جس میں تین سالوں میں چار ترامیم کی ضرورت پیش آگئی ہے۔ ۱۸۱۸ سے لیکر ۱۹۱۵ تک اس برصغیر ہند و پاک میں اور کوئی امتناعی احکام جاری نہیں ہوئے اور کوئی قانون نہیں بنایا گیا جس سے امتناعی نظر بندی مقصود ہو۔ اور کسی وقت بنایا گیا تو اسکی میعاد انتہائی قلیل تھی۔ چھ ماہ بعد منسوخ ہوگیا یا ایک سال کے بعد منسوخ ہوگیا۔

دوسری جنگ عظیم کے اوائل میں جب کہ انگریز قوم جرمنوں کے ہاتھوں بری طرح پٹ رہی تھی اور یہ خیال کیا جا رہا تھا کہ یہ قوم نیست و نابود ہو جائے گی انہوں نے اپنی حفاظت کے لئے جہاں امتناعی نظر بندی کا قانون اپنے ملک میں نافذ کیا انہوں نے اس ملک میں بھی یہ قانون نافذ کر دیا۔ اور

اسکا نام Defence of India ایکٹ ۱۹۱۵ رکھا گیا ۔ اس میں گورنر جنرل کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ Defence of انڈیا ایکٹ کے تحت ایسے ضوابط تیار کرے جنسے مقدمات کی سماعت جلد ہو سکے ۔ کسی شخص کو نظر بند کیا جا سکے کسی کو حدود بند کیا جا سکے ۔ لیکن جناب والا ! آپ یہ سنکر ضرور متعجب ہونگے کہ Defence of India ایکٹ کے تحت اور اسکے تحت جو رولز تھے کسی شخص کو ایک ماہ سے زیادہ نظر بند نہیں رکھا جا سکتا تھا اور اس کا مقدمہ کسی عدالت یا سپشل ٹریبونل کے سامنے پیش کیا جاتا تھا ۔ حکومت خواہ صوبائی یا مرکزی وہ ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک ہندوستان میں بسنے والے کسی شخص کو نظر بند رکھنے کے اختیارات ۱۹۱۵ء میں بھی حاصل نہ تھے ۔ لیکن یعنی اسی زمانے یعنی ۱۹۰۸ء میں اور اسکے بعد بنگال کی تقسیم کی وجہ سے یا اسکا بہانہ بنا کر اس ملک کے طول و عرض میں Anarchist اور دہشت پسندوں نے انگریز افسروں کا ناک میں دم کر رکھا تھا ۔ بیسیوں انکے ہاتھوں ہلاک ہو چکے تھے ۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے بھی یہ مناسب نہ سمجھا گیا ۔ ایک حاکم نے اپنے محکموں کے متعلق' اپنے غلاموں کے متعلق یہ مناسب نہ سمجھا اور بڑے سے بڑا افسر خواہ وہ گورنر ہی کیوں نہ ہو ایک ماہ سے زیادہ کسی شخص کو نظر بند کرنے کی اجازت نہ دی جائے ۔

جناب والا ! اسکے چار سال بعد ایک قانون پیش ہوتا ہے جس کو عرف عام میں Revolut ایکٹ کہتے ہیں جس کا در اصل نام Anarchical Revolutionary ایکٹ آف ۱۹۱۹ء تھا ۔ اسکے نام سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اسکے مقاصد کیا تھے ۔ اس ملک میں دہشت پسندوں کی جانب سے جو تحریکیں چل رہی تھیں اسکی غرض انکو دبانا تھا اس ایکٹ کی وجہ سے ہندوستان کے طول وعرض میں جو ہنگامہ برپا ہوا، جو تحریکیں چلیں اور جسقدر آدمیوں کو مصیبتوں میں مبتلا ہونا پڑا اسکی مثال ہماری آزادی کی تاریخ میں نہیں ملتی ۔ یہی وہ زمانہ ہے جب جلیانوالا باغ میں سینکڑوں دوستوں نے اس ایکٹ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے جام شہادت پیا تھا ۔ آپ اندازہ کیجئے کہ وہ کونسا دور ہوگا جسکی وجہ سے ہندوستان کے سینکڑوں آدمیوں نے اپنی جان دیدی ۔ یقیناً وہ بڑی خطرناک چیز ہوگی ۔ آئیے ہم اسے Examine کریں وہ کیا خطرناک چیز تھی اور Anarchical Revolutionary ایکٹ سنہ ۱۹۱۹ء کے تحت حکومت کو کیا اختیارات حاصل تھے ۔ اس قانون کے در اصل تین حصے کئے گئے ۔ ایک حصہ وہ جس سے مقدمات کی فوری سماعت

ہوجائے۔ دوسرا حصہ کسی مشتبہ شخص سے ضمانت طلبی یا اسکی حدود بندی کرنا مقصود تھا۔ تیسرا حصہ وہ جس میں کسی فرد واحد کو یا افراد کو نظربند کرنا مقصود تھا۔ اب آپ تینوں حصوں کے متعلق غور فرمائیے۔ ہر ایک کے متعلق گورنر جنرل کو پہلے نوٹیفیکیشن کرنا پڑتا تھا کہ اس ملک کے فلاں حصہ میں یہ قانون نافذ کیا جاتا ہے کیونکہ وہاں دہشت پسندوں کی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں اور پھر جناب والا یہیں تک بس نہیں اگر کسی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ کھڑا کرنا ہو تو پہلے وہ مواد جو اس شخص کے خلاف جمع ہوتا بغیر اس کو بتائے ہوئے اسکے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھایا جاتا تھا اور پھر اس شخص سے جو رتبے میں جوڈیشل آفیسر اور سیشن جج سے کم نہ ہوتا تھا اس سے پوچھا جاتا تھا کہ فلاں شخص کے خلاف اس قسم کا مقدمہ چلانا چاہئے یا نہیں - جب اس کی رائے آجاتی تو گورنمنٹ اسکو Consider کرتی اور اسکو Consider کرنے کے بعد پھر اسکے خلاف کچھ حکومت کر سکتی تھی یا ضمانت طلب کرلیتی یا اس سے کہتی کہ تم فلاں فلاں حدود سے باہر نہیں جا سکتے لیکن اسکے ساتھ ہی ساتھ یہ حکم صرف ایک ماہ تک جاری رہ سکتا تھا اور آج کی طرح نہیں کہ شاید تین ماہ اور ایک ماہ کے اندر یہ بھی طے نہیں ہو سکتا کہ اس شخص کے خلاف جو مواد حاصل ہوا ہے اس کا Investigation کرنے کیلئے کتنے افراد پر مشتمل کمیٹی ہو۔ بہرحال اس وقت دو ایسے افراد جن میں سے ایک سیشن جج اور وہ کم سے کم تین سال سے سیشن جج چلا آرہا ہو اور دوسرا وہ آدمی جو کسی صورت میں گورنمنٹ کا ملازم نہ ہو (آج کی طرح نہیں کہ ایک جج دوسرا اپنا ملازم)۔ بہر حال ان دونوں افراد پر مشتمل ایک Investigation اتھاریٹی بنائی جاتی ؛ وہ اس مقدمہ کی چھان بین کرتی اور یہ اتھاریٹی اپنی رائے سے حکومت کو مطلع کرتی لیکن اگر اس قسم کے حکم سے کسی شخص کو پابند رکھنا ہو ، حدود بندی کرنا ہو یا ضمانت طلب کرنا ہو تو ایک سال سے کسی صورت میں زیادہ نہیں رہ سکتا تھا۔ آج اس روش کے زمانے میں' اس آزادی اور جمہوریت کے زمانے کیطرح نہیں کہ یہ لامتناہی عرصے تک کے لئے جمہوری حکم دے سکتا ہے۔ اور تیسرا حصہ جناب والا! یہ تھا کہ اگر کسی شخص کے خلاف حکومت قدم اٹھانا چاہتی ہے کہ اسے نظر بند کردیا جائے تو پہلے اسے ضابطہ کے مطابق اور پہلے وہ تمام حالات اور کوائف کسی جوڈیشل آفیسر کے پاس بھیجے جاتے اور اسکی رائے لیجاتی اور وہ جوڈیشل آفیسر سشن جج کے عہدے سے کم نہ ہوتا

تھا اور اسکے بعد اسکی رائے پر غور کرنے کے بعد حکومت یہ فیصلہ کرتی کہ اسے نظربند کرنا ہے تو اسے نظر بند کردیا جاتا اور اسکا مسئلہ ایک ماہ کے اندر اندر (آج کی طرح نہیں) Investigation اتھاریٹی کے اندر بھیجا جاتا جسکا میں نے ابھی ذکر کیا ہے اور اس Investigation اتھاریٹی کی رائے لینے کے بعد اس شخص کو زیادہ سے زیادہ دو سال نظر بند رکھا جاتا ۔ اس سے زیادہ دو سال کے لئے کسی شخص کو اس کے تحت نظر بند رکھا جا سکتا تھا ۔ اب جناب آپ غور فرمائیں۔ خود جناب فیصلہ فرمائیں اور میرے معزز دوست فیصلہ فرمائیں کہ یہ رولٹ ایکٹ کیا ہمارے موجودہ Maintenance of Public Order Ordinance کا پاسنگ بھی ہے ؟ اس میں جو اختیارات حکومت نے از خود اپنے آپ لے لئے ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ ہم سے لئے ہیں ۔ ہم نے تو دئیے ہی نہیں ۔ پہلے ایک آرڈیننس تھا۔ اس میں ترمیم ہوئی ۔ اس کے بعد پھر ایک آرڈیننس آیا اس میں ترمیم ہوئی اور اس کے بعد پھر ایک اور اس کے اندر ترمیم ہوئی اور اب چوتھی بار پھر ترمیم ہوئی ہے ۔ انہوں نے خود اختیارات لے لئے ہیں۔ تفویض کر لئے ہیں انکا مقابلہ اس رولٹ ایکٹ سے کیا جائے اس سیاہ قانون سے کیا جائے جو اس زمانے میں راس کماری سے لیکر خیبر تک ۳۰ کروڑ افراد اس کے خلاف ایجیٹیشن کرتے تھے اور انہوں نے اس میں اپنی عزیز جانیں دی تھیں ۔ ہر انسان کو اپنی جان عزیز ہے ۔

وزیر مال ۔ مختصر کریں ۔ آپکی بینچیں خالی ہو رہی ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کوئی بات نہیں ! انہیں معلوم ہے کہ میں ختم نہیں کروں گا اور وہ اسی لئے چلے گئے ہیں ۔

وزیر مال ۔ بہر حال کوئی سننے والے تو ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس تاریخ کو مختصر کرتے ہوئے میں یہ عرض کروں گا کہ ۱۹۱۹ کا یہ قانون جسے رولٹ ایکٹ کہتے ہیں اس پر کوئی عمل در آمد نہیں ہوا ۔ اس تحریک اور اس ایجیٹیشن کا یہ اثر تھا اور عوامی جذبات کا یہ اثر تھا کہ اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔ چنانچہ ۱۹۲۱ء میں اس کو ختم کردیا گیا اور اسے منسوخ کردیا گیا ۔ یہ Dead Letter تھا ۔ پیدا ہوتے ہی یہ مردہ تھا ۔ یہ اپنی پیدائش کے وقت ہی مردہ تھا اور آج جناب والا! اس کے بعد یعنی ۱۹۲۹ء سے لیکر ۱۹۳۹ء تک یعنی ۲۰ سال میں اس قسم کے اگرچہ چار قوانین اس ملک میں یعنی بر صغیر انڈو پاکستان میں ملک کے دونوں

حصوں میں نافذ ہوئیے لیکن وہ اس مختصر عرصے کے لئے تھے۔ میں انکے نام عرض کرتاھوں ۔

1. Bengal Emergency Powers Act, 1931.
2. U. P. Emergency Powers Act, 1931.
3. N. W. F. P. Emergency Powers Act, 1931.
4. Emergency Powers Ordinance, 1932.

تو ان چاروں آرڈیننسوں کو اس زمانے کے گورنر جنرل نے اپنے خصوصی اختیارات سے نافذ کیا لیکن انکی اھمیت اس لئے کچھ نہیں کہ ان کے کسی ایک کے تحت بھی کسی شخص کو ایک ماہ سے زیادہ محبوس نہیں رکھا جا سکتا تھا اور یہ چاروں کے چاروں قوانین چھ ماہ کی میعاد سے زیادہ عرصے کے لئے نہیں جاری کئے گئے تھے اور اس میعاد کے بعد وہ خود بخود ختم ہوگئے تھے۔ اب میں آتا ہوں ۱۹۳۹ پر۔ دوسری جنگ عظیم چھڑ گئی اور ایک طرف سے جاپانی اور دوسری طرف سے جرمن فوجوں نے انگریزوں کی اس وسیع اور عریض سلطنت کو جس پر سورج کسی وقت نہیں ڈوبتا تھا اپنے قبضہ میں لے لیا اور انگریز تقریباً تقریباً اپنے مختصر سے جزیرے میں محبوس ہو کر رہ گئے اور یہ قانون ان کے پاس رہ گیا۔ اس مشکل اور کٹھن وقت میں انگریز نے اپنے ملک پر پابندیاں نافذ کیں اور اس ملک پر بھی یعنی ہندوستان پر بھی نافذ کیں ۔ اور ڈیفینس آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۹ بنایا اور اس کے تحت رولز اور ضابطے بنا لئے گئے۔ ان ضابطوں کے تحت بھی یہ اختیارات انتظامیہ کو دئیے گئے کہ وہ امتناعی نظر بندی کے احکام جاری کر سکیں لیکن ان کے لئے بھی میعاد تھی۔ وہ احکام جاری کرسکتے تھے کہ کسی کو حدود بند کیا جائے لیکن اسکے لئے بھی میعاد تھی وہ ضمانت طلب کرسکتے تھے اور اسکے لئے بھی میعاد تھی اور انکی مدت صرف لڑائی کی مدت تک تھی ۔ لڑائی کے چھ ماہ بعد انکو از خود منسوخ ہو جانا تھا اور وہ از خود منسوخ ہوگئے۔ وہ قوانین تو ایک Temporary Measure تھے اور ان کے تحت بھی جو اختیارات تھے وہ گورنروں تک محدود تھے۔ ان کے نیچے delegation of powers نہیں تھا۔ اگر delegation of powers تھا تو صرف ڈی ۔ ایم کو اس قدر اختیار تھا کہ وہ کسی کو گرفتار کر کے فوری طور پر پراونشئل گورنمنٹ کو اطلاع دے اور وہ ایک مہینے کے اندر اندر۔ اگر صوبائی حکومت اس حکم کو جو کہ ڈی ۔ ایم نے جاری کیا ہو کی تصدیق نہیں کرتی تو اسے وہ چھوڑنا ہوتا تھا۔ اور اگر تصدیق نہیں کرتی تو پھر دوسری بات ہے۔ اب جناب والا! میں مختصراً ان قوانین کا بھی ذکر کئے دیتا ہوں جو کہ قیام پاکستان کے بعد اس ملک میں رائج ہوئے

ان میں سے Punjab Public Safety Act of 1951 جو کہ ۱۹۴۷ کے Punjab Safety Act کی ایک اور شکل تھی اور سیکورٹی آف پاکستان ایکٹ ۱۹۵۲- یہ قوانین قابل ذکر ھیں - ویسے تو مختلف صوبوں میں کئی قوانین نافذ تھے تو تقریباً تقریباً ان کے تحت ایک ھی قسم کے اختیارات انھوں نے اپنے لئے حاصل کئے تھے- ان میں Punjab Public Safety Act بھی ھے - اگر کسی کو نظر بند یا گرفتار کیا جاتا تو اس کے تمام کاغذات دو ماہ کے اندر اندر صوبہ کے چیف جسٹس کو بھیجنے پڑتے تھے اور چیف جسٹس کے ساتھ کسی دوسرے افسر کو شامل نہیں کیا جاتا تھا - کاغذات چیف جسٹس کے پاس بھیجنے پڑتے تھے- اور اگر چیف جسٹس یہ دیکھتے کہ فلاں آدمی کی نظر بندی معقول وجوھات کی بناٗ پر نہیں ھے تو یہ اس کو از خود چھوڑ دینے کے احکام جاری کر دیتے تھے- گورنمنٹ کے پاس انہیں جانے کی ضرورت نہ تھی - اور یہی اس قسم کا Pattern یعنی اس قسم کے اختیارات مرکزی حکومت کے پاس سیکورٹی آف پاکستان ایکٹ کے تحت تھے- البتہ آخر میں بعض ترامیم کیوجہ سے ایک فرق ھوگیا تھا وہ یہ کہ سیکورٹی آف پاکستان ایکٹ کے تحت جو بورڈ یا ٹریبونل بنایا جاتا تھا وہ دو جج صاحبان پر مشتمل ھوتا تھا اور اس میں کوئی دوسرا سول سرونٹ نہیں شامل کیا جاتا تھا - تو اس مختصر سی تاریخ بتانے کی میری غرض و غایت یہ ھے تاکہ اس ایوان کو آج یہ فیصلہ کرنےمیں سہولت ھو کہ ھم جو اختیارات اپنےصوبے کی انتظامیہ کو آج تفویض کر رھے ھیں کیا اس سے پہلے وہ کسی انتظامیہ کو حاصل تھے؟ پاکستان کے قیام کے وقت جبکہ پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ یا سیکیورٹی آف پاکستان ایکٹ کی ضرورت اس وقت کے حکمرانوں کو ھوئی تو حالات کیا تھے- لاکھوں کی تعداد میں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں ھمارے مہاجرین بھائی لٹے پٹے ھندوستان سے ھر روز آرھے تھے اور ھر روز اس ملک میں ھزاروں کی تعداد میں آرھے تھے اور داخل ھو رھے تھے- وہ غیر معمولی حالات تھے اور ھندوستان کے جن سنگھی یہ دعوے کرتے تھے اور بھارت میں بیٹھے ھوئے یہ کہتے تھے کہ یہ ملک تین ماہ سے زیادہ عرصے کے لئے قائم نہیں رہ سکتا تو ان کے ایجنٹوں کے خطرات بھی ھمیں لاحق تھے - یہاں قلم اور دوات نہیں تھی اور یہاں انتظامیہ کا ڈھانچہ اکھڑ چکا ھوا تھا - ھماری فوجیں ھمارے پاس نہیں تھیں - وہ سمندر پار بیٹھی ھوئی تھیں - ان سب مشکلات اور مصائب میں گھرا ھوا ملک اگر اپنی انتظامیہ کو کوئی خاص اختیارات دیتا ھے تو کوئی باعث تعجب نہیں - انگریز جیسی جمہوریت پرست حکومت نے جب وہ خطرات میں گھری ھوئی تھی

۱۹۱۴ یا ۱۹۳۹ میں انہوں نے بھی اپنی انتظامیہ کو یہ اختیارات دئیے تھے تو جناب اگر ایسے مشکلات حالات میں انتظامیہ کو اس قسم کے اختیارات دئیے جائیں تو کچھ وجہ جواز ہو سکتی ہے۔ اگرچہ میں پھر بھی ان کو Defend کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ انہوں نے اپنے زمانہ میں یقیناً ان کا غلط استعمال کیا۔ لیکن میں اس انتظامیہ کی جو ۴۷-۴۸ اور ۴۹ میں تھی اور اس کے بعد ۶۲-۶۳ اور ۶۴ میں تھی بات کرتا ہوں۔ اب اس ملک میں ہر طرح سے امن و امان ہے۔ باہر سے کوئی خطرہ نہیں۔ اندر سے کوئی ڈر نہیں۔ وہ خود یہ کہا کرتے ہیں کہ ان کے زمانے میں جو امن و امان اور ترقی ہوئی، پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ میں تو ان کے دعوے دھرا رہا ہوں۔ پھر ایسے غیر معمولی اختیارات حاصل کرنا جن کی مثال اس برصغیر کی تاریخ میں نہیں ملتی، ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ اختیارات انتظامیہ کو ان دنوں بھی حاصل نہیں تھے جب یہاں انگریز حاکم تھا اور ہم محکوم۔ آج یہاں کون حاکم اور کون محکوم۔ ہم سب بھائی بھائی ہیں۔ اگر کوئی اپنے آپ کو حاکم سمجھتا ہے تو اس کی کھوپڑی میں کچھ فتور ہے۔ ہم کسی کے محکوم نہیں ہیں۔ ہم آزاد پاکستانی ہیں۔ یہاں حاکم و محکوم کا سوال نہیں ہے۔ تو آجکل جب کہ حالات ساز گار ہیں۔ امن و امان کا دور دورہ ہے۔ اور کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اس قسم کے اختیارات حاصل کرنا یہ کہاں کی دانشمندی ہے۔ کہاں کی جمہوریت ہے، کہاں کی انصاف پروری ہے، کہاں کی آزادی پسندی ہے۔ اب جناب والا، میں ان گزارشات کے بعد میں نہایت اختصار کے ساتھ ان اختیارات کا تھوڑا سا ذکر کروں گا۔ جو اس زیر بحث ہنگامی قانون کے ذریعے ہماری صوبہ کی انتظامیہ حاصل کر رہی ہے۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر، سید ظفر علی شاہ، کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس صوبہ کی انتظامیہ نے زیر بحث ہنگامی قانون کے ذریعہ قانون بر قراری امن عامہ ۱۹۶۰ کی جس شق میں تبدیلی کر کے اپنے ہاتھوں کو عوام کے خلاف مضبوط کیا ہے۔ میں اس کے متعلق مختصراً عرض کروں گا۔ جناب والا۔ مین Preamble شروع کرتا ہوں Preamble قانون کی ابتدا میں اس لئے لایا جاتا ہے تاکہ یہ ظاہر ہو۔ کہ قانون کا احاطہ کیا ہے۔ اور یہ کن کن امور پر لاگو ہوگا۔ کون کون سے امور اس کے تحت لائے جاسکتے ہیں اور یہ کن کن امور پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ اس ترمیم سے

پہلے یہ Preamble اس طرح تھا —

"Whereas it is expedient in the public interest to amend and consolidate the law relating to preventive detention of persons and control of persons and publications for reasons connected with maintenance of public order."

یعنی یہ قانون صرف امن عامہ کی بحالی کی غرض سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اور کسی غرض کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اس ترمیم کے ذریعہ وہ کہتے ہیں کہ تمہید حذف کی جاتی ہے اور اس کی جگہ مندرجہ ذیل تمہید تصور کی جائے گی۔

"Whereas it is expedient to amend and consolidate the law providing for preventive detention and control of persons and publications for reasons connected with public safety, public interest and the maintenance of public order."

اب مفاد عامہ اتنے وسیع الفاظ ہیں۔ اپنے معنی کے اعتبار سے کہ ہر قسم کے فعل اور ہر قسم کے کام کو، اگر وہ تحفظ عامہ میں نہ آتا ہو۔ تو مفاد عامہ میں ضرور لایا جا سکتا ہے۔ اب اس کی تعریف اور دائرۂ اختیار کو اس قدر وسیع کردیا گیا ہے کہ کوئی شخص اس سے بچ بھی نہیں سکتا۔ ایک تو ہم پر یہ مہربانی کی ہے۔ کہ اس بہت ہی سخت گیر قانون کو، اور میں تو یہ کہوں گا کہ اس نے ناپاک قانون کو بجائے اس کے کہ اس کی ناپاکی کو تھوڑا سا دور کیا جاتا۔ اس پر اور زیادہ گند پھینک دیا گیا ہے۔ اور اس سیاہ قانون پر اور سیاہی ڈال دی گئی ہے اور اس میں اور سختی بھر دی گئی ہے۔ اگر مولانا مودودی تحفظ عامہ کے نیچے نہیں تو چلئے امن عامہ اور مفاد عامہ کو اس میں شامل کر دیا ہے۔

اب جناب اس کے بعد اس میں نظر بندی کے متعلق جو شک ہے وہ نمبر ۳ ہے۔ اسے بھی وسیع طور پر ترمیم کیا گیا ہے۔ ہماری بہتری کے لئے نہیں، بلکہ مضبوط سے مضبوط تر کرنے کے لئے۔ ہمارا گلا گھونٹنے کے لئے ہمارے گلے میں جو پھندا ہے اسے زیادہ کسنے کے لئے نظر بندی کی اس شق کو اور گھناؤنا اور بدنما بنا دیا گیا ہے۔ پہلے یہ تھا کہ اگر کسی شخص کو نظر بند کیا جائے گا تو ابتدائی طور پر دو ماہ کے لئے کیا جائے گا۔ اور دو ماہ کے اندر اندر اس کے کاغذات ایک ٹریبونل کو بھیجے جائیں گے۔ جو ایک ہائی کورٹ کے جج صاحب اور ایک مغربی پاکستان کے کسی ملازم پر مشتمل ہوگا۔ اگر وہ دو ماہ کے اندر اندر اس کے

کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد اس نتیجے پر پہنچے کہ اس شخص کو غلط طور پر نظر بند کیا گیا ہے۔ تو وہ اس قسم کی رپورٹ دے دے گا۔ اور گورنمنٹ دو ماہ کے بعد اسے رہا کر دے گی۔ آج اس ترمیم کے بعد یہ کر دیا گیا ہے کہ ایک ہی جست میں اس میعاد کو ڈیڑھ گنا کرکے تین ماہ کر دیا گیا ہے۔ اب ایک شخص کو بلا مقدمہ چلائے، بلا اس بات کے کہ اس کے کاغذات کسی ٹریبونل کے سامنے پیش ہوں، اسے تین ماہ تک محبوس یا نظر بند رکھا جا سکتا ہے۔ اور جب وہ کاغذات پیش ہوں گے اس وقت وہی ہوم سیکرٹری صاحب جنہوں نے پہلا حکم جاری کیا تھا، ان پر جج کی حیثیت سے فیصلہ کریں گے۔ تو یہ ٹریبونل اس نتیجے پر پہنچے کہ اسکی نظر بندی کی وجوہات میں جواز ہے۔ تو پھر حکومت کو یہ اختیار ہے کہ اسکو مزید نظر بند رکھ سکے۔ صرف رعایت یہ ہے کہ ایک حکم میں، ایک وقت میں چھ ماہ تک نظر بندی ہوگی۔ بڑی رعایت کی ہے۔ پہلے چھ ماہ کے لئے حکم ہوگا۔ اور وہ حکم ابھی گذرا نہ ہوگا کہ دوسرا حکم چھ ماہ کیلئے آجائیگا۔ اور ابھی اسکی میعاد گزرنے بھی نہ پائے گی کہ تیسرا حکم چھ مہینے کے لئے آ سکتا ہے۔ یعنی نظر بندی لا متناہی ہوگی۔ البتہ ہر نظر بندی سے پہلے اور بعد میں ایک علیحدہ حکم ضروری ہے۔ کوئی میعاد نہیں دی گئی۔ آپ اندازہ لگائیے اور ان قوانین کا اُن قوانین سے، جو Acts اس سے پہلے نافذ تھے۔ انکا مقابلہ کیجئے Defence of India Rule سے اسکا مقابلہ کر لیجئے۔ ایکن نہیں۔ لامتناہی عرصہ کیلئے ایک شخص کو نظر بند کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک ترمیم ہوئی ہے۔ ایک ترمیم یہ کی گئی ہے۔ پہلے قانون میں یہ تھا کہ ایک نظر بند کو پندرہ دن کے اندر اندر نظر بندی کی وجوہات پہنچائی جائیں۔ اب اس پندرہ دن کی Phrase کو حذف کر دیا گیا ہے اور اسکی بجائے ترمیم یہ کی گئی ہے۔ as soon as possible خواہ وہ as soon a possible پونے تین ماہ کے بعد ہو۔ یعنی جب بھی حکومت کو فرصت ہو۔ as soon as possible ہو یعنی وہی صورت ہے۔ کہ جیسے ہمارے وزراء صاحبان سے جب وقفۂ سوالات میں پوچھا جاتا ہے۔ کہ فلاں کام کب ہوگا۔ تو جواب دیا جاتا ہے۔ کہ ''بہت جلد''۔ تو یعنی یہی صورت اس قانون میں بھی کردی گئی ہے کہ صاحب پندرہ دن کی پابندی اپنے اوپر کیوں لیں۔ یہ پابندی یہ نازک مزاج بادشاہ اپنے سر پر کیوں لیتے۔ یہ کہاں کی بات تھی۔ تو اسکو حذف کر دیا گیا۔ اور اس کی بجائے اس میں as soon as possible رکھ دیا گیا۔ شاید میرے دوستوں میں سے کوئی اٹھکر یہ کہے۔ کہ بنگال ریگولیشن میں بھی لامتناہی عرصہ کیلئے ایک نظر بند کو رکھا جا سکتا تھا۔ اور اس میں یہ رعایت بھی نہ تھی کہ اس کا کیس ٹریبونل کے سامنے جائے۔ لیکن ان باتوں کے علاوہ جنکا

میں نے ذکر کیا ہے۔ کہ وہ اس قدر محدود قانون تھا کہ ہر شخص پر اس زمانے کا گورنر جنرل بھی ہاتھ نہیں ڈال سکتا تھا۔ لیکن اس قانون میں انسانیت تھی۔ اس قانون کے اندر لکھا ہوا ہے۔ کہ اگر کسی شخص کو نظر بند کیا جائے۔ تو اس شخص کی صحت اور تندرستی کا خیال رکھنے کے لئے اُس جیل کا سپرنٹنڈنٹ سال میں دو بار رپورٹ کرے۔ اور اسکی صحت کے متعلق حکومت کو اطلاع کرے۔ کہ اسکی صحت کیسی ہے۔ ایک ماہ میں ایک بار اس ضلع کا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ذاتی طور پر اسکو جا کر دیکھے۔ کہ اسکی صحت کیسی ہے۔ اس کے کھانے پینے کا انتظام کیسا ہے۔ اور دوسری مراعات اسے درست طور پر مل رہی ہیں یا نہیں۔ اور ان امور کے بارے میں حکومت کو رپورٹ کرے۔ اور یہاں تک ہی نہیں۔ بلکہ اس میں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ اس کے Status کے مطابق اس نظر بند کو جیل کے اندر بھی رکھا جائے۔ اسکے اپنے Status کے مطابق اس کے بال بچوں کو باقاعدہ طور پر جبتک کہ وہ نظر بند رہے۔ وظیفہ دیا جائے۔ یہاں پچھلے سال جماعت اسلامی کے میرے دوست نو نو ماہ جیلوں میں رہے۔ اور اس ایوان میں بار بار یہ درخواست کی جاتی رہی۔ کہ وہ غریب لوگ ہیں۔ یہ بڑے سرمایہ دار نہیں ہیں۔ بلکہ چھوٹے سرمایہ دار بھی نہیں ہیں۔ انکے بال بچوں کے پیٹ پالنے کے لئے کوئی ذریعۂ معاش ہونا چاہئیے۔ لیکن نو ماہ تک اس حکومت نے ٹال مٹول سے کام لیا۔ کیونکہ اس قانون کے مطابق انکو مجبور نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اس میں ایسی کوئی دفعہ ہی نہیں۔ انگریز اگر مارتے بھی تھے۔ تو ان کا ایک ڈھب تھا۔ ان کے اپنے طور طریقے تھے۔ اور آج کیا ہے۔ آج ایک نظر بند کو پکڑ کر فوراً قلعے میں بھیج دیا جاتا ہے۔ جہاں اس پر کیا کیا مظالم ہیں۔ جو نہیں ہوتے۔ اس قانون کے تحت Sub-judice معاملہ ہے۔ اسکے متعلق میں زیادہ بات نہیں کروں گا۔ میں اسکا زیادہ پابند بھی نہیں ہوں۔ شوکت حیات کے لڑکے کو حوالات نہیں، جیل میں نہیں محض تھانے میں بٹھا دیا جاتا ہے۔ چاہے وہاں پولیس کے ملازمین جس طرح اسکو چاہیں۔ اذیت دیں۔ اس کو چاہیں تو رات کو کھڑا رکھیں۔ اسکو چاہیں تو رات کو جگائے رکھیں۔ اور چاہیں تو اسکو جسمانی اذیت بھی دیں۔ وہ انگریز حکمران ایک نظر بند کی صحت کا خیال رکھتا تھا۔ اور ہمارے موجودہ حکمران یہ چاہتے ہیں کہ اگر اس نے دس سال کے بعد مرنا ہے۔ تو وہ ایک دن کے اندر ہی مر جائے۔ یہ اسکو اس قسم کی اذیت اور تکالیف پہنچاتے ہیں۔ یعنی یہ جو کچھ ہم سنتے ہیں۔ افسانے ہیں۔ کہ لاہور کے قلعہ میں ایک نظر بند کے ساتھ جو جو سلوک یہ برتتے ہیں۔

Minister of Agriculture: Hearsay is no evidence:.
Khawaja Muhammad Safdar: This is why I am not repeating.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the decision of the Provincial Government in closing down all the educational institutions in Karachi from 7th December, for an indefinite period. This unthoughtful and untimely action of the Government naturally resulted in unrest in Karachi and the Police there took full advantage to suppress the students who were only demanding the acceptance of their legitimate demands in a peaceful manner.

Mr. Speaker : Had the Government passed any order in this respect?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, action was taken in public interest and in the interest of law and order. The position is that in view of the deterioration in the law and order situation it was considered proper to close the educational institutions in Karachi without specifying a date for their reopening. The disruptionist element being higily sensitive, particularly in the Karachi area, it was apprehended that the situation may go out of control and lead to graver consequences. So, Sir, all this was done in the public interest.

Mr. Speaker : Was the decision taken by the Government ?

Minister of Agriculture : No Sir, by the Universities.

Mr. Speaker : No direction was given to the University by the Provincial Government.....

مسٹر افتخار احمد خان۔ جناب اس میں یونیورسٹی ہی بند نہیں بلکہ سکول بھی بند ہیں۔

which are the direct responsibility of the Government. They could not have been closed.

مسٹر سپیکر۔ کیا گورنمنٹ کالج بھی بند ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ اسکے لئے ڈائریکٹر آف ایجوکیشن نے حکم دیا ہے۔ ڈائریکٹر Southern and Northern Region نے حکم دیا ہے۔ یہ تو جناب اخبارات میں آ چکا ہے۔

Minister of Agriculture : I am not sure about that Sir.

Mr. Speaker : Then please ascertain the actual position, and this adjournment motion will be taken up tomorrow. Adjournment motion No. 76 is the same has already been disposed of by this House. Now we will pass on to No. 77. This is from Mr. Abdul Baqi Baluch. He is not present in the House ; the motion lapses. Adjournment motion Nos. 78 to 82 are also from Mr. Abdul Baqi Baluch. As he is not present in the House, the motions are not moved. Adjournment motion Nos. 83 and 84 are from Chaudhri Muhammad Ibrahim. He is also not present in the House and they are not moved. Adjournment motion No. 85 is from Mir Haji Muhammad Bux Talpur. He is also not present and the motion is not moved.

Next is No. 86 from Amir Habibullah Khan Saadi ; he may please move it.

STATEMENT OF A PRESIDENTIAL CANDIDATE TO THE EFFECT THAT ELECTIONS UNDER THE B.D. SYSTEM WERE BETTER THAN THOSE HELD IN THE DAYS OF THE CALIPHS.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کیلئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ صوبائی حکومت مغربی پاکستان اپنے اسلامی احساس فرض میں افسوسناک طور پر قاصر رہی ہے کہ اس نے ایک صدارتی امیدوار جناب محمد ایوب خان کی پشاور میں اس تقریر مورخہ ۱۰ دسمبر ۶۴ء کے خلاف کوئی مناسب اقدام یا احتجاج نہیں کیا جس میں مذکورہ امیدوار نے کہا تھا کہ بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے تحت جیسے شاندار انتخابات پاکستان میں ہوئے ہیں ایسے شاندار انتخابات تو خلفائے راشدین کے زمانے میں بھی نہیں ہوئے تھے۔ حالانکہ صوبائی حکومت کو علم ہونا چاہئے تھا کہ اسلامی تاریخ کے درخشندہ ترین دور کے خلاف امیدوار مذکور کی اس دریدہ دہنی اور تمسخر سے صوبہ کے مسلمانوں کے دل مجروح ہوئے ہیں اور امیدوار مذکور کے خلاف تمام سمجھنے والے مسلمانوں کے دلوں میں سخت نفرت اور غم و غصہ ہے۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir I am really sorry to waste the time of the House because these papers were given to me very late as my friend, Mr. Wattoo, had to leave Lahore. I could not arrange these papers and so this has resulted in this waste of time. I request the rest of the work may be taken up tomorrow.

Mr. Speaker : This and the other adjournment motions may be taken up tomorrow.

PAPERS LAID ON THE TABLE

Transport Department Notifications amending the Motor Vehicles Rules, 1940.

Mr. Speaker : Now the first item on the Orders of the Day.

Minister of Agriculture: Sir I beg to lay on the Table, as required by section 133 (3) of the Motor Vehicles Act, 1939, the following :—

Transport Department Notifications amending the Motor Vehicles Rules, 1940 :—

(*i*) No. T-22/18-61, dated 29th July, 1964.

(*ii*) No. T-31/8-62, dated 30th July, 1964.

(*iii*) No. T-1/30-64, dated 17th August, 1964.

POINT OF ORDER

THAT THE TRANSPORT DEPARTMENT NOTIFICATIONS SHOULD HAVE BEEN LAID ON THE TABLE FOURTEEN DAYS BEFORE THE END OF THE SESSION.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ Point of Order, Sir جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر موٹر وھیکل ایکٹ ۱۹۳۹ء کے سیکشن ۱۳۳ کے سب سیکشن (۳) کے متعلق ھے ۔ اس سیکشن کے تحت گورنمنٹ پر یہ فرض عائد ھوتا ھے کہ جب کبھی وہ نئے ضوابط تیار کرے، یا ان میں کسی قسم کی ترمیم کرے، تو اسمبلی کا اجلاس ختم ھونے سے کم از کم چودہ دن پہلے انہیں ایوان کے میز پر رکھا جائے ۔ تاکہ اسمبلی اگر ان قواعد میں کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ کرنا چاھے، تو کر سکے ۔

جناب والا ۔ میں متعلقہ رول پڑھنے سے پیشتر صرف ایک بات عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ مجھے اور اس ایوان کو اور صوبہ بھر کو معلوم ھے کہ اب اس

اسمبلی کی مدت صرف تین یا چار روز ہے۔ ابھی کل ایوان کے قائد نے مجھ سے کہا تھا کہ اس اجلاس کو ۲۸ تاریخ تک ختم کر دینا چاہئے۔ میں نے ان سے کہا ۔ ایسا نہیں ہوسکتا ۔ یہ یکم تک چلے گا ۔ کیونکہ ایجنڈا پر ابھی کچھ کام باقی ہے۔ اگر میرے یہ دوست یہ undertaking دیں۔ کہ چودہ دن اجلاس رہیگا ۔ تو پھر تو یہ in order ہے اور اگر وہ یہ undertaking نہیں دے سکتے۔ تو پھر میں انکو انکا اپنا ہی بنایا ہوا قانون پڑھ کر سناتا ہوں تاکہ ان کو پتہ چلے ۔ یہ سیکشن اس طرح ہے کہ ۔

All rules made under this Act by the Central Government or by any Provincial Government shall be laid not less than fourteen days before the Central or the Provincial Legislatures, as the case may be, as soon as possible after they are made and shall be subject to such modification as the legislature may make during the session in which they are so laid.

تو اس میں یہ بات بالکل واضح کر دی گئی ہے کہ چودہ دن کا نوٹس اس اسمبلی کو کم از کم دینا چاہئے تھا۔ تاکہ ہم ان قواعد کا جو کہ وہ میز پر رکھ رہے ہیں۔ مطالعہ کر کے ان میں اگر کوئی ترامیم کرنا چاہیں تو کر لیں۔ اور موجودہ صورت میں تو ہمارے پاس نہ وقت ہے۔ کہ ہم اس میں ترامیم پیش کر سکیں۔ کیونکہ نوٹس دینے کی معیاد نہیں ہے۔ اور نہ وہ وقفہ اور وہ period ہے۔ جو قانون کے مطابق چاہئے تھا۔ نہ اسکے مطابق میز پر رکھا گیا ہے۔ اس لئے میں یہ درخواست کرونگا۔ کہ یہ ایوان کی میز پر نہ رکھنے چاہئیں" یا تو وہ یہ کہیں کہ اجلاس مزید چودہ دن تک چلیگا۔

مسٹر سپیکر۔ سب سے پہلے اس سب رول (۳) کے نفاذ کے لئے یہ فیصلہ کرنا ضروری ہوگا کہ یہ ہاؤس کس دن اپنا کام ختم کریگا۔

خواجہ محمد صفدر۔ بالکل ٹھیک ہے۔

مسٹر سپیکر۔ تو جب کہ یہ معلوم نہیں ہے کہ اس موجودہ اجلاس کی آخری تاریخ کونسی ہے۔ اسلئے اس رول کے نفاذ کے متعلق کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ میں اس اسمبلی کے اجلاس کے متعلق عرض نہیں کر رہا ہوں ۔ بلکہ میں یہ آپ سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کسی اجلاس کے متعلق آیا کوئی قطعی تاریخ مقرر ہوسکتی ہے کہ فلاں تاریخ کو ایوان اپنی کارروائی ملتوی کریگا۔ تاکہ اس تاریخ کے پیش نظر چودہ دن کے اندر اندر یہ رولز lay کر دیئے جائیں۔ یا صرف یہ دیکھنا ہوگا کہ جس دن وہ lay کرنے ہیں۔ وہ چودہ دن کے اندر اندر متوقع ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔ یہی دیکھنا ہوگا۔ کہ یہ متوقع ہیں ۔ اور آج ہم یہ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ یہ ایوان کس دن prorogue ہوگا۔ یا *sine-die* adjourn ہو گا۔ تاریخ مقرر کر کے ملتوی ہو رہا ہے جو اطلاع ہمارے پاس ہے۔ وہ یہی ہے اور اسکی روشنی میں ہم کسی نہ کسی نتیجے پر پہنچ سکتے ہیں ۔ اور میں نے اپنی اطلاعات ایوان کے سامنے رکھ دی ہیں۔ کوئی صاحب اسکی تردید کریں کہ یہ ایوان یکم فروری کے بعد بھی چلے گا ۔ کوئی وزیر صاحب ذمہ داری کے ساتھ اسکی تردید کریں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ کل قائد ایوان نے مجھے کہا تھا کہ جمعرات کے روز اس ایوان کو *sine-die* adjourn ہو جانا چاہئے ۔ یہ اجلاس بند ہونا چاہئے اور میں نے انکے ساتھ اتفاق نہیں کیا تھا ۔ میں نے انہیں کہا ہے کہ پانچ سات دن اور یعنی جتنے بھی آرڈیننس باقی ہیں ۔ انکے پیش نظر ہم ایسا نہیں کر سکتے ۔ یکم فروری تو آرڈیننسوں کی میعاد ہے ۔ اسلئے یکم تک تو اجلاس کو چلانا ہی پڑیگا ۔ تو انہوں نے مجھے کہا تھا کہ اگر یکم فروری کو ختم ہو سکے ۔ تو پھر اتوار کے دن بھی کام کرینگے ۔ تو میں نے اس بات پر ان سے اتفاق کر لیا تھا ۔ اور میں یہ بھی عرض کردوں کہ اکتیس جنوری تک تو میں نے اپنی اور اپنی پارٹی کی جانب سے agree کر لیا ہے ۔ کہ اتوار کو بھی کام کرینگے ۔ میری اس بات کی ان میں سے کوئی صاحب تردید کرے ۔

Minister of Food and Agric ulture : He stands contradicted by his own words that he himself does not know and nor do I know, Sir, when the Governor is going to close this session. Whether he is going to adjourn it *sine-die* or to postpone it, it is with the Governor or with the House if they are to adjourn for some time. Today, the position is that we are in the session and I don't know, nor have I received any information from any quarter, as to when this session is going to be adjourned *sine-die.* It is during the session that I have placed these documents on the Table of the House.

Khawaja Muhammad Safdar : The words are, " as early as possible".

Mr. Speaker : So far as Section 133(3) is concerned, how can I over-rule the objection raised by the Leader of the Opposition ?

Minister of Food and Agriculture : Have you received any order from the Governor ?

Mr. Speaker : No, I have not.

Minister of Food and Agriculture : You have not.

Mr. Speaker : Yes.

Minister of Food and Agriculture : Then this objection does not prevail. If at all we are going to adjourn earlier, legal objection will be taken up.....

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - as soon as possible کے الفاظ بھی ہیں - اور اکیس دسمبر سے یہ اجلاس چل رہا ہے - وہ اب تک کہاں سو رہے تھے - اس لئے اب انکی یہی سزا ہے - کہ وہ ان قواعد کا بستہ اٹھائیں - اور یہاں سے گھر لے جائیں -

Minister of Food and Agriculture : It can't be done.

Mr. Speaker : I will ascertain the correct position and after I have ascertained the correct position, then I will allow the Minister to lay these documents on the Table of the House.

(Opposition Benches : Hear, Hear.)

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN MAINTENANCE OF PUBLIC ORDER (AMENDMENT) ORDINANCE, 1964 (*Resumption of discussion*).

Mr. Speaker: Now, the House will resume discussion on the motion moved by the Minister that the Assembly do approve of the West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th October, 1964.

Rao Khurshid Ali Khan was on his legs. Yes, Rao Sahib.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری - ۳) - جناب والا - جو ترمیمی آرڈیننس اس وقت لایا گیا ہے - اسے لانے کی بجائے حکومت کے لئے یہ مناسب تھا - کہ ہائی کورٹ کے حالیہ دو فیصلوں کی موجودگی میں اس برقراری امن عامہ کے ہنگامی قانون کو بالکل منسوخ کر دیتے - اس سلسلے میں میں نے یہ عرض کیا تھا - کہ بغیر مقدمہ چلائے کسی شخص کی آزادی کو سلب کرنے کیلئے ہماری حکومت نے دو طریقے ایجاد کئے ہیں - یہی نہیں - بلکہ انہیں اختیار بھی کر رکھا ہے - ایک یہ کہ دو ماہ سے قبل اور اب ترمیم کے ذریعے اسکو تین ماہ بنایا جا رہا ہے - تین مہینے کے اندر اندر کسی عدالت کو یہ حق نہیں پہنچتا - کہ وہ کسی حکومت سے یہ پوچھ سکے - کہ تم نے فلاں شخص کی آزادی کیوں سلب کی ہے - دوسرا طریقہ انہوں نے عدالت کی مداخلت سے بچنے کیلئے یہ ایجاد کیا تھا - کہ اگر گورنر صاحب اپنے آرڈر میں لکھدیں - کہ مابدولت کو یہ اطمینان ہے - (The Governor is satisfied) کہ فلاں

شخص کی activities امن عامہ کو برقرار رکھنے کے منافی ہیں۔ لہذا ہم فلاں شخص کو حکم دیتے ہیں۔ کہ وہ اس کو پکڑ کر فلاں شخص کے حوالے کر دے۔ اور ہائی کورٹ کے جن حالیہ دو فیصلوں کی طرف میں نے ابھی اشارہ کیا ہے۔ ان میں یہ بات واضح طور پر لکھ دی گئی ہے۔ کہ اسکے باوجود کہ یہ لکھ دیا جائے۔ کہ ماہدولت کو پورا اطمینان ہے۔ تو عدالتوں کو پھر بھی یہ حق حاصل ہے۔ کہ ماہدولت نے جسکو اطمینان کہا ہے۔ عدالت اسکو قرار دیدے۔ کہ یہ اطمینان کافی نہیں ہے۔ اور اسی طرح سے وہ دو تین مہینے کی جو میعاد ہے۔ اور جسمیں عدالتوں کو مداخلت کرنے سے بالکل debar کر دیا گیا تھا۔ اسکے متعلق بھی کہہ دیا گیا ہے۔ کہ ''نہیں''۔ کہ قانون کے اندر یہ لکھ دینا کافی نہیں ہے۔ بلکہ عدالت کو یہ بھی اختیار ہے۔ کہ وہ یہ دیکھے۔ کہ دو تین مہینے کے عرصے میں بھی آیا حکومت نے اپنی حدود سے تجاوز تو نہیں کیا ہے۔ جن حدود کا تعین متعلقہ سیکشن یا پرووِیژن میں کر دیا گیا ہے۔ اور اس سلسلے میں انہوں نے بنیادی حقوق اور آئین پر بھی بحث کی ہے۔ اور یہ کہا ہے۔ کہ ایک شہری جسکو آزادی سے محروم کردیا جاتا ہے۔ تو اسکے متعلق ہمیں بہرحال یہ دیکھنا پڑتا ہے۔ کہ آئین اور بنیادی حقوق کی موجودگی میں آیا اسے اس آزادی سے محروم کیا جا سکتا ہے۔ یا نہیں۔ اس سلسلے میں جہاں عدالت نے اس بات کا ذکر کیا ہے۔ کہ ''اطمینان'' کا جو مسئلہ ہے۔ اس پر بھی عدالت کو مداخلت کرنے کا اختیار ہے۔ اس سلسلے میں ہائی کورٹ نے لکھا ہے۔ کہ ہمیں ground of detention کا بھی جائزہ لینا پڑیگا۔ بلکہ اس امنڈنگ آرڈیننس کے ذریعہ سے ہائی کورٹ کو اس واضح بات کا یہ اختیار ہے کہ ground of detention کا بھی جائزہ لے سکے۔ کتنی افسوس ناک بات ہے کہ ground of detention کا سرے سے ہی اڈا اڑا دیا ہے۔ کہا یہ جا رہا ہے کہ ہائی کورٹ جس طرح راہنمائی کرتی ہے ہم اپنے قوانین میں اسی طرح رد و بدل کر لیتے ہیں۔ لیکن اس امنڈنگ آرڈیننس کے ذریعہ سے عدالتوں نے جو راہنمائی کی ہے اس کو نہ یہ کہ قبول کیا گیا بلکہ الٹا وہ بنیاد ہی ختم کرنا چاہتے ہیں۔ جس بنیاد پر عدالتیں مداخلت کرتی ہیں۔ ان شہریوں کی آزادی کو جیسا کہ گورنمنٹ نے ناجائز طور پر سلب کر لیا تھا عدالتوں نے مداخلت کر کے ان کی آزادی کو بحال کیا ہے۔ عام شہریوں کے ساتھ جو سلوک کیا جاتا ہے وہ بھی خلاف قانون ہے۔ ان کی بقا۔ ان کے احترام کے منافی ہے یہ بھی گوارا نہیں ہے لیکن اگر ہائی کورٹ کے فیصلے کے متعلق ہماری حکومت کا یہ رویہ ہو جا۔ کہ جس بنیاد پر وہ

مداخلت کرتی ہیں ایک ناجائز کارروائی کے اندر اس بنیاد کو سرے سے ہی ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جناب والا۔ پہلے آرڈیننس کے اندر یہ بات موجود تھی کہ جب کسی شخص کو گرفتار کیا جائے گا تو اسے ground of detention یا at the time of arrest مہیا کئے جائیں گے۔ اب اس امنڈ منٹ کے ذریعہ سے اس میں تبدیلی کی گئی ہے وہ یہ ہے ground of detention will be supplied as soon as possible اس کا مطلب یہ ہے کہ تین ماہ کیلئے initial detention ہو گئی۔ بلکہ پہلی چیز پر کام کرتے ہیں۔ پندرہ دن کے اندر ground of detention سپلائی کرنی پڑتی ہے۔ عدالت کو مداخلت کا حق ہے۔ اس میں as soon as possible کی سٹیج ہی نہیں آئے گی۔ تین ماہ کے اندر as soon as possible ground of detention مہیا کئے جائیں اور یہ ایک دن قبل ground of detention مہیا کردیں گے اس کا مطلب یہ ہوا یہ دو ماہ ۲۹ دن ہو گئے بلکہ ناجائز طور پر گورنمنٹ نے ایک ظالمانہ طریق پر اس کو اندر رکھا۔ اور اس کی آزادی کو سلب کیا۔ ایک دن باقی رہ جاتا ہے اور یہ ground of detention مہیا کرتے ہیں۔ اگر ہائی کورٹ مداخلت کرتی ہے وہ بے معنی ہے۔ ان کو فائدہ پہنچے گا۔ اس سلسلہ میں میں جناب کی توجہ ہائی کورٹ کے فیصلہ کے چند متعلقہ ضروری حصص کی طرف دلاتا ہوں کہ جن کی روشنی میں اپنی لیجسلیشن کو فریم کرنا چاہئے۔ جن کے متعلق میں نے ذکر کیا ہے۔

The relevant portion of the judgement is :—

"The objection is by all means far-fetched. It is the right of a citizen to enjoy the liberty and Article 2 of our Constitution says that it is an inalienable right of every citizen to enjoy the protection of law and in particular no action detrimental to the life and liberty can be taken except in the course of law. It is again specifically provided in the fundamental rights that no person shall be deprived of life or liberty save in accordance with law. If the arrest of a person cannot be justified in law, there is no reason why that person should not be able to invoke a jurisdiction of the court for the restoration of his liberty which is his basic right. In all cases where a person is detained and he alleges that his detention is unconstitutional and in violation of the safeguards provided in the Constitution, that it does not fall within the statutory requirements of the law under the detention is ordered, he can invoke jurisdiction of this court under Article 98".

Further on, it is said :—

"This is one of the most fundamental rights known to the Constitution. There being no limitation placed on the exercise of this right it cannot be imported on the actual order assumed restriction which may be imposed by any subordinate legislation."

یہ Subordinate Amending Ordinance کی شکل میں لایا جا رہا ہے اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ Fundamental Rights اور حقوق جو Constitution میں دئے ہوئے ہیں اگر Subordinate Amending Ordinance اس کی خلاف ورزی کرتی ہے تو محض اس وجہ سے - ہائی کورٹ debar نہیں ہو جاتی - اس چیز میں مداخلت کرتی ہے - اسی سلسلہ میں چند صفحے چھوڑ کر متعلقہ پورشن پیش کرتا ہوں - satisfaction کے سلسلہ میں کہا جا رہا ہے -

یہ ground of dentention جن کا جناب میں نے ذکر کیا ہے ان کو بھی ختم کردیا ہے -

After a few pages it is said :—

"The word "Satisfaction" is undoubtedly a condition precedent to the exercise of powers under section 3. It is, therefore, open to the court to look into the grounds supplied to the detenue in order to determine whether the detention is proper or improper. It can examine the grounds to ascertain whether they are definite and precise.

اس کے بعد جناب والا کہا یہ جاتا ہے کہ صاحب مناسب قسم کی آزادی شہریوں کو تحریر وتقریر میں اس بات کے متعلق دی جا سکتی ہے لیکن آزادی کا مطلب لائسنس نہیں ہونا چاہئے اور اس کو ناجائز استعمال نہیں کرنا چاہئے میں اپنے حکمران دوستوں کی خدمت میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ واقعہ دراصل یہ ہے کہ بہت کم سنجیدہ Political worker ایسے ہوں گے جنہوں نے کبھی لائسنس لینے کی کوشش کی ہو - اس قسم کا معاملہ ہو اور انہوں نے جائز ہدایات کو پھاند نے کی کوشش کی ہو - جناب سپیکر - اس قسم کے cases موجود ہوں کہ Political worker کے خلاف اس Maintenance of Public Order کے تحت مقدمات چلائے جائیں - اور اکثر و بیشتر cases کے اندر عدالتوں کی طرف سے شک کے طور پر بری ہو جائیں - دراصل بات یہ نہیں ہے کہ Political worker جائز ہدایات سے تجاوز کرتے ہیں - فیصلہ اس بات کی شہادت ہے کہ وہ جائز ہدایات سے تجاوز نہیں کرتے - یہ محض سیاسی اختلاف کی بنا پر Political worker کو تنگ کرتے ہیں - پریشان کرتے ہیں - اور ان کو جیل کی صعوبتوں میں مبتلا کرتے ہیں - یہ صورت حال جب پیدا ہو جائے پھر ظاہری بات ہے محض اس نام کا تم ناجائز استعمال کرتے ہو تو عدالتوں نے اس بات کو ثابت کیا کہ Political worker نے کبھی تحریر و تقریر کی اس پابندی سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کی -

وزیر زراعت - واہ - واہ -

راؤ خورشید علی خان۔ ھائی کورٹ کا فیصلہ آپ کو ابھی سنایا ہے۔ واہ واہ کہنے سے بات نہیں بنتی۔ کچھ پڑھ لکھ کر بھی آیا کریں۔

یہ جناب والا مولوی فرید احمد صاحب ایم۔این۔اے کی تقریر ہے جسکے خلاف مقدمہ بنایا گیا اور ان کے جناب الفاظ کو یہ معنی پہنائے گئے کہ صاحب یہ جائز حدود سے تجاوز کیا گیا ہے۔ ان کی Maintenance of Public Order کے بالکل منافی سرگرمیاں ھیں۔ امن و امان صوبہ میں بالکل تباہ و برباد کرکے رکھ دیا ہے۔ جناب والا چند الفاظ آپ کو سناتا ہوں جو ھائی کورٹ نے اس پر رائے زنی کی ہے۔ ملک صاحب اس کو غور سے سنیں۔ مولانا فرید احمد صاحب نے ایک جگہ فرمایا تھا۔

"The upshot of the grounds is that the petitioner in his speeches has criticised the police force as indulging in tyranny; he had said that a sum of Rs. fifty lakhs had been spent on a party of the President at Peshawar in disregard of the miseries of the masses and the sufferings of the flood-affected people of Hyderabad; he criticised the powers of the President and objected to "his hands being strengthened" and exhorted the people by saying "We wish that his hands should be broken." Reference is also made to the portions of his speeches where he alleged that the Members of the National Assembly had been won over by corrupting them with permits, etc., that the administration was corrupt and that the present Government had no sympathy with the masses and was actually supported by the people who had earlier supported Ranjit Singh and Britishers. He also criticised the President for becoming a Field Marshal and used different epithets for him. There was another ground taken up against him that he had said:—

"In our childhood we used to read the spirit of Islam, which since Martial Law has become the alcohol of Islam. That means that after a few days when they commit fornication, they will call it Islamic fornication. A woman issues Fatwa for us in the Assembly. Instead of Imam Abu Hanifa, Begum G. A. Khan has become our Mufti. The Rooh-e-Islam has become "Sharab-e-Islam".

Since the entire material of speeches which has furnished the grounds for detention of the petitioner has been placed on the record, we have to consider them as a whole and no dwell upon isolated passages here and there."

اب جناب سپیکر۔ میں آپ کی وساطت سے جناب ملک صاحب کی توجہ اس کی طرف دلاتا ہوں۔ یہ passage میں نے نمونے کے طور پر ھائی کورٹ کے فیصلے میں سے پڑھکر سنایا ہے۔ اگر آپ ھمارے کسی غیر ذمہ دار کارکن کا نام لے سکتے ہوں۔ تو لیں۔ جس نے اس تنقید کا دسواں حصہ سخت تنقید کی ہو جو مولوی فرید احمد نے کی اور جسے ھائی کورٹ نے جائز قرار دیا ہے۔

یہ تو ہم بھی مانتے ہیں کہ اگر ان کی زبان اتنی سخت نہ ہوتی ۔ تو بہتر تھا۔ لیکن بہر حال قانون کی موجود گی میں ان کا یہ ترمیمی آرڈیننس لانا اور مزید تحریر ۔ تقریر ۔ اجتماعات اور مطبوعات وغیرہ پر پابندی لگانا ۔ دراصل اس کیلئے کوئی جواز موجود نہیں ۔

جناب والا اس کے بعد ہائی کورٹ نے آگے چل کر اپنے فیصلے میں یہ بات لکھی ہے کہ اگر کسی ملک کے اندر جمہوریت کو مستحکم ہونا ہے۔ اور معاشرے کو مستحکم ہونا ہے۔ تو ایک صحیح قسم کی گورنمنٹ کو اس قسم کی تنقید پر کوئی پابندی نہیں لگانی چاہیئے ۔ بلکہ اس کے لئے پورے طور پر آزادی ہونی چاہیئے ۔ چنانچہ اس سلسلے میں جناب والا کی توجہ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔

"The right to utter a reasonable criticism is a privilege and a source of strength to a Community.

On 'Freedom of Speech' lies the foundation of all democracy. Speeches, undoubtedly, had been made at a time when it has already been announced about the coming elections. The petitioner is opposed to the party in power. Being a Member of the Opposition, it is his effort that in the coming elections they should come in power. It is but natural that the object of every political candidate is to criticise the opposite party. There is no gain-saying the fact that in a system of the Government where the Constitution provides for the functioning of the political parties, the Opposition is a necessary outcome and they are always in an endeavour to succeed by criticising the opposite party. The political parties have programmes of their own which they put forth to the electorate to succeed, which success in its wake may enable them to form the Government. In the very nature of the working of the political parties, it is necessary that they should have freedom to put their view-points before the people. In doing so, they criticise the Government in power to persuade the people to vote for the members of their party. It was obviously with a view to achieving this purpose that the petitioner also made speeches here and there to promote a feeling among the people that they should not vote for any of the members of the Muslim League which is the party in power. The petitioner had a right peacefully to impart his view to others. It is plain that he wished only to introduce them in his propaganda of election in favour of the Opposition against the Party in Power. The aim and object of the speeches was, therefore, not to cause any disorder which might endanger public safety, but it was only in the process of an electioneering campaign. Speeches of this character at the present moment and against the background of the coming elections could neither incite nor they had the tendency to incite any person from among the people, who are likely to hear speeches of this nature, to commit acts of violence. It is essential."

and this is important, Sir.

"……and necessary for the working of all democratic systems that the citizens should be well aware of the principles of every political ideology and political system. Awakening the public is not making them violent. The political party has the right to place its own view before the people and there can be no interference with their activities unless they transgress the limits mentioned in different laws for the maintenance of the security of the State and the maintenance of Law and Order."

جناب والا ! برسراقتدار پارٹی کی طرف سے prevention detention کی ایک وجہ جواز یہ بتائی جاتی ہے کہ فلاں شخص جس کی آزادی ہم سلب کرنے والے ہیں ۔ وہ آئندہ کچھ ایسی حرکتیں کرنے والا ہے جو Maintenance of Public Order کے منافی ہونگی ۔ اس پر رائے زنی کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے لکھا ہے کہ آئندہ کے متعلق کوئی بات کرنا تو محض ہوا میں گھوڑے دوڑانے کے مترادف ہے جس کے کوئی معنی نہیں ۔ ظاہر بات ہے کہ کسی شخص کی آئندہ سرگرمیوں کے متعلق فیصلہ کرنے کیلئے کہ وہ امن عامہ کے منافی ہونگی یا نہیں ۔ اس شخص کے سابقہ کردار پر کڑی نظر رکھنا پڑیگی ۔ اور ایک سیاسی کارکن کے معاملے میں اس کی سابقہ تقریروں سے امداد لینا پڑیگی اس لئے جناب والا اس کا مطلب یہ ہوا کہ محض شبے کی بنا پر کسی شخص کو پکڑا نہیں جا سکتا ۔ بلکہ اسے پکڑنے کیلئے ہمیں لامحالہ اس کے سابقہ کردار اور سابقہ تقریروں پر بنیاد رکھنا پڑیگی ۔ اندریں حالات میں آپ کی وساطت سے اپنے دوستوں سے پوچھتا ہوں کہ جب ہم نے ایک concrete تقریر یا concrete عمل پر کسی شخص کی نظر بندی کی بنیاد رکھنا ہے ۔ تو پھر ان کے پاس اس بات کیلئے کیا جواز ہے کہ اس شخص کو بجائے اس کے کہ تقریر کی بنیاد پر prosecute کریں ۔ کیس رجسٹر کریں ۔ عدالت کو اختیار دیں ۔ اور عدالت کی کارروائی کے سلسلے میں اگر ہم اپنی بربریت کا ثبوت پیش کرتے ہیں ۔ تو ہم بری ہو جائینگے ۔ ورنہ ہم خمیازہ بھگتیں گے ۔ یہ سیدھا سادہ طریقہ اختیار کرنے کے بجائے کسی شخص کے متعلق یہ کہنا کہ اس کی سرگرمیوں کے متعلق شبہہ ہے کہ وہ امن عامہ کے منافی ہونگی ۔ انتہائی زیادتی ہے ۔ اس لئے میں نے یہ ثبوت پیش کیا ہے کہ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کی موجودگی میں ضرورت ایک اور آرڈیننس لانے کی نہ تھی ۔ بلکہ دیانتداری کا تقاضا یہ تھا کہ اس بل کو repeal کیا جاتا ۔

اس سلسلہ میں جناب والا ۔ میں ہائی کورٹ کا متعلقہ فقرہ آپ کے سامنے پڑھ دوں گا ۔

ایک معزز ممبر۔ وہ تو بڑا سخت ہے۔

راؤ خورشید علی خاں۔ بہر حال یہ تو ہائی کورٹ کا ہے۔ اب نرم

"The past acts would furnish safe criteria of the likely future activities of the detenu. In the past conduct of the petitioner, as depicted by the speeches, there is nothing to indicate that it was prejudicial to the maintenance of public order. It, therefore, provides no clue for an assumption that he would so conduct himself in the future as to cause prejudice to public safety or public order. The grounds taken for the detention are, therefore, clearly beyond the ambit of section 3 of the detention...."

and so on and so forth.

اس کے بعد اب جناب والا۔ یہ ساری باتیں جو انہوں نے ترمیم کے طور پر جن کا میں ذکر کرنے والا ہوں اس ترمیمی آرڈیننس میں کی ہیں۔ ان کے ذہن میں یہ خوف اور خدشہ موجود ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں کو نظر بند کیا جائے گا ان کو ۹ ماہ کے بعد چھوڑنا پڑے گا۔ تو اس سے ہماری سبکی ہوگی۔ لا ڈیپارٹمنٹ کی سبکی ہوگی۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی سبکی ہوگی۔ لا ڈیپارٹمنٹ کی اس لئے کہ جو لیجسلیشن انہوں نے کی ہے وہ ہائی کورٹ میں جا کر ٹیسٹ کو برداشت نہیں کر سکی۔ اس کے علاوہ Fundamental Rights کے مطابق نہیں جو قیود اور ہدایات مقرر ہیں ان کے اندر یہ چیز بھی آتی ہے۔ پھر ہوم ڈیپارٹمنٹ نے قطعاً پرواہ نہیں کی۔ اور کسی کی امانت و خیانت کا خیال کئے بغیر یہ فیصلہ کر دیا کہ اس شخص کی آزادی سلب کر لی جائے اور اس پر کوئی اعتماد نہ ہو۔ ان کے ذہن میں یہ بات بھی نہیں آئی کہ Fundamental Rights موجود ہیں۔ آئین موجود ہے۔ ان کے ہوتے ہوئے اس کی کیا ضرورت تھی۔ وہ اس خلا کو کس طرح پورا کرنا چاہتے تھے۔ اور وہ اس طرح کہ Maintenance of Public Order کے preamble کو change کر دیا۔ جہاں preventive detention کا ذکر آتا ہے اس میں یہ بات دی ہوئی ہے۔ کہ preventive detention جو کی جائے وہ حفاظت عامہ کے مقاصد کے لئے کی جائے۔ ۱۹۶۰ء میں Maintenance of Public Order بنایا گیا تھا اور سابقہ ایکٹ کو repeal کر دیا۔ اس وقت چونکہ ملک کا آئین مارشل لا کی وجہ سے ختم ہوگیا تھا اس لئے کسی آئین کے مطابق کوئی قانون نہ بن سکا۔ اس کے بعد جب بنا تو بجائے پبلک سیفٹی ایکٹ کے Maintenance of Public Order لے آئے پہلے تو یہ justification تھی کہ کوئی

guiding constitution موجود نہیں تھا کہ اس کی روشنی میں کسی آرڈیننس کا preamble متعین کریں - ۱۹۶۰ کے آرڈیننس کے بعد ۱۹۶۲ میں اس کی جو ترمیم کی گئی اس بات کی پرواہ نہیں کی گئی کہ آئین کے اندر جو حدود اور limits دی گئی ہیں preamble کے تعین کے لئے ان کا اہتمام کیا جائے - اب اس کے بعد ۱۹۶۲ء میں پھر ترمیمی آرڈیننس لے آئے ہیں - ہمارے آئین میں جہاں preventive detention کا ذکر ہے وہاں اس بات کا بھی ذکر ہے کہ یہ کن مقاصد کے لئے کیا جا سکتا ہے - لیکن اس میں سیکیورٹی آف پاکستان یا پبلک سیفٹی صرف یہ دونوں الفاظ ہیں - اس کا جواز ۱۹۳۰ء کے ایکٹ میں ملتا ہے - ۱۹۵۶ء کے آئین میں بھی ملتا ہے - ۱۹۶۲ء کے آئین میں بھی ملتا ہے - لیکن جو ترمیم یہ اس وقت لا رہے ہیں - وہ ہائی کورٹ کے فیصلہ میں جن خرابیوں کا ذکر ہے ان کی بنا پر لا رہے ہیں -

Mr. Speaker : Will Rao Sahib please ask the Members present in the lobby not to disturb the proceedings of the Assembly ?

خواجہ محمد صفدر - میرا خیال ہے کہ یہ کسی وزیر صاحب کی آواز ہے -

مسٹر افتخار احمد خان - بد مست ہو رہے ہیں -

راؤ خورشید علی خان - جہاں اور بے شمار خرابیاں ہیں وہاں سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ یہ آئین کے منافی ہے - ہمارے آئین کی روشنی میں اس ترمیم کو نہیں لا سکتے -

جناب والا - اس کے بعد اب میں اپنے دوسرے دوستوں کو موقع دینے کی غرض سے دو چار منٹ میں اپنی تقریر کو ختم کردوں گا -

یہ جو آئین کے خلاف بات بتائی ہے جو انہوں نے کی ہے اور اس کے لئے جو الفاظ انہوں نے رکھے ہیں وہ یہ ہیں -

> **"WHEREAS it is expedient to amend and consolidate the law providing for preventive detention and control of persons and publications for reasons connected with public safety, public interest and the Maintenance of Public Order in the Province of West Pakistan."**

اس کا یہ مطلب ہے کہ آزاد شہریوں کو اس کی وجہ سے گھیر لیا جائے اور وہ کئی برس تک نہ نکل سکیں - ان الفاظ پر جو سب سے بڑا اعتراض کیا گیا تھا وہ یہ ہے کہ detention کا تعین نہیں کیا گیا - یعنی کہ اس کا

تعین کتنا ہو جسے بورڈ جائز قرار دیدے۔ اگر کوئی شخص تین ماہ سے زیادہ عرصہ کے لئے نظر بند ہو تو اس کو زیادہ سے زیادہ کتنا عرصہ کے لئے آزادی سے محروم کیا جا سکتا ہے۔ ایک سال یا دو سال اور چاہے ۵ سال۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ انہوں نے ہائی کورٹ کے وقار کا اور اس کے احترام کا خیال نہیں رکھا بلکہ اس چیز کو اس طرح manipulate کیا ہے اسے بے اثر بنا کر رکھ دیا ہے۔

After the words "period of such dentention", the words "for a period not exceeding six months at a time" shall be added ;

یہاں لفظ at a time ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ بیک وقت ۵ سال تو نہیں کر سکتے البتہ ۶ ماہ پر تقسیم کر کے ۵ سال کر سکتے ہیں۔ ان کو ہائی کورٹ کے فیصلہ کا احترام کرنا چاہئے تاکہ وہ کوئی اعتراض نہ کر سکے اس لئے اس بات کا تعین کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس کے بعد جو قابل اعتراض چیز ہے اور جس کی ترمیم انہیں کرنی چاہئے تھی اور نہیں کی۔ وہ یہ ہے کہ حکومت موجودہ قانون کے تحت ایک شخص کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیتی ہے حالانکہ چاہئے تو یہ کہ اسے جیلر کے حوالے کر دیا جائے جہاں کوئی رولز تو ہیں کوئی ریگولیشن تو ہے۔ لیکن اس کی رو سے وہ فرد واحد کے حوالے کر سکتے ہیں۔ عام طور پر جن لوگوں کو قلعہ لاہور میں بھیجا جاتا ہے ان کے ساتھ وہاں نہایت سخت اور وحشتناک سلوک روا رکھا جاتا ہے۔ ترمیم تو اس چیز کی کرنی چاہئے تھی تاکہ یہ عوام کا اعتماد حاصل کرتے مگر وہ ترمیم نہیں کی۔

اسکے بعد جناب والا۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ جن لوگوں کو مقدمہ چلائے بغیر نظر بند کیا جاتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ انکو مجرم نہیں کہا جا سکتا۔ جب ایک شخص مجرم نہیں ہے تو آس اسکی آزادی کیوں سلب کرتے ہیں۔ فرض کیجئے کہ وہ اپنے گھر میں ایک ہی carning ممبر ہے اسکو آپ نے پکڑ کر نظر بند کردیا تو آخر اسکے بیوی بچے ہیں ، عزیز اقارب ہیں اسکا کوئی جواز نہیں کہ آپ اسکے بچوں کیلئے maintenance الاؤنس نہ مقرر کریں۔ محترم خواجہ صاحب نے ایک مرتبہ پچھلے دنوں فرمایا تھا کہ انگریز نے جب سبھاش چندر بوس کی آزادی detention کے ذریعہ سلب کی ہے تو اسکے maintenance کیلئے صرف ۲۵ ہزار روپے مہینہ مقرر کیا تھا۔

مخدوم الملک محمد شمس الدین جیلانی۔ اگر اتنا الاؤنس مقرر کیا جائے

تو ہم سب جیل جانے کیلئے تیار ہیں۔ (قہقہہ)

مسٹر افتخار احمد خان۔ پہلے سبھاس چندر بوس تو بن لو۔

راؤ خورشید علی خان۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس فیملی کا جو st.tas ہو جو اسکا کاروبار ہو جو اسکی آمدنی ہو اور جو اسکے اخراجات ہوں یعنی اسکے بچے تعلیم بھی حاصل کر رہے ہیں تو ان ساری باتوں کا لحاظ رکھ کر کم سے کم اتنا تو انسانی سلوک کرنا چاہئے کہ انکا باقاعدہ الاؤنس مقرر کیا جائے۔ پچھلی دفعہ جماعت اسلامی کے جن پچاس آدمیوں کو قید میں رکھا گیا ان میں سے اکثر و بیشتر اس بات کے مستحق ہی نہیں سمجھے گئے کہ انکا فیملی ہے انکے اخراجات ہیں انکے بیوی بچے بھوکے مر رہے ہیں انکے ساتھ بڑی سنگدلی کی گئی اور انکا mai.tenance الاؤنس مقرر کیا گیا تو انکی تعداد میری معلومات کے مطابق ۵۰ میں سے ۱۳ تھی اور انکا بھی جو maintenance الاؤنس مقرر کیا گیا (ذرا رازق صاحب غور سے سنیں) جو لوگ دو دو ہزار روپے کماتے تھے۔ یہ پچھلے ریکارڈ کی بات ہے انکا انہوں نے سو روپے فیملی الاؤنس مقرر کیا تھا جسکی دو بیویاں تھیں اسکا زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سو روپے اور اکثر و بیشتر لوگ نو نو مہینے رہ کر آئے ہیں لیکن انکو اس وقت تک کچھ نہیں ملا۔ میری معلومات کی حد تک بعض لوگوں کے cases pending ہیں۔ لہذا آئندہ کیلئے اس بات کا خیال رکھئے کیونکہ اسکا کوئی justification موجود نہیں ہے کہ انکو بغیر مقدمہ چلائے نظر بند کر دیا جائے۔ لیکن میجاریٹی کی بنیاد پر آپ اس قسم کی جائز اور ناجائز کارروائی کر سکتے ہیں اور اس سلسلے میں آخر میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ایک کمرے کے اندر پانچ سات آدمیوں کی مشاورت ہوتی ہے تو اس آرڈیننس کے ذریعہ یہ جواز پیدا کیا گیا ہے کہ ایسے پانچ سات آدمیوں کے اکھٹا ہونے کو پبلک میٹنگ سمجھا جائیگا۔ ایک دفعہ نوابزادہ افتخار احمد صاحب کے کمرے میں پانچ سات آدمی جمع ہوگئے تو ایک پولیس آفیسر آ دھمکے۔ میں نے کہا کہ یہ کس تقریب میں؟۔ انہوں نے کہا کہ ڈی۔ ایم۔ صاحب نے کہا ہے کہ ابھی پیلز کے کمرے نمبر ۱ میں پبلک میٹنگ ہو رہی ہے تو فلاں افسر کو اختیار دیا جاتا ہے اس میں شامل ہو جائے میں نے کہا کہ اس میں پبلک میٹنگ کیسے ہو سکتی ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ بحث کیجئے گا یہ عدالت میں یا ڈی۔ ایم۔ سے میں نے کہا کہ

حضور والا ہم آپ کو بٹھانے کیلئے تیار نہیں ہیں تو آپ اندازہ لگائیے کہ اس قسم کی دھاندلیاں اور اس قسم کی دھاندلیاں اور زیادتیاں ایک خود دار اور با عزت شہری جو یہ نہیں چاہتا کہ جمہوریت ختم ہو جائے برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں ہے۔

بہرحال میں اسکی سخت مخالفت کرتا ہوں اور گورنمنٹ کو چاہئے کہ وہ اسکو repeal کرے۔

Mr. Speaker : Allama Sahib.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور-۲) جناب صدر اس ہنگامی مسودہ قانون پر اس تفصیلی تجزیہ کے بعد جو میرے فاضل دوست راؤ خورشید علی خان صاحب نے اس ایوان کے سامنے پیش کیا ہے میں اس کے قانونی پہلوؤں پر اپنی گذارشات پیش نہیں کرونگا میں صرف اپنی گذارشات اس قانون کے اخلاقی اور مذہبی پہلوؤں تک محدود رکھوں گا۔ (قطع کلامیاں) قبرستان میں اذان کون سنتا ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ مردے قبر سے اٹھکر سن لیں گے۔ آپ اذان دے دیجئے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ جناب صدر۔ یہ ایک نہایت ہی شرمناک مسودہ قانون اس ایوان کی منظوری کیلئے پیش کیا گیا ہے اس کے مندرجات اور جس قسم کے اختیارات انتظامیہ کے تحت اور صوبے کے اندر انتظامیہ کی بالا دستی قائم رکھنے کیلئے رکھے گئے ہیں میں آپ سے یقین کیساتھ کہہ سکتا ہوں کہ صوبے کے عوام اس کو ناپسند کرتے ہیں۔ یہ حریت پسندوں کی جمہوری تحریکیں اور ان کی تقریری اور تحریری آزادی ان کو اظہار خیال کی آزادی اسکے خلاف ایک نہایت ہی سنگدلانہ قانون جو حقیقتاً لا قانونیت کا مظہر ہے یہاں پیش کیا گیا ہے۔ ایک سوال بڑا سیدھا سا اور بڑا سادہ بڑا واضح اور بڑا غیر مبہم کہ آخر اس صوبے کے کروڑوں عوام نے کیا گناہ کیا ہے اور کیا تقصیر اور کیا خطا ان سے سر زد ہوئی ہے کہ وہ اپنی آزادی اور شہری آزادی سے انگریز کے سامراجی عہد میں اور غلامی کے دور میں جن آزادیوں سے بہراور تھے آج وہ ایک ایک کر کے کیوں چھینی جا رہی ہے اور ہمنے اپنی غلامی کے دور میں اس قسم کے قوانین کے باعث ایسی گھٹن اور زندگی کیلئے ایسی مسموم

اور زہریلی فضا نہیں دیکھی یہ ہمارے حکمرانوں کو پتہ ہے کہ کونسی خطا اور کونسی تقصیر ہے کہ جسکی یہ سزا ہے۔ لوگوں نے خون کا سمندر تیر کے اس ملک کو بنایا اور یہ سوچا تھا کہ اس ملک میں آزادی کی سانس لیں گے اور بین الاقوامی اور بین الملی زندگی میں اپنی گردن فخر کیساتھ اونچی کرکے یہ کہہ سکیں گے کہ وہ آزاد ملک کے ایک آزاد شہری ہیں۔

تو یہ کونسا آزادی کا نقشہ ہے جو ہمارے سامنے پیش کیا جارہا ہے۔ یہ کون سی احسان شناسی ہے۔ اس قوم نے ان بیش بہا قربانیوں کے بعد اس ملک کو بنایا اور ان قربانیوں کے صدقے میں کچھ لوگ وزیر بنے اور کچھ پارلیمانی سیکریٹری۔ جب انگریزوں کی قوم غلام تھی تو اس کے لئے تمام چیزیں ناممکن تھی۔ تو قوم کو انہوں نے یہ صلہ دیا کہ انکی قربانیوں کے بدلے انہیں سیفٹی ایکٹ Maintenance of Public Order Ordinance ; University Ordinance and Press and Publication Ordinance دیا۔ ان قربانیوں کا صلہ اور جو احسان اس قوم نے ان وزراء اور اس ملک کے عہدے داروں پر کیا اس کے صلے میں چیزیں دی گئیں۔ پھر جناب سپیکر۔ آپ بہتر جانتے ہیں کہ آج مواصلات میں علم و انکشاف کی موشگافیوں نے دنیا کی زمین کی طنابیں کھینچ لی ہیں۔ دنیا مختصر ہوگئی ہے۔ اب یہ نہیں ہے کہ کوئی کام اگر ہم پاکستان میں کریں تو اس کی خبر ہمسایہ ملک کو نہ ہو۔ یا جو قومیں اور ممالک ہم سے دور ہیں انکو یہاں کے عوام کی خبر نہ ہو۔ ہم نے بین الاقوامی۔ ہم نے شہری آزادی اور شخصی آزادی کے منشور پر دستخط کئے ہوئے ہیں اور دوسری قوموں کو یقین دلایا ہوا ہے کہ جس قسم کی شہری آزادی کا تصور وہ کرتے ہیں پاکستان میں بھی ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے اسکی آزادی کا تصور وہی ہے۔ تو اس قسم کے قوانین کے ساتھ ہماری بین الاقوامی شہرت کو بھی دھکا لگتا ہے اور دوسرے ملکوں کی برادری کے اندر ہو سکتا ہے کہ ہمارا وقار مجروح ہو جائے اس قسم کے قوانین یقیناً'' انتظامیہ کو بڑے وسیع اختیارات دیتے ہیں اور یہ قوم کو ناکارہ اور بزدل بنانے کے لئے نافذ کئے جاتے ہیں۔ اگر فرض کرلیا جائے کہ ان قوانین کے ذریعے ہماری حکومت اس مقصد کو حاصل کرلے اور انتظامیہ وسیع سے وسیع تر اختیارات کی حامل ہو جائے اور قوم کو ان قوانین کے ذریعے بزدل بنا دیا جائے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایک بزدل قوم اپنے ملک کی مدافعت کا فریضہ سر انجام دے سکے گی؟ جناب صدر۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ وہ عبادات سے تعبیر نہیں بلکہ کتاب و سنت کا زیادہ تر حصہ

حدود اللہ سے متعلق ہے۔ اسلام نے بھی کچھ قوانین متعین کئے ہیں اور سب سے بڑا اس کا بنیادی اصول یہ ہے کہ کسی مجرم کو سزا دیتے وقت یقین کیساتھ اور وثوق کیساتھ۔ گواہوں کی گواہی کیساتھ اس کی مجرمیت اس پر ثابت کر دیجائے ۔ کسی شک و شبہ سے یہ چیز بالا تر ہونی چاہئیے۔ یہ کہ آپ کو آپ کی انتظامیہ نے۔ پولیس نے یا مخبروں نے ایک خبر دی۔ تو اس خبر پر انحصار کر کے اپنی نیک نیتی کیساتھ ۔ میں تو یہاں تک بھی جانے کو تیار ہوں کہ نیک نیتی کیساتھ آپ نے ایک آدمی کی آزادی سلب کر لی اس ترمیمی ایکٹ کے ماتحت ۔ تو میری گذارش کرنے سے یہ مراد ہے کہ اس کے تحت اسلامی قوانین کی تعزیر کا تقاضہ اس سے پورا نہیں ہوتا ۔ اس لئے کہ حضور سرور کائنات کا ارشاد ہے . . . .

ادرع الحدود ما ستطعتم ـــــ الحدود تندع بشبہات

کہ جہاں شبہ پیدا ہوا وہاں حد ساکت ہو جاتی ہے یعنی قاتل کو قتل کی سزا نہیں دیجا سکتی ۔ اس سے قصاص نہیں لیا جا سکتا جب شک اس میں پڑ جائے یعنی شبہ کی جب کوئی بات ہو۔ یہاں ساری آزادیوں کی سلب کرنے کی بنیاد شکوک اور شبہات پر رکھی گئی ہے یا ہمارے ارباب اختیار کے تیور بدلنے پر ان کی پسند اور ناپسند پر انکی likes اور dislikes پر ہے۔ اور پھر جناب میں بڑے ادب کیساتھ عرض کرتا ہوں کہ مجھے میاں صاحب فرما رہے ہیں کہ ان وزرا کو تین تین مہینوں کے لئے بمعہ ان کے پارلیمانی سکریٹریوں کے سیفٹی ایکٹ کے اندر جیل خانے بھیج دیا جائے۔

میاں محمد شریف ۔ اس کی تو آپ بڑی دیر سے کوشش کر رہے ہیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ یہ تمام ان کے عملی کاموں کا جائزہ لیکر کہا گیا ہے ۔

میاں محمد شریف ۔ آپ کا یہ خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا ۔

(شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order please.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ ہاں جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ تعزیر کا بنیادی اصول یہ ہے کہ شک و شبہ سے بالا تر ہو کر یقین کیساتھ کسی

مجرم کی مجرمیت اس پر ثابت کیجائے ۔ عدالت کے اندر شہادت کیساتھ اسکو صفائی پیش کرنے کا موقعہ دیا جائے اور اس کے بعد کوئی قاضی ۔کوئی حاکم اس کو سزا کا مستوجب قرار دیسکتا ہے۔ دوسرا بنیادی اصول یہ وضع کیا گیا ہے کہ اگر کوئی گناہ گار کسی قانونی سقم کی وجہ سے یا شہادت کے سقم کی وجہ سے بری ہو جائے تو ہو جائے لیکن کسی بیگناہ کو سزا نہ ہونے پائے ۔ آپ نے اس قانون کا یہ کرشمہ دیکھ لیا ۔ لوگوں نے بھی بظاہر اس کو دیکھ لیا اور صوبے کے کروڑوں عوام کو بھی اس کا علم ہے کہ ایک ایک جماعت کے پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ ارکان کو جیل خانے میں بند کر دیا گیا ہے اور ۹ مہینے کی ان کی شہری آزادی سلب کرنے کے بعد عدالت عالیہ نے حکم دیا کہ انکو چھوڑ دیا جائے کیونکہ یہ آزادی ان کی غلط طور پر سلب کی گئی تھی تو اس اصول کے ساتھ یہ جو قانون ہمارے سامنے پیش ہے یہ نہ تو اخلاقی اعتبار سے اور نہ اسلامی اعتبار سے صحیح ہے۔ نیز ایک بات جو واقعی میں دریافت کرنی چاہتا ہوں وہ یہ کہ جس وقت یہ کسی آدمی پر اس قانون کا نفاذ کرتے ہیں اور اس کی آزادی سلب کرتے ہیں تو جناب سپیکر ۔ یقینی طور پر ان کو معلوم ہوتا ہوگا کہ اس کے خلاف کس کن جرائم کو منسوب کیا گیا ہے۔ اس سے کون کون سا جرم سر زد ہوا ہے۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ انکو ۱۰ دن کی بھی مہلت دیجائے۔ یا تو ملزم کو گرفتار کرتے ہوئے اسے بتا دینا چاہئیے کہ تمارے خلاف یہ جرم ہے۔ تم خطاوار ہو تم سزا کے مستحق ہو لیکن ۱۰ دن جو پہلے قید رکھی گئی تھی اس کو بھی اڑا کر یہ بنایا گیا ہے کہ جب ان کا جی چاہے تین ماہ کے اندر بتا سکتے ہیں تو یہ چیز بھی انصاف کے بنیادی تقاضوں کے خلاف ہے۔ پھر جناب سب سے بڑا المیہ ان کے دور حکومت کا نہیں سابقہ حکومتیں بھی اس سے بری قرار نہیں دیجا سکتیں ۔ سب سے بڑا المیہ اس ملک کا یہ ہے کہ کسی کو سیاسی وجود کی بنا پر اسے ملک دشمن تصور کرلیا جاتا ہے ۔ اگر کوئی کام وہ آئین کی حدود کے اندر رہ کر بھی کرے تو کہدیا جاتا ہے کہ یہ ملک دشمن ہے اور اس المیہ کا سب سے بڑا دردناک اور شرمناک پہلو یہ ہے کہ اس ملک کے اندر سہروردی جیسے عظیم قائد کو جس نے پاکستان کی تخلیق میں بہت بڑا حصہ لیا تھا اس کو بھی غیر محب وطن اور ملک دشمن قرار دیکر جیل کی سلاخوں کے اندر چھ ماہ کے لئے بند رکھا گیا ۔ اس گذارش کا مقصد یہ ہے کہ یہ قانون سنگدلانہ ہے۔ اور اس کا استعمال نہایت شرمناک طریق پر کیا جاتا ہے۔ اب جناب دوسری بات یہ ہے کہ میں حاجی عبدالمجید جتوئی صاحب کی طرح ایک ہونٹ

کی بات تو نہیں کروں گا لیکن ایک بہاولپوری کی حیثیت سے اس احساس کا تذکرہ مناسب سمجھتا ہوں کہ جب وحدت مغربی پاکستان کا قیام عمل میں لایا جانا تھا تو اس وقت ہم لوگوں سے یہ کہا جاتا تھا کہ ہمارے علاقے اقتصادی اور معاشرتی طور پر بہت اچھے ہو جائیں گے۔ یہاں شہر کی نہریں اور دودھ کے دریا بہیں گے۔ مگر آج ہم محسوس کرتے ہیں کہ مغربی پاکستان کی وحدت کا یہ بھی ایک تحفہ ہے۔ نظر بندی اور قید کا یہ عذاب وہاں موجود نہ تھا۔ ہمارے ریاستی حکمرانوں نے باوجود خود مختار ہونے کے اپنی رعایا کے لئے اس قسم کی زنجیریں تیار کرنے کا کبھی نہیں سوچا تھا۔ جو یہ لوگ جمہوریت کے بلند بانگ دعاوی کے ساتھ اپنے عوام کے لئے کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker : Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-I) : Sir, in principle, I do not think any person with any mental upbringing could support the deprivation of the liberty of any individual without a fair trial in a property-constituted Court of Law. Therefore, Sir, in principle, the detention of any person without a fair trial is not proper. Be it said to the credit of the judiciary of this country of which we are highly proud that they have never hesitated to safeguard the liberties of individual in conformity with the Constitution.

Sir, every Government that has come in—Governments we can recollect of since the creation of this country including the Governments supported by our friends now in the Opposition--all of them have resorted to these types of laws for preventive detention in one form or the other. It seems that while coming into power they feel this to be a necessity or an easier manner to retain the offices. Therefore, feeling it probably a necessity every Government that has come into power has retained this law in one form or the other on the Statute Book. No Government has yet come forward to remove this law (in whatever form) from the Statute Book.

Sir, I would merely make a reference to one or two provisions of this Ordinance, namely (5-c) which, I think, calls for the attention of the Government for a suitable amendment. Since probably legislation through Bills is not our custom only an amending Ordinance can be issued. It reads :

> "A person whose case has been referred to the Board under the provisions of sub-section (5-b), shall not be entitled to appear by any legal practitioner in any matter connected with the case referred to the Board."

Sir, it is, I think, almost an inherent right under our present Constitution of a person to be represented by a legal practitioner of his choice. To deprive him of such assistance in a matter where his liberty is involved is not a good thing. I would, therefore, request the Government that they should, at the earliest possible opportunity do the needful not to deprive a person of such assistance. There are so many persons who are completely ignorant of law. They must have the right

to be assisted by a legal practitioner in a case involving their detention because we do not know, Sir for how long the Government under this Ordinance will assume unrestricted power for an unlimited period (subject to certain procedure) to detain a person. He really has to make or mar his future liberty when he appears before the Board and at that time to deprive him of his right to engage a legal practitioner, I can say, is anything but fair.

Then, Sir, (5-c) reads :

"The proceedings and the report of the Board excepting that part of the report in which the opinion of the Board is specified, shall be confidential."

Now, Sir, the proceedings and the report of the Board particularly the report as a whole is a sort of a judgement. To deprive him of getting the copy of even the judgement which deprives him of his liberty, could hardly be conceived of being fair to the individual. After all if I am ordered to be detained for a period of three months—may be three years, may be ten years--I have a right at least to have a copy of the judgement or the Report of the Board which authorizes the Government to detain me for that period. Therefore, I feel that the Government should make available to me a copy of the Report of the Board.. I don't say that, that document should be made public but at least I should be entitled to have a copy of the Report because if I want to challenge that order in the High Court, if I want to go in for a writ I must know the basis, I must know the contents of the report on which I can move the High Court or, if necessary, the Supreme Court to show that the detention is illegal or not.

Then, Sir, I refer to Section 7 20-A(1) which reads :

"Where a representation is received under sub-section (5) against an order under clause (*a*), clause (*c*), clause (*d*) or clause (*e*) of subsection (1) of section (5), Government shall, if the order represented against is not rescinded or cancelled and the order is to have effect for a period exceeding three months, forward the case, including the representation....."

All this, obviously does not bring out any sense and must be redrafted. If there is not any printing mistake then it is bad drafting.

With those few words I would take my seat.

سید احمد سعید کرمانی (لاہور-۵) - جناب والا - اتنی تقریروں کے بعد اب اس آرڈیننس پر مزید کچھ کہنا ایک بہت بڑی جسارت ہے - لیکن پچھلے چند گھنٹوں میں جو چند ایک سوالات میرے ذہن میں ابھرے ہیں - انہوں نے مجھے مجبور کیا ہے - کہ میں بھی اس سلسلے میں کچھ عرض کروں - مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ جب میں یہ سوچتا ہوں کہ جو کوئی حکومت بھی اس ملک میں آئی ہے - اس نے سیفٹی ایکٹ کو کسی نہ کسی شکل میں رکھا ہے ۔۔ تو پھر میرا case کسی حد تک کمزور ہو جاتا ہے - آپ غور فرمائیں کہ

جب لیاقت علی خان مرحوم کی حکومت تھی۔ تو بھی یہ قانون موجود تھا۔ خواجہ ناظم الدین صاحب کی حکومت آئی۔ تو بھی یہ قانون موجود تھا۔ سہروردی صاحب مرحوم کی حکومت آئی۔ چودھری محمد علی کی حکومت آئی۔ محمد علی بوگرہ مرحوم کی حکومت آئی۔ غرضیکہ ان تمام حکومتوں میں یہ قانون موجود تھا۔ تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ان قوانین کے بغیر ہماری حکومت نہیں چل سکتی۔ یہ ایک بڑا اہم سوال ہے۔ میں انتہائی دیانتداری کے ساتھ یہ سمجھتا ہوں۔ اور مجھے اس چیز کا احساس ہے کہ جب میں یہ بات کہونگا۔ تو بعض حلقوں میں میرے بارے میں کچھ غلط فہمیاں پیدا ہو جائینگی۔ لیکن اب یہ حقیقت ہمیں ماننی پڑیگی۔ کہ ہمیں اس ملک میں اس قانون کو کسی نہ کسی شکل میں رکھنا ہی پڑیگا۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جس شکل ہم نے اسے اس وقت اپنے ملک میں رائج رکھا ہے۔ کیا ہمسایہ ملک میں بھی اسی ڈھب کا کوئی قانون رائج ہے۔ یا detenus کے لئے اس میں ہمارے ملک کے مقابلے میں زیادہ مراعات ہیں۔ اگر اس سوال کا جواب اثبات میں ہو۔ تو پھر میں نہایت ادب سے عرض کرونگا کہ ہمیں پیچھے کی طرف جانے کی بجائے آگے کی طرف جانا چاہئے۔ اور وہ تمام مراعات جو ہمسایہ ملک میں detenus کو preventive laws کے تحت حاصل ہیں۔ وہ اس ملک میں بھی انہیں میسر آنی چاہئیں۔ میں اسکی تفاصیل میں اس لئے نہیں جاؤں گا کہ اس پر میرے فاضل دوستوں نے بہت کچھ کہا ہے۔ اس میں ہمارے لئے کوئی سبکی یا بے عزتی نہیں ہے۔ اگر ہم آس پاس کے ممالک کے defensive laws سے استفادہ کرکے اپنے ملک کے قوانین کو up-to-date کر دیں۔

دوسرا اہم سوال یہ ہے۔ جس نے کہ مجھے پریشان کیا ہے۔ وہ یہ کہ کیا کسی ملک کے ڈیفنس یا سیکورٹی arrangements کے بارے میں بنیادی ذمہ داری مرکزی حکومت کی ہوتی ہے۔ یا صوبائی حکومت کی۔ دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا ملک ہو کہ جس میں کسی صوبے نے یہ ذمہ داری اپنے ذمہ لی ہو۔ سمجھ میں آ سکتا ہے کہ اگر کوئی غیر ملکی دشمن یہاں آ گیا ہے۔ اور وہ ملکی دفاع یا عام بہبود کے خلاف حرکتیں کر رہا ہے۔ تو اسکو قابو میں رکھنے کیلئے یہ قانون بڑا ضروری ہے۔ یہ بات تو سمجھ میں آ سکتی ہے۔ لیکن یہ بات میری سمجھ میں نہیں آ سکتی کہ ایک ایسا ملک جس میں ایک مضبوط مرکزی حکومت قائم ہو۔ اور جسکے پاس سیکیورٹی ایکٹ جیسا قانون بھی موجود ہو۔ تو پھر اسکی ایک برانچ یعنی صوبائی حکومت کو یہ

ضرورت پیش آئے کہ وہ بھی انھی لائینوں پر چند قوانین مرتب کرے۔ مرکزی حکومت کے پاس ان قوانین کا ہونا تو اپنی جگہ پر سمجھ میں آ سکتا ہے اور وہ بھی اس حد تک کہ انکو ان حالات میں استعمال کیا جائیگا۔ کہ جہاں انہیں استعمال کرنے کی واقعی ضرورت ہو۔ انکو ہرگز سیاسی اغراض کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔ لیکن ان اختیارات کا ایک برانچ گورنمنٹ یعنی صوبائی حکومت کے پاس ہونا کم از کم میری عقل سے بالاتر ہے۔ میں نے انتہائی سوچ و فکر کے ساتھ یہ کوشش کی ہے کہ میں یہ سمجھوں۔ کہ ان اختیارات کو صوبائی حکومت کے سپرد کیوں کیا گیا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ لا اینڈ آرڈر کے مسائل کے لئے حکومت کے پاس خاص اختیارات ہونے چاہئیں۔ تو میں آپکی وساطت سے حکومت سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ جو دیگر قوانین کا ایک سلسلہ ہے۔ تعزیرات ہیں۔ ضابطہ فوجداری ہے۔ اور دیگر procedured laws میں بھی جو دفعات ہیں اور دیگر بیشمار عام قوانین ہیں۔ کیا وہ کسی صوبائی حکومت کے لئے امن عامہ برقرار رکھنے کے لئے کافی نہیں ہیں۔ اور اسکا ایک ہی جواب ہے۔ کہ انکے پاس ضرورت سے زیادہ قانونی اختیارات موجود ہیں۔ لیکن نجانے کونسے مشیر ہیں۔ جو انکو برابر یہی مشورہ دے رہے ہیں کہ حکومت چھوڑنے سے پہلے آخری حد تک غیر ہر دلعزیز بن جاؤ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر یہ قانون نہ ہوتا تو بھی ملک میں کوئی ایسا شخص ملکی یا غیر ملکی۔ جو ملک کی دفاع اور تحفظ کے انتظامات کے بارے میں کوئی نازیبا حرکت کرتا۔تو مرکزی حکومت اس کو ضرور قابو کر لیتی اور قوم کی آواز اس اقدام کے پیچھے ہوتی۔ میں ہرگز یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ اس ایوان میں یا وہ لوگ جنکا تعلق اس ایوان کے اراکین سے ہے۔ ان میں کوئی بھی ایسا شخص ہے۔ جو اس ملک کے دفاع کو کمزور کرنا چاہتا ہو۔ کوئی بھی ایسا شخص ہو۔ جو یہ چاہتا ہو کہ ملک میں بد امنی پیدا ہو اور ایسی بد امنی کہ جس سے اس ملک کی سالمیت کو خطرہ لاحق ہو۔ کم از کم میں تو یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر جو اختیارات عقل کے مطابق ، آئین کے مطابق مرکزی حکومت کے پاس ہونے چاہئیں۔ وہ اختیارات صوبائی حکومت کو کیوں دیئے گئے ہیں۔ ابتک جتنی تقریریں ہوئی ہیں۔ کم از کم حکومت کی جانب سے تو مجھے اس سوال کا جواب نظر نہیں آتا۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں اور ایک بار اسے پھر دہراتا ہوں کہ اس سے میرے متعلق کسی حلقوں میں غلط فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ایشیائی ممالک میں بلکہ غیر ترقی یافتہ ممالک میں کہ جنکی اقتصادیات نے پھلنا ہے - اور خاص طور پر وہ ممالک جو بین الاقوامی صورت حال کی حیثیت سے اپنے آپ کو خطرے میں محسوس کرتے ہیں اور پاکستان بھی ان ممالک میں سے ایک ہے۔ جسکے تعلقات دو ہمسایہ ممالک سے اتنے اچھے نہیں ہیں کہ جتنے اچھے ہونے چاہئیں۔ تو ایسے ممالک کیلئے مرکزی حکومت کے پاس اپنے اختیارات کا ہونا ضروری ہے۔ میں یہ اصول مانتا ہوں۔ لیکن ان اختیارات کا صوبائی حکومت کے پاس ہونا ناقابل فہم ہے۔ کیونکہ یہ جو آرڈیننس ہے۔ یہ صوبائی حکومت کو اختیارات دیتا ہے۔ اسلئے میں مجبور ہوں کہ اس آرڈیننس کی پر زور مخالفت کروں۔

نوابزادہ افتخار احمد خان (جھنگ-و)۔ صدر محترم۔ شخصی آزادی، قانون کی حکمرانی، عدلیہ کی انصاف پروری اور بالا دستی، یہ تھے مرکزی نکات جو میرے ان دوستوں نے کل سے اس ایوان کے سامنے پیش کئے ہیں۔ یہ نچوڑ ہے۔ ان تمام دلائل کا اور ان تمام دلائل کے انبار کا جو کل سے ہم آپ کو اس ایوان میں پیش کر رہے ہیں - لیکن یہ کس لئے۔ انکا فائدہ کیا ہے۔ اسکا نتیجہ کیا ہے۔ دلائل تو انکے لئے ہوتے ہیں۔ جنکے پاس عقل سلیم ہو۔ اپنا ضمیر انکے پاس ہو۔ وہ اپنے خیالات کے مالک ہوں۔ ان میں قوم کی طرف اخلاص سے کرنے کا جذبہ موجود ہو۔ اور وہ یہ جذبہ لیکر یہاں آئے ہوں۔ تو یہ وجوہات اور دلائل ان لوگوں کے لئے ہوتے ہیں - لیکن شاید ہم یہ دلائل عادتاً پیش کرتے ہیں۔ شاید اب یہ ہمارا کام ہوگیا ہے۔ ایک routine ہوگیا ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے۔ ایک پرانی عادت ہے۔ یہ دلائل ہم نے اسوقت سے دینے شروع کئے ہیں۔ جب سے کہ اس ملک پر انگریز سامراجیت قائم ہوئی تھی۔ لیکن وہ ان دلائل کو سنتے تھے۔ وہ ان دلائل کو سمجھتے تھے۔ وہ پسند کرتے تھے اور ان پر عمل بھی کرتے تھے۔ میں یہ بات بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں۔ اور آپ محسوس فرمائینگے کہ انگریز صرف ایک مقام پر صرف ایک وجہ سے تنگ نظر ہوا کرتا تھا۔ کہ جہاں اسکی سامراجیت کا سوال ہو۔ جہاں اسکو اپنے ملک کے مفاد اور بادشاہی کا سوال ہو وہی پر تنگ دل ہوا کرتا تھا اور تمام معاملات میں حق و انصاف اس کا اصول ہوا کرتا تھا۔ تو اس زمانہ میں شخصی آزادی کے متعلق میں تو کہتا ہوں کہ اس وقت شخصی آزادی آج سے بدرجہا زیادہ تھی۔ اور ہم توقع کیوں کرتے ہیں۔ صدر محترم یہ میرے بھائی ان سے توقع کیوں کرتے ہیں۔ یہ قانون کی حکمرانی کے دلائل ان پر

کوئی اثر کریں گے۔ شخصی آزادی کے دلائل اُن پر کوئی اثر کرینگے یہ تو لاقانونیت کی شاخیں ہیں جس نے اس ملک میں ۷ اکتوبر ۱۹۵۸ کو جنم لیا تھا۔ یہ اس لاقانونیت کی نشانیاں ہیں۔ یہ اس لاقانونیت کے پس ماندگان ہیں۔ جہاں انکی بنیاد ہی لاقانونیت پر ہو۔ جہاں اسکے تمام قلعے کی بنیاد لاقانونی proclamation پر ہو۔ وہاں انکو قانون کی دعائیں کرنا۔ وہاں ان کو عدالت کیلئے اپیل کرنا بالکل بے معنی ہے اور بالکل فضول باتیں ہیں۔

صدر محترم۔ ایک چیز جو یہاں پر بار بار دھرائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ پرانی حکومتوں نے بھی ان قوانین کو یہاں جاری رکھنے کی ضرورت محسوس کی تھی۔ پرانی حکومتوں نے بھی ان قوانین کو لاگو رکھا تھا۔ اور ان کو استعمال کیا تھا۔ اس لئے ان کے پاس وجہ ہے۔ ان کے پاس مثال ہے۔ ان کے پاس استدلال ہیں۔ یہ کہتے ہیں ہمارے پاس وجہ ہے۔ ہمارے پاس استدلال ہیں۔ ہم بھی اس قانون کو ملکی مفاد کے لئے قائم رکھیں گے۔ لیکن صدر محترم۔ ان حکومتوں میں اور اس حکومت میں۔ اس غیر حاضر حکومت میں کتنا فرق ہے۔ وہ عوام کی نمائندہ حکومت ہوتی تھی۔ وہ عوام کے جذبات کو جانتی تھی۔ اور سمجھتی تھی۔ ان کی انگلیاں قوم اور عوام کی نبض پر ہوا کرتی تھیں۔ انکو عوام کی ملامت برداشت کرنا پڑتی تھیں۔ انکو رائے عامہ کا احترام کرنا پڑتا تھا۔ وہ عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی تھیں۔ عوام انکو حکومت سے ہٹا سکتے تھے۔ عوام انکو برخواست کر سکتے تھے۔ عوام انکو عدم اعتماد کر سکتے تھے۔ وہ عوامی حکومتیں تھیں۔ وہ اگر کسی قانون کی ضرورت سمجھتی تھیں تو ملکی مفاد کے لئے ضروری سمجھتی تھیں اور ان کی نیت ٹھیک تھی۔ چونکہ وہ اور کچھ نہیں سوچ سکتی تھیں۔ لیکن یہ حکومت جو نہ عوام کی نمائندہ ہے۔ نہ قوم کی نمائندہ ہے۔ جو نہ قانونی شکل میں معرض وجود میں آئی ہے۔ ایسے قانون کو۔ ایسے سیاہ۔ جابرانہ اور منتقمانہ قانون کو ان کے ہاتھ میں دینا بالکل ایسی بات ہے جیسے X X X X X X X* اس لئے صدر محترم ....

Mr. Speaker : That expression used by the member is unparliamentary. He should withdraw it. I withdraw it.

مسٹر افتخار احمد خان۔ بہت اچھا جناب۔ I withdraw it

Mr. Speaker : And it is expunged from the Proceedings of the Assembly.

*Expunged as ordered by Mr. Speaker.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ اس لئے صدر محترم یہ استدلال میری سمجھ سے بالاتر ہیں ۔ یہ مقابلہ کیوں ۔ یہ جرأت کریں اور سابقہ حکومتوں سے مقابلہ کریں ۔ کوئی مقابلہ نہیں ہے ۔ اس وجہ سے کہ ان حکومتوں نے اس قانون کو رکھا اور عملی طور پر میں آپ کو ثابت کر کے دکھاؤں گا ۔ اگر ان حکومتوں نے اس قانون کو رکھا ۔ تو اس کا استعمال بہت تھوڑا ہوا کبھی اس تیزی کے ساتھ اس بڑے پیمانہ پر ۔ ایسے recklessly محب الوطنوں کے خلاف ۔ طلبا کے خلاف ۔ اساتذہ کے خلاف ۔ ٹرانسپورٹرز کے خلاف ۔ انہوں نے اس پیمانہ پر اس قانون کو استعمال نہیں کیا ہے ۔ جو مجھے یہ کہنے پر مجبور کرتا ہے کہ اس قانون کا سٹیچوٹ بک پر رہنا ۔ آج اس قانون کا اس ملک میں رائج رہنا مفاد عامہ کے خلاف ہے ۔ ملکی مفادات کے خلاف ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) دوسرے صدر محترم کہتے ہیں کہ یہ ترمیمی آرڈیننس آیا کیوں ؟ انہوں نے ایک نئی روش ڈالی ۔ مقابلہ کرتے ہیں راجہ بھوج سے ۔ اور باتیں نئی ۔ انہوں نے ایک نئی ایجاد کی ہے کہ ہائی کورٹ سے ۔ عدلیہ سے کسی قانون کو خلاف آئین قرار دے دیا جائے ۔ اس میں کمزوریاں اور نقائص بیان کر دیئے جائیں ۔ اس کو کالعدم قرار دے دیا جائے تو انہوں نے یہ طریقہ نکالا کہ فوراً ایک نیا آرڈیننس لے آئے ۔ اس کمزوری کو رفع کرنے کا نام ہے ۔ اس سے کمزوری رفع نہیں ہوتی ۔ اس کمزوری کو رفع کرنے کے نام پر ایک نیا آرڈیننس لے آنا کہ جب کوئی اور شہری پکڑا جائے گا جب کسی اور شہری کا اخبار ضبط ہوگا ۔ جب کسی شہری کا لاؤڈ سپیکر میں چالان ہوگا ۔ جب تک کیس عدالت میں پہنچے گا سال لگے ۔ چھ مہینے لگیں اس وقت تک وہ آرڈیننس enforce رہے گا ۔ یہ نیا طریقہ انہوں نے ڈھالا ہے ۔ عدالت عالیہ کی عزت کا یہ طریقہ نکالا ہے ۔ اور یہ محسوس کرتے ہیں ؟ یہ خوف اور یہ باتیں ان لوگوں کیلئے ہوتی ہیں کہ اگر کوئی حکومت عدلیہ کا احترام نہ کرے وہ عوام کا اعتماد کھو بیٹھتی ہیں ۔ عوام اس کو لعنت بھیجیں گے ۔ جب کسی قانون کو عدلیہ ناقص قرار دے دے عوام اس سے نفرت کریں گے ۔ اس حکومت کے خلاف ملامت کا ووٹ پاس کریں گے ۔ کہ وہ ایسے قانون یا آرڈیننس کیوں بنائے جس کو ہائی کورٹ نامنظور کردے ۔ نہ ان پر عوام کی ملامت کا اثر نہ انہیں خدا کا خوف ہے ۔ خدا کا خوف اس لئے نہیں کہ یہ علماء بچارے صرف دین کی خدمت کے سلسلے میں ۹ مہینے تک . . . .

میاں محمد شریف ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ نوابزادہ صاحب آرڈیننس

کے متعلق ذکر کر رہے ہیں یا ہمارے خلاف ۔ وہ ہمارے دین ۔ مذہب کا ذکر کر رہے ہیں اور ہمیں بے دین وغیرہ کہہ رہے ہیں ۔ اگر اسی قسم کی باتیں کرنے کی آپ اسکو اجازت دیتے ہیں ۔ تو میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ مجھے بھی اجازت دیں کہ میں ان کی تقریر کا جواب دوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ بہر حال جناب میاں صاحب نے اپنے فرائض منصبی سے عہدہ برآ ہونا ہے ۔ تنخواہ ہی اس بات کی لیتے ہیں ۔ (قہقہہ)

پارلیمنٹری سکریٹری ۔ آپ بھی کوشش کرتے ہیں لیکن تنخواہ آپ کو ملتی نہیں ۔

Mr. Speaker : The member should take his seat and should not indulge in cross talk.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ ایسی تنخواہ پر ہزار لعنت ۔ (قہقہہ)

Mr. Speaker : No cross talk please.

میاں محمد شریف ۔ اگر مل جائے تو دونوں جیبوں میں . . . .

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب والا ۔ اس وقت مجھے ڈاکٹر اقبال کا شعر یاد آ رہا ہے ۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

(قطع کلامیاں اور شور)

میاں محمد شریف ۔ انگور کھٹے ہیں ۔ ہاتھ نہیں پہنچتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر محترم ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس حکومت کی یہ روش کہ اگر ایک قانون کالعدم قرار دیدیا جائے ۔ تو اس خلا کو پر کرنے کیلئے ۔ اپنی ذاتی اور حکومت کی ضروریات پورا کرنے کیلئے ایک اور آرڈیننس لایا جائے ۔ یہ صریحاً زیادتی ہے ۔

اب میں آپ کو ایک اور فرق بتاتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ جس طرح آپ نے اس قانون کو سیاسی کارکنوں کے خلاف استعمال کیا ہے۔ میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔ میں اسے برا کہتا ہوں۔ جو چیز میں اپنے لئے غلط سمجھتا ہوں۔ وہ ان کے لئے بھی غلط ہے۔ جو چیز ان کے پیش روؤں نے غلط طور پر کی تھی۔ اور ان کے پاس اس کیلئے کوئی جواز نہ تھا۔ یہ بھی وہی چیز کرینگے۔ لیکن جو طریقہ انہوں نے اختیار کیا ہے۔ وہ بہت غلط تھا۔ اب ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد اس چیز پر اصرار کرنا کہ ہم اس آرڈیننس کے ذریعے اس قانون کے سقم دور کر رہے ہیں۔ کیا یہ بھی کوئی قانون سازی کا طریقہ ہے۔ کیا یہ صحیح قانون نہیں بنا سکتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آئندہ اگر ان کا کوئی قانون کسی عدالت میں کالعدم قرار دیدیا جائے۔ تو ان پر کوئی تعزیر ہونا چاہئے۔ ان پر جرمانہ اور سزا ہونا چاہئے۔ اتنے آدمیوں کو نو نو ماہ تک جیلوں میں ڈالے رکھنا اور نو ماہ کے بعد انہیں آزادی دینا کہاں کا انصاف ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہیں تو شخصی آزادی کے تصور کا پتہ ہی نہیں۔ جو شخص اپنی شخصی غلامی پر فخر کرتا ہو۔ فرد واحد کا غلام بننا اپنے لئے طرہ امتیاز سمجھتا ہو۔ اور صدر محترم۔ دنیا میں ایسی پارٹی بھی دیکھنے میں نہیں آئی۔ جس شخص نے فرد واحد کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے ایک منشور تیار کیا ہو۔ اور اس پر عمل کی کوشش کی ہو۔

Mr. Speaker : The member may please discuss the Ordinance.

مسٹر افتخار احمد خان۔ معاف کیجئے جناب۔ پتہ نہیں میں کہاں سے کہاں نکل گیا۔

میاں محمد شریف۔ جناب والا۔ ہم تو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہیں۔ ہم کمیونسٹ نہیں ہیں۔ ہم خدا اور رسول کو مانتے ہیں۔

Mr. Speaker: The member should take his seat.

سید احمد سعید کرمانی۔ جناب والا۔ کیا اس حکومت کے پاس کوئی پڑھا لکھا پارلیمنٹری سیکریٹری نہیں ؟ (قہقہہ)

میاں محمد شریف۔ جناب والا۔ میں عرض کر دوں کہ اب الیکشن ہونے والے ہیں۔ پڑھائی لکھائی کے متعلق سب کچھ معلوم ہو جائیگا۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ جناب۔ یہ تو ان پڑھ حکومت کے پاس ان پڑھ

پارلیمنٹری سیکریٹری ہیں۔ یہ تو ایک فوجی حکومت ہے۔ (قہقہہ) اس لئے صدر محترم ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ شخصی آزادی کسے کہتے ہیں۔ ویسے یہ ایک بہت چھوٹا سا معاملہ ہے اور بہت چھوٹی سی بات ہے کہ کسی فرد واحد کو جیل میں ڈال دیا جائے۔ دس کروڑ انسانوں میں سے صرف ایک فرد کو گرفتار کرکے جیل کے اندر ڈال دینا کوئی ایسا بڑا واقعہ نہیں۔ لیکن صدر گرامی۔ آپ نے تاریخ پڑھی ہو گی۔ اور دیکھا ہوگا کہ اس شخصی آزادی کیلئے انسانیت نے اور جمہوری ممالک کے انسانوں نے کتنی جدو جہد کی ہے اور کتنی قربانیاں دی ہیں۔ یہ سوال ایک شخص کی آزادی کا نہیں۔ یہ تو پوری قوم کی آزادی کا سوال ہے۔ اگر کسی ملک سے یہ احساس ہی اٹھ جائے۔ اور وہاں بغیر کسی وجہ سے لوگوں کو پکڑا جاسکتا ہو۔ تو پھر وہاں ہر شخص کی زبان بند ہوگی۔ وہاں آزادی کا جنازہ نکل جائیگا۔ وہاں جمہوریت اور انصاف کا جنازہ نکل جائیگا۔ لیکن اگر ملک میں یہ احساس ہو کہ کسی شخص کو کسی وجہ۔ قصور اور جرم کے بغیر گرفتار نہ کیا جائیگا۔ تو اس ملک میں آزادی تقریر بھی ہو گی۔ وہاں آزادی طاقت بھی ہوگی اور آزادی ضمیر بھی ہوگی۔ اور انصاف بھی ضرور ہوگا۔ اور سب قوانین انصاف پر مبنی ہونگے۔ لہذا میرے نزدیک آج معاشرے کی بنیاد شخصی آزادی ہے۔ آج شخصی آزادی جمہوریت کی بنیاد ہے۔ اور اسے روندنے اور تباہ و برباد کرنے میں اس حکومت نے جو کردار ادا کیا ہے۔ مورخ اسے لکھ رہا ہے۔ اور اگر یہ اس وقت تک زندہ رہے تو ان کی اولادیں جب اسے پڑھینگی تو شرم کے مارے ان کی گردنیں جھک جائینگی۔ اور وہ کہیں گے کہ ان کے ماں باپ نے اس دور میں یہ کیا کیا۔

صدر محترم۔ دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا تھا۔ یہ ہے کہ ابھی میرے کسی بھائی نے یہ بات کہی تھی کہ عام طور پر سیفٹی قوانین ان لوگوں کے خلاف استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور ان لوگوں کو گرفتار کیا جاتا ہے جن کے متعلق واضح ثبوت موجود نہ ہو۔ ان کے متعلق صرف شکوک ہوں۔ مجھے اس سے تھوڑا سا اختلاف ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ شکوک کی بنا پر کسی شخص کو گرفتار کرنا ویسے ہی غلط بات ہے۔ سیفٹی قوانین کا مقصد اگر کوئی ہوسکتا ہے۔ یا انہیں دیا جاتا رہا ہے۔ یا اس کا کوئی جواز ہے تو وہ یہ کہ کسی شخص سے مستقبل قریب میں کوئی بڑا بھاری خطرہ لاحق ہونے والا ہو۔ یا اس نے مستقبل قریب میں کوئی ایسا جرم کرنا ہو جس سے

ملک کی بنیادیں حل جانے کا امکان ہو۔ یہ صرف اس کے خلاف استعمال کرنا جائز ہے ۔ یہ کہ شہادت یا شکوک کوئی چیز نہیں۔

صدر محترم۔ مجھے وہ بات یاد آگئی۔ کسی صاحب نے فرمایا تھا کہ اب ملک میں تلخی کم ہونی چاہیئے۔ مخاصمت کم ہونی چاہیئے ۔ یہ تو بڑی اچھی بات ہے۔ ہم حزب اختلاف والے کب چاہتے ہیں کہ یہ تلخی یا یہ سختی اس ملک میں باقی رہے۔ ہم تو اس ملک میں پریم اور محبت کا راگ سننا چاہتے ہیں۔ لیکن کیا کسی نے یہ سوچا کہ پچھلے چھ سال کے دوران جس کسی نے بھی آزادی کا نام لیا۔ اس برسراقتدار طبقے نے اسے کس طرح نیست و نابود کرنے کی کوشش کی۔ جو تلخی۔ جو ناروا داری اور تنگ دلی آج ہمارے ملک میں دیکھنے میں آتی ہے۔ یہ صرف آپوزیشن میں ہونے کی وجہ سے ہے۔ اور یہی اس بات کیلئے کافی ہے کہ اس شخص کی آزادی بھی چھین لو اور اس کی جائداد بھی چھین لو۔ ایک طرف تو ایمانداری اور مخاصمت ختم کرنے کا دعوے ہے اور دوسری طرف عملاً ان کا کردار یہ ہے۔ یہ سیاسی مخالفت کیلئے سب کچھ کر رہے ہیں۔ یہ سیاسی مخالفت کیلئے تو یہ قانون پاس کراتے ہیں۔ یہ سب کچھ اس ملک کے دفاع کیلئے تو نہیں کر رہے۔ ملک صاحب فرماتے ہیں کہ اس کا اس سے تعلق ہی کیا ہے۔ تعلق یہ ہے کہ آپ یہ قانون ہی سیاسی مخالفوں کیلئے بنا رہے ہیں ۔ آپ یہ اس ملک کے مفاد کیلئے نہیں بنا رہے ۔ اس قانون کا مقصد واضح اور ہر شخص کو معلوم ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ اس قانون کا اطلاق آپ کسی بیرونی ایجنٹ پر نہیں کرینگے۔ ہمیں معلوم ہے کہ آپ اس کا اطلاق کسی ملک دشمن پر نہیں کرینگے۔ آپ نے اس قانون کا استعمال محبان وطن اور آزادی کے پروانوں پر کرنا ہے۔

صدر محترم ۔ انہوں نے خود ہی اس قوم پر Fundamental Rights کا احسان عظیم فرمایا ہے ۔ ایک طرف Fundamental Rights کیلئے آئینی ترمیم ہے۔ اور دوسری طرف ایک صوبجاتی حکومت ۔ ایک ماتحت حکومت ان بنیادی حقوق کے خلاف کردار ادا کر رہی ہے جو ہمیں آئین نے عطا کئے ہیں ۔ دراصل آپ یہ قانون آئین کی violation کرتے ہوئے بنا رہے ہیں ۔ آپ کا قول کچھ ہے اور آپ کا فعل کچھ اور ہے۔

صدر محترم - میں اس قانون کی مخالفت کی ایک اور وجہ بھی پیش کرونگا - دراصل ان سیفٹی قوانین کی پرانی یادیں بھی ہیں - آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۹۴۶ء میں ان سیفٹی قوانین کو توڑ کر اس ملک اور اس اسلامی مملکت کو حاصل کرنے کی بنیادیں رکھی گئی تھیں - آج ان قوانین کو لاگو کرنا اور ان کو جاری رکھنا پاکستان کی جدو جہد اور اس کی بنیادوں کی تکذیب کرنے کے مترادف ہے - اور جو لوگ ایسے قوانین بنا رہے ہیں - وہ پاکستان کے بھی خواہ نہیں ہیں - اور نہ ہی اس کے دوست ہیں - وہ پاکستان کے غاصب اور اس ملک کے دشمن ہیں -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۹) - جناب سپیکر - ابھی چند گھڑیاں ہی گزری ہیں کہ جناب علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب نے فرمایا تھا کہ کسی شخص کو شبہے کی بنا پر سزا دینا حضور مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے منافی ہے - اور ان کی صریح خلاف ورزی ہے - مجھے اس امر کا احساس ہے کہ آج حکومت چلانے والوں میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو انگریز کی غلامی کے ایام میں اپنی غلامی پر فخر کیا کرتے تھے - اس لئے میں انگلستان کے شہرہ آفاق Political Philosopher مسٹر Edmund Burk کی تقریر کا ایک اقتباس آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - انہوں نے فرمایا -

"No man ought to be subject to any penalty from the highest to the lowest but by a trial according to the course of law carried on with all caution and deliberation."

جناب سپیکر - یہ ہوسکتا ہے کہ اس اقتباس کے پیش کرنے سے حکومت یہ کہے - کہ یہ تو پرانے زمانہ کی بات ہے - بیسویں صدی میں تو انقلاب پیدا ہوچکا ہے - اس وقت یہاں انقلابی حکومت ہے - اس زمانہ کی بات کی جائے - مارشل لاء کے ایام میں اس گورنمنٹ نے اور اس پریذیڈنٹ نے جو constitution commission مقرر کیا تھا - اس کی سفارشات کا ایک حصہ پڑھ کر سناتا ہوں - اس میں یہ تھا -

"Our recommendation is that the powers with regard to the issuing of writs, to be given to the High Court; should be increased and that the Fundamental Rights should come into force."

یہ ہماری بد قسمتی نہیں بلکہ یہ ہمارے ملک کی بد قسمتی ہے - کہ کہ یہ حکمران ذہنی لحاظ سے اتنے گئے گذرے ہیں - کہ اُن کے سامنے جیسا

کہ خواجہ صاحب میرے قابل احترام لیڈر نے سابقہ انگریزی حکومت کے دوران کے حوالے دئے ہیں۔ بلکہ اُس کے بعد ۱۹۵۶ کے آئین کے حوالے بھی دئے ہیں۔ میں اُن کا موجودہ حکمرانوں کے سامنے پیش کرنا موقع اور محل کے مطابق مناسب نہیں سمجھتا۔ جب انگریز اس ملک پر حکمران تھے۔ اُس زمانے کے حوالے اس وقت موزوں نہیں ہیں۔ آج جو لوگ حکومت چلا رہے ہیں۔ یہی لوگ اُن انگریزوں کو اپنا آقا سمجھنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ اور اب انگریزوں کی طرح اپنے آپ کو آقا کہلانا چاہتے ہیں۔ ہمارے حکمران جو پہلے اُن کے غلام تھے۔ وہ اب ہمیں اپنا غلام بنانا چاہتے ہیں۔ اس طرح ہم غلامی کی دوسری stage میں چلے گئے ہیں۔ اور غلام در غلام ہوگئے ہیں۔ یہ حکمران اس ملک کے عوام کو ذہنی غلامی پر مجبور کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ اور اس قسم کے ہتھکنڈوں سے کام لے رہے ہیں۔ ہمارے موجودہ حکمرانوں کے نزدیک قانون۔ عوام اور اس سے بھی بڑھ کر اللہ کی حاکمیت پر ایمان نہیں۔ ان سے کسی قسم کی کوئی توقع رکھنا حقائق سے گریز کرنا ہے۔ اس آرڈیننس کے Preamble میں ان الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ "Public Safety and Public interest حالانکہ اس میں پبلک آرڈر کے الفاظ موجود ہیں۔ موجودہ حکمرانوں کے لبوں پر اس قانون کے لئے پبلک کا مفاد اور پبلک کی حفاظت کے الفاظ کا آجانا بالکل ایسا ہے۔ جیسے۔ "برعکس نہند نام زنگی کافور" بلکہ میں تو یہ کہوں گا۔ کہ ہماری عام پبلک تو کہتی ہے۔ کہ

"ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو"

جناب سپیکر۔ اس قسم کی حکومت جس کو یہ دعوےٰ ہے۔ کہ وہ پبلک کے مفاد اور پبلک کی حفاظت کا خیال رکھتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ اس سے بڑی دشمنی پبلک کے ساتھ اور کیا ہوسکتی ہے۔

ایک معزز ممبر۔ یہ آپ کس کے لئے کہہ رہے ہیں۔

مسٹر حمزہ۔ یہ آپ کی حکومت کے متعلق ہے۔ جس نے اس قانون میں Public interest اور Public Safety کے الفاظ کو اس آرڈیننس میں ٹھونس دیا ہے۔

جناب سپیکر۔ مجھ سے پہلے اس حقیقت کے متعلق متعدد مقررین روشنی ڈال چکے ہیں۔ کہ اس قانون میں ترمیم لانے کی ضرورت اس لئے لاحق ہوئی۔ کیونکہ جناب فرید احمد صاحب ایم۔این۔اے کے خلاف اس قانون کے تحت جو کارروائی کی گئی تھی۔ اُسے عدالت عالیہ نے ناجائز قرار دے دیا۔ اس کے

علاوہ جماعت اسلامی کے کارکن اور بعض لیڈروں کے خلاف جو کارروائی کی گئی اس کو بھی خلاف قانون قرار دے دیا گیا ہے۔ موجودہ حکومت نے عدالت عالیہ کے فیصلوں کو دلی طور پر قبول کرنے کی بجائے یہ ٹھان لی ہے۔ کہ اس میں ترمیم کی جائے۔ جس کی وجہ سے اس ملک کی عدلیہ معطل ہو کر رہ جائے۔

جناب سپیکر ۔ عدالت کے سامنے حکومت کی طرف سے جو دلائل دئے گئے ہیں۔ وہ یہ تھے۔ کہ عدالت عالیہ کو کسی نظربند کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کرنے کا اور جائز و ناجائز قرار دینے کا اختیار نہیں۔ اس چیز کو ہر شخص تسلیم کرے گا کہ کوئی قانون بناتے وقت ہم تمام مواقع اور تمام حالات قانون میں تحریر نہیں کر سکتے۔ اور قانون کی شکل میں پیش نہیں کر سکتے جن کے تحت وہ قانون استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن عدالت کی طرف سے یہ جواز پیش کیا گیا۔ کہ جب ایک بار کسی نظر بند کے خلاف کوئی وجوہات جن کی بنا پر اسے نظر بند کیا گیا ہے۔ پیش کردی جاتی ہیں۔ تو اس کے بعد عدالت عالیہ کو حق پہنچتا ہے۔ کہ وہ ان وجوہات کی بابت تحقیقات کرے۔ ان کو دیکھے۔ اور ٹیسٹ کرے۔ کہ یہ جو وجوہات پیش کی گئی ہیں۔ وہ واقعی genuine ہیں۔ یا نہیں۔ یا وہ پابندی قانون کے مطابق ہے یا اس کے خلاف ہے۔

جناب سپیکر ۔ جس طریقہ سے ہماری حکومت نے عدالت عالیہ کے اس فیصلہ کا مذاق اڑایا ہے۔ میرے خیال میں ان سے پہلی حکومتوں کے کردار میں سے ایسی کوئی ایک بھی مثال نہیں ملتی۔

خواجہ محمد صفدر۔ وہ کبھی ایسی بات کو سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔

مسٹر حمزہ۔ آپ نے دیکھا۔ اس حکومت نے اس ترمیم کے ذریعہ انتظامیہ پر جو اس امر کی پابندی تھی کہ نظر بند کے خلاف جن وجوہات کی بنا پر کارروائی کرتی تھی۔ اسکی وجوہات سے ۱۵ دن کے اندر اندر مطلع کرے۔ ہماری حکومت نے انتظامیہ کو اس پابندی سے بالکل آزاد کر دیا ہے۔ اور اس کے آزاد کرنے کا مقصد اور اسکی منشا صرف یہی ہے کہ اب عدالت عالیہ اس قسم کے نظر بندوں کے مقدمات میں بالکل دخل نہ دے سکے۔

جناب سپیکر۔ ایک ایسی حکومت جو روز مرہ لوگوں سے تقاضا کرتی ہے۔ کہ وہ اس کے ہاتھ مضبوط کریں۔ پبلک کے مفادات کے خلاف ان کی طرف سے یہ اقدام انتہائی افسوسناک ہے۔ لیکن یہ حکومت جس کو ملک کے ہر طبقہ کی طرف سے جابر اور تشدد ہونے کا سرٹیفکیٹ مل چکا ہے۔ اگر عدالتوں نے بھی انکو اس چیز کا سرٹیفکیٹ دیا ہے۔ کہ انہوں نے تمامتر اختیارات اپنے ذاتی دشمنوں کو سیاسی مخالفین کو دبانے کے لئے استعمال کئے ہیں۔ بجائے اسکے کہ ان کی کارروائیوں میں کوئی صحت مند تبدیلی پیدا ہوتی۔ دکھ کا مقام ہے کہ یہ لوگ پہلے کی نسبت زیادہ چکنے ہو گئے ہیں۔ اور انکے واضح فیصلوں کے باوجود یہ عدالت عالیہ کے اختیارات کو انتہائی محدود بلکہ قطعی طور پر انکے اختیارات کو ختم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر۔ اس ترمیمی آرڈیننس کے تحت Review بورڈ کے مقرر کرنے کے متعلق ایک ترمیم ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ آل پاکستان کا ایک اہل کار یا ملازم ہوگا لیکن اسکے ساتھ ساتھ آپ کو یہ چیز اپنے سامنے رکھنی چاہئے اور اسلئے رکھنی چاہئے کہ ہم اچھی طرح سے جانچ سکیں کہ گورنمنٹ نے یہ ترمیم کس نیت سے کی ہے۔ عدالت عالیہ کے فاضل ججوں نے اپنے فیصلے میں یہ تحریر فرمایا ہے۔

One member of the Review Board a Judge of his own powers.

گورنمنٹ کی طرف سے Review بورڈ پر جو افسر مقرر کیا جاتا تھا وہ ہوم سیکریٹری تھا یہ بات مجھے بڑے دکھ کے ساتھ کہنا پڑتی ہے کہ ایک وقت یا ایک طرف حکومت عدالت عالیہ اختیارات چھینتی ہے اور دوسری طرف Review بورڈ کو بالکل نکما اور بیکار بنانا چاہتی ہے اگر اس حکومت نے اس Review بورڈ پر ایک ہائی کورٹ کا جج مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے تو انکے لئے یہ لازم تھا کہ اس Review بورڈ میں ایک غیر جانبدار افسر مقرر کیا جاتا۔

ایک آواز۔ یعنی ہائی کورٹ کا جج غیر جانبدار نہیں تھا۔

مسٹر حمزہ۔ جواب جاہلاں باشد . . . .

بات تو یہ تھی کہ ایک غیر جانبدار افسر مقرر کیا جاتا تھا۔ وہ افسر جس کے احکامات کی بناء پر ایک شخص کو نظر بند کیا جاتا ہے ایک اخبار کے

خلاف کارروائی کی جاتی ہے۔ اسکو ضبط کیا جاتا ہے یا اس پر خاص قسم کی پابندیاں لگائی جاتی ہیں ۔ ایک جج تحقیقات کرتا ہے یا اسکے جائز یا ناجائز ہونیکے بارے میں جانچ پڑتال کرتا ہے، یا سوچتا ہے تو وہ وہی شخص جو کہ حکم دینے والا ہے ۔ بطور جج اس کے ساتھ وہاں بٹھاتے ہیں۔ بجائے اسکے کہ ایک غیر جانبدار افسر کو مقرر کرتے موجودہ آرڈیننس میں مغربی پاکستان کی حکومت نے اس ملک کی آبادی پر ایک نہایت احسان اور احسان کرنے کا ایک نیا طریقہ سوچا ہے۔ اس سے پہلے اس قانون میں ایک detenue یا نظر بند انسان کو اس چیز کا حق حاصل تھا کہ وہ کسی قانونی مشیر کے ساتھ مشورہ کر سکے لیکن یہ حقیقت ہے کہ اسکی جانب سے کوئی قانونی مشورہ اس Review بورڈ کے سامنے نہیں پیش ہو سکتا لیکن انہوں نے فیاضی سے کام لیتے ہوئے یہ رعایت دی تھی کہ وہ اپنے مقدمہ کی کارروائی سے متعلق Review بورڈ کے سامنے ایک وکیل کی خدمات سے استفادہ کر سکے۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) ۔ یہ پہلے سمرو صاحب نے پوائنٹ لیا ہے۔

مسٹر حمزہ۔ لیکن اس حکومت نے اس ترمیم کے ذریعہ اس حق سے بھی محروم کردیا۔

وزیر زراعت۔ Repeat نہ کرو کوئی نئی بات کرو۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ اس Review بورڈ کے فیصلہ کا جہاں تک تعلق ہے میری رائے یہ ہے کہ اسکے ذریعہ ہماری حکومت نے ہماری عدالت عالیہ کے ججوں کے احترام کو ٹھیس لگائی ہے اسکی وجہ یہ ہے ....

وزیر زراعت۔ بار بار وہی چیز ہوتی ہے جو ہو چکی ہے ۔ اٹکل کی باتیں نہ کرو۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ عدالت عالیہ کے ججوں کا احترام اور اسکی عزت کو ٹھیس اس بنا پر لگی ہے کہ جج کے سامنے نظر بند کو اپنا case پیش کرنے کیلئے ایک وکیل کی خدمات سے استفادہ کی اجازت نہیں ہے اسلئے ایک جج تصویر کے دونوں رخ نہیں دیکھ سکتا اور جبتک کوئی شخص اتنا ذہین اور اتنا دیانتدار نہ ہو کہ وہ تصویر کے دونوں رخ نہ دیکھ سکے اسکا فیصلہ بھی درست فیصلہ نہیں ہو سکتا اور اسی لئے آپ نے

دیکھا ہوگا کہ جماعت اسلامی کے نظربندوں سے متعلق Review بورڈ کی جو کارروائی ہوئی تو اس میں Review بورڈ نے انکو نظربند رکھنے کی اجازت دیدی لیکن جب یہ معاملہ ہائی کورٹ میں گیا تو ججوں نے فیصلہ کیا کہ انکی نظربندی خلاف قانون ہے اور قطعی طور پر خلاف ہے۔

وزیر زراعت۔ آپ جو کچھ فرما رہے ہیں سب کچھ کہا جا چکا ہے۔ توبہ، توبہ۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ ملک صاحب صبر بھی تو کیجئے۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ اب حال یہ ہے کہ کسی شخص کو حدود بند رکھنے کیلئے دو سال کا عرصہ یا میعاد مقرر تھی لیکن اس قانون کے تحت اور اس ترمیمی آرڈیننس کے تحت وہ میعاد یا وہ حد ختم کر دیگئی۔

سید احمد سعید کرمانی۔ سرکاری پارٹی کے ارکان ایسی تقریر نہیں کر سکتے۔

رائو منصب علی خان کھرل۔ ایسی تو آپ بھی نہیں کر سکتے۔

سید احمد سعید کرمانی۔ میں تو کچھ بھی نہیں کر رہا ہوں۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ اگر قانون کی کتاب کو اس کالے قانون سے پاک کر دیا جاتا تو بہتر تھا مگر بجائے اسکے کہ قانون کی کتاب کو حکومت اس کالے قانون سے پاک کرتی اسنے اپنی ڈھٹائی سے کام لیتے ہوئے اسکو پورا کالا کرنے کی کوشش کی ہے۔

وزیر زراعت۔ نئی بات کرو۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ اس سے پہلے بورڈ کے سامنے پیش ہونے کی میعاد دو ماہ تھی۔ ہماری حکومت نے عدالتوں سے بھی گریز کیا ہے لیکن حکومت کے اس فیصلے سے بھی کسی شخص کو تین ماہ تک بغیر پیش کئے نظر بند رکھ سکتے ہیں۔ اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ Review بورڈ نے انتہائی غیر جانبداری سے کام لیتے ہوئے اگر کہیں اکا دکا نظربند کی رہائی کے احکامات جاری کردئے ہیں تو انکو Review بورڈ پر اعتماد نہیں رہا اب انہوں نے اسکو بجائے دو ماہ کے تین ماہ کر دیا ہے۔

(At this stage, Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, occupied the Chair).

جناب سپیکر۔ جہاں تک اس قانون کے سیکشن ۷ کا تعلق ہے اس میں انتظامیہ کو اس قدر لامحدود اختیارات ہیں جس کے ذریعے وہ کسی شخص کو جس کو بھی وہ پسند کریں نظر بند کر کے کسی دوسرے شخص کے حوالے کر سکتے ہیں ۔ جس جگہ چاہیں اس کو لیجا سکتے ہیں ۔ اور آج تک کسی مہذب دنیا میں یہ یعنی اس قسم کا قانون دیکھنے میں نہیں آیا ہے اور اگر مہذب دنیا کے تمام قوانین کو دیکھا جائے تو اس کی مثال قطعاً نہیں ملے گی ۔ اگر مل سکتی ہے تو سکھ شاہی کے دوران مل سکتی ہے لیکن مہذب دنیا کے قوانین کے حساب سے ایسی چیزیں یہ آپکو نہیں ملیں گی ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش) : جناب ۔ مودبانہ گذارش ہے کہ ایک ایک حرف کہا جا چکا ہے جو کہ میرے فاضل دوست فرما رہے ہیں ۔ اگر وہ کوئی نئی بات فرمائیں تو ہم سننے کے لئے تیار ہیں ۔ یہ جو بار بار اعادہ ہو رہا ہے اس سے ہمیں معافی دلائی جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب قادر بخش صاحب ۔ مجھے یہ فرمائیے کہ پریس کے متعلق جو دفعات آرڈیننس میں پہلے موجود ہیں انکی ضروریات اس وقت اس قانون کے جسم میں کیا ہے ۔ آپ ہمیں یہ بتائیں ۔ کہ ہماری گورنمنٹ نے Press and Publication Ordinance کے ذریعے ہمارے ملک کے پریس کا یا صحافیوں کا گلا کیوں گھونٹ دیا ہے ۔ آزادیٔ تحریر تقریر کا یہاں نام و نشان نہیں ہے لیکن اس کے باوجود مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ جب Press and Publication Ordinance موجود ہے یہ Mintenance of Publice Order Ordinance

میں پریس یا صحافیوں کے متعلق دفعات کی کیا ضرورت ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ کاٹھی پر کاٹھی ڈال رہے ہیں ۔ یہ نئی بات ہے ۔

Minister of Food and Agriculture : Question be put, Sir, I have just drawn your attention so that you may keep in mind that we have got to finish it today.

Mr. Senior Deputy Speaker : Thank you.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : No Sir.

Minister of Food and Agriculture : Any gentleman may speak Sir. Only I have drawn the attention so that you may keep in mind.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک کسی آرڈیننس کی ضرورت کا تعلق تھا اگر ہماری حکومت کو عدلیہ کے فیصلے یا عوام کا مفاد یا عوام کا تحفظ

ملحوظ خاطر ہوتا تو انکا یہ فرض تھا کہ وہ اس قانون کو یہ سمجھتے کہ یہ ہمارا قانون نہیں ہے اور یہ سوچ کر کہ یہ غلام در غلام کے حاکموں کا قانون ہے اس کی سیکشن ۳ کی سب سیکشن ۷ اور سب سیکشن ۱۰ کو لازمی طور پر repeal کرتے اور کیا جانا چاہئے تھا ۔ اور اس قانون سے اس قسم کے اختیارات ہماری انتظامیہ کو دئے گئے ہیں کہ وہ کسی شخص کو مجبور کر سکتی ہے کہ وہ اپنے ہی خلاف خود بیانات دے یعنی یہ self incriminating قسم کے بیانات دینے پر کسی نظر بند کو مجبور کر سکتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Come to some new points, please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ اس ترمیمی آرڈیننس کے ذریعے ہماری گورنمنٹ نے اس قانون کو زیادہ متشددانہ ۔ ڈکٹیٹرانہ اور جابرانہ بنایا ہے ۔ اگر حکومت کو پبلک کے مفاد کا احساس ہوتا تو اس کے لئے یہ لازم تھا کہ وہ اسے فوری طور پر repeal کرتے چہ جائے کہ اس میں سختی سے ترمیم لائے ۔

Syed Zafar Ali Shah (Nawabshah-II): Sir, the echo of the speeches made about the present Ordinance is too harsh and too loud not to be taken notice of. We, as an independent nation, must have to have individuality, freedom and liberty to profess and do whatever we think is right. The Government has always to feel the necessity to keep and maintain the public order is the interest of the country. No doubt, there is need for such a law but the Ordinance which, in the present shape, has come before the House is a negation of the freedom, Individuality and liberty of our nation. Sir, if we think that we will have, in future, a people who will express their thoughts and their minds openly, think freely and not freely, on their supposed and thought-out basis then we must keep the individuality and personality of the people. This Ordinance, is, no doubt, going to curb the individuality and personality of the people. If we curb the individuality and personality of the people, we will have nothing but dead people and a dead nation. And from the dead people and dead nation we cannot expect much to do. I would welcome any safety regulation imposed by the Central Government in the interest of the nation but not, at any cost, this present Ordinance. I think, this practise of curbing the liberty and individuality of the people, under this Ordinance, is tantamount to wrongful confinement.

Sir, if we think that this Ordinance is to be used against a particular class of politicians let us think who are the politicians. The politicians who are elected to the legislatures, who have got the facility of public platform and the people, here, they may be ordinary citizens and may be that they have got some privileges but they have got a right to speak their mind. If the Government is afraid that they will create dis-satisfaction amongst the people, the Government has more power to create satisfaction amongst the people. I mean if they can create dissatisfaction empty handed amongst the people the Government has got sufficient powers to create satisfaction and, I think, they should. May be that the politicians have got different faces but if they have got different faces, let the people judge and find out the faults. I think, in the present set of things, as we see

all round, we do not find any politician on whom there can be any charge to the effect that he is working against the very safety of this country because if there was any charge at least that would have been proved in any court of law or the Government could have, at least, tried to bring such charge in a court of law. If it is not done, then unless one is found guilty, we would suppose that he is not guilty. On these principles, on these bases and on the fact that individuality and personality of a living nation must be alive, must be kept alive and it is the duty of the Government to keep it alive. On this basis I think the present Ordinance should be repealed or any Safety or Maintenance of Public Order Regulation may be made *denovo* and afresh on those lines on which the Central Government has got the Ordinance or the Public Safety Order. With these words I resume my seat.

وزیر آبپاشی و برقیات (ملک قادر بخش) - جناب والا- بہت اچھی تقریریں آپوزیشن کی طرف سے ہوئی ہیں - اور معقول دلائل بھی پیش کئے گئے ہیں- کہ دنیا میں شخصی آزادی بڑی چیز ہے- بچے اور بڑے سارے انسان اسے اچھا سمجھتے ہیں- اور اس کی خواہش رکھتے ہیں- لیکن میں آپ کے توسل سے مودبانہ گزارش کروں گا- کہ شخص اور افراد کی آزادی سے ملک کی آزادی کہیں زیادہ ہے- ملک میں امن قائم رکھنا اس سے زیادہ ہے- ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ آج ہم کن حالات سے دو چار ہیں ایک پارٹی کے لیڈر ہیں جو پاکستان کا ایک حصہ کاٹ کر اپنے لئے ملک بنانا چاہتے ہیں - آج کل وہ بیماری کے بہانے کابل پہنچ چکے ہیں - وہ ہمیں پختونستان کا سٹنٹ دیتے ہیں- یہ خان عبدالغفار خان ہیں - جو ان کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں وہ بھی غدار ہیں - وہ پاکستان سے محبت نہیں رکھتے - وہ ملک کے دشمن ہیں -

سید احمد سعید کرمانی - میرے خیال میں ملک صاحب مرکز کے وزیر نہیں ہیں -

وزیر آبپاشی و برقیات - نہیں - میں نہیں ہوں-

مسٹر افتخار احمد خان انصاری - پوائنٹ آف آرڈر - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہیں کس نے وزارت سماجی بہبود پیش کرنے کی کوشش کی تھی؟

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order. The member may please take his seat.

وزیر آبپاشی و برقیات - کرنل عابد حسین اور کرمانی صاحب نے -

جناب والا - ہم بھی سمجھتے ہیں کہ شخصی آزادی ہونی چاہیئے اور

بلا ضمانت ہونی چاہیئے۔ لیکن حکومت اپنے پاس صرف اختیارات رکھنا چاہتی ہے ۔ جناب ایک طرف ہندوستان نے یہاں تک کر دیا ہے کہ وہ تمام وعدے وعید پس پشت ڈال کر کشمیر کا الحاق اپنے ساتھ کر رہا ہے ۔ ان کے ایک دوست مشرقی پاکستان میں دندنا رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ہندوستان کے ساتھ صلح ہونی چاہیئے اور کشمیر کا مسئلہ کوئی مسئلہ نہیں ۔ اور ہمیں اپنی جنگی طاقت کو کم کرنا چاہیئے۔ (قطع کلامیاں) ۔ مجیب الرحمن .....

مسٹر افتخار احمد خان انصاری ۔ جناب انہیں یہ جھوٹ بولنے کی اجازت نہ دی جائے۔

Mr. Senior Deputy Spoaker: This is unparliamentary. He should please withdr..w this word.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : Withdrawn.

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ ایک ایسا طبقہ ان کے احباب کا ہے جس نے یہ کہا تھا کہ ہر پولنگ سٹیشن پر ۲۰ ہزار آدمی اس لئے لے جائے جائیں کیونکہ سرکار اپنے غنڈے وہاں بھیجے گی ۔

We could read between the lines what they meant by that.

انتشار، فسادات ۔ جب ملک کی یہ حالت ہو جائے۔ کہ ماں باپ کا اور ہمارا قیمتی سرمایہ جو کالجوں میں ہے ۔ جنہوں نے کل کو ایڈمنسٹریشن چلانی ہے ۔ جو کل کے legislature ہیں ۔ جو کل کے جرنیل ہیں ۔ ان میں گھس کر ان بے چاروں کو ایسے کاموں پر آمادہ کیا جائے جس سے وہ قانون کی زد میں آ جائیں ۔ ان کے ایسے نمائندے بھی ہیں جو خلیفہ طلبہ ہیں ۔ ان کے خواجہ صاحب ممدأ .... میری مراد ان خواجہ صاحب سے نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب وہ کنونشن مسلم لیگ کے پارلیمنٹری سکریٹری ہیں ، جنہوں نے گورنمنٹ کالج میں تقریر کی تھی ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جب شہر میں بسوں پر حملہ ہو ، راہ گذروں پر پتھراؤ ہو ۔ جائے ہوؤں کی جسمانی حالت خطرے میں ہو۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani: On a point of order. The discussion should be relevant and the Minister should be relevant and he should try to meet out those points which have been raised by the members on this side. He is absolutely irrelevant.

Mr. Senior Deputy Speaker : He is absolutely relevant. The member should take his seat.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari : He is irrelevant in talking about East Pakistan.

Mr. Senior Deputy Speaker : He is relevant. The member may please take his seat.

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ عرض یہ ہے کہ جب یہ احباب توقع کریں کہ بچے ہیں ان سے در گزر کرنی چاہئیے۔ مقدمہ کیا درج کرنا ہے ۔ بچے ہیں اور روزانہ ہر طرف آگ لگ رہی ہے ۔ میرا جی بھی چاہتا ہے کہ معافی ہوجائے ۔ لیکن یہ معافی اس حد تک نہیں ہونی چاہئیے کہ ملک کی آزادی خطرے میں پڑجائے ۔ ہم ایسا خطرہ مول لینے کے لئے تیار نہیں ہیں

اب میں جناب کی وساطت سے ان اعتراض کے متعلق جو یہاں کئے گئے دو چار باتیں عرض کردیتا ہوں ۔ ایک وکیل کے متعلق ہے ۔ سو عرض ہے کہ آئین میں درج ہے کہ Preventive dentention کے لئے ضروری ہے کہ وکیل کی اجازت دی جائے ۔ دوسرے انہوں نے گزارہ کے لئے کہا ہے کہ اس کی provision نہیں ہے ۔

There is the provision for maintenance under Rule 8 (6) of the West Pakistan Maintenance of Public Order and Detenue Rules, 1962.

وہ بھی موجود ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ تو اس کے ذاتی گذارہ کے لئے ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس کے dependents لئے بھی ہے ۔

تیسرے یہ کہا گیا ہے کہ دو ماہ کی بجائے تین ماہ کیوں کیا گیا ہے ۔ وہ بھی ہم نے آئین کے مطابق کیا ہے ۔ آئین میں الفاظ ہیں ۔ "as soon as possible" وہی الفاظ ہم نے رکھے ہیں تاکہ یہ آئین کے مطابق ہوجائے ۔

Because that was so desired by the Constitution.

With these submissions I request that this resolution may be passed.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of the West Pakistan on 17th October, 1964.

(The motion was carried)

The Assembly is now adjourned till 9-00 a.m. tomorrow.

(*The Assembly then adjourned till* 9-00 *a.m. on Thursday, the* 28*th January,* 1965).

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 4095)

STATEMENT 'A'

EXPENDITURE INCURRED DIVISION-WISE ON DEVELOPMENT SCHEMES (POWER SECTOR)

(Figures in Lacs of Rupees)

Serial No.	Name of Scheme	Location of Scheme.	1-4-59 to 30-6-59	1959-60	1960-61	1961-62	1962-63	Details of the Scheme
1	2	3	4	5	6	7	8	9
1.	Chichoki Mallian Hydel Project.	Lahore Division	1.98	7.53	1.03	1.44	2.07	Setting up a Hydel Station (121.00 KW capacity) at Chichoki Mallian.
2.	Natural Gas Power Station, Multan.	Multan Division	202.30	191.47	89.32	25.43	4.07	Thermal Station of 135,000 KW capacity.
3.	Multan Lyallpur 220 KW Line.	Multan-Sargodha Division	123.82	363.00	564.16	288.08	—	130 miles of double circuit 220 KV towers with one circuit strung between Multan and Lyallpur.
4.	West Pakistan High Tension Grid.	Peshawar, Rawalpindi D.I. Khan, Sargodha, Lahore and Multan Division	—	—	—	—	100.48	Laying of about 700 miles of double circuit 13,200 volt lines and 10 Primary Grid Stations.
5.	Shadiwal Hydel Project	Rawalpindi Division	10.91	47.56	20.37	6.04	15.11	Setting up Hydel Station of 13,000 KW capacity at Shadiwal.

6.	Gujranwala Hydel Project (Nandipur).	Lahore Division	21.13	113.99	70.68	89.51	47.06	Setting up Hydel Station of 13,000 KW capacity at Nandipur, Gujranwala.
7.	Lower Sind (Hyderabad) Thermal Scheme.	Hyderabad Division	1.43	78.28	215.64	117.30	30.39	Setting up a thermal station of 20,700 KW capacity together with a net work of transmission and distribution lines within a radius of 70 miles around Hyderabad.
8.	Upper Sind (Hyderabad) Thermal Scheme.	Sukkur Division	0.08	0.09	0.96	6.75	82.23	Thermal Station of 25,000 KW capacity together with a net work of transmission and distribution system within a radius of 70 miles around Sukkur.
9.	Secondary Transmission and Distribution Project in West Pakistan including T/wells Electrification.	Peshawar, Rawalpindi, D.I. Khan, Sargodha, Lahore, Multan and Bahawalpur Divisions	8.00	84.63	312.55	675.81	725.95	Laying about 250 miles of 132 KW miles, 700 miles of 66 KW Lines, 250 miles of 33 KW in the grid zone area and establishing about 60 grid stations. 11 KW/400 Volt Distribution Lines and facilities for about 100 towns and villages.
10.	Quetta Thermal Station.	Quetta Division	—	—	3.15	39.62	157.21	Setting up a Thermal Station at Quetta of 15,000 KW together with a net work of transmission and distribution lines within a radius of

1	2	3	4	5	6	7	8	9
								about 50 miles arcund Quetta.
11.	Natural Gas Power Station Extension.	Multan Division	—	—	110.91	979.75	289.14	Expending the existing Power Station at Multan by another 130,000 K W.
12.	Distribution of Power in West Pakistan.	All Division of West Pakistan	60.97	583.99	614.1	636.7	636,36	Laying of High Tension and Low Tension Distribution Lines and providing approximately 80,000 service lines annually to the consumers all over West Pakistan for Industrial, Agricultural, commercial and tube-well purposes. Certain minor extensions of grid to the new areas which have not so far been covered in any specific scheme are also carried out under this scheme.

EXPENDITURE INCURRED DIVISION-WISE ON DEVELOPMENT SCHEMES (WATER SECTOR)

Sr. No.	Division	Name of the Scheme	Brief Description	Expenditure incurred in Lacs of Rs.						Projected Benefits on full development Schemes.
				1958-59	1959-60	1960-61	1961-62	1962-63	Total	
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11
1.	Lahore and Sargodha.	(*i*) Salinity Control and Reclamation Project No. 1 (Rechna Doab).	(*i*) This project is comprising of 100 Tube-wells (Drainage - *cum*-Irrigation) and covers an area of 1.2 Million Acres in Central Rechna Doab.	3.74	398.05	327.45	136.02	62.02	927.28	With the proper reclamation improved farm management and additional water supplies the estimated value of crop production is expected to go up to a level of Rs. 210/- per crop per acre per year.
		(*ii*) Salinity Control and Reclamation Project No. 2, (Chaj Doab).	(*ii*) This project comprising of 2,500 Tube-wells for covering gross area of 2.27 million of Chaj Doab, embodies installation of tube-wells, excavation of disposal drains and remodelling of canals.	—	—	—	33.96	144.51	178.47	On full development of this project the gross annual value of crop production, with the realization of full agricultural Development is expected to increase to Rs. 557 Million from the present level of Rs. 274 Million.
		(*iii*) Gujranwala Hydel Project, WAPDA, Nandipur.	(*iii*) The project envisages construction of Power House consisting 3 units of 4,600 KV each on the Upper Chenab Canals near the village Nandipur at a	50.76	119.03	66.56	89.66	47.06	373.07	With the construction of this Power House of total installed capacity of 17,250 KVA at 0.8 Power Factor, capacity of 17,250 KVA at 0.8 Power Factor, consisting 3 Turbo-alternators

			distance of about 7 miles from Gujranwala.						units of 5750 KVA each. A Revenue of Rs. 30.80 Lacs is expected in 1963-64 and onward.
2. Khairpur and Hyderabad.	(*i*) Drainage and Reclamation Project, Khairpur.	(*i*) This drainage-*cum*-Reclamation Project comprising area of 3.18 lac acres and included installation of 568 Tubewells and construction of disposal channels.	—	—	—	1.82	15.82	17.64	Implementation of this project will stop progressive reduction in output and will provide condition in which agricultural production can be increased. Average annual benefits from this project are estimated at Rs. 309.97 lakhs against the average annual costs of Rs. 153.27 lacs.
	(*ii*) Gudu Barrage Project.	(*ii*) The scheme provides construction of Barrage across River Indus at Guddu near Kashmore, the areas benefited will be 3 millions acres, in addition, there is a huge net work of Canals which have either to be remodelled or newly constructed with thousand of structures on them.	—	540.74	731.13	1,094.74	578.05	2,944.66	The cost of the whole Scheme if Rs. 475 million. It will give a net return to the Government of 4.3% after 10 years operation and the entire cost of the project would be written off after 40 years operation thereafter it would earn the net revenue of 36 millions per year in perpetuity. Actual increase in cultivation will be well over a million acres and increase foodgrains will be by half a million tons. This

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
									will mean a saving of about 100 million in foreign Exchange every year which would be spent in purchase of food grain.
	(iii) Ground Water, Salinity Control and Drainage Investigations in Lower Indus Basin area.	(iii) These investigations are being carried out by WAPDA with the help of M/s Hunting Technical Services of U.K. and covers total area of 14.5 million acres of Sukkur, Guddu and Ghulam Muhammad Barrages.	—	30.60	37.26	61.24	89.10	218.20	Under this Project detail reports have been prepared for Khairpur, Gaja, Larkana and Shikarpur areas so as to find the ways and means to increase the agricultural production.
3. Rawalpindi Division.	(i) Indus Jhelum Area Investigation.	(i) There are number of Small Rivers and Streams between Indus and Jhelum extending upto Mianwali which offer very promising development. Possibilities Reports for Charah Dam site and Sanwali Dam site on Soan River and Khanpur Dam site on Haro River have been completed, further investigations are being continued.	—	2	3	3	3	11	Under this Scheme investigations are being carried out for the development of water and power resources of this area.

	(*ii*) Rawal Dam Project WAPDA, Rawalpindi.	(*ii*) This project comprises a stone masonery dam across the river Kurang at a distance of 8 miles from Rawalpindi Town and provides storage capacity of 47,500 acres feet. This will cater filtered water to Islamabad, Rawalpindi and Cantonment areas and irrigate land around Rawalpindi.	0.69	83.43	53.95	38.78	30.15	207.00	After completion of this Project a storage reservoir 47,500 acre feet is created and 16.5 million gallons of potable water will be supplied to Civil and Military Stations of Rawalpindi per day. Moreover, irrigation water will be supplied for 12,000 crop acres of land.
4. Quetta and Kalat Divisions.	(*i*) Porali Basin Investigation.	(*i*) This project is meant for investigating the development possibilities of Water and Power Resources of Porali Basin area of Makran coast and to prepare definite feasibility reports of possible Projects.	—	—	5	3	—	8	To investigate the developments possibilities of water and power resources in this area.
	(*ii*) Nari Bolan Area Investigations.	(*ii*) This project embodies the investigation of the area known as Kachi-plain which is subjected to floods of various streams and as such water flowing in the	—	1	3	5	18	27	To investigate the development possibilities of water and power resources in this area.

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11
			torrential streams this area is unutilized and hence goes to waste. Investigations in this area were taken up in 1959 and based on preliminary surveys for the selection of potential damsites.							
5.	D. I. Khan	(*i*) Ground Water and Soil Investigations in the Northern Selected Area.	(*i*) In order to assess the ground water potential in the backward Northern Regions and to provide these areas irrigation Water or Reclamation measures, extensive reconnaissance surveys have been carried out by WAPDA since 1959. Based on these survey 22 Scheme areas have been selected for further investigations.	—	—	—	—	16	16	Investigation have been carried out to assess the ground water potentialities in this area. Special attention is being given to this area because of the backwardness and the great demand of the people of these areas for providing them irrigation water or reclamation measures.
		(*ii*) Gomal River Investigations.	(*ii*) The investigations have been completed which envisaged development of Gomal and Zhob Water, feasibility report has been prepared and the project is included for con-	—	17.22	12.33	14.75	18.63	63.93	With the construction of this project, it is expected that:— (*i*) 164,000 crop area will be irrigated in D. I. Khan annually; (*ii*) 255 million K.W. H. of Electricity will be produced

		construction during 1963-64.								per annum; (*iii*) 100% control over the flood water of Zhob, Gomal and Wana Toi would be achieved.
6. Peshawar Division.	(*i*) Kabul—Swat—Chitral basins.	(*i*) Development is possible in these areas by conservation of water through storage reservoirs for power generation and water supplies to the existing irrigated area and bringing new areas under irrigation. Preliminary reconnaissance report of the Basin has already been prepared and further work in this connection is being continued.	—	—	—	—	10	10	To investigate the development possibilities of water and power resources in this area.
	(*ii*) Other streams	(*ii*) These included all the Schemes in Northern Regions. Ro far feasibility Seport has been prepared for Bara—Panda Lift Irrigation Scheme. Reconnaissance Surveys have been carried out on a number of other streams.	—	23	30	25	10	88	To investigate the development possibilities of water and power resources in this area.

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11
		(*iii*) Tanda Dam Project, WAPDA, Kohat.	(*iii*) This Scheme envisages construction of an earthen Dam on Kohat Toi River near Kohat, which will have a storage capacity of 78,000 acre feet and provide perennial Water supply to 32,000 acres of land in Kohat District with two irrigation channel off takings from the Dam.	—	—	—	7.44	63.01	70.45	This project envisaged to provide irrigation water to an area of 32,000 acres of cultivated land. As a result of this development it is estimated that the annual gross crop value of the area to be irrigated would be increased by Rs. 493/- per acre of which Rs. 250/- would be increased net income for the farmers.
7.	Expenditure common to all Division.	(*i*) Master Plan Preparation and General Consultant's Services.	(*i*) The Master Plan will be an overall plan designed to utilize the country's natural major resources of land, water and power. It would be made up of development Schemes prepared according to local needs, financial resources and development existing and under way. An appraisal report has been prepared which reviews the overall development and future development possibilities.	—	28	60	60	60	208	Master Plan Preparation of Master Plan would help for the development of water and power resources on unified and coordinated basis, so as to prepare the feasibility reports of definite projects.

(*ii*) Surface Water Hydrology.	(*ii*) To carry out surface water Hydrology a circle have been created by WAPDA known as Surface Water Circle. The activity of this cricle include field measurements of River discharges, collection and observation and analysis of sediment samples, surveys of snow accumulation and hydrometerological phenomenon.	—	1	3	4	7	15	These investigations combined with the Ground Water Investigation would enable to plan the Ground Water and Surface Water Resources for the development on unified basis.
(*iii*) Water and Soil Investigations, Ex-Punjab and Bahawalpur Area.	(*iii*) WASID is carrying out investigation for evaluation of land and Ground Water Resources of West Pakistan. These investigations include test drilling for ascertaining water quality, acquire for test to work out Ground Water potential and Soil Survey for finding out the Agriculture potentialities of the country.	—	13.53	60.20	73.82	67.81	215.36	It is an Investigational Agency and no direct financial benefit would accrue from it. However, direct benefits would accrue from schemes, which are framed for development and utilization of Ground Water Resources, on the basis of these investigations

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11
		(*iv*) Drainage and Reclamation Project preparation including electrifications.	(*iv*) Under this item is included the preparation of Salinity Control and Reclamation Projects in *ex*-Punjab and Bahawalpur Area.	—	6.24	7.68	21.41	38.41	74.04	To prepare the Salinity Control and Reclamation Project in *Ex*-Punjab and Bahawalpur Area.

STATEMENT SHOWING INCOME ACCRUED FROM POWER DEVELOPMENT SCHEMES

STATEMENT 'B'.

Figures in Lacs of Rupees

Sr. No.	Name of Grids	Location	4/59—6/59	1959-60	1960-61	1961-62	1962-63	Remarks
1	2	3	4	5	6	7	8	9
1.	'A' Grid Systems.	Peshawar, Rawalpindi, D. I. Khan, Sargodha, Lahore, Multan and Bahawalpur Divisions.	112.59	681.0g	861.71	1,080.8		
2.	'B' Isolated Stations :							
	1. Shujabad.	Multan Division		0.48	0.55	0.61		
	2. D. G. Khan.	,,		1.44	1.70	2,23		
	3. Khairpur Mirs	Khairpur Division		1.48	1.89	2.07		
	4. Kot Digi	,,		0.21	0.24	0.30		
	5. Ghari Yasin	,,		.18	0.28	0.33		
	6. Dadu	,,		1.32	1.38	1.55		
	7. Tharushah	,,		2,34	0.40	0.64		

1	2	3	4	5	6	7	8	9
8.	Jacobabad	Khairpur Division	2.18	3.07	3.83			
9.	Larkana	,,	3.99	4.33	5.22			
10.	Sanghar	,,	—	—	0.37		1,477.59	Connected with Lower Sind Hyderabad Thermal Scheme in 1961—62.
11.	Nawabshah	,,	2.09	3.03	—		—	
12.	Sultan Kot	,,	Detail is not available	0.4	0.27			
13.	Sujawal	Hyderabad Division	—	—	0.16			
14.	Matli	,,	—	—	0.21			
15.	Lower Sind Hyd Thermal Scheme	,,	46.32	50.15	75.34			Includes the revenues of Nawabshah, Tando Muhammad Khan and Mirpur Khas.
16.	Tando Muhammad Khan.	,,	0.65	0.76	—			Connected with Lower Sind Hyderabad Thermal Grid in 1961-62.
17.	Mirpur Khas	,,	4.16	4.42	—			,,
18.	Mastung	,,	0.03	0.16	0.22			
19.	Narnai	,,	—	—	0.03			
20.	Loralai	,,	—	0.16	0.31			

Total of 'B' ..	16.27	64.87	73.46	95.26	1,477.59
Grand Total 'A' and 'B' (Total income accrued).	135.86	745.95	935.17	1,175.34	1,477.59

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 7227)

صاحب صدر۔ مغربی پاکستان یونیورسٹی ترمیمی آرڈی ننس پر کچھ عرض کرنے سے پہلے ھمیں یہ دیکھنا پڑے گا کہ اصل آرڈی ننس کیا ھے ۔ اور ھمیں ٹھنڈے دل سے اس کے مالہٗ اور ما علیہ پر غور کرنا پڑے گا ۔ اس لئے کہ ھم دیکھ سکیں کہ جو ترمیم ھمارے سامنے پیش کی جا رھی ھے وہ کہاں تک ضروری تھی ۔ اور جو ترامیم ضروری تھیں، وہ کیوں چھوڑ دی گئیں ۔ اس ایوان میں میری جانب سے بھی اور میرے دوسرے رفقاٗ کی طرف سے بھی یونیورسٹی آرڈی ننس کی تنسیخ کے لئے متعدد بار مسودات قانون پیش کئے گئے ۔ اس کی ترامیم کے متعلق بھی مسودات پیش کئے گئے، لیکن ھماری ان مخلصانہ گزارشات پر یہاں توجہ نہ دی گئی ۔ آخر ان دفعات کو، ان تمام حصوں کو کیوں زیر غور نہیں لایا جاتا، جو تعلیم کے مقصد کی رکاوٹ ثابت ھو رھے ھیں ۔ اس لئے صاحب صدر مجھے اجازت دیجیئے کہ میں مختصراً یہ عرض کروں کہ اگر علم کی فضیلت اس لئے ھے کہ اس سے قوم اپنی زندگی میں ارتقاٗ کا بہتر سے بہتر موقع حاصل کر سکتی اور اپنی خداداد صلاحیتوں کو زیادہ سے زیادہ کام میں لا سکتی ھے، تو صاحب صدر۔ میرا خیال ھے کہ آپ اور یہ معزز ایوان میرے ساتھ اتفاق کرے گا کہ یہ مقصد اسی صورت میں حاصل ھو سکتا ھے جب علم حاصل کرنے والوں کے اذھان و قلوب پر کوئی ناروا پابندی عائد نہ کی جائے ۔

وزیر زراعت۔ point of order Sir میں نے یونیورسٹی آرڈی ننس پیش نہیں کیا ۔ وہ یہاں علم کی بات کیوں کر رھے ھیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ کیا آپ کے سامنے بے علمی کی بات کروں ؟

صاحب صدر۔ عوام کی زندگی میں قوم کی زندگی میں تعلیم اور درس و تدریس کے جس قدر ادارے ھیں ان پر کوئی ایسی پابندی عائد نہ کی جائے جو لوگوں کے ذھنوں کو محدود و ماؤف کر دے ۔ لیکن جہاں نظام حکومت آمرانہ ھو، وھاں کے حکمرانوں کی یہ خصوصیت ھوتی ھے ۔ ان کی یہ ھمیشہ کوشش ھوتی ھے کہ ایسے اداروں پر ناروا پابندیاں عائد کر کے انہیں جکڑ دیں ۔ اس کا نمونہ یہ یونیورسٹی آرڈی ننس ھے جس میں ھمارے سامنے یہ ترمیم لائی گئی ھے ۔ صاحب صدر۔ وہ ترمیم جو بظاھر ملک صاحب کے کہنے کے مطابق خود مختار اداروں میں یگانگت اور یکسانیت پیدا کرنے کے لئے لائی گئی ھے ۔ تاکہ وھاں لیگل آدمی ان کی منشاء کے مطابق مقرر کئے جا سکیں ۔ وہ اتنی اھم نہیں ھے جس قدر اھم یہ ھے کہ اس ترمیمی یونیورسٹی آرڈی ننس پر کوئی ھمدردانہ

کمیشن، کوئی واقعات کو سامنے رکھ کر نتائج اخذ کرنے والا آخری فیصلہ کرتا۔ اس حکومت کے طریق قانون سازی پر تبصرہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ اس یونیورسٹی آرڈی ننس کا، جس میں یہ ترمیم لائی گئی ہے، ہی یہ کرشمہ ہے جو ہم گزشتہ تین سال سے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ یونیورسٹی میں بد انتظامی ہے۔ بے چینی ہے۔ امتحانوں کا طریقہ اور نظام ابتر ہے۔ طلبہ اور اساتذہ کو شکایت ہے، تو ہمیں یہ غور کرنا چاہیئے اور میں یہ سوال اس حکومت سے پوچھوں گا کہ جب یہ خرابیاں ہیں، آپ کہتے ہیں ''سب اچھا ہے''۔ مگر حقائق اس کی تردید کرتے ہیں۔ روز مرہ کے واقعات اس کی تردید کرتے ہیں۔ تو پھر آپ نے اس غیر اہم ترمیم کے لئے کیوں تکلیف گوارا کی۔ اور جو در اصل خرابیاں ہیں، ان پر توجہ کیوں نہ دی؟

صاحب صدر۔ اس آرڈی ننس کی اتنی اہمیت ہے کہ یونیورسٹی آرڈی ننس اور دوسرے یونیورسٹیوں کے آرڈی ننس کی کوئی ترمیم بھی جو اس تین سال کے عرصہ کے بعد اس ایوان میں لائی جائے، اسے عوام کی خواہشوں، طلبہ کے مطالبات اور اساتذہ کی مشکلات کے حل کا آئینہ دار ہونا چاہیئے۔ اس میں یہ ترمیم لانا ضروری سمجھا گیا اور اتنا ضروری سمجھا گیا کہ اسے ایک آرڈی ننس کی صورت میں اس ایوان میں لایا گیا ہے۔

لیکن میں آپکی وساطت سے اس حکومت سے پوچھتا ہوں۔ کہ آیا آپ نے یہ غور کیا ہے۔ کہ یہ تمام خرابیاں اور بیچینیاں کیوں ہیں۔

<u>وزیر خوراک۔</u> آپ کی وجہ سے۔ خدارا بچوں کو تباہ نہ کریں بچوں کے پیچھے نہ پڑیں۔

<u>امیر حبیب اللہ خان سعدی۔</u> میں تو بوڑھوں کے پیچھے پڑتا ہوں۔ آپ تو بچے نہیں ہیں۔ یا آپ پیر نابالغ ہیں۔ (قطع کلامیاں)

صاحب صدر۔ اس یونیورسٹی آرڈیننس میں جو ترمیم لانے کی ضرورت تھی۔ اور جو نہیں لائی گئی۔ وہ یہ تھی۔ کہ سینٹ کے متعلق تو ڈھانچہ پہلے تھا۔ اور اگرچہ وہ اتنا تسلی بخش نہ تھا۔ لیکن جو موجودہ صورت ہے۔ وہ کسی صورت میں بھی مسئلے کا حل نہیں کر سکتی۔

<u>وزیر خوراک۔</u> ہم نے تو کہہ دیا ہے۔ کہ انکو یہ سہولتیں دی جائینگی۔ ہم بارہا اس بات کا اعلان کر چکے ہیں۔ کہ یہ تمام ترامیم آجائینگی۔ اس لئے صاحب سپیکر۔ اگر آپ ہمیں ان سے بچائیں۔ تو بہتر ہوگا۔ وہ ہمیں اگر بخش ہی دیں تو بہتر ہوگا۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ میں چلتے ہوئے یہ عرض کردوں ۔ کہ وہ ہمیشہ گھوڑا گاڑی کے پیچھے جوتتے ہیں ۔ یعنی جو ترمیم اس آرڈیننس میں لانی چاہیئے تھی ۔ وہ تو انہیں پہلے لانی چاہیئے تھی .....

مسٹر عبدالرازق خان ۔ ملک صاحب کی گاڑی کے آگے تو دو گھوڑے بندھے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ انکی گاڑی کے آگے تو کوئی گھوڑا نہیں ہے ۔ یہ تو گاڑی کو پیچھے سے دھکیلتے ہیں ۔

صاحب صدر ۔ اس یونیورسٹی آرڈیننس میں سینٹ کی تشکیل اسقدر غلط ہے ۔ کہ وہ مسائل کو حل نہیں کر سکتا ۔ یونیورسٹی کو صحیح طور پر نہیں چلا سکتا ۔ کیونکہ اس پر تمام تر اراکین نامزد کئے گئے ہیں ۔ لیکن یہ جو قانون، یہ آرڈیننس اس دعوے اور اس طمطراق کے ساتھ ہمارے ملک کے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ کہ گویا یہ قانون ان پہلے قوانین سے بہتر ہے ۔ تو میں انکی خدمت میں یہ پیش کردوں ۔ کہ ۱۹۰۴ء کے آرڈیننس میں بھی جو کہ انگریزوں کے دور اور ابتدائی ایام کا بنا ہوا تھا ۔ اس میں سینٹ بہتر اور نمائندہ تھا ۔ اور وہ مسائل کو اور مشکلات کو اچھی طرح سے سمجھ کر انکو حل کرنے کی قابلیت رکھتا تھا ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ کہ اس سے قبل بھی یونیورسٹی ایکٹ میں سینٹ بہتر تھا ۔ اور نمائندہ تھا ۔ اور سیکشن(۴) کے ماتحت اسکی تشکیل اسطرح تھی ۔ کہ ایک چانسلر، ایک وائس چانسلر اور fellows بہ لحاظ عہدہ اور عام fellows جو رجسٹرڈ گریجویٹس کی طرف سے منتخب رکن ہوتے تھے اور شعبوں اور faculties کی طرف سے پانچ ہوتے تھے ۔ کل اراکین چالیس سے کم اور پچھتر سے زیادہ نہیں ہوتے تھے ۔ صرف باقی چند ایک اراکین کو چانسلر خود نامزد کرتا تھا ۔ اسی طرح پنجاب یونیورسٹی نے ۱۹۵۰ اور ۱۹۵۲ء میں ایک یونیورسٹی کمیشن کی تشکیل کی تھی ۔ جسے کہ تعلیمی سہولتوں کے متعلق سفارشات کرنے کیلئے کہا گیا تھا ۔ انہوں نے سینٹ کی تشکیل کے متعلق اپنی رپورٹ میں تجاویز کی تھیں ۔ کہ اسکی composition کس طرح ہو ۔ جو کہ اس رپورٹ کے صفحہ ۶۳ پر ہے ۔

The Senate should be the supreme governing body of University but it should not be an unawieldy assembly. It should exercise general control over the budget and legislation of the University and should leave the day-to-day administration in the hands of the Syndicate.

The Senate should be constituted as follows:—

Chancellor	1

Vice-Chancellor	1
DPI	1
Chief Justice	1
Members of Professional, constituent and afficiliated Colleges, Professors and Heads of Departments.	34

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جناب سعدی صاحب زیر بحث ہنگامی قانون کے متعلق تو کچھ بھی نہیں فرما رہے ہیں ۔ جو کہ دراصل legal Advisor اور legal aid کے متعلق ہے ۔ اور وہ سنڈیکیٹ اور past history کو زیر بحث لا رہے ہیں ۔ ان سے کہئیے کہ وہ موضوع زیر بحث پر بحث کریں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ جناب والا ۔ اگر آپ میرے محترم دوستوں کو یہ بتا دیں کہ جو ترمیم آپ پیش کر رہے ہیں ۔ تو اسکی روشنی میں میں اصل آرڈیننس پر بحث کر سکتا ہوں ۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ انہوں نے تو بہرحال مداخلت کرنی ہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اصل آرڈیننس کی provisions کو زیر بحث لا سکتے ہیں ۔ لیکن اس حد تک کہ جس حد تک ان میں ترامیم کی گئی ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ قانون کہ جس میں یونیورسٹی کی قانونی صورت حال کو واضح کیا گیا ہے ۔ اس میں یونیورسٹی کی ہر بات آسکتی ہے ۔ کیونکہ یونیورسٹی کا ہر فعل قانون کی زد میں آتا ہے ۔ اور چونکہ یونیورسٹی ایک corporate body ہے ۔ اس لئے اسکو sue بھی کیا جا سکتا ہے ۔ اور وہ sue بھی کر سکتی ہے ۔ اس لئے یونیورسٹی کے تمام معاملات اسکی زد میں آسکتے ہیں ۔ اور میں یہ بھی آپکو عرض کروں ۔ اور یہ کہاں کی بات ہے ۔ کہ اصل قانون جس پر زد پڑتی ہے ۔ جن پر اس ترمیم سے اثر پڑتا ہے ۔ اس کو تو ہاتھ نہ لگائیں ۔ اور صرف اس ترمیم کو ہاتھ لگائیں ۔ جس کا نام ہو جائیگا ۔ . . . . یونیورسٹی آرڈیننس کے معنی ہاتھی یا گھوڑا ۔

Mr. Speaker: But the suggestion on the formation of the Senate is not relevant.

Mir Abdul Baqi Baluch: Does that not form part of the legal proceedings if anybody goes to the Court of Law, if anybody sues? — and therefore each and everything pertaining to the University can be discussed here.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ باقی صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ اس لئے کہ اس وقت جو ترمیم زیر بحث ہے ۔ اسکے متعلق تو یہ فرما سکتے ہیں ۔ یعنی اصل قانون جس میں ترمیم ہوئی ہے ۔ اس موضوع پر تو بحث فرما سکتے ہیں ۔ لیکن سعدی صاحب نے ابتک جو کچھ فرمایا ہے ۔ اسکا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ شاید وہ اسکا پس منظر بتا کر اس میں relevancy پیدا کریں۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ مجھے تو آرڈیننس کا یہ مقصد بتایا گیا ہے ۔ کہ

"....to amend the enactments relating to the Universities in the Province of West Pakistan in the manner hereinafter appearing;"

خان ملنگ خان ۔ آپ کو غلط بتایا گیا ہے ۔ آپ اپنے ماسٹر سے پوچھ کر آئیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اس لئے یہ کلاز قابل اعتناء نہیں ہے ۔ کہ اسکے متعلق ہم کچھ گزارش نہیں کر سکتے ۔ لیکن میں یہ عرض کروں ۔ کہ چونکہ آپ نے Legal Advisor کے متعلق ایک ترمیم پیش کی ہے ۔ کہ جسکی implications ایسی ہیں۔ کہ پہلے ہی یونیورسٹی کے تمام افعال اور اقدامات کو قانون سے بالاتر اور عدالتوں سے بالاتر کر دیا گیا ہے ۔ تو ہم سمجھتے ہیں کہ اس ترمیم کے لانے سے آپ صرف اس صوبے کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنا چاہتے ہیں ۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں ہے ۔ آپ legal advisor کا لفظ استعمال کر کے اسے قانونی شکل دینا چاہتے ہیں ۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ اگر کوئی سنڈیکیٹ یا سینٹ باقاعدہ منتخب شدہ نمائندوں پر مشتمل ہو ۔ تو وہ اس قسم کی دھاندلی یہ جو آپکی ترمیم ہے ، اسکو درخور اعتناء نہ سمجھے گا ۔ اس لئے ہمارا یہ حق ہے ۔ کہ ہم یہ بتائیں ۔ اور وہ تمام فوائد بتائیں ۔ جو ایک منتخب شدہ سنڈیکیٹ سے حاصل ہو سکتے تھے ۔ میرا عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ پہلے سینٹ اور اکیڈمک کونسل کی تشکیل کی ہے کہ کیوں مفید تھی ۔ اور موجودہ صورت جو ہے کیوں غلط ہے ۔ پہلے یونیورسٹی ٹیچر اور ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ elected ہوتے تھے اور وہ ممبرز آف دی سینٹ میں سے لئے جاتے تھے ۔ اب یہ لئے جاتے ہیں ۔

1. Representative of Bahawalpur;
2. Representative of Baluchistan;
3. Representative of Lahore Corporation;
4. Representative of Military;
5. Representative of Secondary Board of Education;

یہ تین ممبر elected by the provincial legislature صرف ۲۰ آدمی ھیں جن میں سے ۳ عورتیں، ایک ھائی کورٹ کا جج، ایک پبلک سروس کمشن کا ممبر، ایک چانسلر نامزد کرتا تھا۔ تو ان کی کل تعداد ۷۶ آدمیوں کی ھے۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے۔ صرف ۲۰ نامزد ھوتے ھیں باقی ۵۶ ارکان منتخب ھوتے ھیں۔ اسی طرح سینڈیکیٹ میں چانسلر تین آدمیوں کو بلحاظ عہدہ نامزد کرتا ھے۔ باقی ۱۱ آدمی منتخب ھوتے ھیں۔ اسی طرح اکیڈمک کونسل کا جو حال تھا۔

"We envisage a reorganisation of the Faculties and a reconstitution of the Academic Council so as to ensure its efficient working. At present the Academic Council meets at very infrequent intervals. Matters of urgent importance on the academic side, therefore, get delayed. Its present composition makes it too large a body for efficient supervision of academic matters."

تو اس میں ۲۶ ارکان ھوتے تھے جن میں سے موجودہ صورت حال سے بہتر نمائندے ھوتے تھے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ ھے کہ ڈسپلنری کمیٹی یعنی انضباطی کمیٹی اس کا رول جو اس کمشن نے تجویز کیا ھے وہ اور زیادہ قابل غور ھے۔ کیونکہ انضباطی کارروائیوں کا آج کل یہ عام چکر چل رھا ھے۔

"Like the Board of Appointments, this Committee should also be a statutory body and should consist of all the members of the Appointment Board except the three experts. Its function should be to punish, suspend, or dismiss any member of the University teaching staff, subject to a right of appeal to the Chancellor."

تو موجودہ صورت حال جو ھے وہ اسی لئے مسائل کو الجھا رھی ھے کہ اس میں غور کرنے کی ضرورت ھے۔

وزیر زراعت۔ اپنا وقت خواجہ صاحب کو دے دیں بہت سے لوگ سننے والے ھیں۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب صدر۔ اس میں لیگل ایڈوائزر کے متعلق بڑا اھتمام کیا ھے۔ لیکن ایک چیز کی طرف میں آپ کی توجہ دلاتا ھوں کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں اس ترمیم کی خاص طور پر ضرورت تھی کہ اساتذہ اور یونیورسٹی کے عہدےداروں کے لئے کوئی ضابطہ اخلاق مقرر کیا جائے۔ ھمارے سامنے اخبارات میں بار بار آتا ھے کہ پریس کا ضابطہ اخلاق ھونا چاھئے۔ یہ خود اپنا ضابطہ اخلاق بنائیں۔ لیکن یونیورسٹی کے جو اھم عہدےدار ھیں ان کا ضابطہ اخلاق میرے خیال میں کوئی ھے ھی نہیں۔ یہ student affair کا ایک پروفیسر انچارج ھے۔

مسٹر سپیکر۔ Appointment of legal advisor. کا اس بات سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ student affairs کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ لیگل ایڈوائزر کس لئے ہیں۔

Minister of Agriculture: Legal Advisor will not make election or selection of Senators.

آپ ایکٹ consider کر سکتے ہیں۔

But there is one 'BUT' that it should be connected with the amendment in point.

یہ کہنا کہ کب مقدمہ ہوجائے گا۔ کب لیگل ایڈوائزر آپ مقرر کریں گے۔ یہ relevant نہیں ہے۔ یہ مذاق کرنا ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ میرا خیال ہے کہ محترم ملک قادر بخش صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس آرڈیننس پر بحث کرتے ہوئے ہم وہ تمام ترامیم جو کہ نہیں کی گئیں اور جن کو اس آرڈیننس میں لانا ضروری ہے ہمارے نقطہ نظر سے ہم ان پر بحث کر سکتے ہیں۔ ہم ان کو Point out کر سکتے ہیں۔ حکومت کی توجہ دلا سکتے ہیں کہ یہ ترمیم اچھی ہے اور وہ بری ہے۔ لیکن ہم یہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ترمیم ضروری تھی اور یہ ترمیم بھی لا سکتے ہیں۔

مسٹر سپیکر۔ اس کو پرائیویٹ ممبر بل میں لا سکتے ہیں۔ اس کو ریزولیوشن میں لا سکتے ہیں۔ اس ایوان کے سامنے سوال یہ ہے کہ اس آرڈیننس کو اس طرح منظور کیا جائے یا نہ کیا جائے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا بالکل بجا ہے۔ یہ پابندی ایڈجرنمنٹ موشن کے متعلق ہے۔ اسکے متعلق بل لا سکتے ہیں۔ ریزولیوشن لا سکتے ہیں۔ ایڈ جرنمنٹ موشن مین اس بحث کو نہیں لاسکتے ہیں۔ لیکن اس بحث میں ہر وہ تجویز کر سکتے ہیں جو ہمارے نقطہ نگاہ سے اس موجودہ آرڈیننس کو بہتر سے بہتر بنا سکتی ہے۔ ورنہ جو کچھ انہوں نے پیش کیا ہے وہ تو زیر بحث آئے گا۔

مسٹر سپیکر۔ یہاں تو ایک کلاز کے متعلق امنڈمنٹ آئی ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ یہ جناب والا لیجسلیشن ہے۔ لیجسلیشن میں ہم دوسرے نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں۔ متبادل نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں کہ یہ غلط ہے اور یہ صحیح ہے۔ مثال کے طور پر ملک صاحب کیطرف جو ریزولیوشن یا آرڈیننس منظوری کیلئے یہاں پیش ہو اور ہم اس ایوان کو کہہ

سکتے ہیں کہ یہ اس لئے منظور نہیں کرنا چاہتے کہ اس میں ان ان ترامیم کی اشد ضرورت ہے جو نہیں لائی گئیں۔ ان کے بغیر جب تک یہ نہ لائی جائیں موجودہ ترمیمی آرڈیننس کو نامنظور کر دیا جائے۔

رائے منصب علی خان کھرل۔ جناب والا۔ خواجہ صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے کہ یہ یہاں اپنے متبادل نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں لیکن اس شرط میں کہ یہ اصل موضوع پر بحث کریں۔ اصل موضوع پر سعدی صاحب بات نہیں کر رہے ہیں۔ وہ تو متبادل خیالات پیش کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker: That would not make any difference.

رائے منصب علی خان کھرل۔ جب تک اس موضوع پر بات نہ کریں کہ یہ غلط بات ہے یا صحیح بات ہے تب تک متبادل خیالات پیش نہیں کرنے چاہئیں۔ کسی کی سمجھ میں نہیں آئے گا۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ جناب والا۔ تین سال سے اس اسمبلی میں کبھی اس قسم کی بات نہیں ہوئی کہ اگر کسی آرڈیننس میں یا کسی بل میں امنڈمنٹ کریں تو یہ خاص طور پر لحاظ رکھا جائے کہ صرف اسی امنڈمنٹ پر بات کریں۔ دنیا میں بھی لیجسلیشن ہوتی ہے۔ جب ہمارے دو تین دن باقی رہ گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ایسی پابندیاں لگانا ٹھیک نہیں۔ دنیا ہم پر ہنسے گی۔ بجائے اس کے کہ آپ تھوڑا سا relax کردیں۔

مسٹر سپیکر۔ اس میں دنیا کے ہنسنے کا سوال نہیں ہے۔ اعتراض اس بات پر ہے۔

that it should be relevant to the provisions of the Ordinance.

میر عبدالباقی بلوچ۔ جناب والا۔ سسٹم آف ایجوکیشن یونیورسٹی کے متعلق ہے۔ یونیورسٹی کے تمام قانونی معاملات کے مطابق یونیورسٹی کا ہر فعل کسی قانونی چارہ جوئی کیلئے پیش کیا جا سکتا ہے۔ لیجسلیشن بالکل صحیح چیز ہوتی ہے۔ اس میں ہر بات کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ یہ کوئی ایڈجرنمنٹ موشن نہیں ہے کہ اس میں معاملہ specific ہو single ہو وغیرہ وغیرہ .....

Mr. Speaker: But the debate should be relevant.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ صاحب صدر۔ آخر اتنی الجھن کیا تھی کہ زیر غور ترمیم کے مطابق یونیورسٹی حکومت کی منظوری کے بغیر کوئی قانونی مشیر مقرر نہیں کر سکتی۔

".....any matter pending in any civil, revenue or criminal court or tribunal exercising civil or revenue powers in which a University or party have any interest, unless the name of such legal practitioner is on the approved list of the Government."

جناب میرا کہنے کا مطلب یہی ہے کہ اگر ہمارے وزیر XXX* اور حزب اقتدار کی طرف تشریف رکھنے والے ہمارے معزز رفقا اس پر غور فرمائیں کہ جب آپ یونیورسٹی پر اتنا بھی اعتماد نہیں کر سکتے۔

مسٹر سلطان محمد اعوان۔ on a point of order جناب۔

جناب سپیکر۔ سعدی صاحب جو کچھ فرما رہے ہیں یہ XX* ہم نے پہلے کبھی نہیں سنا۔ میں آپکی وساطت سے سعدی صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اس کی وضاحت فرما دیں۔

Mr. Speaker: That remark is expunged from the proceedings of the Assembly.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب صدر۔ ہماری حکومت یونیورسٹی پر اتنا اعتماد کرنے کیلئے بھی تیار نہیں۔ حالانکہ وہ اسے بھی ایک autonomous body کہتی ہے جو اپنا legal advisor خود مقرر کر سکتی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یونیورسٹی کے قانونی امور کچھ ایسے ہیں جن کو یونیورسٹی کے ارباب اختیار در اصل کسی اور طریقے سے حل کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہماری گورنمنٹ اور گورنمنٹ سے مراد ایک شخص انہیں کسی اور طریقے سے حل کرنا چاہتا ہے۔ مجھے اس طریق کار پر اعتراض ہے۔ اور وہ اس لئے کہ یہ گورنمنٹ جو اتنی پابندیاں عائد کرتی رہی ہے۔ اس نے اپنے اس طرز عمل سے یہ صورت حال پیدا کردی ہے کہ ابھی میں نے student affairs کے انچارج کا ضابطہ اخلاق ہی بیان کرنا تھا کہ میرے دوست مداخلت بیجا کرنے کیلئے کھڑے ہوگئے۔ شاید وہ ان کے بھی دوست ہوں۔ جس کی وجہ سے اس بات کو گوارا نہیں کر سکے۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ طلبا کے گذشتہ تمام ہنگاموں میں ان کا ہاتھ تھا۔ اور وہ اسلئے تھا کہ طلبا کو وقت سے پہلے ہی اس قدر مرعوب اور تعزیر میں مبتلا کرنا چاہتے تھے کہ طلبا میں آزادی کی راہ ہی باقی نہ رہے۔

وزیر زراعت۔ جناب والا۔ کوئی بات تو اس آرڈیننس کے متعلق ہونی چاہئے۔ میں آپ کی وساطت سے خواجہ صاحب سے اپیل کروں گا کہ

Please come to our rescue.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب۔ ابھی ابھی یونیورسٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ ایم۔ اے politics کے ستر طلبا کا جن کی کامیابی کا اعلان ہو چکا تھا۔ نتیجہ کالعدم قرار دے دیا جائے۔ اب برائے خدا ملک صاحب مجھے یہ بتائیں کہ جس یونیورسٹی کا اپنا طرز عمل یہ ہو۔ وہ سوائے اس کے کہ طلبا میں بیچینی پیدا کرے۔ اور کیا کرے گی۔ ایک امتحان ہوتا ہے۔ اس کے لئے باقاعدہ ایک بورڈ بیٹھتا ہے۔ وہ نتیجوں کا اعلان کرتا ہے۔ ستر طلبا کامیاب قرار

* Expunged as ordered by the Speaker.

دئے جاتے ہیں ۔ ان میں سے کئی لڑکے جا کر ملازم ہو جاتے ہیں ۔ اور کئی باہر دوسرے ممالک کو چلے جاتے ہیں ۔ اور اب اس کے بعد یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ وہ نتیجہ کالعدم ہے ۔ اب آپ ہی بتائیں کہ وہ لوگ کیا کریں ۔ میں اس کی طرف اس ایوان اور اس حکومت کی توجہ اس لئے دلا رہا ہوں کہ ان تمام باتوں کے انتظام کیلئے ان آمرانہ حکمرانوں سے کام نہیں چل سکتا ۔ یونیورسٹی میں senate اس لئے بنتی ہے کہ وہ ان تمام امور پر بروقت غور کرے ۔ آخر وہ کونسے legal advisor ہونگے جو آپ کو یہ بات بتائیں گے ۔ یہ آپ ہی کا کارنامہ ہے کہ آپ چھوٹی سی بات پر بھی طلبا کو خارج کرنے لگ جاتے ہیں ۔ آپ قانونی مشیر صرف اس لئے چاہتے ہیں کہ اگر طلبا کے اخراج کو چیلنج کیا جائے تو آپکی مرضی کے وکیل ان کے خلاف پیش ہوں ۔ یہی مقصد ہے نا آپ کا اس قانونی مشیر کو مقرر کرنے کا ۔ اب آپ مجھے بتائیں کہ میری تقریر کس طرح relevant نہیں ۔

<u>وزیر زراعت</u> ۔ یہ ایک فقرہ relevant ہے ۔

<u>امیر حبیب اللہ خان سعدی</u> ۔ آخر بوعلی سینا کی رائے مجبوراً متفق ہوگئی ۔ صاحب صدر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس غلط قانون سازی اور جاہرانہ قانون نافذ کرنے سے جو خرابیاں پیدا ہوئی ہیں ۔ ان سے بچنے کیلئے عموماً ایسی ترامیم لائی جاتی ہیں ۔ یہ قانونی مشیر صرف اس لئے لانا چاہتے ہیں کہ پہلے سے زیادہ جبر کیا جا سکے اور صرف ایک شخص کی مرضی پر یونیورسٹی کو گھبرایا جا سکے ۔ یہ اس صوبے کی کوئی مفید خدمت نہیں ۔

اسی طرح ۱۹۶۳ء میں میڈیکل کالج کے ۱۲ طلبا کو نکالا گیا ۔ سینکڑوں طلبا پر مقدمات بنائے گئے اور ان میں سے کئی مقدمات ابھی تک لٹک رہے ہیں ۔ چنانچہ ہمیں شبہ ہے اور یہ واقعات کی بنا پر ہے کہ یہ قانونی مشیر جو گورنمنٹ کی list پر بنانے کی غرض سے اس ایوان سے اجازت مانگی جا رہی ہے ۔ چونکہ عام قانون کے تحت عام وکلا طلبا کے خلاف جو جبر و تشدد ہوا ہے یہ حکمران کوئی جواز عدالتوں میں پیش نہیں کر سکتے ۔ اور صحیح طور پر پیروی نہیں کر سکتے ۔ اس لئے یہ اپنی مرضی کے قانونی مشیر وہ بڑی بڑی تنخواہوں پر اور کثیر خرچ اخراجات سے نوازنا چاہتے ہیں ۔

صاحب صدر ۔ بارک اللہ خان ایک ایم ۔ اے کا طالبعلم تھا ۔ وہ ۱۵ ماہ سے نظر بند ہے ۔ پہلے وہ قلعہ میں نظر بند رہا ۔ اور بعد میں بھی آج تک وہ نظر بند ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس صورت حال پر یہ لوگ کیسے

فخر کر سکتے ہیں ۔ ایک طالبعلم جو غریب ماں باپ کا بیٹا ہے ۔ جس نے بڑی محنت سے ایم ۔ اے ۔ تک تعلیم حاصل کی ہے ۔ یہ کس طرح اسے محبوس زندان رکھ سکتے ہیں یا گھر میں نظربند رکھ سکتے ہیں ۔

لائلپور میں بھی اساتذہ کو زدوکوب کیا گیا ۔ جس کے لئے کوئی قانونی جواز نہ تھا ۔ لیکن آج تک اس کا تدارک نہیں ہو سکا ۔ آخر یہ قانونی مشیر کس لئے مانگتے ہیں؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ سعدی صاحب اپنی election campaign کی تقریر کر رہے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اگر یہ طلبا کے خلاف ہونے والی نا واجب کارروائیوں کو defend کرنے اور پولیس کو سزا دلوانے کیلئے قانونی مشیر مانگتے ۔ تو ہم بڑی خوشی سے اس کی اجازت دیدیتے ۔ اگر یہ قانونی مشیر اس لئے مانگتے کہ کراچی میں جو کچھ طلبا کے ساتھ ہوا ہے ۔ اس سلسلے میں آپ پولیس کے خلاف مقدمات بنائیں گے ۔ اور مجرموں کو سزا دلوائیں گے ۔ تب بھی ہم بڑی خوشی سے اس کی منظوری دیدیتے ۔ علی مختار رضوی کو یہاں قلعے میں جو جو اذیتیں دی گئی ہیں ۔ اگر آپ قلعے میں سزا دینے والوں کی مقدمات میں مخالفت کیلئے قانونی مشیر مانگتے اور یہ کہتے کہ ان کے خلاف پیروی کیلئے وکیل چاہئیں ۔ تو اس کیلئے بھی ہم بخوشی اجازت دیدیتے ۔

پشاور میں جو بلا وجہ لاٹھی چارج ہوا ہے ۔ اگر آپ اس کیلئے قانونی مشیر مانگتے تو ہم بڑی خوشی سے اس پر اتفاق کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

صاحب صدر ۔ میرا مقصد یہ ہے کہ محض قانونی مشیروں کیلئے اس ایوان سے اجازت مانگنا ۔ اور جتنے اہم امور ہیں ۔ ان کو نظرانداز کرنا ۔ میرے نزدیک قانون سازی کے ساتھ مذاق ہے اور اس صوبے کے تمام عوامی مطالبات سے مذاق ہے ۔ ان کو جو اصل ترمیم لانا چاہئے تھی ۔ وہ میں نے عرض کردی ہے ۔ اول تو یہ یونیورسٹی آرڈیننس منسوخ ہونا چاہئے ۔

میر عبدالباقی بلوچ (مکران ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ میں West Pakistan Universities (Amendment) ordinance 1964 کی نہ صرف مخالفت کرتا ہوں بلکہ میں اس کی پرزور مذمت بھی کرتا ہوں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ آرڈیننس اصل آرڈیننس کو amend کرتا ہے اس سے اس صوبے کی تعلیمی ضروریات پر بڑی سخت ضرب پڑتی ہے ۔ آج کل ہم جن حالات سے گذر رہے ہیں ۔ ان کو دیکھ کر مجھے اکبر الہ آبادی کا ایک شعر یاد آتا ہے وہ میں ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ وہ یہ ہے ۔

یوں قتل سے بچوں کے وہ بدنام نہ ہوتا
افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی

ایک ممبر ۔ اگر یہاں ''قادر بخش کی نہ سوجھی'' کردیں تو زیادہ صحیح ہوگا۔ (قہقہہ)

ایک ممبر ۔ اس سے بہتر یہ ہے ۔ ''افسوس کہ فرعون کو قادر بخش کی نہ سوجھی''

میر عبدالباقی بلوچ ۔ لیکن سکولوں کے متعلق مصر کے آس پاس قدیم یونان کو ضرور سوجھی تھی ۔

جناب سپیکر ۔ قبل اس کے کہ میں اس آرڈیننس کے متعلق کچھ کہوں ۔ میں چاہتا ہوں کہ یونیورسٹیز کا پس منظر بیان کروں اور اس کے بعد ہم دیکھیں گے کہ موجودہ آرڈیننس کو اس پس منظر کے ساتھ کیا مطابقت ہے ۔

شروع میں ایتھنز اور سپارٹا میں فرعون کے تجربات کے تحت سکولوں کی بنیاد رکھی گئی ۔ لیکن یونیورسٹی کا تصور قدیم یونان میں بھی نہ تھا ۔ یہ تصور اسلامی تصور ہے ۔ اور اسی تصور کے تحت بغداد ۔ مصر اور ترکی میں دارالعلوم قائم ہوئے اور بڑھتے رہے ۔ اور رفتہ رفتہ جب مسلمانوں نے سپین کو فتح کیا تو یورپ میں دارالعلوم کا تصور اسلامی تصورات سے لیا گیا ۔ اس کے لئے میں اتھارٹی کے طور پر ایک مغربی مصنف کا حوالہ دیتا ہوں۔ encyclopaedia of social science کے صفحہ ۱۸۱ پر یہ مغربی مصنف لکھتا ہے :۔

"Antiquity had made schools, such as philosophical schools of Athens, and literary and rhetorical school of Rome ; but it had no universities in the accepted sense for no permanent organizations for the transmission of learning existed. The establishment of universities toward the middle of the twelfth century may be attributed to two major factors. In the first place, the range of knowledge and of intellectual curiosity had been greatly enhanced by closer contact with Arab civilization, by growth of cities and by the steadily increasieg level of general education among churchmen."

تو جناب والا ۔ اس کی بنیاد مسلمانوں سے یورپ میں پہنچی اور پھر یورپ سے ہم تک پہنچی ۔ اس کی وجہ کیا تھی ۔ وجہ یہ تھی ۔ کہ جب اشاعت اسلام کی ضرورت محسوس ہوئی تو اس کے لئے مبلغوں اور عالموں کو باقاعدہ تعلیم دے کر مختلف ممالک میں بھیجنے کی بھی ضرورت محسوس ہوئی ۔ اس طرح اسلامی ممالک میں دارالعلوم کی بنیاد پڑی اور وہی دارالعلوم سے فارغ التحصیل طلبا دوسرے ممالک میں اشاعت اسلام کرتے رہے ۔ یورپ میں عیسائیوں نے بھی جب یہ دیکھا کہ مسلمان ہر طرف چھا رہے ہیں ۔ تو انہوں نے صلیبی جنگوں سے انہیں روکنا چاہا ۔ دوسری طرف اپنے عوام کو مذہبی طور پر protection دینے کے لئے یونیورسٹی کا تصور ان کے گرجاؤں سے شروع ہوا ۔ انہوں نے انہی lines پر اپنے پادریوں کو ٹریننگ دینا شروع کردی ۔ اور ان کو یہ بھی اجازت دے دی کہ

وہ دوسروں کو بھی پڑھائیں تاکہ وہ اپنی دینی زندگی کو برقرار رکھ سکیں۔ یہ تھا گذشتہ طریقہ۔ وہیں سے ہم نے یورپی طرز اور طریقہ حاصل کیا۔

۱۸۵۳ سے قبل جب یہاں پارلیمانی انکوائری ہوئی تھی اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے چارٹر میں جو رپورٹ پیش کی گئی اس میں پہلی مرتبہ اس برصغیر میں یونیورسٹی قائم کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ Sir Charles Wood کی تجویز یہ تھی کہ کلکتہ۔ بمبئی اور مدراس میں تین یونیورسٹیاں قائم کی جائیں۔ چنانچہ یہ تینوں یونیورسٹیاں ۱۸۵۷ میں قائم ہوئیں۔ اس کے بعد ہماری یونیورسٹی کا نمبر آتا ہے جو اب پاکستان میں ہے۔ یہ ہے پنجاب یونیورسٹی۔ ۱۸۶۵-۶۷ کے دوران یہ تجویز پیش کی گئی کہ ہندوستان میں ایک اورینٹل یونیورسٹی بنائی جائے اور وہ پنجاب میں ہو۔ چنانچہ اس تجویز پر عملی جامہ پہنانے کے لئے سب سے پہلے ۱۸۶۹ میں یہاں ایک اورینٹل کالج بنایا گیا۔ جو بعد میں ۱۸۸۲ میں یونیورسٹی میں تبدیل کیا گیا۔

یہ پہلی یونیورسٹی ہے اور سب سے قدیم یونیورسٹی ہے جو اس وقت پاکستان میں ہے۔ اس کے بعد ۱۹۲۱ میں ڈھاکہ یونیورسٹی بنی جو اب پاکستان میں ہے۔ اس کے بعد زیادہ یونیورسٹیاں تقسیم کے بعد بنی ہیں۔ مثلاً سندھ یونیورسٹی تقسیم کے بعد بنی۔ کراچی یونیورسٹی ۱۹۵۰ میں بنی۔ پشاور یونیورسٹی ۱۹۵۰ میں بنی۔ اسی طرح راجشاہی یونیورسٹی ۱۹۵۳ میں قائم ہوئی۔

جناب سپیکر۔ اس کے بعد ہم نے یہ دیکھا ہے کہ یہ قانون کس طرح بنا ہے اور اب ہم کس رنگ میں جا رہے ہیں۔

وزیر زراعت۔ کیا یہ relevant ہے۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ جب آپ کو یہ بھی معلوم نہیں کہ آپ کی قانون سازی اور ان لوگوں کی قانون سازی میں کیا فرق ہے تو آپ کیا سمجھیں گے اور کیا فرمائیں گے۔

وزیر زراعت۔ معلوم ہوتا ہے۔ بہت مطالعہ کیا ہے۔ لائبریری سے کافی کتابیں لائے ہیں۔ مدد کے لئے کوئی منشی رکھ لیجئے۔

میر عبدالباقی بلوچ۔ پنجاب یونیورسٹی جب پہلے پہل بنی۔ (قطع کلامیاں)

ایک معزز ممبر۔ آپ بھی کسی کے منشی ہیں۔

میر عبدالباقی بلوچ - جناب سپیکر - اگر آپ اسے غور سے دیکھیں تو موجودہ یونیورسٹی آرڈیننس اور ۱۸۸۲ والے یونیورسٹی ایکٹ میں جو شروع کی بات ہے اور انگریز کا قانون تھا - وہ اس سے بدرجہا بہتر ہے -

اس میں بھی senate کیلئے اسی طرح نامزدگیاں تھیں - لیکن ایک دفعہ نامزد کرنے کے بعد چانسلر کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ اس fellow کو بیک جنبش قلم الگ کردے - اسکا ایک طریقہ تھا -

جناب والا - ہمارے موجودہ آرڈیننس کے تحت یونیورسٹی senate کے ممبر صرف ۱۷ ہیں جو چانسلر کے نامزد کردہ ہیں لیکن اس وقت جب پہلے پہل یونیورسٹی بنی اسمیں ۶۵ اشخاص ممبر ہوتے تھے اگرچہ وہ بھی چانسلر ہی نامزد کرتا تھا لیکن ۶۵ ذہین آدمی اور بہت ہی قابل آدمی جہاں بیٹھکر کسی چیز کا فیصلہ کریں وہ یقیناً ۱۷ سے بہتر ہوگی -

۱۹۰۴ء میں انڈین یونیورسٹی ایکٹ کا نفاذ ہوا - ۱۸۸۲ء سے قبل یونیورسٹیوں کی یہ حالت تھی کہ ان میں teaching نہیں ہوتی تھی بلکہ پہلے انکا کام صرف امتحان لینا تھا اور affiliation کرنا تھا - ۱۹۰۴ء میں پہلی بار لیجسلیشن کیگئی کہ یونیورسٹیاں پڑھا بھی سکیں گی - ۱۹۰۴ء والے لیجسلیشن کے تحت پنجاب یونیورسٹی میں کاروبار ہوتا رہا اسمیں کچھ ایسی democratic پراویژن ہوئی مثلاً سینیٹ میں الیکشن کے ذریعے ممبر لئے جائیں گے اور سنڈیکیٹ میں بھی اسی طرح اور اسی طرح دوسری یونیورسٹی کی باڈی میں مثلاً

"Notwithstanding anything contained in the Act of Incorporation the Body Corporate of the Universities shall consist of a Chancellor, Vice-Chancellor, ex-officio Fellows and the ordinary Fellows elected by Registered Graduates or by the Senate elected by the Faculties and nominated by the Chancellor.

یہ دونوں طریقہ انگریز کے زمانے میں تھے جو انگریز بہت ڈرتا تھا کہ ان لوگوں کو زیادہ تعلیم نہ دیجائے کہ وہ آزادی نہ حاصل کرلیں اسوقت بھی عوامی نمائندوں کیلئے یونیورسٹی باڈی میں جگہ تھی لیکن آج نہیں ہے تو جناب والا اسوقت یہ وجہ تھی کہ یونیورسٹی میں جو قوانین بنتے تھے یا جو نصاب متعین کئے جاتے تھے انہیں اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا تھا کہ وہ عوام کے جذبات کے مطابق ہوں اسلئے کہ ان میں عوامی نمائندے موجود ہوتے تھے لیکن آج یہ حال ہے کہ یہ جناب بیٹھکر اپنی من مانی کرتے ہیں - چونکہ آج عوامی نمائندے نہیں ہیں اسلئے عوام کی ضروریات کے مطابق قوانین وضع نہیں ہوتے اور اسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ طلبا میں اضطراب ہے عوام میں اضطراب ہے اور آپ انکو پکڑ پکڑ کر جیلوں میں ڈالتے ہیں - ایک خاص پراویژن

جو ۱۹۶۱ء میں ڈگریاں چھیننے کا کیا گیا ہے ۔ ظاہر ہے کہ جب ڈگریاں چھینی جائیں گی تو لوگ courts میں جائیں گے اور وہاں لیگل ایڈوائزر کی ضرورت پڑیگی ۔ اب میں ڈگریاں چھیننے کے متعلق بھی وضاحت کردوں ۔ ۱۹۰۴ء والے ایکٹ میں ڈگریاں چھیننے کے متعلق جو پراویژن کیا گیا ہے اس میں سیکشن ۱۸ میں یہ ہے

"Where evidence is made before the Syndicate showing that any person on whom a Degree, Diploma, Licence, Title or Mark of Honour is conferred or granted by the Senate, has been convicted of, what is in their opinion a serious offence, the Syndicate may propose to the Senate that the Degree, Diploma, Licence, Title or Mark of Honour be cancelled and if the proposal is accepted by not less than two-thirds of the Fellows present at a meeting of the Senate and is confirmed by the Chancellor the Degree, Diploma, Licence, Title or Mark of Honour shall be cancelled accordingly.

اسکے بعد پاکستان بنتا ہے اور ۱۹۵۰ء میں اسی قسم کا یونیورسٹی ایکٹ کراچی کیلئے نافذ ہوتا ہے اسکا پراویژن آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ سیکشن ۱۴ ۔

"The Senate may on the recommendations of the Syndicate by a resolution pass with the concurrence of not less than two-thirds of the Members voting to withdraw any Degree or Diploma conferred by the University."

اب جناب والا ۔ ۱۹۶۱ء والا جو انہیں نے بنایا ہے وہ ملاحظہ فرمائیے ۔ اسمیں سیکشن ۹ ۔ سب سیکشن (۴) ہے ۔

"The Chancellor May withdraw the Degree or Diploma conferred on or granted to any person by the University if he has been convicted by a Court of Law of an offence involving moral turpitude."

اسمیں کوئی گنجائش نہیں رکھی کہ سینیٹ اسکو approve کرے یا سنڈیکیٹ اسکو approve کرے یا کوئی اور طریقہ ہو ۔ اگر کوئی معمولی سی بھی بات ہوجائے اگر کسی کورٹ میں conviction ہو جائے ۔ students پر مقدمات چلائے جائیں یا چانسلر صاحب ڈگریاں چھیننا شروع کردیں تو اسکی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ وہ صحیح طریقہ سے ڈگریاں چھین رہے ہیں یا وہ اپنی من مانی کر رہے ہیں تو اس وقت انہوں نے علم حاصل کرنے والے طلبا کا مستقبل بالکل uncertain کردیا ہے ۔ اور طلبا کیونکہ سمجھ چکے ہیں کہ یہ حکومت کیا چاہتی ہے اور کس طرح انکے ذہنوں پر کنٹرول کرنا چاہتی ہے ۔ کس طرح انکی سوچنے کی صلاحیتیں ختم کرنا چاہتی ہے ۔ کس طرح انکی ڈگریاں چھین لینا چاہتی ہے ۔ اسوقت سے انہوں نے اس آرڈیننس کے خلاف احتجاج بغاوت سب کچھ شروع کردیا ہے ۔

<u>وزیر زراعت</u> ۔ آپ کے اکسانے پر ؟

میر عبدالباقی بلوچ ۔ یا آپ کے کرتوتوں پر ۔

Mr. Speaker: No Cross talk.

سید احمد سعید کرمانی ۔ کیا ''کرتوت'' پارلیمنٹری لفظ ہے ؟

میر عبدالباقی بلوچ ۔ اب جناب والا یہ نظام تعلیم میں بھی تبدیلی لانا چاہتے ہیں اور اسلئے نظام تعلیم تبدیل کرنا چاہتے ہیں کہ انگریزوں کا جو نظام تعلیم تھا وہ ہماری امنگوں سے مطابقت نہیں رکھتا ۔ لیکن آج یہ دیکھا جا رہا ہے کہ انگریزوں کے نظام تعلیم میں طلباء نے جو جو قربانیاں دیں اور جس طرح سیاسی زندگی میں حصہ لیا اور جس طرح طلباء نے آزادی حاصل کرنے میں مدد دی وہ آج ہم سب کے سامنے ہے اور وہ تاریخ کا ایک سنہرا باب ہوگا لیکن آج اپنی حکومت جس طرح طلباء پر پابندیاں لگا رہی ہے اور جس طرح انکی آزادی سلب کر رہی ہے اور جس طرح انہیں بولنے اور expression کے حق سے محروم کر رہی ہے ۔

Minister of Agriculture: Sir, have you allowed that anything about the University Act can be discussed?

Mr. Speaker: The member may please refer to the provisions of the amending Ordinance.

Minister of Agriculture: He will never be relevant. Elections are drawing near. I know his game.

Mir Abdul Baqi Baluch: There are no boys in my Constitutency. I am not using them.

Minister of Agriculture: The cat is out of the bag.

سید احمد سعید کرمانی ۔ آپ تو محفوظ ہیں ؟

Minister of Agriculture: Yes, Inshaullah.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ تو جناب والا ان کے قوانین یونیورسٹی کمیشن کی سفارشات پر مبنی ہیں اور میں وہ سفارشات آپکی خدمت میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ ایسا رولنگ آپ نے دیدیا ہے جناب آپ ان سے منوائیں ۔ He should not defy.

Syed Ahmed Saeed Kirmani: Sir, he has no right to give dictation to the Chair.

Mir Abdul Baqi Baluch: Who are you?

Mr. Speaker: The member should address the chair.

Mir Abdul Baqi Baluch: I am addressing you, Sir, but who is he.....

Mr. Speaker: The member may please go on with his speech.

میر عبدالباقی بلوچ۔ لیجسلیشن کی بنیاد جناب والا Report of the Chairman on National Education 1959. جو ہے اس پر مبنی ہے ۔ یہ جو لیجسلیشن ہمارے سامنے آئی ہے اس کی بنیاد بھی یہی رپورٹ ہے ۔ اور میں وہ حصہ آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو اس وقت اس کے متعلق ہے constitution and control کے تحت لکھتے ہیں ۔

"We have emphasised throughout the importance of teaching universities and have suggested a bold policy of reform. Our existing Acts are drawn up mainly on the old pattern of London University. London University has changed its Acts along with the times, and although some of our universities of our universities have also carried out some modifications of their Acts, the basic structure still remains the same. We have already stated that although in the peculiar conditions of Pakistan our universities must continue to affiliate colleges, their predominant function must be their own programmes of teaching and research, upon which we lay the greatest emphasis.

اور ۱۶۰ میں لکھتے ہیں ۔

165. The primary function of a university is its programme of teaching and research. This means that the Academic Council and the Boards of Study should assume a greater importance than hitherto in the structure of the university."

یہ جناب تمام suggestions انہوں نے لیجسلیشن کے متعلق دی ہوئی ہیں اور ساتھ ہی یہ فرماتے ہیں کہ.....

"Finally, a word must be said about the students themselves. Quality cannot be maintained unless the student body is of the necessary ability to profit from higher education. Hence a procedure must be devised which will ensure good selection. It is of equal importance that only those students who show ability and industry should be permitted to continue their studies. We cannot afford to waste money in a futile attempt to educate incompetent and unwilling students."

تو یہ ہے جناب انکی پالیسی لائین ۔ کس طرح سے یہ تعلیم کو راشن کرنا چاہتے ہیں۔ اور جناب والا یہ رپورٹ کنسٹی ٹیوشن سے پہلے کی رپورٹ ہے ۔ انکی موجودہ لیجسلیشن اسی رپورٹ پر base کر رہی ہے ۔ انہوں نے آرڈیننس جو نافذ کیا تھا وہ بھی اسی پر base کرتا ہے ۔ اور کنسٹی ٹیوشن بعد کی بات ہے لیکن انہوں نے خیال نہیں کیا کہ اس رپورٹ پر جو جو قوانین تیار کرتے ہیں وہ کنسٹی ٹیوشن سے بھی conflict کرتے ہیں ۔ میں آپکی خدمت میں دستور کا sixth principle of policy پیش کروں گا جو اس کمیشن کی رپورٹ کے بعد بنا ہے اور جو ان کے آرڈیننس کے بعد بنا اور اسی آرڈیننس میں وہ ترمیم کرتے ہیں اور یہ خیال نہیں کرتے کہ دستور کے مطابق اپنی ترامیم کو بنا لیں ۔ sixth principle of policy یہ ہے ۔

Opportunities to Participate in National Life, etc. —

"The people of different areas and classes, through education, training, industrial development and other methods, should be enabled to participate fully in all forms of national activities including employment in the service of Pakistan."

تو یہ حکم ہے دستور کا ان کے لئے اور ان کے کمیشن کا حکم ہے کہ آپ یونیورسٹی میں ہر ایک کو داخلہ ست دیں۔ صرف چند گنے چنوں کو داخلہ دیں۔ صرف چند آدمی نکالیں۔ کمشن جب بنایا گیا تھا تو اس وقت صدارت مآب نے جو کمیشن کو ایڈرس کیا تھا اور جس وجہ سے انہوں نے کہا تھا کہ کمیشن کی ضرورت ہے وہ بھی میں آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

"The Commission was inaugurated by the President of Pakistan, General Mohammad Ayub Khan,.....

اس وقت تک Field Marshal نہیں ہوئے تھے

"....on January 5, 1959. Addressing the members of the Commission on this occasion, the President stressed the need for a reorganization and reorientation of the existing educational system so as to evolve a national system which would better reflect our spiritual, moral, and cultural values. At the same time he said the system should meet the challenge of the growing needs of the nation by assisting development in the fields of agriculture, science and technology. Above all, he said, our educational system should aim at character building and the pursuit of quality as well as at inculcating a sense of the dignity of labour. The President asked the Commission to suggest measures for making the best possible use of its available human and national wealth. He urged that attention be paid to national coordination of the work of our universities in different fields, and to a system of selective admission to them, based on aptitude and ability. Any such scheme would, however, have to ensure that the poor student was assisted in continuing his studies. In framing its proposals he asked the Commission to keep in mind the limited resources of the country."

تو ان وجوہات کی بنا پر جنرل محمد ایوب خان نے اس کمیشن کی تقرری کی اور ان سے یہ کہا کہ یہ تمام نظام تعلیم میں تبدیلی اس لئے کی ہے کہ وہ ہمارے جذبات اور تصورات کے خلاف ہے اور اسے ان کے مطابق بنانا ہے۔ تو جناب ہمارے تصورات اور ہمارے جذبات کے مطابق نظام تعلیم کے بنانے کے لئے بنیاد سے اسلامی طریقہ تعلیم یا اسلامی طریقہ نظام تعلیم کی طرف توجہ نہیں دی بلکہ برطانیہ سے ہٹ کر یہ کیا امریکہ بہادر سے .....

Syed Ahmad Saeed Kirmani: The Minister for Agriculture is snoring Sir.

Minister for Agriculture: I should under the circumstances.

میر عبدالباقی بلوچ۔ تو امریکہ بہادر سے بقول کمیشن کے کچھ لوگ انہیں

بتانے آئے کہ سلسلہ تعلیم کس طرح کا ہونا چاہئیے۔ جناب میں
Dr. Herman B. Wells, President of Indiana University and Dr. John C. Warner, President Institute of Technology USA.
کا حوالہ دیتا ہوں ۔ ان کے علاوہ جونہی مارشل لا لگا تو امریکہ بہادر نے Educational Consultants کی ایک فوج اس ملک میں بھیج دی اور وہی consultants ہمارے وزراء اور سیکریٹریوں کے ذہنوں پر عالم بالا کی طرح چھائے ہوئے ہیں اور وہ اس طرح بیٹھے ہیں جیسے فرشتے ان پر بیٹھے ہوں ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ جتنے یہ state لوگ تھے اور انہوں نے جو برطانوی نظام تعلیم کو تبدیل کرانے کی کوشش کی اور اس ملک میں امریکی نظام تعلیم رائج کرنے کی کوشش کی تو انکی کوششیں بارآور ہوتیں ۔ طلباء مطمئن ہوتے اور تعلیمی معیار بلند ہوتا لیکن ہم دیکھ کیا رہے ہیں۔ دیکھ ہم یہ رہے ہیں کہ تعلیم گراں سے گراں تر ہوتی جا رہی ہے ۔ طلباء میں بےچینی بڑھتی جا رہی ہے۔ انکے خیالات دبائے جا رہے ہیں ۔ وہ اس لئے کہ امریکہ دوسرے ممالک میں تجربات کر چکا ہے ۔ South Viet Nam میں وہ دیکھ چکا ہے کہ طلباء کیا ہوتے ہیں ۔ ایران میں وہ دیکھ چکا ہے کہ طلباء کیا ہوتے ہیں ۔ عبود کو سوڈان میں دیکھ چکا ہے کہ طلباء کیا ہوتے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ غیر ترقی یافتہ ممالک میں جہاں کہ امریکہ نے ایسی حکومتوں کے ذریعے عوام کو غلام بنایا ہے تو وہاں طلباء کی وہ community اپنی آزادی برقرار رکھنے کے لئے لڑتی ہے۔

Mr. Speaker: Some thing about the appointment of legal advisers.

Mir. Abdul Baqi Baluch: I am coming to that

تو جناب National Aspirations کے مطابق اگر ہمارا نظام تعلیم نہیں ہے تو وہ سم قاتل ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہاں اس بات کی وضاحت کروں کہ ۱۹۳۲ میں ایک ایجوکیشن کمیشن مقرر کیا گیا تھا اور مسٹر ایس۔ ایم شریف اس کے ممبر تھے۔ اس وقت اس کمیشن کی طرف سے جو رپورٹ دی گئی تھی وہ اس وقت کی حکومت کی مرضی کے مطابق تھی۔ اس کے بعد ۵۲-۱۹۵۰ میں ایک دوسرا کمیشن مقرر کیا گیا تھا۔اس میں بھی یہی ایس۔ایم شریف بنفس نفیس موجودھوتے ہیں۔ دوبارہ رپورٹ کرتے ہیں کہ تعلیم کو National Aspirations کے مطابق بنانے کی کوشش ہونی چاہئیے ۔ پھر جناب والا ۱۹۶۹ء میں تیسرا کمیشن بنتا ہے ۔ اس وقت ایس ۔ ایم شریف صاحب اس کمیشن کے چیئرمین ہیں ۔ اور جو رپورٹ دی ہے اس سے اپنی پہلی دو رپورٹ کی خود contradiction فرمائی ہے۔ ۱۹۳۲ء میں اس دور کے

حکمرانوں کے مطابق رپورٹ دی پھر - ۱۹۵۹ء میں اس وقت کے حکمرانوں کے مطابق رپورٹ دی - اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ۱۹۵۰-۵۲ میں اس کمیشن کی inauguration سردار عبدالرب نشتر صاحب نے فرمائی تھی - جو اس وقت کے گورنر تھے - جیسے اس کمیشن کی inauguration صدر ایوب نے کی -

"In the course of his address His Excellency observed that the Educational System of British days stood in urgent need of reform to suit the ideals and objectives of a free country like Pakistan. Being the leading University of the country it was in the fitness of things that the Punjab University should play proper role in attempting to reform the country's educational system. The Commission was, therefore, charged with the heavy and responsible task of showing the way to the intellectual reconstruction. He also laid emphasis on the study of the Islamiat alongwith other subjects.

یہاں ایک خاص چیز یہ ہے کہ اس رپورٹ کے مطابق تعلیم کو محدود کرنے، راشن کرنے کی سفارش کی گئی ہے - وہاں ۱۹۵۰-۵۲ کی رپورٹ کے مطابق وہ تعلیم کو عام کرنا چاہ رہے ہیں - وہ میں آپ کو پڑھ کے سناتا ہوں -

The burden on the provincial exchequer would, however, be a profitable investment in the long run as Islamic democracy can only be sustained by personality and character, and such youngmen can be produced in large numbers only by healthy and progressive University education.

تو جناب یہ ہے فرق ایک فسطائی نظام اور ایک جمہوری نظام میں - اس وقت کی سوچ یہ تھی کہ تعلیم جتنی زیادہ سے زیادہ ہو - نوجوان جتنی اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں وہ ملک میں جمہوریت کی بقا کے لئے ضروری ہے - آج اس فسطائی نظام میں سوچ یہ ہے کہ جتنے کم سے کم نوجوان اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، وہ ان کی بقا کے لئے، ان کی حکومت کی بقا کے لئے ضروری ہے - آخر میں میں یہ عرض کروں گا جناب والا - کہ ایک خاص بات جو ان کے کارناموں میں شمار ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ "ہم تعلیم پر بہت زیادہ خرچ کر رہے ہیں" - پنجاب یونیورسٹی، جن میں پہلے مشرقی پنجاب بھی شامل تھا - پشاور شامل تھا - بلوچستان تو اب بھی ہے - اس پر صرف ساڑھے چار لاکھ سالانہ خرچ تھا - مگر آج اس پر ۳۴ لاکھ تک خرچ ہے - اس وقت ساڑھے ۴ لاکھ پوری یونیورسٹی کا خرچ تھا - اب پونے سات لاکھ روپے صرف یونیورسٹی کیمپس ٹیریا بنانے کے لئے خرچ کئے جاتے ہیں - بلڈنگیں بنائی جا رہی ہیں - مگر معیار تعلیم بلند کرنے کے لئے اچھے پروفیسر نہیں منگاتے - یہ بلڈنگیں کھڑی کر کے دکھانا چاہتے ہیں کہ انہوں نے یہاں تعلیم کے لئے بہت کچھ کیا ہے -

جناب والا - گزشتہ چند مہینوں میں سے انہوں نے جس انداز سے طلبہ کی

تحریک کو کچلنے کی کوشش کی ہے، وہ قابل غور ہے۔ میں زیادہ تفصیل میں جانا نہیں چاہتا۔ صرف اتنا عرض کروں گا کہ کل ہی کے ایک اخبار ''حریت'' کراچی کے ایک ہی صفحہ پر طلبہ کے متعلق چار خبریں ہیں۔ پہلی خبر کا عنوان ہے۔

''سعید حسن کو گرفتار کرلیا گیا۔'' نیچے ہے ''انجمن جمہوریت پسند نوجوانان کے صدر سید سعید حسن کو جو انتخابی کالج کے رکن بھی ہیں آج صبح لیاقت آباد کے علاقہ سے گرفتار کرلیا گیا۔ سعید حسن کو قبل ازیں یکم دسمبر کو مزار قائد اعظم سے مختلف الزامات کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔'' پھر جناب اس کے بعد یہ ہے۔

''طالب علم راہنما اور طلبہ کی مجلس عمل کے سیکرٹری معراج محمد خان کا پولیس نے ۲۸ جنوری تک کا ریمانڈ لیا ہوا ہے۔''

تیسری جناب یہ خبر ہے کہ ''پشاور کے چھ طلبہ کو ایک ماہ کی قید''

''گزشتہ روز یہاں جن چھ طلبہ کو گرفتار کیا گیا ہے انہیں تحفظ عامہ کے آرڈیننس کے تحت ایک ماہ جیل میں رکھا جائے گا۔ آج مقامی گورنمنٹ کالج میں طلبا کا ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ گرفتار شدہ طلبا کو رہا کر دیا جائے۔''

فرنٹیر کالج برائے خواتین جسے طالبات کے مظاہرے کے بعد دو دن کے لئے بند کیا گیا تھا، ۵ فروری تک کے لئے بند کر دیا گیا ہے۔ یہ کالج اب یونیورسٹی اور دوسرے کالجوں کے ساتھ ۶ فروری کو سہ بارہ کھلے گا۔ کالج کی کچھ طالبات یونیورسٹی آرڈی ننس کی تنسیخ کا مطالبہ تسلیم نہ ہونے کے خلاف احتجاج کے طور پر سیاہ دوپٹے پہن رہی ہیں۔ جبکہ طلبا اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھے ہوئے ہیں۔''

ایک اور خبر ہے جناب۔ ''طالب علم راہنما نفیس احمد صدیقی گرفتار'' پھر جناب یہ خبر ہے کہ ''پنڈی کے طلبا آج یوم مطالبات منائیں گے۔''

''راولپنڈی کے طلبا آج یوم احتجاج منائیں گے۔ اس سلسلہ میں طلبا اپنے مکانوں پر سیاہ پرچم لہرائیں گے۔ طالبات مطالبات تسلیم نہ ہونے کے خلاف غم و غصہ کے اظہار کیلئے سیاہ دوپٹے اوڑھیں گی۔ طلبہ کی مقامی مجلس عمل نے طلبہ سے اپیل کی ہے کہ دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی نہ کی جائے۔ اور کوئی جلوس نہ نکالا جائے۔ یوم احتجاج کے پروگرام کے مطابق تمام کالجوں میں جلسے منعقد ہوں گے''۔

پھر جناب یہ خبر ہے۔ ''لاہور میں طلبا کانفرنس کی تیاریاں۔''

یہ سب کچھ ایک اخبار میں ایک دن میں ایک ہی صفحہ پر کی خبریں ہیں۔ کیا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ طلبا کا مسئلہ حل کر رہے ہیں یا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ملک میں تعلیم کی تخریب چاہتے ہیں۔ ملک میں انتشار پھیلاتے ہیں۔ اور تعلیم کو راشن کرنا چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح انہوں نے دوسرے شعبوں میں سخت گیر قانون لگائے ہیں۔ اسی طرح وہ کالجوں پر بھی لگانا چاہتے ہیں۔ جیسا کہ میرے ساتھی نے فرمایا ہے۔ اس یونیورسٹی آرڈی ننس کے ذریعہ انہوں نے طلبہ پر ایف۔سی۔آر۔ لگا دیا ہے۔ جیسے عوام پر پہلے سے ایف۔سی۔آر۔ لگا رکھا ہے۔ پریس پر پریس آرڈی ننس لگا ہوا ہے۔ اسی طرح یہ طلبا پر یونیورسٹی آرڈی ننس پروگرام کے مطابق لگا رہے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ جس طرح یہ چل رہے ہیں، جس طرح یہ کر رہے ہیں۔ یہ ان کے اپنے ذہن کی بات نہیں۔ ان میں اتنی سمجھ نہیں ہے کہ یہ سب کچھ کر سکیں۔ کوئی ماسٹر ذہن باہر سے انہیں یہ سب کچھ سمجھا رہا ہے۔ کہ فلاں جگہ ہم نے اس طرح کیا ہے، تم بھی اسی طرح لوگوں کو دباؤ۔ طلبا پر اسی طرح بندشیں عائد کرو۔ عوام پر اسی طرح سختی کرو۔ پریس پر اس طرح پابندیاں لگاؤ۔ اور اس طرح ہمارے اشاروں پر ناچتے رہو۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈی ننس کی بڑی سختی سے نہ صرف مخالفت بلکہ مذمت کرتا ہوں اور مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ آرڈی ننس فوراً منسوخ کیا جائے اور اس سے ملک کو آزاد کیا جائے تا کہ طلبا اپنے خیالات کا اظہار آزادی کے ساتھ کر سکیں۔

مسٹر سپیکر۔ نواب زادہ افتخار احمد خان۔

نواب زادہ افتخار احمد خان (جھنگ-۱) صدر مکرم۔ عزیز بھائی باقی بلوچ کی فاضلانہ اور عالمانہ تقریر سن کر بڑی مسرت اور خوشی ہوئی۔ کہ انہوں نے اتنی محنت کے ساتھ اتنے اونچے خیالات اور معلومات ہمارے سامنے پیش کئے ہیں لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ملک قادر بخش اونگھتے رہے۔ اور سوتے رہے۔

Mr. Speaker: That is not correct.

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ بہرحال اگر وہ عملاً نہیں سوتے رہے۔ تو وہ یہ ظاہر کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ کہ وہ سو رہے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ آپ کا مطلب ہے۔ ذہنی طور پر سوتے رہے ہیں۔

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ صاحب وہ اس انداز اور اس طریقے سے بیٹھے رہے۔ کہ لوگ یہ دیکھیں۔ کہ انکو ان مسائل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

وہ یہی ظاہر کرنا چاہتے تھے۔ اور یہ صحیح بات ہے۔ بہرحال اس آرڈیننس پر غور کرنے سے پہلے اس بات کو ذہن نشین کرنا چاہئے۔ کہ یہی انکی ذہنی افتاد ہے۔ کہ طلبا کے مسائل، یونیورسٹی کے مسائل، کراچی کے طلباء کے مسائل، پشاور کے طلباء کے مسائل یا لاہور کے طلباء کے مسائل یا میڈیکل کالج کے مسائل، حیوانات کے کالج کے طلباء کے مسائل، سب کو تو یہ حل کر چکے ہیں۔ اور اب تو یہ ساتویں دن آرام فرما رہے ہیں۔ اور پھر اس پر ہم سے یہ توقع کہ ہم انکو مبارکباد پیش کریں۔ اگر یہ اچھا کام بھی کریں۔ تو بھی انکے سیاہ اعمال اور سیاہ کارناموں کی فہرست اتنی طویل ہو چکی ہے۔ کہ مثال کے طور پر اگر یہ مجھے کہیں۔ کہ نماز کی نیت کرو۔ تو بھی مجھے یہ شک ہوگا۔ کہ یہ میری جوتیاں لیکر بھاگ جائینگے۔ اس لئے.....

* x x x x وزیر خوراک (ملک قادربخش)

Mr. Speaker: That sentence is expunged from the proceedings of the Assembly. The decorum of the House must be maintained.

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ اس لئے صدر محترم انکے سیاہ اعمال اور سیاہ کارنامے اتنے طویل ہیں۔ کہ حقیقتاً ان سے کسی اچھے کام کی توقع نہیں ہوسکتی۔ یہ تو بس ایک جھکڑ ہے۔ جو چل رہا ہے۔

وزیر خوراک۔ وہ آپ کو اڑا کر لے گیا۔

نوابزادہ افتخار احمد خان۔ یہ تو بس ایک جھکڑ چل رہا ہے۔ جس میں انکی عقل بھی گئی۔ اور ہوش بھی چلا گیا۔ اس جھکڑ میں سب کچھ گیا۔ تو اس تمہید کے بعد میں نے اس آرڈیننس کے متعلق تو صرف اتنا عرض کرنا ہے۔ کہ بیماری کہیں ہے۔ درد کہیں ہے۔ اور علاج ہے کہیں کا۔ جو مسائل طلباء کے تھے۔ انکے متعلق تو انہیں ابھی تک فکر نہیں ہے۔ انہیں ابھی تک یہ توفیق نہیں ہوئی۔ کہ وہ کیا کیا مسائل اور شکایات ہیں۔ اور وہ سنجیدگی سے ان پر سوچیں۔ غور کریں۔ یہ کوئی چھپی ہوئی شکایات نہیں ہیں۔ خیبر سے لیکر کراچی تک طلباء نے علی الاعلان اور واشگاف الفاظ میں ایک دفعہ نہیں ہزار بار اپنے خیالات، اپنی تکالیف اور شکایات بیان کر دی ہیں۔ کہ ہم نے ان شکایات اور تکالیف کو معلوم کرنے کیلئے ایک کمیشن بٹھایا ہے۔ کتنے خون خرابے ہو چکے ہیں۔ کتنی بار ان پر لاٹھی چارج ہوا۔ کتنے بچے زخمی ہوئے۔ اور آج کے تعلیمی نظام کی حالت کیا ہے۔ کراچی یونیورسٹی بند، کراچی کے سکول بند، پشاور کی یونیورسٹی بند۔ اور پھر یہ کہتے ہیں۔ کہ یہ بڑی مستحکم اور بڑی منظم حکومت ہے۔ اپنے بچوں کے ساتھ یہ بہیمانہ سلوک،

* Expunged as ordered by the Speaker.

اپنے بچوں کے ساتھ یہ وحشیانہ رویہ۔ کہیں آپ نے سنا۔ کہیں تاریخ نے لکھا۔ کہ بچوں پہ اسطرح لاٹھی چارج اور فائرنگ ہوئی ہے۔ اور یہ پھر بھی کہتے ہیں۔ کہ اپنی حکومت اور قومی حکومت ہے۔ افسوس تو اس بات کا ہے۔ کہ ان کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ یہ کیا بات ہے۔ صرف prestige کا مسئلہ ہے۔ اپنی اولاد اور اپنے بچوں کے ساتھ ضد لگائے بیٹھے ہیں۔ یہ صرف pretige کا معاملہ ہے۔ یونیورسٹی آرڈیننس کیا ہے۔ اس میں کیا ہے۔ کونسی آیات قرآنی ہے۔ کونسے ولی اللہ نے سبق بتایا ہے۔ یہ کونسا درود ہے۔ کہ جسکے بغیر یہ تعلیم نہیں چل سکتی۔ لعنت بھیجو اس پر۔ جس نے ہمارے ملک میں اتنا انتشار پھیلایا ہے۔ ختم کرو اس آرڈیننس کو جس نے ہمارے بچوں کے ذہنوں کو منتشر کر دیا ہے۔ اور میرے پیچھے بیٹھے ہوئے کوئی صاحب کہتے ہیں۔ کہ یہ سب کچھ ایک ہی شخص نے کیا ہے۔ آج اسکا نام بھی لیا گیا ہے۔ میں اسکا نام نہیں لونگا۔ بس اس ایک شخص کی وجہ سے ملک کا تمام نظام درہم برہم ہے۔ تمام سیاسی لوگ اور حکومت بھی بے بس لاچار اور مفلوج ہے۔

Mr. Speaker: What does the member think about the amendment.

215.	M/s. West Pak. Industrial Corpn. PIDC House, Kutchery Road, Karachi.	P/L	Gastone	Appox. 2 sqr. miles near Chatpat, Dir State.	19-10-63
216.	M. Khalilur Rehman (Sole	P/L	„	675 acres in north of	10-2-63

	Prop) of M/s. Pakistan Soap Stone & Mineral Industries, Khoja Hotel, Abbottabad.			Trangani Utli. Teh. Mansehra, Distt. Hazara	
217.	M/s. Pak Industries Ltd., Jubilee Insurance House, McLeod Road, Karachi.	M/L	Gemstone Aquamarine	480 acres near Village Dasso, Gilgit Agency.	
218.	M/s. Ghulam Sarwar Khan & Sons, H-135, Murree Road, Rawalpindi.	,,	Dolomite	350 acres near Village Tir District Hazara.	3-12-63
219.	Mr. A. M. Khan H-73, Murree Road, Rawalpindi.	,,	,,	About one Sqr. mile near Village Tir, District Hazara.	3-12-63
220.	Mr. Ali Mohd. Dada, Mang. Director M/s Dada Ltd., Jodia Bazar, Karachi.	,,	Gypsum	286.36 acres near Massan, District Dadu.	11-3-63
221.	Malik Mohd. Nawaz, Prop. Sakesar Mineral Gomti B-5, Temple Road, Lahore.	—	M/L Gypsum	11-56-50 acres near Burikhal District, Mianwali.	31-8-63

222.	M. Abdul Ghaffoor & Co., Sody P. O. Khewra District Jhelum	—	„	„	17.02 acres in Rakh Dandoth District Jhelum.	7-9-63
223.	M/s. Mirza Allah Ditta. & Sons Khewra District Jhelum.	—	„	„	105 acres near Khewra Distt. Jhelum.	2-12-63
224.	M/s. R. A. Majid 157 B Mohallah Patrangan Inside Bhatti Gate, Lahore.	—	„	„	83.15 acres West of Mayo Salt Mines Khewra.	4-12-63
225.	M/s. West Pakistan Industrial Dev. Corpn. PIDC. House Kutchery Road, Karachi.	—	„	„	225,07 acres near Khewra Salt Mines.	10-12-63
226.	M/s. General Traders, Cowasjee Building near Regal Cinema Preedy Street Sadar Karachi.	—	„	„	427.5, acres near Manri Lakhari District Dadu.	29-1-64
227.	„	—	„	„	675.00 acres at Goth Rehim Dino (Hundi) District Dadu.	29-1-64

228.	Mr. Thair Hussan Burni Jungshahi District Thatta.	—	„	Quartz Flintstone	100 acres near Dhabeji Distt. Thatta.	3-1-64
229.	M/s. Madina Trading Co. Block No. 70 Muslim Bazar Sargodha.	—	„	Bajri-Sand	600 acres near Havlian Rly Station District Hazara.	6-7-63
230.	Mr. Ali Hussan Manfi, 14-Kutchery Road, Karachi.	—	M/L	Gravel-Clay	2400 acres near Khanda Singh Jung Shahi District Thatta.	2-7-63
231.	M/s. Crown Mining Corporation 300/2 Alfred Street Garden West Karachi.	—	„	„	352 8 acres near Goth Rehim Dino District Dadu.	10-7-63
232.	M/s. Mohd. Safdar Khan, Mahboob, 8-A Ferozpur Road Lahore.	—	„	Gravel	21.24,67 acres near Malir. District Karachi.	25-7-63
233.	Malik Fazal Khan Taxila Rawalpindi.	—	„	„	2156.02 acres near Goth Faquir Mohd District Karachi.	25-7-63
234.	M/s. Sh. Mohd. Jamil 76 A. R. Khan Road,	—	„	„	2572.25 acres near Landhi Karachi.	25-7-63

	Samnabad Lahore.					
235.	Mian Mohd. Shafi 607-B Inside Bhatti Gate Lahore.	—	„	„	2944.20 acres near Goth Bakhshu Karachi	25-7-63
236.	Malik Fazal Din Taxila Distt. Rawalpindi.	—	„	„	2479.03 acres near Goth Haji Allah Dad District Karachi	25-7-63
237.	„	—	„	„	2222,80 acres near Malir Distt. Karachi.	25-7-63
238.	M/s. Ismirl Cement Industries Ltd. 48, The Mall Lahore.	—	„	Shal	163.2 acres south of village Sidhandi Tehsil Pind Dadan Khan Jhelum.	23-7-63
239.	Malik Fazal Khan Contractor Taxila District Rawalpindi.	—	M/L	Sand Gravel	2124.67 acres near Malir Distt. Karachi.	9-8-63
240.	Main Mohd. Shafi 607/B, inside Bhatti Gate, Lahore.	—	„	Gravel	2572.32 acres near Landhi Karachi.	9-8-63

241.	M/s. Sheikh Mohd. Jamil 78-H A. R. Khan Road, Samnabad, Lahore.	—	,,	,,	2944.20 acres near Goth Bukhshu Karachi.	10-8-63
242.	M/s. Abais Mineral Corpn. 54, Railway Road, Lahore.	—	,,	,,	3190.75 acres near Village Domali District Jhelum.	10-8-63
243.	Mohd. Safdar Khan, 8 Feerozepur Road Dehna, District Lahore.	—	,,	,,	2156.02 acres near Goth Faqir Mohd. Road, Karachi.	10-8-63
244.	M/s. Eruch/ Maneckhi 70 Parsi Colony, Karachi.	—	,,	Gravel Clay	663.75 acres in District Karachi.	3-9-63
245.	M/s. Madina Trading Corporation, Bakhahi Market, Anakrali, Lahore.	P/L	—	Ochres	District Muzaffarabad, (Azad Kashmir 500 acres).	10-7-63
246.	do.	do.	—	Ochres	Distt. Mazaffarabad (Azad Khshmir 312.5 acres)	10-7-63

247.	do.	do.	—	Manganese	Azad Kashmir (934.8 acres).	13-7-63	
248.	M/s. Shahab Collieries Mianwali Road, Khushab, Distt. Sargodha.	P/L	—	Ochres	Bhangula, Distt. Mianwali (253.125 acres).	23-7-63.	
249.	M/s. Amin Agencies Ltd. Ralli Building—2 Ralli Sq. Off Mcleod Road, Karachi.	—	M/L	Iron are	Near Nai Gagri, Distt. Hazara (1041.82 acres).	10-8-63.	
250.	M/s. Amin Agencies Ltd., Ralli Buliding—2 Ralli, Sq. Off Mcleod Road, Karachi.	—	do.	Iron are	Near Jabrian Distt. Hazara (1058.5 acres).	10.8-63.	
251.	M/s. Malik Sultan Mohd. Khan & Co., Distt. Mianwali.	—	do.	Ochres	Village Namal Distt. Nianwali, (264.8 acres).	17-9-63.	
252.	Syed Abdul Jaleel Rizvi, 1866, Karimpura, Abbottabad.	—	do.	Ochres	Village Bhirina Distt. Hazara (921.6 acres).	8-10-63.	
253.	M/s. Dawood Mines Ltd., Karachi.	P/L	—	Beryl.	Giddarpur Gazura, Distt. Hazara (96.36 acres).	13-12-63.	

254.	M/s. Buxley Paints Ltd., Karachi.	-do-	—	Ochres	Near Thana Bule Khan Distt. Dadu (160 acres).	14-11-63.
255.	M/s. Hyesons Electric Co. Ltd., Karachi.	—	M/L	Chromite	Village Palar Burazai, Distt. Peshawar (3727 acres).	19-11-63.
256.	do.	—	do.	Chromite	Near Osphan Khare, Malakand Agency Peshawar (279 acres).	20-11-63.
257.	M/s. Inter-National Mining Corporation Habib Bank Building, 5th Floor, Victoria Road, Karachi.	P/L	—	Ochers	Near Drshan-waro Ihora, Distt. Lasbella, (577.1 acres).	16-12-63
258.	M/s. Pakistan Chrome Mines Ltd., 3rd Floor, Jubilee Insurance House, McLeod Road, Karachi.	—	M/L	Chromite	District Zhob (Block No. 106) 550 acres.	24-12-63.
259.	do.	—	do,	-do-	Distt. Zhob (Block 109) 1087.5 acres.	24-12-63.

260.	do.	—	do-	-do-	District Zhob (Block 104) 413.3 acres.	24-12-63.
261.	do.	—	do-	-do-	District Zhob (Block 105) 399 acres.	24-12-63.
262.	M/s. Pakistan Chrome Mines Ltd. 3rd Floor Jubilee Insurance House, McLeod Road, Karachi.	—	do-	-do-	District Zhob (1653.3 acres).	24-12-63.
263.	do.	—	do-	-do-	District Zhob (1653.0 acres).	24-12-63.
264.	M/s. Pakistan Chrome Mines Ltd. 3rd Floor Jubilee Insurance House, Mcleod Road, Karachi.	—	-do-	-do-	District Zhob (Block 107) 853 acres.	24-12-63.
265.	M/s. Pakistan Chrome Mines Ltd. 3rd Floor Jubilee Insurance House, McLeod Road, Karachi.	—	M/L	-do-	Distt. Zhob (Block No. 115) 601.25 acres.	24-12-63.

266.	——do——	—	-do-	-do-	Distt. Zhob (Block No. 116) 1755 acres.	24-12-63.
267.	——do——	—	-do-	-do-	Distt. Zhob (Block No. 113) 367.50 acres.	24-12-63
268.	Rana Allah Dad Khan 36/E/1—Gulberg, Lahore.	P/L	—	Ochers	Near Bhangula Distt. Mianwali (874.51 acres).	27-12-63.
269.	M/s. Hazara Mining Industries, BB/613, Imambara Road, Rawalpindi.	—	M/L	Iron Ore.	Village Koka Teh. Haripur Hazara Distt. (2546.2 acres).	12-1-64.
270.	M/s. Pakistan Minerals Miners Ltd., 30, The Mall, Lahore.	P/L	—	Manganese	Thal Tehsil Hangu, Distt. Kohat (895 acres).	22-1-64.

ANNEXURE C

No. Of Concessions Granted

Name of Mineral	1961—62		1962—63		1—7—1963 to 31—12—63	
	P/L	M/L	P/L	M/L	P/L	M/L
Coal	110	3	36	2	34	9
Antimony	2	—	5	—	—	—
Bauxite	20	—	—	—	1	—
Heryl	1	—	—	—	—	—
Chromite	7	—	4	—	1	—
Copper Ore	3	—	2	—	1	—
Iron Ore	2	—	—	—	—	—
Lead	3	—	—	—	1	—
Manganese	5	—	—	—	2	—
Magnesite	1	—	1	—	—	—
Ochres	12	—	5	—	2	—
Dolomite	—	3	X	3	—	1
Marble	22	2	5	1	1	1
Gypsum	1	16	1	4	—	3
Celestite	3	—	5	—	2	—
Mica	1	—	—	1	—	—
Silica Sand	1	10	2	4	2	12
Bentonite	19	1	7	—	1	1
Quartz	2	—	1	—	—	—
Calsite	3	—	—	—	1	—
Barytes	3	—	6	—	4	1
Fireclay	9	2	7	1	4	3
Lime Stone	3	6	1	8	1	1
Fullersearth	—	7	—	15	—	1
Felspar	2v	—	1	—	—	—
Graphite	1	1	—	—	—	—
Ordinary Stone	—	2	—	—	—	—
Chinaclay	4	—	2	—	1	—
Granite	—	1	—	—	3	—
Ordinary Sand	—	1	—	—	—	—
Sulpher	—	1	1	—	—	—
Soapstone	—	—	4	1	2	—
Gravel	—	—	—	2	—	—
Asbestos	—	—	1	—	—	—
Gemstone	—	—	4	—	5	—
Flourite	—	—	1	—	—	—
Kyanite	—	—	—	—	1	—
	240	56	102	42	70	33

APPENDIX II

(Ref-Starred Questtion No. 5879)

ANNEXURE 'A'

	Sor Range	Sharigh	Degari
Production capacity at the time of taking over the mines by the WPIDC.	20 tons per working day.	The requisite information is being collected from the quarter concerned.	12,000 tons per year.
Annual Production			
1956-57	5,623 tons	—	—
1957-58	27,781 ,,	11,251 tons	—
1958-59	46,208 ,,	18,525 tons	—
1959-60	37,986 ,,	23,991 tons	—
1960-61	36,228 ,,	29,479 tons	6,501 tons
1961-62	34,986 ,,	20,841 tons	20,999 tons
1962-63	31,459 ,,	20,326 tons	22,470 tons
1963-64 (upto 31-12-1963)	10,602 ,,	11,199 tons	5,850 tons

ANNEXURE 'B'

Year	SOR RANGE MINES Income Rs.	Expenditure Rs.	Profit/Loss (+) Rs. (–)	SHARIGH MINES Income Rs.	Expenditure Rs.	Profit/Loss (+) Rs. (–)	DEGARI Income Rs.	Expenditure Rs.	Profit/Loss (+) Rs. (–)
1956-57	1,44,890	1,31,867	(+) 13,023	1,13,812	87,983	(+) 25,829	—		
1957-58	14,79,171	13,14,961	(+) 1,64,210	6,27,980	5,96,947	(+) 31,033	—		
1958-59	29,70,551	29,03,519	(+) 67,032	8,28,732	7,92,106	(+) 36,626	—		
1959-60	18,97,650	20,18,377	(–) 1,20,727	11,03,133	10,86,108	(+) 17,025	—		
1960-61	16,56,779	19,60,568	(–) 3,03,789	10,48,861	14,66,712	(–) 4,17,851	2,76,000	6,30,015	(–) 3,54,015
1961-62	18,75,670	20,92,704	(–) 2,17,034	11,49,834	14,42,755	(–) 2,92,921	11,87,547	18,68,497	(–) 6,80,950

The losses during the years 1959-60, 1960-61 and 1961-62 are due to the fact that there was no rational classification of stores/material issued and other expenses between operation and Development heads though major portion of such expenses or stores/material issued was meant for development. The position has been carefully reviewed and the expenditure is being reallocated between operation and Development. The revised position will thus be as under :—

1956-57	1,44,890	1,31,867	(+) 13,023	1,13,812	87,983	(+) 25,829	—	—	—
1957-58	14,79,171	13,14,961	(+) 1,64,210	6,27,980	5,96,947	(+) 31,033	—	—	—
1958-59	29,70,551	29,03,519	(+) 67,032	8,28,732	7,92,106	(+) 36,626	—	—	—
1959-60	18,97,650	18,18,729	(+) 78,921	11,03,133	10,86,108	(+) 17,025	—	—	—
1960-61	16,56,779	15,98,264	(+) 58,515	10,48,861	6,52,078	(+) 3,96,783	2,76,000	2,70,643	(+) 5,357
1961-62	18,75,670	18,16,917	(+) 58,753	11,49,834	9,23,813	(+) 2,26,021	11,87,547	9,76,036	(+) 2,95,086

APPENDIX III

(Ref: Starred Question No. 6996)

Sr. No.	Name & Address of the grantee company.	Name of the route for which permit granted.	No. of B Parts permit granted
1	2	3	4
1.	M/s. Chishtian Bus Service, Regd., Chishtian.	Haroonabad Chichawatni.	2
2.	M/s. Choudhri Transport Bus Service, Hasilpur.	,,	2
3.	M/s. Abbasia Tpt. Co., Ltd., Bahawalpur.	,,	2
4.	M/s. Taj Bus Service, Ltd., Montgomery.	,,	2
5.	M/s. Friends Bus Service Regd., Bahawalpur.	,,	2
6.	M/s. Colony Bus Service, Chishtian.	,,	2
7.	M/s. Trans Pakistan Bus Service, Khanewal.	,,	2
8.	M/s. Afzal Transport Co., Ltd., Multan.	Multan-Alipur.	3
9.	M/s. New Choudri Bus Service, Multan.	,,	3
10.	M/s. Farid Corporation, Ltd., Multan.	,,	3
11.	M/s. Al-Abbas Trpt. Co., Ltd. Multan.	,,	3
12.	M/s. Muzaffar Trpt. Co., Ltd., Multan.	,,	3
13.	M/s. Sutlej Valley Tpt. Co., Ltd., Islamabad, Montgomery.	Pak Pattan-Head Sulemanki.	2
14.	M/s. Choudhri Trpt. Bus Service, Hasilpur.	Multan-Mailsi *via* Basti Maluk Dunyapur Dokota route.	2
15.	M/s. Dost Corporation, Ltd., Multan.	,,	2
16.	M/s. Khushal Bus Service, Ltd., Burewala.	,,	2

17.	M/s. Afzal Trpt. Coy, Ltd., Multan Cantt.	Multan-Lodhran *via* Shuja Abad & Jalalpur Pirwala.	2
18.	M/s. New Pakistan Trpt. Co., Ltd., Multan.	,,	2
19.	M/s. Wahid Bus and Mailsi Trpt. Coy., Limited Multan.	,,	2
20.	M/s. Aziz Bus Service, Ltd., Karor Pacca.	Lodhran-Dunyapur *via* Karor Pacca.	2
21.	Baluch Trpt. Co., Ltd., D. G. Khan.	D. G. Khan-Loralai *via* Rakhni Kohja-Dukki.	2
22.	M/s. New De-Royal Trpt. Co., Ltd., D. G. Khan.	D. G. Khan-Taunsa.	2
23.	M/s. New Moon Light Trpt Service, Chishtian.	Fort Abbas-Bahawalpur *via* Marote.	2
24.	M/s. Bahawalpur Bus Service, Ltd., Bahawalpur.	Fort Abbas-Bahawalpur *via* Marote.	2
25.	M/s. Madina Bus Service Ltd., Rahimyar Khan.	Rahimyar Khan-Khanpur *viu* Kot Samaba.	1
26.	M/s. Nisar Bus Service, Ltd., Rahimyar Khan.	,,	1
27.	M/s. Khushal Bus Service, Ltd. Burewala.	Chishtian-Lyallpur *via* Vehari Chichawatni.	2
28.	M/s. New Motors Service, Limited Okara.	,,	2
29.	M/s. Pak. Valley Trpt. Co., Limited Lahore.	,,	2
30.	Safdar & Co., Bus Service, Haroonabad.	,,	2
31.	M/s. Shahid Bus Service, Chishtian.	,,	2
32.	M/s. Sher Brothers Trpt. Co., Lyallpur.	,,	2
33.	M/s. Afzal Trpt. Co., Multan.	Multan-Vehari *via* Tibba.	2
34.	M/s. Muslim Vehari & Vehniwal Bus Service, Ltd., Vehari.	,,	2

35.	M/s. Khushal Bus Service, Ltd., Burewala.	Multan-Chak No. 136/10-B.	2
36.	Colony Bus Service, Ltd., Chishtian.	Bahawalnagar-Marot via Haroonabad.	2
37.	M/s. Rehman Trpt. Co., B/pur.	,,	2
38.	M/s. Ahbab Bus Service, Rahimyar Khan.	Bahawalpur Rahimyar Khan *via* Uch Sharif.	2
39.	M/s. Qadiria Trpt. Service, Ltd., Ahmadpur East.	,,	2
40.	M/s. Rahimyar Khan Trpt. Co., Rahimyar Khan.	,,	2
41.	M/s. Elahi Trpt. Ltd., Rahimyar Khan.	Bahawalpur Rahimyar Khan *via* Channi Goth.	2
42.	M/s. United Bus Service, Ahmadpurl East.	,,	2
43.	Ao-Madina Trpt. Co., Ltd., Montghmery.	Montgomery-Kamand *via* Chichawatni.	2
44.	Cr. Khushi Muhammad Trpt. Sevice, Ltd., Montgomery.	Montgomery Kamand *via* Chichawatni.	2
45.	Montgomery Bus Service, Limited Montgomery.	,,	2
46.	The Awami Trpt. Co. Ltd., Ahmad Yar Distt. Montgomery.	Montgomery-Kamand *via* Chichawatni.	2
47.	M/s. Hussain Bus Service, Gaggoo.	Head Sulemanki-Lahore.	2
48.	M/s. Rafiq & Co. Bus Service, Lahore.	,,	2
49.	M/s. Israr Bus Service, Okara.	Okara Multan *via* Khanewal.	2
50.	M/s. Baluch Trpt. Co., D. G. Khan.	D. G. Khan-Taunsa.	2
51.	M/s. Baghdad Trpt. Co., Multan.	Multan-Ahmadpur Sial *uia* Muzaffargarh.	2
52.	M/s. Iqbal Trpt. Service., Limited Multan.	,,	2

53.	M/s. Muzaffargarh District Bus Service, Ltd., M/Grah.	Multan:Ahmadpur Said *via* Muzaffargarh.	2
54.	M/s. Afzal Trpt. Ltd., Multan.	Multan Jatoi.	2
55.	M/s. Muzaffar Trpt. Coy., Regd., Multan.	,,	2
56.	M/s. Ittihad Trpt. Co., Regd., Multan.	,,	2
57.	M/s. Khera Motors, Ltd., Multan.	,,	2
58.	M/s. Dost Corporation, Limited Multan.	Multan-Jhoke Venuis.	2
59.	M/s. Gopand Transport Co., Alipur.	Multan-Khairpur Sadat.	2
60.	M/s, Malik Shaheen Bus Service, Ltd., Zahirpir.	Jatoi-Alipur.	2
61.	M/s. Hamlog Transport Co., Limited Leiah.	,,	2
62.	M/s. Thal Trpt. Co., Ltd., Leah.	,,	2
63.	M/s. Bhakar Trpt. Co. Regd., Bhakar.	Karor-Bhakar.	1
64.	M/s. Madina Bus Service, Limited Rahimyar Khan.	D. G. Khan-Sadiqabad.	2
65.	M/s. Dur Mohd. Baluch Bus Service, Rahimyar Khan.	,,	2
66.	M/s. Dera Bus Service, Ltd., D. G. Khan.	D. G. Khan-Garh Maharaja.	2
67.	M/s. Indus Transport Co., D. G. Khan.	,,	2
68.	M/s. Awami Trpt. Co., Ltd., Ahmed Yar.	Jamler-Montgomery.	2
69.	M/s. Iqbal Bus Service, Ltd., Arifwala.	Jamlera-Pakpattan.	2
70.	M/s. Awami Trpt. Co., Ltd., Ahmed Yar.	Jamlera-Pir Ghani.	2

71.	M/s. Panjnad Transport Co., Limited, Khanpur.	Khanpur-Bhatta Sheikhan.	2
72.	M/s. Aslam Transport Coy., Bahawalpur.	Uch Sharif-Khairpur.	2

APPENDIX IV

(Ref: Starred Question No. 7352)

A copy of the minutes of the meeting held on 2-3-1964 to discuss the development of Mahaban Hill as Hill Station.

As per preliminary report on Mahaban Hill for its development as Hill Station by the Director, Town Planning Peshawar a meeting was held on 2-3-1964 which was attended by the following:—

1.	Deputy Commissioner Mardan.	(Chairman)
2.	Executive Engineer B & R Mardan.	Member
3.	Executive Engineer, Public Health Engineering Division, Peshawar.	"
4.	Director, Town Planning Peshawar.	"
5.	Executive Engineer, E. Mardan.	"
6.	Sub-Divisional Officer, Telephone/ Telegraphs Mardan.	"

Mr. Ralph Cole Engineer of American Peace Corp. Mardan was also invited to the meeting.

The Director Town Planning explained all the developments that would be needed to convert the Hill into a Hill Station. In this connection he pointed out that investigations will only be possible if the place is connected by road. The Chairman informed the members that a road is already under construction upto Utla and the Executive Engineer B & R Nowshera will be requested to expedite the work and provide a jeepable road so that investigations could be taken in hand immediately.

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division, Peshawar was requested to explore drinking water supply from the spring running in the area. The Chairman observed that he can accompany him to the place on his tour of Gadun upto Mahaban in the end of March and by the time (Electricity) stated that he would need a sum of Rs. 6,36,500/- for taking electricity line and supply to consumers at Mahaban (Gadun). The S.D.O. Telephones Telegraphs pointed out that Dewal and Gajai in Gadun area will be connected by the Telephone/Telegraphs this year.

Mr. Saeed Geologist of Peshawar Unsversity, could not attend the meeting. It was decided to request him to send a copy of his report about Mahaban if written by him.

Sd/- S. A. Jilani CSP
Deputy Commissioner, Sargodha.

APPENDIX V

(Ref: Starred Question No. 7629)

منسلک "الف"

صوبہ میں ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی غرض سے محکمہ صنعت و حرفت کی طرف سے علاقہ وار مختص کردہ رقوم کا کیفیت نامہ۔

نام علاقہ	مختص کردہ رقوم
	(روپے لاکھوں میں)
۱- کوئٹہ ریجن	۹۳۹۶۰
۲- حیدرآباد ریجن	۲۷۳۶۲
۳- ملتان ریجن	۲۲۳۲۶۱
۴- سرگودھا ریجن	۲۱۵۶۰
۵- پشاور ریجن	۳۲۶۰
۶- لاہور ریجن	۱۹۶۱
۷- کراچی	۱۳۶۳۶۸
۸- مغربی پاکستان بھر میں کھالوں اور چمڑے کے سرکاری ترقیاتی مراکز	۲۶۳
۹- سارے مغربی پاکستان کے لئے ڈبلیو - پی - آئی - ڈی - سی کی چھوٹی صنعتوں کی ڈویژن	۳۳۳۶۳
۱۰- سارے مغربی پاکستان کی اساس پر منصوبے جن کے لئے کوئی تعین نہیں کی گئی ہے۔	۱۷۱۶۵
میزان	۵۸۱۷۶۳

اشاریہ

۱- کوئٹہ ریجن میں کوئٹہ اور قلات سول ڈویژن شامل ہیں۔

۲- حیدرآباد ریجن میں حیدرآباد اور خیرپور سول ڈویژن شامل ہیں۔

۳- ملتان ریجن میں ملتان اور بہاولپور سول ڈویژن شامل ہیں -

۴- سرگودھا ریجن میں سرگودھا اور راولپنڈی سول ڈویژن شامل ہیں -

۵- پشاور ریجن میں پشاور اور ڈیرہ اسمعیل خان سول ڈویژن شامل ہیں -

۶- لاہور ریجن میں لاہور ڈویژن شامل ہے -

۷- کراچی ریجن میں کراچی ڈویژن شامل ہے-

منسلکہ " ب "

ہر ایک ریجن میں اب تک کی صرف کردہ رقوم کا کیفیت نامہ -

نام ریجن	صرف کردہ رقم
	(روپے لاکھوں میں)
۱- کوئٹہ ریجن	۴۷۴۶۲
۲- حیدرآباد ریجن	۴۳۰۶۲
۳- ملتان ریجن	۱۵۵۴۶۹
۴- سرگودھا ریجن	۱۹۰۶۸
۵- پشاور ریجن	۲۰۱۶۱
۶- لاہور ریجن	۱۴۶۶۸
۷- کراچی ریجن	۷۸۶۵
۸- مغربی پاکستان بھر میں کھالوں اور چمڑے کے سرکاری مراکز—	۲۶۴
موزان	۳۰۷۸۶۹

(اس رقم میں انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن مغربی پاکستان کی چھوٹی صنعتوں کی ڈویژن کے توسط سے صرف کردہ رقم بھی شامل ہے -)

APPENDIX VI

(Ref: Itaned Question No. 8433)

ANNEXURE 'A'

1. On promotion to grade II Mr. Badarud-Din Rathore was posted in the Works Branch in 1952. Subsequently, however, on abolition of some temporary posts in that branch, he was rendered surplus in 1956 and was consequently absorbed in the Commercial Branch where there was a vacancy in that grade. He is still working as grade II clerk in the Commercial Branch and the question of his reversion to his parent branch (Works) has not arisen.

2. Mr. Feroze-ud-Din was promoted to grade II in the Commercial Branch in 1951 in his turn on the basis of a combined seniority list. In 1954, he was reverted to grade I for one year as a punishment, and posted to the Statistical Branch. On the expiry of the period of his punishment, he was promoted to grade II and was re-posted in the Commercial Branch.

3. Mr. Faqir Hussain Kazmi, a clerk grade I of the Commercial Branch, on promotion to grade II, was posted in the Personnel Branch from 16-2-1960. The Commercial Branch officers, however, recommended that on account of his efficient working in that branch, Mr. Faqir Hussain should be transferred back to the Commercial Branch against an existing vacancy. Mr. Faqir Hussain Kazmi also requested for this transfer back to his parent branch. In the circumstances, he was sent back to the Commercial Branch with effect from 14-5-1960.

4. From the available records it is noticed that Mr. Mohammad Tufail was originally posted to the Personnel Branch in 1958 and was transferred to the Commercial Branch in the same year against an existing vacancy in grade II on combined seniority basis. The question of returning him to his parent branch has not arisen so far.

5. No clerk by the name of Mr. Kharatul Ahsan Malik was transferred from the Personnel Branch to the Commercial Branch. One Mr. Kharat-ul-Islam had, however, been working in the Commercial Branch as clerk grade II, when he was rendered surplus and absorbed in the Operating Branch against an existing vacancy from 4-12-1952. Shortly thereafter, a vacancy occurred in the very section of the Commercial Branch, from where he had been transferred. On account of the experience gained by Mr. Kharat-ul-Islam in the working of the said section, he was transferred back to the Commercial Branch.

6. No clerk by the name of Mr. Mohammad Yaqoob was transferred from the Works Branch to the Stores Branch.

7. Mr. Masood Khan, while officiating as a clerk grade II in the Commercial Branch, was rendered surplus on account of the abolition of some posts and was, therefore, transferred to the Water Supply Branch, reverting the junior-most man who was officiating in grade II in that branch. This was unavoidable as well as in the interest of the Administration. The question of returning him to the Commercial Branch has not arisen so far.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

SEVENTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Sunday, the 31st January, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a. m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qa i of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ
اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ
وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ
نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ
اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۠ وَاغْفِرْ لَنَا ۠ وَ
ارْحَمْنَا ۠ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(پ ۳- س ۲- ع ۸- آیات ۲۸۵ تا ۲۸۶)

(ترجمہ) رسولؐ اس چیز کا معتقد ہے جو ان کے پاس اُنکے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور مسلمان بھی سب کے سب عقیدۂ ایمان رکھتے ہیں۔ اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اُس کے پیغمبروں کے ساتھ اور ہم رسولوں کے درمیان کسی ایک میں بھی فرق نہیں کرتے۔ اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم نے تیرا فرمان سنا اور خوشی سے مانا۔ اے ہمارے پروردگار ہم تیری بخشش چاہتے ہیں۔ اور ہم سب کو تیری طرف لوٹنا ہے۔

اللہ کسی شخص کو تکلف نہیں بناتا مگر اتنا ہی جتنا اسکی طاقت اور اختیار میں ہو اس کو ثواب بھی اسی کمائے گا جو ارادے سے کرے اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوگا جو ارادے سے کرے۔ اے ہمارے پروردگار ہم پر داروگیر نہ فرما اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے خطا سرزد ہو جائے۔ اے ہمارے پروردگار اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجنا جیسے ہم سے پہلے لوگوں پر تو نے بھیجے تھے۔ اے ہمارے پروردگار اور ہم پر کوئی ایسا بوجھ نہ ڈالنا جس کی ہم برداشت نہ رکھتے ہوں اور درگذر فرما ہم سے اور بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا کارساز ہے پس تو ہم کو کافروں پر غالب کر دے۔

وما علینا الا البلاغ

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR.

Mr. Speaker : The Question Hour.

Minister of Finance (Sheikh Masud Sadiq) : Sir, I propose that the Question Hour be done away with today.

Mr. Speaker : Is it the sense of the House ?

(*Members—Yes*)

The Question Hour is suspended.

Now, we will take up leave applications.

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. AS.

MIR MUHAMMAD MURAD KHAN JAMALI.

Secretary : The following letter has been received from Mir Muhammad Murad Khan Jamali, M.P.A. :—

> "I could not attend the meeting of Select Committee on Minor Canals Amendment Bill held on 4th October 1964, due to urgent work at home. Leave may kindly be granted for the said date."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD AKBAR KHAN

Secretary : The following letter has been received from Mr. Muhammad Akbar Khan, M. P. A :—

> "Due to some unavoidable circumstances I could not attend the meeting of Standing Committee on Works and Communications held on the 8th September, 1964. Leave may kindly be granted for the above-mentioned date."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR NOOR MUHAMMAD KHAN BULEDI TUMANDAR

Secretary : The following letter has been received from Sardar Noor Muhammad Khan Buledi Tumandar, M. P. A :—

"Owing to urgent work at my native place, I shall not be able to attend the Assembly Session from 26th January, 1965, till end of the Session. The House may, therefore, kindly be moved to grant me leave for my above absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA ALI MUHAMMAD KHAN KHAKWANI.

Secretary : The following telegram has been received from Nawabzada Ali Muhammad Khan Khakwani, M. P. A. :—

"Sister died condone my absence from Twenty-Sixth January till the end of the session."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR INAYAT-UR-REHMAN KHAN ABBASI.

Secretary : The following letter has been received from Sardar Inyat-ur-Rehman Khan Abbasi, M. P. A. :—

میں بیمار ہوں اور اجلاس مورخہ ۲۸ جنوری ۱۹۶۵ میں
حاضر نہیں ہو سکتا ۔ رخصت عنایت فرمائیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN WAQF PROPERTIES (AMENDMENT) ORDINANCE, 1964

(Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the resolution that the Assembly do approve of the West Pakistan Waqf Properties (Amendment) Ordinance.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan Ansari was addressing the House but today he is not present. Is there any other member who wants to take part in the discussion ?

(*Voices : No, Sir.*)

The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Waqf Properties (Amendment) Ordinance, 1961, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th December, 1964.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN PRESS AND PUBLICATIONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1964

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Finance : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Press and Publications (Amendement) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th November, 1964.

Mr. Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th November, 1964

The motion was carried.

THE PUNJAB AGRICULTURAL PRODUCE MARKETS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1964

Minister of Finance : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of Pakistan, on 1st December, 1964.

Mr. Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 1st December, 1964.

The motion was carried.

THE KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1964.

Minister of Finance : Sir, I beg to move:

That the Assembly do approve of the Karachi Development Authority (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th December, 1964.

Mr. Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the Karachi Development Authority (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1964, promulgated by the Governor of West Pakiston on 19th December, 1964.

The motion was carried.

VALEDICTORY SPEECHES

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ یہ ہماری اسمبلی کا آخری دن ہے ۔ اور ممکن ہے ہم دوبارہ اس ہاؤس میں نہ مل سکیں ۔ اس موقع پر ہمارے بہت سے معزز اراکین اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں ۔ میں چاہتا ہوں ان کو موقع بخشا جائے ۔

Mr. Speaker : If that is the sense of House, I have no objection. Yes, Rai Sahib.

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ - ۳) جناب والا - جیسا کہ محترم قائد حزب اقتدار نے فرمایا ہے - یہ ہماری اسمبلی کا آخری اجلاس ہے - اور اس کے بعد خدا جانے کون دوبارہ منتخب ہو کر آئے - کون نہ آئے - میں دست بدعا ہوں اور میری یہ خواہش ہے کہ ہمارے تمام دوست خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ دوبارہ منتخب ہو کر اس ایوان میں تشریف لائیں اس موقع پر مجھے پنجابی کا ایک شعر یاد آ گیا ہے ، جو میں پیش کرتا ہوں -

ہے اج دا دن وصال والا ، کل کہیہ جاناں کیہڑا رنگ ہوسی
میلے پیر محمدا قسمتاں دے - کتھے سعی تے کتھے ملنگ ہوسی
(تالیاں)

جناب والا - آج کے بعد ہم اس ایوان سے باہر جائیں گے ، تو اپنے مہربانوں کو چھوڑ کر جائیں گے - مگر ان کی باتوں کی یادیں ایک سرمایہ بن کر ہمارے پاس محفوظ رہیں گی - اس ایوان میں ہم نے یہ جو عرصہ گذارا ہے ، یہ مجموعی طور بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ گذارا ہے - اور آپ کی ذات گرامی نے جس قابلیت اور وقار کے ساتھ اس ایوان کے وقار کو بلند رکھا ہے اور معزز ممبران کے ساتھ آپ جس طرز سلوک سے پیش آئے ہیں - میں اس کے لئے آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں - (تالیاں)

قائد حزب اقتدار کی باغ و بہار طبیعت اور ان کا مشفقانہ رویہ ہمیں ہمیشہ یاد رہے گا - (تالیاں) ان کی قیادت میں اور ان کی راہنمائی میں ہم نے ہمیشہ نیا جذبہ اور نیا ولولہ اپنے اندر موجود پایا ہے - مجھے

افسوس ہے کہ اس وقت قائد حزب اختلاف اور ان کے معزز ساتھی اس ایوان میں موجود نہیں ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں اور میرے ساتھی جمہوریت کی بقا کے لئے اور آپوزیشن کے وجود کے لئے اپنے آپ کو ہمیشہ اس بات پر آمادہ پاتے ہیں کہ ان کے جذبات اور خیالات کا احترام کریں ۔ ہم یہ نہیں سمجھتے کہ آپوزیشن ملک اور قوم کی دشمن ہے ۔ بعض اوقات وہ حضرات ہمارے ساتھ زیادتی کر جاتے تھے ۔ جس پر ہمیں احتجاج کرنا پڑتا تھا ۔ جناب والا میرا یہ ایمان ہے کہ جمہوریت ہی صحیح طرز حکومت ہے ۔ چاہے وہ پارلیمانی ہو یا صدارتی ۔ اگرچہ ہم اپنے ملک کے حالات کے پیش نظر صدارتی نظام حکومت کی تائید کرتے ہیں ۔ اور یہی طرز حکومت اس وقت یہاں رائج ہے ۔ ہم پر اس ایوان میں متعدد بار یہ الزام لگایا گیا ہے ۔ کہ ہم جمہوریت کے خلاف ہیں ۔ یا جمہوری روایات کو زندہ نہیں رکھنا چاہتے ہیں ۔ یہ غلط ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے تمام دوستوں اور وزرائے کرام کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ کہ اس تمام عرصہ میں جس خوش اسلوبی ، تعاون اور دوستی کے جذبے کے ساتھ ہمارا وقت گذرا ہے ۔ وہ ہمیشہ ایک یاد بن کر ہمارے دلوں میں تابندہ رہیگا ۔

سردار عنائیت الرحمن خاں عباسی (ہزارہ - ۱) - صدر گرامی - میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ شاید آج اس اسمبلی کے سہ سالہ دور کا آخری دن ہے اور بہت سی باتوں کے علاوہ جو چند حقائق میں نے اس تین سال کے عرصہ میں دیکھے یا محسوس کئے یا جن پر کہ میں نے عمل کیا ہے ۔ وہ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں

پیش کرنے کی جسارت کروں گا ۔

صدر گرامی ۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ صوبائی اسمبلی کی ہماری اکثریتی پارٹی جو پاکستان مسلم لیگ کے زیر قیادت تین سال گذار چکی ہے اس کو وہ واضح اور کامل اکثریت حاصل تھی ۔ جو اس ملک کے سترہ سالہ پارلیمانی دور میں کسی بھی مسلم لیگ پارلیمانی پارٹی کو کبھی حاصل نہ تھی ۔ باوجودیکہ ہماری اتنی بڑی اور واضح اکثریت تھی ۔ لیکن مجھے اس بات پر بھی فخر ہے کہ ہم نے اور ہماری حکومت نے ہمیشہ اپنے اس طرف بیٹھنے والے حضرات جو کہ آپوزیشن پارٹی کہلاتے ہیں ۔ اور جو کہ چھوٹی سی اور بہت ہی اقلیت والی آپوزیشن تھی ۔ ہم نے اپنے مقابلے میں ان کے حقوق کی زیادہ نگہداشت کی ۔ ہمیں اس پر فخر بھی ہے ۔ کہ ہم نے ان کے جذبات کا ہمیشہ احترام کیا ۔ اس معزز ایوان میں بڑے بڑے نازک مرحلے پیدا ہوئے تھے ۔ اور کئی ایک نازک ادوار سے اس معزز ایوان کو گذرنا پڑا ۔ لیکن اس کے باوجود کہ ہم اکثریت میں تھے ۔ ہم نے اپنے اُن جمہوری ساتھیوں کے جذبات کا احترام کیا ۔ اور اگر اس سلسلے میں ہمارے اپنے جذبات مجروح بھی ہوئے تو بھی ہم نے اسکی پرواہ نہ کی ۔ جسکی وجہ سے ہم آج اپنی گردنیں بلند کر سکتے ہیں ۔ میں نے اس تین سالہ دور میں یہ محسوس کیا کہ اس ایوان میں ہمیشہ جمہوریت کا بول بالا رہا اور حزب اختلاف کے ارکان اس امر کے شاھد اور گواہ ہیں ۔ کہ ایسے مواقع بھی آئے ۔ جب حکومت کی اکثریت پارٹی نے یا ہم نے ایک اصول اور جمہوریت کی تقلید کی خاطر یہ محسوس کیا ۔ کہ ہمیں حزب مخالف کا ساتھ دینا چاھئیے تو ہم نے اُنکا ساتھ دیا ہے ۔

مجھے افسوس ہے کہ آپ کی اپیل کے باوجود جو آپ نے کل آپوزیشن کو کی تھی وہ آج کے اجلاس میں شریک نہیں ہوئے ۔ کل ایک چھوٹا سا واقعہ ہوا تھا جس کے متعلق میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اُن کے مقابلے میں ہمیں اس واقعہ سے زیادہ دکھ اور صدمہ ہوا ہے ۔ یہ تو میر عبدالباقی بلوچ کے ساتھ ایک واقعہ ہوا ہے ۔ اس ملک کے کسی چھوٹے سے چھوٹے مکین کے ساتھ بھی ایسا واقعہ نہ ہونا چاہئیے تھا ۔ اور پھر جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو قائد ایوان اور ہمارے دوسرے رفقاء بلوچ صاحب کی عیادت کے لئے ہسپتال میں پہونچے ۔ لیکن اسکے باوجود بھی حزب مخالف نے جو ناراضگی کا طریقہ اختیار کیا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ وہ مناسب نہ تھا ۔ کیونکہ وہ اپنے آپ کو پارلیمانی روایات کے علمبردار اور جمہوریت کی بحالی کے دعویدار کہتے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ انکے لئے تو خاص طور پر ایوان کے صدر کے ارشادات بیحد قیمتی اور وزنی ہونے چاہئیں تھے ۔ لیکن وہ آج اس ایوان میں موجود نہیں ہیں ۔ حالانکہ میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں ۔ کہ قائد حزب اختلاف خواجہ محمد صفدر نے اس ایوان کی بڑی خدمات انجام دی ہیں ۔ اور انہوں نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ ہمارے کاموں پر تنقید کر کے اس کی اصلاح کریں ۔

جناب والا ۔ مجھے اس امر پر فخر ہے ۔ کہ اس اسمبلی کے تین سالہ دور میں اکثریت کا ایسا دور رہا ہے ۔ جو آپکی قیادت آپ جیسے ایک ماہر قانون دان اور آپ جیسی آزاد رائے رکھنے والے سپیکر کی قیادت میں ہم نے پورا کیا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں اور میرا یہ دعویٰ ہے کہ اس اسمبلی میں آپکی موجودگی نے اس ایوان کی کارکردگی اور بہتری کے

لئے نمایاں کردار ادا کیا ہے ۔ یہاں اگر میں اپنے ہر دلعزیز قائد ایوان کے متعلق کچھ نہ کہوں ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ میں ان کی نہیں بلکہ اس معزز ایوان کی حق تلفی کروں گا ۔ ان کے کمرے میں ہم جب بھی کسی کام کے سلسلے میں گئے ۔ تو باوجودیکہ وہ بیمار ہیں ۔ دل کے مریض ہیں۔ انہوں نے ہر موقع پر اورہر مرحلے پر ہماری امداد کی۔ اور ہمارے کاموں میں دلچسپی لی ۔ اور اپنی بہترین صلاحیتوں سے اس پارٹی کو نوازا ۔ یہاں پر میں اپنے دیگر واجب الاحترام وزراء صاحبان کا بھی ذکر کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ عباسی صاحب نے افراد کی تو تعریف کی ہے لیکن جو کارہائے نمایاں انہوں نے اس تین سال کے عرصہ میں کئے ہیں ۔ انکے متعلق کچھ بھی نہیں کہا ۔

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ اس ایوان کا سب سے بڑا کارنامہ کیا یہی کچھ کم ہے ۔ کہ پیر صاحب بھی یہاں موجود ہیں ۔ وہ بھی تو دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں ۔

کھولی ہیں ذوق دید نے آنکھیں تیری اگر
ہے دیکھنے کی چیز اسے بار بار دیکھ

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ یہ آپ جناب سپیکر کو کہہ رہے ہیں ؟

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی ۔ یہ میں اپنے جذبات کی ترجمانی کر رہا ہوں ۔ مجھے اس امر سے بھی اتفاق ہے اور اس امر کی بھی خوشی ہے کہ اس ایوان میں قائد ایوان شیخ مسعود صادق صاحب

اور ان کے دیگر ساتھیوں نے ملک قادر بخش صاحب خان پیر محمد خان صاحب میاں محمد یاسین خان وٹو بیگم محمودہ سلیم صاحبہ اور عبدالغفار خان پاشا نے بھی ہماری طرف ہمیشہ دست تعاون بڑھایا ۔ خاص طور پر ملک صاحب تو ہمیں ہمیشہ یاد رہیں گے ۔ ہم نے بڑی بڑی بے جا قسم کی گستاخیاں بھی کیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ ہمیشہ ہنستے اور مسکراتے رہے ۔ اور یہ تین سال کا عرصہ ہم نے ایک ٹیم کی طرح کام کر کے گذارا ۔ ہمیں اس پر ہمیشہ فخر رہے گا ۔ میرے دوست رائے منصب علی خان کے معیار کے مطابق خدا معلوم کوئی ہے یا نہیں لیکن جو دور ہمارا گذرا ہے ۔ ہم ہمیشہ اس پر فخر کریں گے ۔

آخر میں اگر میں ایک بات عرض نہ کروں تو میں سمجھوں گا کہ میں نے ایک بہت بڑے آدمی کی حق تلفی کی ہے ۔ اور وہ ہیں اس ایوان کے قاری ۔ جو انتہائی محنت اور کاوش کے بعد اللہ تعالیٰ کے ارشادات حسب حال آپ کی خدمت میں پیش کرتے رہے ۔ چاہے ہم انہیں چھوٹا سا ملازم سمجھیں۔ لیکن ان کے ذمے جو فرض تھا ۔ وہ اپنے لحاظ سے بڑا افضل اور اعلیٰ تھا ۔ اور انہوں نے ہمیشہ بڑی خوش اسلوبی سے تلاوت کلام پاک کر کے اس ایوان کی خدمت کی ہے ۔ جو گوش ہوش رکھنے والوں کے لئے ایک نہایت ہی ارفع خدمت تھی ۔ اسکے علاوہ اسمبلی سیکریٹریٹ کا تمام عملہ ، سیکرٹری صاحب سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے ملازم اسمبلی نے بھی میں حلفیہ کہتا ہوں ۔ کہ کسی کو بھی کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا ۔ انہوں نے ہمیشہ ہم سے تعاون کیا ۔ انہوں نے شب و روز کے چوبیس گھنٹوں میں سے بیس بیس گھنٹے کام کیا ۔ اس کے باوجود جب ہم ان کے پاس کئی کئی بار گئے ۔ اور

اپنی مشکلات اور شکایات کو دھرایا تو کبھی ان کے ماتھے پر شکن تک نہیں آئی اسمبلی دفتر کے عملے کا رویہ ہم سب سے بہت اچھا تھا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں الوداع کہتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ عبدالرازق خان ۔

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ آج اس معزز ایوان کے تین سالہ دور کا اور یہاں پر اکٹھے ہو کر کسی مسئلے پر بحث و تمحیص کرنے کا آخری دن ہے ۔ جناب والا ۔ اس اسمبلی کے لئے جب معزز ممبران انتخاب کے لئے کھڑے ہوئے تھے تو اس وقت نہ تو کوئی پارٹی تھی ۔ نہ کوئی پروگرام تھا ۔ اور نہ ہی کسی مسئلہ اور نظریہ کے تحت ممبران منتخب ہو کر آئے ۔ ہر ممبر نے اپنے حلقہ نیابت میں اپنا ایک خاص پروگرام پیش کیا تھا اور اسی کی بنا پر وہ منتخب ہو کر اس ایوان میں آئے تھے ۔ جناب والا بہتر ہوگا اگر میں چند الفاظ اپنے ان پچھلے تین سالہ دور کے کام کا جائزہ لوں اور ساتھ ہی اس کے متعلق جو میری رائے ہے وہ اس معزز ایوان میں پیش کروں ۔

جناب والا ۔ اس ایوان کے متعلق اور ان کی کار گذاریوں کے متعلق میں نے بعض اخبارات میں پڑھا ہے اور بعض جرنلسٹ حضرات سے اور ایڈیٹر صاحبان سے جو گفتگو ہوئی ہے اس سے یہ معلوم ہوا ہے کہ اس اسمبلی میں بہت چھوٹے مسائل پر بحث ہوا کرتی تھی اور بڑے بڑے مسائل کو ممبران touch نہیں کرتے تھے ۔ جناب میری رائے میں اس معزز ایوان کے ممبران نے عوام سے جو وعدے کئے تھے ۔ جن یقین دھانیوں کی بنا پر اس ایوان کے ممبر منتخب ہو کر آئے تھے وہ انہوں نے کماحقہ پوری کی ہیں ۔ چونکہ نظام صدارتی تھا پارلیمانی نہیں تھا اس لئے ہمارے وزرا

صاحبان اور وہ حضرات جن کے ہاتھ میں حکومت کا نظام تھا وہ بھی آئین اور قانونی مجبوریوں کی وجہ سے اس قدر کام نہیں کر سکتے جتنا ہم چاہتے تھے ۔ یا جتنے کی توقع ہم سے عوام رکھتے تھے ۔ اب تین سال تک اس نظام کے تحت کام کرنے کے بعد ہمارے عوام اور معزز ممبران سمجھ گئے ہیں کہ ہم نے کس طرز پر کام کرنا ہے ۔ ہم نے اپنے عوام سے کون سے وعدے کرنے ہیں اور ان کو کس طرح پورا کیا جانا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری ہی کوشش کا نتیجہ ہے ۔ یہ ہماری ہی آواز ہے جس کا ثبوت صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب کی وہ تقریر ہے جو کہ انہوں نے کراچی میں فرمائی تھی اور صاف الفاظ میں کہا ہے کہ اب ہمیں اس ملک میں ایک ایسا نظام رائج کرنا ہے ۔ جس میں وہ لوگ جن کے پاس کچھ نہیں ہے ۔ یا وہ لوگ جن کے پاس بہت کم ہے ۔ ان کو دینا ہوگا اور عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے ہمیں بہت بڑے دور رس اقدامات کرنے ہونگے ۔ انہوں نے منتخب ہونے کے بعد بہت واشگاف اور صاف الفاظ میں فرمایا میں نے قوم سے جو وعدے کئے ہیں ان کو پورا کرنے کی کوشش کرونگا ۔ اور کل مغربی پاکستان کی کیبنٹ کی کارروائی اخبارات میں آئی ہے اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے اور لوگوں کی تکالیف میں کمی کرنے کے لئے جو وعدے کئے گئے تھے اس کو پورا کرنے کا انتظام کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ اس معزز ایوان کے ممبران کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے ۔ جس کے نتائج دور رس ہونگے اور آئندہ سالوں میں نکلینگے ۔

جناب والا ۔ اس ایوان میں اب ہم ایک پارٹی کی تشکیل کر چکے

ہیں ۔ اور منظم طور پر ایک پارٹی کی صورت میں جمع ہو گئے ہیں ۔ مجھے اس امر کا اعتراف ہے کہ شیخ مسعود صادق صاحب کی زیر سرکردگی ہماری پارٹی نے بہت ہی مفید کام کئے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ ہماری جو راہنمائی فرمائی ہے وہ ہم چاہے اس ایوان میں دو بارہ منتخب ہو کر آئیں یا نہ آئیں وہ ہمیشہ ہمیں یاد رہے گی ۔ انہوں نے سارے معزز ایوان کے ممبران کی بڑی حوصلہ افزائی کی ہے ۔ ہماری جائز شکایات کا ازالہ کیا ۔ جب کوئی ایسا مسئلہ جس میں کسی سے بے انصافی کی گئی ہو ان کے سامنے لایا گیا انہوں نے نہایت جرآت سے اس کا سدباب کیا ۔ اس بے انصافی کا ازالہ کیا ۔ میں ان کی اس جرآت اور بے باکی کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ باقی وزراٗ صاحبان کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ جو کچھ ان کے بس میں تھا جو کچھ وہ کر سکتے تھے اس سے کسی نے کوئی کوتاہی نہیں کی ۔ لیکن ہمارے گلے اور شکوے اس وقت صرف اس وجہ سے ہیں کہ بعض معاملات میں وہ بے بس تھے یا ہم ان کو سمجھا نہ سکے تھے ۔ صرف ایسے معاملات میں ہمیں شکایات پیدا ہوئی ہیں ورنہ انہوں نے بھی اپنے طور پر تمام شکایات کو رفع کرنے اور لوگوں کی تکالیف کا ازالہ کرنے کی پوری پوری کوشش کی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آج یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ آپ کے انتخاب کے بعد آپ سے ہماری جو توقعات وابستہ تھیں آپ ان پر پورے اترے ہیں (خوب ۔ خوب) ۔ اور آپ نے اپنا یہ مختصر دور نہایت انصاف ۔ دیانتداری اور قانونی پیچیدگیوں کے حل کے سلسلہ میں نہایت اچھی طرح سے گزارا ہے ۔ اس کے لئے ہم آپ کے بہت ممنون ہیں ۔

اور آپ نے اپنے خیالات کا جو اظہار وقتاً فوقتاً فرمایا ہے وہ ہمیں ہمیشہ یاد رہے گا ۔

جناب والا ۔ اسمبلی سیکریٹریٹ اور اس کے سٹاف کی جو تعریف سردار عنائیت‌الرحمن خان عباسی صاحب نے کی ہے میں اس کی مکمل تائید کرتا ہوں ۔ سچی بات یہ ہے کہ ایسے بااخلاق لوگ ۔ ایسے دیانتدار ایسے فرائض منصبی جاننے والے کارکن میں نے حکومت کے کسی اور محکمہ میں نہیں دیکھے (خوب ۔ خوب) ۔

جناب والا ۔ اب آخر میں میں اپنے قائد ایوان سے صرف یہ گزارش کرونگا کہ ہم آئیں یا نہ آئیں لیکن جو وعدے قوم سے اس الیکشن کے دوران میں کئے گئے ہمیں ان کو پورا کرنے کے لئے وہ پوری پوری کوشش اور سعی فرمائیں اور یہ کوشش کریں کہ اس ملک میں دولت کی تقسیم کا کوئی منصفانہ حل تلاش کیا جائے ۔ کارخانہ‌دار زیادہ کارخانہ‌دار نہ بنے ۔ سرمایہ دار زیادہ سرمایہ دار نہ بنے ۔ اگر آپ چاہتے ہین کہ یہ ملک ترقی کرے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ ملک فلاحی مملکت بنے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ ملک دس کروڑ عوام کا ملک بنے تو اس میں آپ کو دولت کی تقسیم انصاف کے ساتھ کرنی ہوگی ۔ میری یہی گزارش ہے اور اسی پر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ واجب‌الاحترام جناب سپیکر ۔ میرے بہت سے ساتھیوں اور دوستوں نے بالتفصیل حالات بیان کئے ہیں ۔ میں نہیں چاہتا کہ اس معزز ایوان کا زیادہ وقت لیا جائے ۔ مختصراً الوداعی اور آخری چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں آج ہمارا یہ

آخری اجلاس ہے اور اس سیشن کا آخری دن ہے ۔ انشاالله جو بھائی آئندہ یہاں آئیں ۔ جو بھی ہم میں سے آئیں خدا ان کو مبارک کرے مختصراً مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ میں نے اڑھائی سال یا تین سال اس پارٹی کے ساتھ گزارے ہیں اور میرا خیال ہے کہ بہت کم ممبر ایسے ہونگے جو وہ نوعیت رکھتے ہوں جس نوعیت کا میں ممبر ہوں ۔ میں ۱۹۴۱ء سے لیکر آج تک قائد اعظم سے لیکر لیاقت علی خان اور سردار عبدالرب نشتر اور ان لوگوں کے پاس جو وزارت میں تھے آتا جاتا رہا ہوں ۔ میں نے خان لیاقت علی خان کا دور بھی دیکھا اور سردار عبدالرب نشتر مرحوم کا بھی ۔ یہ عوامی لوگ تھے ۔ اس کے بعد حسین شہید سہروردی جب وزیراعظم تھے ۔ حالانکہ میرے اور ان کے نظریات میں اختلاف تھا کیونکہ میں مسلم لیگ میں تھا ۔ لیکن پھر بھی میرے ان کے ساتھ تعلقات تھے ۔ میں نے دیکھا کہ وہ بھی ایک عوامی آدمی تھے ۔ مختصراً یہ کہ جب سے یہ کہ جب سے یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی اور ہمارے وزراٗ کا انتخاب ہوا میرا خیال ہے کہ مسلم لیگ پارٹی کا پہلا موقعہ ہو گا کہ جو اتنے عرصہ تک یہاں وزارت پر قائم رہی ۔ میں نے محسوس کیا کہ ان میں سے اکثر وزرا عوامی وزرا ہیں جو حتی‌الوسع کوشش کرتے ہیں کہ ممبران اور پبلک کی مشکلات حل کرنے کیلئے کام کریں ۔

جہانتک قائد ایوان کا تعلق ہے ۔ یہاں میں یہ واضح کر دوں کہ نہ تو میں خوشامد پسند ہوں اور نہ ہی قصیدہ خوان ہوں ۔ میں ہمیشہ حقیقت بیان کیا کرتا ہوں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ قائد ایوان اگر بیماری کی حالت میں بھی ہوں ۔ تو ہم ان کے پاس اسی طرح چلے جایا کرتے

جس طرح ایک عام آدمی کے پاس جانے کا اتفاق ہو ۔ ہم اپنی جو مشکلات بھی ان کی خدمت میں پیش کرتے ۔ وہ ان کے متعلق کوشش کرتے خواہ وہ کام مقامی محکموں سے متعلق ہوں ۔ یا دیہات اور ٹوپزن سے تعلق رکھتے ہوں ۔ وہ ہر طرح سے ہمیں مطمئن کرنے کی کوشش کرتے ۔

جہانتک مستقبل کا تعلق ہے ۔ میری یہ دعا ہے اور خدا کرے کہ ہمارے یہ تمام وزرا دوبارہ وزرا بنیں ۔ لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ عوام کے عام حالات بہتر بنانے ۔ ان کی خواہشات اور مطالبات پورا کرنے کی کوشش کریں ۔ تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ ہر دلعزیز ہوں ۔ کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ کوئی حکومت بھی عوام کے ۹۰ فیصد تو کیا ۸۰ فیصد مطالبات بھی پورا نہیں کر سکتی ۔ تاہم حتی‌الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ عوام کے کام زیادہ سے زیادہ کئے جائیں ۔ اگر وہ ایسا کرینگے تو یقیناً عوام کے دلوں پر حکمرانی کرینگے مثال کے طور پر قائد اعظم ہی کو لیجئے ۔ اسی طرح ہمارے کئی دیگر لیڈر ہو گزرے ہیں ۔ میں نہیں چاہتا کہ ان سب کے نام لوں ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب انہوں نے عوام کیلئے کام کیا تو عوام نے انہیں سر پر اٹھا لیا ۔

میری یہ بھی خواہش ہے کہ اس وقت اس معزز ایوان میں تشریف رکھنے والے سب ممبران منتخب ہو کر دوبارہ اس ایوان میں تشرتف لائیں لیکن یہاں میں ان کی خدمت میں یہ بھی عرض کرونگا کہ وہ ملک کی بھلائی اور عوام کی بہتری اور بہبودی کا خیال رکھیں

جناب والا ۔ آخر میں میں آپ کو بھی مبارک باد دیتا ہوں کہ آپ نے نو عمر ہونے کے باوجود جس خوش اسلوبی سے سپیکر کے عہدے کے فرائض سرانجام دئے ہیں ۔ وہ قابل صد مبارک باد ہے ۔ میں وزرا صاحبان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے حتی‌الوسع پبلک کے کاموں کے سلسلے میں اس معزز ایوان کے ممبران کو مطمئن کرنے کی کوشش کی ۔ اس کے متعلق میں قائد ایوان کا ۔ جو کہ ایک عوامی آدمی ہیں ۔ خاص طور سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ میری دعا ہے کہ آپ حضرات آئندہ بھی اس ایوان کے ممبر بن کر تشریف لائیں اور لوگوں کے زیادہ سے زیادہ کام آئیں ۔ تاکہ اس ملک کا مستقبل اور بھی درخشاں ہو ۔

خدا حافظ

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر گل محمد خان ۔

مسٹر گل محمد (پشاور-۱)۔ جناب سپیکر ۔ ۱۹۶۲ء میں جب ہمارے موجودہ آئین کا مسودہ شائع کیا گیا تو اس وقت اس قانون اور اس آئین کے متعلق بہت سے شکوک و شبہات کا اظہار کیا گیا ۔ یہ ان لوگوں کی طرف سے کیا گیا جن کو اس ملک کا intelligentsia کہا جاتا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک کا آئین اور قانون اپنی نوعیت کا ایک بالکل نیا آئین ہے ۔ اس میں بہت سی چیزیں دنیا کے دیگر ممالک اور ان کے قوانین سے لے کر اور ان کو یکجا کر کے ایک نئی چیز پیش کی گئی ہے ۔ مثلاً امریکہ سے صدارتی نظام کو ہمارے آئین میں رکھا گیا ہے ۔ فرانس کے آئین سے انتظامیہ کی مکمل آزادی اور خود مختاری کو

اس میں شامل کیا گیا ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ برطانوی جمہوریت کی بہت سی خصوصیات کو بھی اس میں رکھا گیا ہے نیز اس میں اسلامی قواعد و ضوابط کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اور اس طرح ایک بالکل نیا تجربہ جسے بنیادی جمہوریت کہا جاتا ہے ۔ دنیا کے سامنے پہلی بار پیش کیا گیا ہے ۔ اس طرح یہ ایک نہایت ہی انوکھی قسم کا آئین تھا ۔ چنانچہ اس وقت یہ خیال تھا کہ جو آئین دنیا کے پانچ چھ مختلف آئینوں کو ملا کر اور یکجا کر کے بنایا گیا ہو ۔ نعلوم وہ آئین کسی حد تک کامیاب ہو سکے اور کس حد تک چل سکے ۔ صدارتی نظام کا تجربہ ہمارے ملک میں ایک انوکھا تجربہ تھا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ وزرا کی اسمبلی سے علیحدگی اور انتظامیہ کی مکمل خود مختاری ایسی چیزیں تھیں جن کے متعلق آج بھی بہت کچھ تنقید کی جا رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ آئین اور سیاسیات کے طالبعلم کی حیثیت سے مجھے خود اس آئین کی کامیابی پر بہت سے شکوک و شبہات تھے ۔ لیکن اڑھائی تین سال میں جو تجربہ ہمیں حاصل ہوا ہے ۔ اس نے ثابت کر دیا ہے کہ ہمارا آئین دنیا کے چند اچھے اور بہترین آئینوں میں سے ایک ہے ۔ وہ شکوک جو اس وقت پیش کئے جاتے تھے ان میں سے ایک یہ تھا کہ اگر وزرائے کرام اسمبلی کے ممبر نہ ہوئے ۔ اگر وہ اسمبلی کے ممبران میں سے نہ ہوئے ۔ اور انہیں ممبران کا تعاون حاصل نہ ہوا۔ تو آئین سازی اور صدارتی نظام میں ایک بہت بڑا تصادم پیدا ہو جائے گا ۔ لیکن وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ گزشتہ تین سال میں ایسا کوئی موقع کبھی پیدا نہیں ہوا ۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ انتظامیہ کو اس درجہ کھلی آزادی دے دینا کہ اسے آئین سازی سے بالکل الگ کر دیا گیا ہے۔ یہ بھی ایک ایسا تجربہ تھا جس کے متعلق بہت سے شکوک و شبہات تھے ۔ لیکن یہ ہماری خوش قسمتی تھی کہ انتظامیہ کے سربراہ ایسے لوگ ۔ ایسے مدبر اور معاملہ فہم قسم کے افراد تھے جنہوں نے حالات کو نہایت عمدہ طریقے سے سنبھالا ۔ اور ثابت کر دیا کہ اگر انتظامیہ اچھے ہاتھوں میں ہو ۔ تو موجودہ آئین ایک workable آئین قرار دیا جا سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس آئین پر بہت سے تبصرے کئے گئے لیکن جیسا کہ ہمارے ہردلعزیز صدر محترم فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے پشاور میں کہا تھا قوموں کی زندگی کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ وہ ساری زندگی اپنے لئے آئین ہی تلاش کرتی رہیں یا آئین ہی بناتی رہیں ۔ بلکہ ان کا مقصد تعمیری کام کرنا ہوتا ہے ۔ ایک آئین بنایا گیا ہے ۔ اسے عملی طور پر چیلنج دیجئے ۔ دس بیس سال بعد پھر بیٹھ کر فیصلہ کیجئے کہ یہ صحیح ہے یا غلط ۔ لیکن جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قوم نے تین ہی سال کے اندر اپنا فیصلہ دے دیا ہے اور وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ آئین ہر لحاظ سے بہتر ہے ۔ چنانچہ وہ ناقد اور وہ لوگ جو آج بھی اس پر تنقید کرتے ہیں ۔ ان کی خدمت میں میں علامہ اقبال کی زبان میں اس سے زیادہ کچھ نہیں عرض کر سکتا کہ ۔

آئین نو سے ڈرنا طرز کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

جناب سپیکر ۔ اس آئین پر گزشتہ اڑھائی سالوں میں ہماری اس

صوبائی اسمبلی میں حزب اختلاف کی طرف سے اور مرکزی ایوان میں بھی حزب اختلاف کی طرف سے آئین پر سب سے بڑا اعتراض جو کیا گیا ۔ وہ یہ تھا کہ اس میں آرڈیننس سازی کے بڑے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں چنانچہ اس ایوان کا کام اور ملک کی تینوں اسمبلیوں کا کام صرف آرڈیننسوں کی توثیق ہی رہ گیا ہے ۔ اس چیز پر ہماری حزب اختلاف کے محبوب لیڈر خواجہ محمد صفدر صاحب جن کے متعلق ہم سب کے دلوں میں بڑی عزت ہے ۔ سب سے زیادہ شد و مد کے ساتھ ہر آرڈیننس جو اس ایوان میں پیش کیا گیا اس کے خلاف سب سے بڑی دلیل یہی لایا کرتے تھے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ ہماری قوم جو ایک نوزائیدہ قوم ہے ۔ جس کی عمر ابھی بمشکل ۱۸ سال ہے ۔ اس لئے آج سب سے زیادہ جس چیز کی ضرورت ہے ۔ وہ رفتار ہے ۔ یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ ہم اس ترقی کے دور میں دنیا میں بہت پیچھے رہ گئے ہیں ۔ اگر ہم نے آزاد اور تمدن قوموں کی صف میں شامل ہونا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہمیں رفتار تیز تر کرنا ہو گی ۔

جناب سپیکر ۔ میں جمہوریت کے سب سے بڑے حامیوں میں سے ہوں ۔ میں اس چیز کا بھی حامی ہوں کہ آئین سازی کا مکمل اختیار عوام کے منتخب نمائندوں کے پاس ہونا چاہیئے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں اس چیز کا بھی حامی ہوں کہ ہمارے ہاں ایسی کوئی چیز نہ ہونی چاہیئے ۔ اور نہ ہی کی جانی چاہیئے ۔ جس کی وجہ سے ہماری ترقی کی رفتار میں کسی وقت بھی کوئی رکاوٹ پیش آئے ۔ اگر آرڈیننس سازی کا یہ اختیار حکومت کے پاس نہ ہوتا ۔ اور تمام قانون بلوں کی شکل میں پاس کئے جاتے ۔ تو آپ خیال فرمائیں کہ گذشتہ اڑھائی سالوں میں ہم

جتنے قانون بنا سکے ھیں ۔ جو آئین سازی اور قانون سازی پر مشتمل ھیں۔ ان کا غالباً ایک تہائی حصہ بھی نہ بنا سکتے اور پھر Legislature کو یہ اختیار دے کر کہ وہ نافذ شدہ آرڈیننسوں کی توثیق کرے ۔ اور اگر وہ توثیق نہ کرے ۔ تو وہ lapse ھو جائیں ۔ میں سمجھتا ھوں ۔ اس اقدام سے ایوان کے تمام حقوق محفوظ کر لئے گئے ھیں ۔ اس لحاظ سے آرڈیننس سازی پر ان کا اعتراض درست نہیں ۔ کیونکہ صرف آرڈیننس سازی کی وجہ سے گزشتہ اڑھائی تین سال میں ھم بہت سے معاملات پر بر وقت اور فوری طور پر عمل کر سکے ھیں ۔ اور جو چیزیں جلد سے جلد حاصل کی جانی چاھیئے تھیں ۔ وہ اس لئے حاصل ھو گئیں کہ آرڈیننس کے ذریعہ فوراً حکومت کی مشینری عمل کر سکی ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس ھے ۔ کہ قائد ایوان اس وقت یہاں موجود نہیں ھیں ۔ ورنہ میں اُن کی خدمت میں عرض کرتا کہ اگرچہ اس معزز ایوان کے اراکین کے دلوں میں ان اڑھائی تین سالوں کی بہت سی حسین اور خوشگوار یادیں محفوظ ھیں ۔ لیکن ذاتی طور پر مجھے ایک بات کا افسوس ھے ۔ اور میں ایک تلخی لے کر اس ایوان سے رخصت ھوں گا ۔ وہ یہ کہ ون یونٹ بننے کے بعد عام تاثر اور عام خیال یہ تھا ۔ کہ مغربی پاکستان کے تمام آئین اور تمام قوانین اور مغربی پاکستان کی taxation کو uniform کر دیا جائے گا ۔ یہ تمام چیزیں مساوی اور یکساں کر دی جائیں گی ۔ لیکن ایسی کتنی ھی مثالیں موجود ھیں کہ آج وحدت مغربی پاکستان کو قائم ھوئے دس سال ھو چکے ھیں مگر آج بھی سارے صوبہ کی taxation یکساں نہیں ۔ اور سارے صوبہ کے قوانین یکساں نہیں ۔ اگر ھم نے ایک قوم بننا ھے ۔ اور نظریہ پاکستان پر

قائم رہنا ہے ۔ اس کا حامی بننا ہے ۔ اور یہ کہنا ہے ۔ کہ ہم ایک قوم ہیں ۔ ہم پاکستانی ہیں ۔ تو اس کے لئے ضروری ہے ۔ کہ ہماری taxation اور ہمارے قوانین ایک ہونے چاہئیں اس وقت اس میں جو ایک قسم کی تفریق ہے۔ یہ افسوس ناک ہے ۔ اس کو جتنی جلدی دور کیا جائے گا ۔ اتنا ہی ہم سب کے لئے بہتر ہوگا ۔ میں نے اس چیز کو دور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے ۔ اور کاوش کی ہے ۔ میں نے قائد ایوان کی خدمت میں بھی عرض کیا ہے ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ بہت سی چیزیں رفع کر دی گئی ہیں ۔ لیکن آج بھی کچھ تفریق باقی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ اسے بھی جلد از جلد دور کر دیا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس آئین کی جو سب سے بڑی خوبی ہے ۔ وہ ضابطہ ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ اس ملک کے تمام حصوں میں مساوی ترقی دینے کے مواقع مہیا کئے جائیں گے ۔ اس اسمبلی میں آج ہمارا آخری دن ہے ۔ میں کوئی تلخی پیدا نہیں کرنا چاہتا ۔ لیکن ایک بات ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ جس علاقہ کی نمائندگی کا مجھے فخر حاصل ہے ۔ وہ علاقہ اقتصادی لحاظ سے ۔ سماجی لحاظ سے ۔ سیاسی لحاظ سے اور دیگر کئی باتوں کے لحاظ سے مغربی پاکستان میں پس ماندہ علاقہ ہے ۔ اس میں کئی قسم کی کمی ہے ۔ جس کے اعداد و شمار کا میرے پاس ڈھیر موجود ہے ۔ جو میں پیش کر سکتا ہوں ۔ ان کی طرف فوری توجہ دینا حکومت کا فرض ہونا چاہئیے ۔ یہ علاقہ بھی پاکستان کا حصہ ہے ۔ یہاں کے باشندوں نے پاکستان کے حصول کے لئے بڑی قربانیاں دی ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا ۔ کہ حکومت کو اس کی طرف توجہ دینا چاہئیے ۔ اور جہاں اس بات کی ضرورت ہے ۔

کہ taxation اور قوانین میں یکسانیت ہو ۔ وہاں اقتصادی طور پر مساویانہ ترقی کے لئے کوشش کی جائے اور رفاہ عامہ کے ایسے کام کئے جائیں ۔ جن سے یہ علاقہ پاکستان کے دوسرے ترقی یافتہ علاقوں کے برابر ہو سکے ۔

جناب سپیکر ۔ حزب اختلاف کا کسی ملک پر بڑا اثر ہوتا ہے ۔ اور ملک میں اس کی بڑی اہمیت ہوتی ہے ۔ ہمارے دل میں حزب اختلاف کی ہمیشہ عزت رہی ہے ۔ اور قدر رہی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حزب اختلاف نے اس ایوان میں جو کردار ادا کیا ہے ۔ وہ یقیناً قابل تعریف ہے ۔ ہمیں اس سے کسی قسم کی کوئی شکایت نہیں ہے ۔ اکثر مواقع پر ہمیں ان سے کافی معلومات ملی ہیں اور مدد بھی ملی ہے ۔ جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے ۔ کہ اس ملک میں جمہوریت نافذ ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو جمہوریت آج موجود ہے ۔ اور جو بنیادی حقوق آج موجود ہیں ۔ جو شخصی آزادی آج موجود ہے ۔ اس سے پہلے ۱۸ سال میں کبھی بھی موجود نہیں تھی ۔ اس کے ساتھ ہی حزب اختلاف نے جو کردار ادا کیا ہے ۔ اس کے لئے ہمارے دلوں میں عزت ہے ۔

حزب اختلاف کے قائد خواجہ محمد صفدر صاحب یقیناً ایک اچھے Parliamentarian تھے ۔ ہم ان سے بے حد متاثر ہیں ۔ اور ہمارے دلوں میں ان کی خوشگوار یادیں رہیں گی ۔

جناب سپیکر ۔ میں اپنی پارٹی کے لیڈر اور قائد ایوان کے متعلق کہنا چاہتا تھا ۔ اور بہت کچھ کہنا چاہتا تھا ۔ لیکن وقت کی کمی کے

سبب صرف اتنا عرض کروں گا کہ اُن کا کام غالباً پارلیمنیٹری life میں سب سے زیادہ مشکل تھا ۔ اس سے پہلے جو seat ہمارے قائد ایوان کو دی گئی تھی ۔ اس seat پر بیٹھ کر کچھ ایسے پارلیمنٹیرین اور ممتاز رھنماؤں نے اس صوبہ کو چلانا تھا ۔ جن کی یادین تاریخ میں رھیں گی ۔ جن کے کارنامے تاریخ میں محفوظ رھیں گے ۔ سر سکندر حیات ۔ خضر حیات خاں ٹوانہ ۔ نواب ممدوٹ اور ممتاز محمد خاں دولتانہ یقیناً ملک کے بڑے ممتاز رھنما تھے ۔ پارلیمنٹری life میں اُن کی یادیں ھمیشہ یاد رھیں گی ۔ جب شیخ مسعود صادق صاحب کو وہ seat پیش کی گئی اور جب انہیں قائد ایوان بنایا گیا تو میں سمجھتا تھا کہ ان کا راستہ بڑا دشوار ھو گا ۔ اس لئے کہ وہ ایوان کے ممبر نہیں ۔ لیکن ایوان کی قیادت کا دعویٰ کرتے ھیں ۔ آج مجھے اعتراف ھے کہ انہوں نے اپنے حسن و تدبر اور قابلیت سے نہ صرف یہ کہ اس ایوان کے ۱۵۵ ممبران کو اپنا ذاتی دوست بنا لیا ۔ بلکہ انہوں نے ھم سب میں ایک خاندان کی سی کیفیت پیدا کر دی ۔ جس کے ھم سب ممبر تھے ۔ میں اُن کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کرتا ھوں ۔ اور یقین کے ساتھ کہہ سکتا ھوں ۔ کہ وہ ملک کے اُن بڑے ممتاز Parliamentarians میں سے ایک ھیں ۔ جو اس ایوان کے کبھی بھی ممبر تھے ۔

جناب سپیکر ۔ یقیناً ۔ یہ ھم سب کا احسن فرض ھے ۔ اور اس میں کوئی شک نہیں ۔ کہ ھم اس چیز کا اعتراف کریں اور جناب سپیکر ۔ اس چیز کو ریکارڈ پر لائیں ۔ کہ آپ نے اپنے فرائض کو جس طریقہ سے ادا فرمایا ھے ۔ وہ اس درجہ قابل تعریف ھے اور اس درجہ مناسب تھا ۔ اور صحیح تھا ۔ کہ قانون کے دائرہ کے اندر رھتے ھوئے آپ نے اسمبلی

کے تمام ممبران کے احساسات کا خیال رکھا ۔ اور ساتھ ہی ساتھ قانون اور آئین جس کی نمائندگی اور حفاظت کا آپ نے حلف اٹھایا تھا ۔ اسے نہایت احسن طریقہ سے پورا فرمایا ۔ جس وقت آپ کو سپیکر بنایا گیا ۔ ہمارا یہ تاثر تھا کہ جوانوں کو اتنے زیادہ اہم فرائض دے دینا ایک قسم کا risk ہے ۔ کیونکہ پتہ نہیں تھا کہ young generation اُن کے اٹھانے کے قابل ہے یا نہیں ۔ لیکن مجھے خوشی ہے اور مجھے فخر بھی ہے ۔ کہ young generation کو جو بھی فرائض دئے گئے ہیں ۔ جہاں جہاں بھی وہ تعینات کئے گئے ہیں ۔ جو جو duties اُن کو تفویض کی گئی ہیں ۔ انہوں نے نہایت احسن طریقہ سے ادا کی ہیں ۔ اور میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ جوان طبقہ ملک کو چلا سکتا ہے ۔ ملک کی حفاظت کر سکتا ہے ۔ اور ملک کی ذمہداریاں اٹھا سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہم سب آپ کے ممنون ہیں ۔ اور آپ کو مبارک باد دیتے ہیں کہ آپ نے اپنے فرائض کو نہایت احسن طریقہ سے ادا کیا ہے ۔ اور اس سے زیادہ بہتر کسی حالت میں نہیں ہو سکتے تھے ۔ اس کے بعد میں ایوان کے ممبران کی طرف سے نہایت مختصراً مگر خلوص قلب کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

حاجی پیر رخمان خان (ڈیرہ اسماعیل خان ایجنسی ۔ ۲) (پشتو)

صاحب سپیکر ۔ میں چونکہ اردو نہیں جانتا اس لئے میں اپنی زبان پشتو میں اپنے خیالات کا اظہار کروں گا کیونکہ مجھے اردو پر عبور نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ هم نے تقریباً تین سال اس ایوان میں بھائیوں کی طرح کام کیا ھے یہ تین سال کا عرصہ ایک ایسا وقت ھے کہ جس کو میں اپنی زندگی کا بہترین وقت تصور کرتا ہوں ۔ اور ساتھ ساتھ یہ امید بھی رکھتا ہوں کہ انشا اللہ ھمارے یہ برادرانہ تعلقات ھمیشہ قائم رہیں گے ۔

اس کے بعد میں اپنے محبوب گورنر ملک امیر محمد خان کا شکر گذار ہوں کہ وہ اپنی ذھانت ۔ تجربہ اور انصاف کی بدولت ھمارے لئے مشعل راہ بنے رہے اور ھر مشکل وقت میں ھماری امداد فرمائی ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنے پر بھی مجبور ہوں کہ میرا علاقہ بہت غریب اور پسماندہ ھے اس علاقہ کی تعلیم اور اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کے لئے فوری اقدام کریں ۔ اور آخر میں یہ عرض کروں گا کہ بنجر زمینوں کو جلد آباد کرنے کا بندوبست کیا جاوے اور مغربی پاکستان کے عوام خاص کر ساؤتھ وزیرستان کے عوام کا خیال کیا جاوے اس سے ایک غلہ کی قلت دور ھو گی دوسری طرف عوام خوشحال ہوں گے ۔ میں آخر میں وزراً صاحبان اور ممبران کا شکر گذار ہوں ۔ خدا حافظ ۔

راجہ محمد اشرف خان (پارلیمنٹری سیکریٹری) ۔ جناب والا ۔ یہ اسمبلی ایک نئے آئین کے تحت معرض وجود میں آئی تھی ۔ اس لئے اس ھاؤس پر بہت سی نئی روایات قائم کرنے کی ذمہداریاں تھیں ۔ جہاں تک ممبران کا تعلق ھے ھم نے ذاتی طور پر کوئی ایسی تبدیلی محسوس نہیں کی جو اسے پہلے آئین سے مختلف بناتی ھو ۔ جو اختیارات پہلے وزرا کو تھے میرے خیال میں اب بھی وھی اختیارات انکو حاصل ھیں

اور وھی ذمہداریاں ان پر عائد ھوتی رھیں اور کام اسی طرح ھوتا رھا ۔ جن حلقہ ھائے نیابت سے ھم بھیجے گئے تھے ھم نے اپنے فرائض کو نہایت ایمانداری اور دیانتداری سے انجام دینے کی کوشش کی جسکی ھمیں خوشی ھے ۔

جناب والا ۔ مجھے امید تھی کہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کے متعلق اور کچھ انکی تعریف میں بھی کہا جائیگا لیکن ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ اس کے متعلق آپ خود ھی فرماویں ۔

راجہ محمد اشرف خان ۔ یہ آخری دن تھا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Raja Sahib that I will do.

راجہ محمد اشرف خان ۔ شاید آپ اسلئے کریں گے کہ آپ پارلیمنٹری سیکریٹری رہ چکے ھیں لیکن میں یہ یقین سے کہہ سکتا ھوں کہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان نے اپنے فرائض کی انجام دھی میں کافی ھمت کی اور خاص طور پر کام کیا لیکن اگر کسی اور کی خدمات کا اعتراف نہیں تھا تو میاں محمد شریف صاحب کی خدمات کو تو ضرور سامنے آنا چاھیئے تھا ۔ میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کی طرف سے میر حاجی محمد بخش تالپور اور بابو محمد رفیق کا خاص طور پر مشکور ھوں ۔ چودھری محمد علی صاحب ایک ایسی شخصیت ھیں جنہیں بھلایا نہیں جا سکتا اگر یہ صاحبان نہ ھوتے تو شاید ھمارا کام بہت تھوڑا رہ جاتا ۔ ھم یہ وثوق سے کہہ سکتے ھیں کہ جہاں تک سرکاری افسروں کا تعلق ھے

ہم جہاں بھی گئے بطور انسان کے انہوں نے ہماری بہت حوصلہ افزائی کی اور ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھا ۔

جناب صدر ۔ آپ کی قیادت میں اس ایوان میں جو کام کیا گیا وہ قابل ستائش ہے ۔ ہم خوش ہیں کہ تیسرا سال ختم ہو رہا ہے اب ہماری ممبری اور پارلیمنٹری سیکریٹری شپ کا وقت ختم ہو رہا ہے اور اب ہم اپنے دوستوں سے جدا ہو رہے ہیں جنکے ساتھ ہم نے تین سال اکٹھے رہ کر گزارے تھے ۔ مجھے اس موقع پر ایک انگریزی شاعر کا یہ شعر یاد آیا ہے ۔

To meet, to know and to part,

is the sad fate of many a human heart.

Mr. Speaker : Sahibzadi Mahmooda Begum.

صاحبزادی محمودہ بیگم (راولپنڈی سرگودھا ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ سب سے پہلے میں قائد حزب اقتدار اور قائد حزب اختلاف کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے اس ڈھائی سال کے عرصے میں خواتین کے (جو کہ اس ہاؤس میں بہت ہی minority میں ہیں اور اتنی کم تعداد میں ہیں کہ جب وہ اپنے آپ پر نظر ڈالتی تھیں تو انہیں احساس کمتری ہوتا تھا) حقوق کی بہت حفاظت کی اور میں اس معزز ایوان کے سب بھائیوں کی بھی بیحد ممنون و مشکور ہوں کہ انہوں نے باوجود اس کے کہ وہ خواتین کے حقوق کے علمبردار نہیں ہیں لیکن ہمارے اس بل کی جو اس ایوان کی تاریخ میں ایک حیثیت رکھتا ہے اور جسے تاریخی حیثیت سے میں بہت بڑا کارنامہ کہوں گی وہ سپیشل فیملی کورٹس کا بل ہے

جسے اس ہاؤس میں پاس کیا گیا ۔ یہ بل ایک تاریخی اہمیت رکھتا ہے اور یہ ملک کی ۵۰ فیصدی خواتین کے حقوق کا بل تھا ۔ جس وقت ہم نے یہ بل پیش کیا تھا تو ہم ڈر رہے تھے کہ ہمارے یہ معزز بھائی اور یہ معزز ایوان ہمکو اس بل پر مایوس نہ کر دے اور اگر ہمیں اس بل کے سلسلے میں مایوسی ہوئی تو ان ۵۰ فیصدی خواتین کو جنکی ہم اس ہاؤس میں نمائندگی کرتے ہیں اور جن کے ووٹ سے ہم یہاں آئے ہیں کیا جواب دیں گے ۔ لیکن میں سب سے پہلے قائد حزب اقتدار اور قائد حزب اختلاف کی بیحد ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے اس اسمبلی کی تاریخ میں خواتین کے حقوق کی پوری پوری حفاظت کی اور یہ بل پاس کیا اور پاس کر کے اسے تاریخی حیثیت دیدی ۔ خواتین اس ہاؤس میں صرف چھہ ہیں ۔ پارلیمانی نظام حکومت اور صدارتی نظام حکومت کے باعث جب یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی اور ہم لوگ جب اس ہاؤس میں آئے تو ہم لوگوں کو پتہ نہیں تھا کہ اپنی تعداد کم ہونے کے باعث اس ہاؤس میں کچھ خدمت بھی انجام دے سکیں گے یا نہیں ۔ موجودہ نظام حکومت کے باعث جب ہم یہاں آئے تو کوئی پارٹی نہیں تھی ہم لوگ بھیڑ بکریوں کے ریوڑ کی طرح اس ہاؤس میں آ گئے ۔ ہمیں یہ پتہ نہیں تھا کہ ہم کہاں سے آئے ہیں اور کون ہیں ۔ ہمیشہ جو الیکشن ہوتے تھے تو وہ پارٹی basis پر ہوتے تھے اس آئین کے بننے کے بعد یہ پہلا الیکشن تھا کہ ہر شخص نے جہاں سے بھی الیکشن لڑا تھا اسنے اپنے ووٹروں سے کچھ وعدہ کیا تھا اور وہ اس وعدہ کی بنا پر اسمبلی میں آ گیا تھا اس اسمبلی میں آنے کے بعد شیخ مسعود صادق کی شخصیت یاد رکھنے

کے لائق ہے جب ان کو قائد حزب اقتدار بنایا گیا تو یہ خیال کیا جا رہا تھا کہ کیا وہ ان سب ممبران کر جن میں میں بھی شامل ہوں اپنی پارٹی میں لینے اور انکو ہم خیال بنانے اور ہم نوا بنانے کے لائق ہو سکیں گے لیکن مجھے بڑی خوشی ہے کہ ہمارے لیڈر نے بہت جلدی تمام ممبران کے خیالات اور احساسات کو سمجھ لیا اور یہ پارٹی یعنی مسلم لیگ کی پارٹی جسوقت وجود میں آئی تو یہ بڑی خوشی کی بات تھی کہ ممبران کی اکثریت ان کے ساتھ تھی اور وہ بھی اپنے ممبران کا بے حد احترام کرتے ہیں اور میں نے دیکھا کہ ہر معاملے میں ان لوگوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا اور وہ قابل مبارکباد ہیں کہ اس وقت جبکہ اس ہاؤس کا دور اقتدار ختم ہو رہا ہے ہر جانے والا ممبر ان کی نسبت نیک احساسات اپنے ساتھ لیکر جا رہا ہے ۔ قائد حزب اختلاف کا جہاں تک تعلق ہے انکی شخصیت بھی قابل احترام ہے اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ اتنی کم حزب اختلاف نے نا کردار نہایت سنجیدگی اور نہایت پر وقار طریقے سے انجام دیا اور خواجہ محمد صفدر صاحب کی شخصیت تو میں سمجھتی ہوں بہت ہی قابل احترام ہے ۔ اور انہوں نے حالانکہ ان کے ممبر دن بدن ایک کے بعد ایک کم ہوتا چلا جاتا تھا پھر بھی اپنے کام میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور نہایت پر وقار طریقے سے سوائے آج اور کل کے وہ اپنی بینچوں پر بیٹھتے رہے ہیں ۔ کسی ملک کی زندگی میں کسی ملک کی تاریخ میں حزب اختلاف کا ہونا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ حزب اقتدار کا ۔ اس لئے یہ چھوٹی سی حزب اختلاف قابل مبارکباد ہے کہ اس نے اس ڈھائی سال کے عرصہ میں اپنا role نہایت کامیابی سے ادا کیا ہے ۔ صاحب سپیکر ۔ سب سے پہلے اور سب سے بعد

میں آپکی شخصیت سے بیحد متاثر ہوں ۔ میں بلا شک و شبہ کہہ سکتی ہوں کہ آپ جب اس سپیکر کی کرسی پر تشریف لائے تو جیسا کہ گل محمد صاحب نے فرمایا ہے بیشتر لوگوں کے دلوں میں یہ خیال تھا کہ آپ خدا کے فضل سے اتنے جوان سال اور نا تجربہ کار ہیں اور سپیکر کی کرسی جس پر ساری دنیا میں یہ چیز دیکھنے میں آئی ہے کہ عمر رسیدہ اور تجربہ کار لوگ تشریف لاتے رہے ہیں آپ کیسے اسے سنبھال سکیں گے ۔ لیکن یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ آپ کا یہ دور اقتدار بہت کامیاب اور پر وقار رہا (خوب ۔ خوب) ۔

آخیر میں میں اپنی طرفسے اور اپنی تمام بہنوں کی طرف سے اس معزز ایوان کا ۔ قائد حزب اقتدار کا اور قائد حزب اختلاف کا اور آپکا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ اس ڈھائی سال کے عرصہ میں آپ نے ہم لوگوں کے ساتھ بہت مہربانی اور شفقت کا سلوک کیا ہے اور ہمارے حقوق کی پوری حفاظت کی ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ جناب والا ۔ ملک قادر بخش صاحب نے ایک ٹیکہ لگوانا ہے انہیں ذرا دو منٹ بولنے کا موقع دیدیا جائے ۔

منسٹرسپیکر ۔ ملک صاحب آپ دو منٹ کی بجائے زیادہ تقریر فرمائیں کیونکہ ایوان میں یہ آپکی آخری تقریر ہو گی ۔ ہمیں آپکی پہلی تقریر بھی یاد ہے اور یہ آخری تقریر بھی اسی طرح سے ہونی چاہئے ۔

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب یہ آخری دن پتہ چلا ہے کہ ملک صاحب ٹیکے لگواتے ہیں ۔ یہ کونسا ٹیکہ ہے ؟ (شور)

Mr. Speaker: Order please. The Minister of Food and Agriculture.

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش)۔ جناب کہتے ہیں کہ parting is always painful جدائی ایک رنج دہ وقفہ ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ جدائی عارضی ہے ۔ یہ دوست پھر ہنستے ہوں گے اور پھر یہیں اکٹھے ہونگے ۔ چرچے یہی رہیں گے افسوس ہم نہ ہونگے لیکن مجھے یہ خوشی ہے کہ یہ تو جوان یہاں ہونگے ۔ ۔ ۔

ایک ممبر ۔ آپ ضرور ہونگے ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ نوجوان یہاں ہونگے اور میں وہاں اگر زندہ رہا تو وہیں سے دیکھ کر خوش ہونگا ۔ یہاں ہوا تو یہاں سے اور اگر قبر میں ہؤا تو وہاں سے بھی ۔ جناب میں کچھ ملتانی زبان میں کہنا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے پنجابی زبان میں کہا ہے میں ملتانی زبان میں کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔

"جیندیاں نوں پے جیندے مل سن،، (یعنی اگر زندہ رہے تو ملتے رہیں گے ۔)

۔ "جدوں آسی ولدا سالے،، (When next year comes)

۔ "کئی گھر وچ ہوسن کائی سفر وچ تے کائی ہوسن قبر وچالے،،

(آوازیں) سب کو قبر میں بھیج کر آپ جائیں گے ؟ (قہقہہ)

سردار عنایت الرحمان جان عباسی۔ جناب کیا یہ اسمبلی چیمبر قبر ہوگی۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ تو عرض یہ ہے جناب کہ ہم نے پارلیمانی طرز حکومت بھی اسی حال میں دیکھی تھی ۔ اور جب میں ایک

وزیر بنا تو دل میں کچھ خدشات ضرور آئے ۔ تجربہ نہیں تھا کہ ایک ایک ممبر کو ہو سکتا ہے کہ سال میں یا چھ ماہ میں ایک وزیر ناراض کرے تو قانون سازی میں ہمیں ان کا تعاون کیسے حاصل ہوگا۔ انکو کیا پڑی کہ اتنا اس کا لحاظ رکھیں ۔ اس پارٹی کا ان چند افراد کا اتنا وہ لحاظ رکھیں اور یہ ان سے درخواست کریں کہ اس قانون سازی میں ہماری امداد کرو اور کسی وقت وہ بگڑ جائیں ۔ کسی بات پر ناراض ہو جائیں تو یہ صدارتی نظام کیسے کامیاب ہوگا ۔ لیکن جناب میں اپنے دل کی گہرائیوں سے جانتا ہوں اور میں محض رسمی طور پر نہیں کہہ رہا ہوں ۔ میں دل کی گہرائیوں سے عرض کر رہا ہوں کہ اتنا اتفاق ۔ اتنا جذبہ میں نے ان سالوں میں نہیں دیکھا ۔ ان وقتوں میں نہیں دیکھا جب یہاں پارلیمانی نظام تھا اور ان افراد کی حکومت تھی اور جن کے کچھ افراد جنہیں یہ واپس لانا چاہتے ہیں ۔ ان کے دلوں میں بھی وہ جذبہ نہیں دیکھا ان MLAs. میں جو میں نے اپنی جماعت میں تعاون دیکھا انہوں نے ہم سے اتنا تعاون کیا اور ہم ان کے آگے جو فیصلہ پارٹی میٹنگ میں ہوتا تھا سر جھکا دیتے تھے ۔ کتنے آرڈیننس تھے انہوں نے فیصلہ کیا کہ یہ پاس نہ کرائے جائیں تو ہم جھک گئے ۔ اور کتنے مسائل تھے کہ ہم نے ان سے درخواست کی کہ ہمارے ساتھ تعاون کیجئے اگرچہ چند اصحاب ایسے تھے جو اختلاف رکھتے تھے لیکن اس ضبط اور اس نظام میں کوئی فرق نہ آیا ۔ تو جس نظام کی یہ ہو ابتدا تو میں یہ کہہ سکتا ہوں اور یہ باعث مسرت ہے کہ اس کی انتہا بھی شاندار ہوگی ۔ (خوب ۔ خوب) ۔ تو یہ ابتدا ہے جناب والا میں اس موقع پر اس واسطے بھی مناسب سمجھتا ہوں کہ عرض کروں کہ بعض ایسے مواقع بھی پیش آئے

کہ جب انفرادی طور پر مجھ سے یا میرے رفقا کار سے کسی ممبر صاحب کی خواہشات کے ساتھ تعاون نہ ہو سکا تو کچھ قانونی مجبوریوں کیوجہ سے یا کسی اور وجہ سے ایسا ہو سکتا ہے لیکن ہم معافی کے خواستگار ہیں ۔ اگر مجھ سے کوئی غلطی ہو گئی یا میرے رفقا کار سے تو یقین جانیو میرے عزیزو کہ وہ کسی ذاتی جذبہ کے تحت نہ تھا میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ آپ حضرات کی عزت میری نگاہ میں بہت ہے ۔ اگرچہ عمر میں آپ مجھ سے بہت کم ہیں لیکن میں اپنے سے آپکو زیادہ معزز سمجھتا ہوں ۔ اور جب بھی حزب مخالف کے ممبران ہمارے چیمبر میں آتے تھے ہم نے ہمیشہ انہیں اچھی صلاح دی اور ان کے جائز مطالبات اور ان کے حلقوں کی تکالیف کو ہمیشہ رفع کر کے ان کے ساتھ تعاون کیا ۔ اگر آج وہ یہاں ہوتے تو مجھے امید ہے کہ وہ میری اس بات کی تائید کرتے ۔ تو یہ بھی ایک مثال رہے گی جناب ۔ ہمارے ویسٹ پاکستان کے صوبے میں یہ مثال شاندار رہے گی اس ہاؤس کی کہ حزب مخالف کے پیش کردہ Private Bills کو بھی ہم نے قانون کی شکل دیدی (خوب ۔ خوب) مجھے پتہ نہیں کہ غیر ممالک میں کیا ہے کیونکہ میں نے ان کے قوانین نہیں پڑھے لیکن اتنا کہتا ہوں کہ ون یونٹ سے پہلے اور ون یونٹ کے بعد ایک صوبہ میں بھی کہیں ایسی مثال نہیں ہے بلکہ بڑے بڑے وزراء جو تھے وہ ہاؤس کا اجلاس ایک مصیبت محسوس کرتے تھے ۔ یہاں ممبر صاحبان آئیں گے اور کوئی نہ کوئی ایسی بات ہو گی کہ ہماری کمزوری سامنے آئیگی ۔ لیکن آپ جانتے ہیں کہ ہم نے ایک مثال رکھی اور کئی مہینوں تک ہم نے ہاؤس کی sittings جاری رکھیں یہاں تک کہ ممبر حضرات بھی اکتا جاتے تھے تو ہم نے ایک مثال قائم کی ہے ۔ اور وہ

پہلی بات کہتا ہوں ۔ انشاالله هونہار بروا کے چکنے چکنے پات یہ هونہار بچہ ۔ یہ baby ۔ صدارتی نظام زیادہ بار آور ہوگا ۔ ثمرآور ہو گا ۔ کامیاب ہوگا۔ قوم کی خدمت کرے گا ملک کی خدمت کرے گا ۔ ملک کا محافظ ہوگا ۔

آخر میں میں آپ کے سٹاف کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ ہم انہیں بہت تکلیف دیتے رہے ہیں ۔ آپ کی رواداری اور غیر جانبداری ہمارے داؤں میں گھر کر گئی ہے ۔ اس کے بعد میں شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اپنی طرف سے اور اپنے رفقائے کار کی طرف سے اپنے ان عزیزوں کا اور دعا کرتا ہوں کہ یہ کامیاب ہو کر آئیں اور اس جذبہ کے ساتھ آئیں کہ پاکستان کو مضبوط کرنا ہے ۔ پاکستان کی عظمت کو بلند کرنا ہے ۔ وہ ان باتوں سے خالف نہ ہوں جو ہمارے خلاف کہی جاتی ہیں ۔ جو سیاسی حربے ہمارے خلاف استعمال کئے جاتے ہیں ۔ یہ چیزیں چند لمحوں کے لئے ہوتی ہیں ۔ ہم پر نکتہ چینی ہو گی ۔ کوئی انفرادی واقعہ ہوگا اسے ہماری طرف منسوب کریں گے ملک میں انتشار پھیلانے کی خاطر ۔ ہمیں ان باتوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنا ہے ۔ ہم صحیح واقعات قوم کے سامنے رکھیں ۔ ملک میں سمجھدار لوگ ہیں ۔ عوام بیدار ہیں ۔ وہ ان باتوں میں نہیں آئیں گے ۔ ہماری مدد کریں گے ۔ ہمیں چاہئے کہ اس نظام کو کامیاب بنائیں ۔ ملک کی کامیابی اور بقا اسی میں ہے ۔

پیر غلام علی (منٹگری ۔ ٦) (پنجابی) ۔ سب سے پہلے میں الله رب‌العزت کی تعریف کرتا ہوں، جس نے اس کائنات کو پیدا کیا ۔ جس نے اتنی زیادہ بڑی شخصیتیں اور دماغ ایوان کے اس حصہ میں بیٹھنے کے لئے پیدا کئے ۔ ایسے انسان قرن ہا قرن کے بعد پیدا ہوتے ہیں کم عقلی کے لحاظ سے بھی اور عقلمندی کے لحاظ سے بھی ۔

اس کے علاوہ یہاں اس ایوان کی بڑی تعریفیں کی گئی ہیں - یہ لوگ شکایت کرتے تھے کہ پہلے وزیر اپنے ممبروں سے اتنا تعاون نہیں کرتے تھے - نہ پہلے گورنر اس طرح ملتے تھے - انگریز گورنر انگریزی روایات کے مطابق رہتے تھے - لیکن اب ہم گورنر کے پاس جاتے ہیں تو ایسے سمجھتے ہیں جیسے اپنے زمیندار بھائی کے پاس بیٹھے ہیں - وہ ہماری تکلیف، دکھ، درد سنتے ہیں اگرچہ وہ ایک دفعہ ''نہیں،، کر دیں تو ہمیں دوسری بار کہنے کی جرات نہیں ہوتی - میں سمجھتا ہوں نہ پہلے ایسے گورنر رہے ہیں نہ آئندہ ہمیں ایسا گورنر مل سکتا ہے -

اس کے علاوہ یہ آپوزیشن ہے جو ہمیں چمکاتی ہے - جتنی شدید وہ مخالفت کرتے ہیں اتنا زیادہ ہمیں تقریروں کا موقع ملتا ہے - اس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں - ان میں صرف ایک نقص ہے کہ وہ ہم پر بریک کا کام کرتے ہیں - ورنہ آج ہماری speed اتنی رہی کہ ہم نے آدھ گھنٹے میں چار بل پاس کر لئے - اگر وہ بریک نہ مارتے تو ہم ایک دن میں پورے سال کے لئے سارے قانون پاس کر دیتے -

باقی رہے سرکاری افسران تو ان کا شکریہ ہم اس وقت ادا نہیں کرتے - ان کی تعریف میں فی‌الحال نہیں کرتا کیونکہ انہیں ہمارے لیڈروں کی طرف سے ہدایات تھیں کہ وہ ممبران سے اچھی طرح ملا کریں - اور جو جائز کام ہو وہ کر دیا کریں - اگر ہم آئندہ ممبر نہ ہوئے اور پھر انہوں نے ہمارے ساتھ اچھا سلوک کیا ، تو پھر وہ ہمارے شکریہ کے مستحق ہوں گے -

باقی بہت سے ایسے ممبران ہونگے جو کامیاب نہیں ہونگے ۔ جو صاحبان ناکامیاب ہوں ، ان سے مطلقہ عورتوں کا سا سلوک نہ ہو ۔ بلکہ ایسا سلوک ہو جیسا چرچل کی موت پر برطانیہ کے بادشاہ نے اُس سے کیا ہماری اس طرح عزت ہو ۔ بلکہ جو ممبران منتخب ہو جائیں، ان سے ہماری عزت زیادہ ہو ۔

دوسری عرض یہ ہے ۔ کہ جتنی کتابیں ہماری تقریروں کی بن چکی ہیں ۔ اگر انہیں غور سے پڑھیں تو جتنی برائی حکومت کی ہم نے کی ہے آپوزیشن نے نہیں کی ۔ شاید ہندوستان والوں نے بھی اتنی شکایت نہ کی ہو ۔ پھر بھی ہم اس کی تائید کرتے ہیں ، ہم وزیروں پر بہت نکتہ چینی کرتے ہیں ۔ مگر انہوں نے کبھی محسوس نہیں کیا وہ سمجھتے تھے کہ ہم یونہی باتیں کرتے رہتے ہیں ۔ سب سے آخر میں اگر کسی صاحبان کی شان میں گستاخی ہو گئی ہو، تو میں معافی کا خواستگار ہوں خاص طور پر رائے منصب علی خان صاحب سے ۔ اس اسمبلی میں چار چاند لگانے اور نمکیت پیدا کرنے والے خان حمیداللہ خان نیازی ہیں ۔ جن کا میں بہت مشکور ہوں ۔ جنہوں نے بعض زبانوں پر بریک لگانے کا کام کیا ہے۔

اس کے بعد میں تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Mr. Ahmed Mian Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-I) : Sir it is no doubt sad to be meeting to part but life is a series of meetings and partings. We meet to part and we part to meet. No doubt, some of us in this House at present may not be here when the House meets again but, Sir, individuals may come and go, institutions will go on for ever. The precedent which this House had laid down during its short life of three years will go down in history and will serve as a beacon of light to those who might be adorn-

ing these benches hereafter. I would also like to bring on record and make a mention of the active interest which our Governor has been taking in the proceedings of this legislature as was evident yesterday from the Bill which he sent back when it was sent to him for his assent after having been deliberated upon and passed by this House comprising not only of able and experienced men in the Treasury Benches but also in the Opposition. The amendments proposed by the Governor, we must admit frankly did not occur to this House and be it said to his credit that he did draw the attention of this House very ably to something that was really very necessary in that Bill. But it is unfortunate that this House did not muster more than 25% of its total strength with the result that not only, under the provisions of the Constitution, those amendments could not be accepted but even the Bill which was earlier passed by this House and which, if we calculate, cost a large amount to the exchequer, had also to fall through.

I would be failing in my duties if I fail to point out that we did show a bit of irresponsibility at a number of times when this House had to be adjourned from time to time for want of quorum. Sometimes even the days proceedings had to be adjourned to the next day at quite a heavy cost to the exchequer and an average of hardly 20 per cent of members attended the Assembly sessions. This really showed lack of our responsibility to the people who elected us and sent us here as their representatives. I hope this thing would not at least be repeated in the future House.

Sir, the manner in which you, as Speaker, discharged your unenviable duties at times when very critical situations arose and when you were put to hard tests, was praise-worthy and the decisions given by you, no doubt, will be the precedents and guide for those who may come hereafter in this House or may succeed you on that Chair. There were differences of opinion there were situations in which all sections of the House did not accept or did not like to gracefully accept your decisions and at times protested against them. But we were confident that what you did was to the best of your ability and honesty—to err is after all human—this is all the more reason why you during this period were able to maintain the decorum of the House which was your primary duty.

Then, Sir, the manner in which the Leader of the House has guided this House and commanded respect of this House is unprecedented. We know that under the present Constitution there is no Chief Minister who

is able to co-ordinate the functions of various Ministries and who under the law is responsible to the Legislature. But, Sir, he was *de facto* the Chief Minister and was always co-ordinating the work of the various Ministries and felt responsible to this House. He always bowed to the wishes of this House and in return the House has always bowed to his wishes. This is, Sir, because of his dynamic personality, his power to accommodate, his cool-headedness and not the least his very jovial nature. In very serious situations I know there were certain situations in which everyone could not expect to control himself so coolly, but he in such a smiling manner and such a jovial mood did all that was expected of him to do. I say without hesitation—and now I would like to praise him—that he is responsible for this party having been well-knit throughout this period.

Sir, the lady members in this House have also played their part in this House. They have taken active part not only in the debates and questions but also in the Bills as private members.

The Leader of the Opposition has really been an asset to this House. He has always come well prepared, he has always guided this House. He has always brought to the notice of this House various laws, which proved that he had been spending quite a good part of his time, while outside this House, also in connection with the duties of this House.

Sir, the Press deserves all the compliments of this House for the manner in which they have co-operated with you and this House in the matter of reporting the proceeding of the House.

Lastly, as has been rightly pointed out, the Assembly Secretariat worked round the clock. Had it not been for the efforts put in by them right from the peon to the Secretary, the success achieved be this House could not have been possible.

Mr. Speaker : Babu Muhammad Rafiq.

بابو محمد رفیق - (لورا لائی - ژوب - کوئٹہ) - جناب سپیکر
آج سے تقریباً اڑھائی سال قبل جب ہم نمائندے منتخب کئے گئے تھے -
تو اس وقت کسی بھی جماعت کا وجود اس ملک میں نہیں تھا - ہر ایک

نمائندہ اپنی اس کار کردگی کی بناہ پر منتخب ہوا جو اس نے اپنے حلقہ نیابت میں کی تھی ۔ صرف اس کی بناء پر عوام نے اسے منتخب کیا تھا ۔ میں ایک ایسے پسماندہ علاقے سے آیا تھا کہ جس علاقے کی ترقی ہونی باقی تھی ۔ اور خاص طور پر میرا کام اسی وجہ سے اور بھی مشکل ہو گیا تھا کہ میرے علاقے کا کوئی وزیر بھی cabinet میں نہیں تھا جو اس علاقے کی ترقی پر باقاعدگی سے نظر رکھتا ۔ اس لئے میں نے اس مشکل کو حل کرنے کی غرض سے سوالات پوچھنے کا دشوار گزار راستہ منتخب کیا تھا ۔ جو کہ تکلیف دہ اور کٹھن بھی تھا ۔ مجھے افسوس ہے کہ اس دوران میں میں نے وزراء صاحبان اور پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کو نا دانستہ طور پر ناراض بھی کیا ہوگا ۔

راجہ محمد اشرف ۔ بالکل نہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ لیکن مجھے اس بات سے خوشی ہے ۔ کہ اگر اس سلسلے میں کوئی تلخی تھی بھی تو وہ صرف ہاؤس کے اندر تک ہی محدود رہی ۔ اور ایوان سے باہر وہ ہمارے عوامی مسائل کو حل کرنے میں بڑی خندہ پیشانی سے امداد کرتے رہے ۔ اسی طرح میں سولسیکریٹریٹ اور دیگر محکموں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ کہ جب کبھی بھی میں ان کے پاس کوئی عوامی مسئلہ لے کر گیا ۔ تو انہوں نے بڑی فراخدلی سے میرے ساتھ تعاون کیا ۔ اور میری رہنمائی بھی کی ۔ میں اس اسمبلی میں پہلی بار آیا تھا لیکن بایں ہم اسمبلی سیکریٹریٹ نے میرے ساتھ جس قسم کا تعاون، ہمدردی اور خلوص کا اظہار کیا ہے ۔ میں اس کے لئے انکا بھی بے حد مشکور ہوں ۔ آپ نے سپیکر کے عہدے کو جس طرح نبھایا اور جس طرح اس ایوان کی وقتاً فوقتاً رہنمائی کی ہے ۔ وہ

بھی قابل تعریف ہے ۔ میں اس ایوان میں یہ کہتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں ۔ کہ اس حکومت کے دور میں اور بالخصوص فیلڈ مارشل محمد ایوب خان ۔ گورنر صاحب اور قابل وزراء کی رہنمائی میں ہمارے علاقے نے کافی ترقی کی ہے ۔ اس لئے میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دست بدعا ہوں کہ ہمیشہ ایسی وزارت آئے جو ملک کی ترقی کی طرف اپنی خصوصی توجہ دے ان الفاظ کے ساتھ میں آپ تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

مسڑ محمد ابراھیم برق (مظفر گڑھ-۱) ۔ صدر محترم ۔ آج صوبائی اسمبلی کا آخری اجلاس اور آخری دن ہے ۔ صبح آتے وقت ہمیں اس طرح کا احساس نہیں تھا ۔ خیال تھا کہ ایک اجلاس مارچ میں اور طلب کیا جائے گا مگر یہاں آ کر اور تقریریں سننے کے بعد اور یقین دھانیوں کے بعد معلوم ہوا کہ یہ آخری اجلاس ہے ۔

عالی جاہ ۔ جون ۱۹۶۲ء میں جس وقت پہلی مرتبہ ہم اکٹھے ہوئے ہم اپنے علاقوں کی بہت سی تکالیف لے کر یہاں حاضر ہوئے تھے ۔ یہاں آ کر ہم نے بجٹ پر تقریریں کیں ۔ جو اپنے علاقے کے مختلف مطالبات تھے وہ اس مقدس ایوان میں پیش کئے ۔ میں اپنے وزراء صاحبان کا ۔ اور حکومت مغربی پاکستان کا ۔ جناب گورنر صاحب کا اور اپنے دوست بھائیوں کا بے حد مشکور ہوں ۔ اور ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ اور سیکریٹریز صاحبان کا بھی کہ انہوں نے ہمارے ان مطالبات میں سے اکثر مطالبات (میں فخر سے کہہ سکتا ہوں ۹۹ فیصدی مطالبات) تسلیم کر لئے ۔ ہمارے شہر میں کالج نہیں تھا ۔ بجلی نہیں تھی سڑکیں نہیں تھیں ۔ نہروں کا پانی مقررہ وقت پر نہیں ملتا تھا بلکہ اتنا کم تھا شائد زمینداروں کو

گرمی کے موسم میں بھی پانی نہیں ملتا تھا ۔ آج سردیوں میں پانی مل رہا ہے ۔ بجلی مل چکی ہے ۔ کالج کھل چکے ہیں ۔ سڑکیں بھی بن گئیں ہیں (خوب ۔ خوب) ۔ ریل کا اجرا آخری چیز ہے جس کا مطالبہ کیا ہے امید ہے کہ اس کو تیسرے پنجسالہ منصوبے میں رکھا جائے گا ۔

عالی جاہ ۔ میں اپنی حکومت کا بے حد ممنون ہوں کہ انہوں نے اس پس ماندہ علاقے کے اکثر مطالبات تسلیم کر کے اسے ترقی یافتہ علاقوں کے لگ بھگ لا کر کھڑا کیا ہے ۔ میں دعا کرتا ہوں خدا کرے کہ آئندہ آنے والے انتخابات میں بھی ایسے ہی لوگ آئیں ۔ ہماری حکومت اتنی زور دار ہو ۔ اتنی قابل ہو ۔ اتنا احساس کرنے والی ہو کہ ہمارے پس ماندہ علاقوں کو اور بھی زیادہ اُبھارا جائے ۔ اور زیادہ سے زیادہ ترقی یافتہ علاقوں کے ساتھ کھڑا کیا جائے ۔ میں عالی جاہ ممنون ہوں اور پس‌ماندہ علاقوں کے لوگوں کی طرف سے ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ ان اڑھائی سالوں میں ہمارے علاقے میں جس قدر کام ہوا میں اس کے لئے ان کا حد سے زیادہ ممنون ہوں ۔ عالی جاہ ۔ اس آخری اجلاس میں ایک گزارش ہے وہ یہ ہے کہ ہمارا بہت بڑا پرانا مطالبہ تھا کہ ضلع مظفرگڑھ میں مل لگائی جائے ۔ سنا ہے مل منظور ہو چکی ہے ۔ مظفر گڑھ دو حصوں میں اس وقت تقسیم ہے پچھلی اسمبلی نے دو وارڈوں میں تقسیم کیا تھا ۔ اب یہ مل جو ابھی منظور ہوئی ہے کہ ایسی وارڈ میں نہ لگائی جائے کہ اس سے دوسری وارڈ کو محروم کر دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ برق صاحب آج کم از کم مطالبات نہ پیش کریں ۔

مسٹر محمد ابراهیم برق - جناب والا - یه وه مطالبه هے جو پہلے پیش کیا جا چکا هے اور تسلیم کیا جا چکا هے - میں صرف توجه مبذول کرانا چاهتا هوں که یه الاٹمنٹ اس حصهٔ میں هو جو حصه ابهی تک محروم هے - لہذا میں دوباره شکریه ادا کرتا هوں -

مسٹر سپیکر - اب وزیر تعلیم اپنے رنگین خیالات کا اظهار فرمائینگے -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جناب والا - هر ابتدا اپنی انتہا کو لے آتی هے - اس اسمبلی کی عمر کی ابتدا آج سے تقریباً تین سال پہلے هوئی آج یه انتہا کے قریب هے - هم بیگانوں کی طرح آئے تھے مگر یہاں بیٹھے - باتیں کیں - اعتراضات کئے - کبھی سنے - کبھی سنائے اور اس سارے عرصه میں اب یه کیفیت هو گئی هے اگر آج میں یه کہوں تو کوئی مبالغه نه هو گا که هم اپنوں سے زیاده اپنوں کی حیثیت سے آج یہاں بیٹھے هیں اور بیگانوں کی طرح آنے والے آج اپنوں کی طرح جدا هو رهے هیں -

جناب والا - عقل انسانی نے بڑے تجربات کئے هیں - بڑے تجربات کے بعد نظام حکومت کے بارے میں انسان اس نتیجه پر پہنچا هے که حکومت کی پالیسی کا بہترین طریقه حکومت چلانے کا بہترین طریقه جمہوریت هے - چاهے پارلیمانی نظام هو - چاهے صدارتی نظام هو - البته ایک بات جو اس میں ضروری هوتی هے وه یه هے که صاحب اقتدار لوگوں کی اس جماعت کو جو اکثریت میں هو اپنے پر تنقید سننے کی جرأت هو - اور ان احباب کو جنہیں هر وقت اقتدار حاصل نه هو اور

اقلیت میں ہوں انہیں اپنی بات نہ مانی جانے پر جو شکست ہوتی ہے اسکو حوصلہ سے برداشت کرنے کی جرآت ہو ۔ اب اس سلسلے میں وہ جماعت جو اقتدار میں ہے یہ ثابت کر چکی ہے کہ اس نے ہر قسم کی تنقید کو بڑی فراخ دلی کے ساتھ برداشت کیا ہے ۔ اور پریس اور تقریر کی آزادی سے جو کچھ چیزیں کہی جانی چاھئیں اور جو کچھ کہی گئی ہیں اس کو حوصلہ سے برداشت کیا ہے ۔ یہ جمہوریت کی ایک بڑی خدمت ہے ۔ مگر میں اپنے فرائض میں کوتاھی کروں گا اگر میں حزب اختلاف کی ستائش نہ کروں ۔ انہوں نے تنقید کے بارے میں ۔ تجاویز کے بارے میں اپنا حق صحیح طور پر ادا کیا ہے ۔ مجھے صرف یہ بات عرض کرنی ہے کہ حزب اختلاف نے تنقید کا حق کئی دفعہ حد سے زیادہ استعمال کیا ۔ کئی جگہ پر تنقید تعمیر سے شائد نیچے بھی گر گئی ۔ بلا شبہ ان کو تجاویز پیش کرنے اور کئی معاملات پر تنقید کرنے کا حق ہے کسی مسئلہ پر رھنمائی کرنے کا حق ہے مگر میں ان کی اطلاع کیلئے ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ جب جمہوریت کا معاملہ آ جائے تو خدا کے لئے اس چیز کو حوصلہ کے ساتھ برداشت کرنے کی روایات قائم کریں ۔ یہ ان کی بہت بڑی جمہوری خدمت ہو گی ۔ آج مجھے بڑی خوشی ہوتی اگر ہمارے دوست یہاں موجود ہوتے اور یہ ساری باتیں جو ہم ایک دوسرے کے لئے کر رہے ہیں ان میں شریک ہوتے ۔ جناب والا ۔ جمہوریت میں دوسری ایک بڑی دقت یہ ہوتی ہے کہ ہر وہ شخص جسے کسی اہم سیاسی مقام پر بٹھانے کیلئے عوام منتخب کریں تو اس شخص پر بے پناہ ذمہداریاں بھی آ جاتی ہیں ۔ چاہے وہ جگہ ایک ممبر کی حیثیت سے ہو ۔

چاہے ایک پارلیمنٹری سیکریٹری کی حیثیت سے ہو ۔ یا قائد حزب اختلاف کی حیثیت سے ہو یا وزراء کی حیثیت سے ہو ۔ قائد ایوان کی حیثیت سے ہو یا جناب والا سپیکر کی حیثیت سے ہو ۔ ان مقامات کی بلندی جوں جوں بڑھتی جاتی ہے توں توں ذمہ داریاں بڑھتی جاتی ہیں ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں آپ سے زیادہ کوئی شخص اس بات کو نہیں جانتا ۔ آپ اس ایوان کے سب سے اونچے مقام پر بیٹھے ہیں ۔ کتنے مشکل مرحلے آپ کے سامنے آئے ۔ اور ایک یہ مرحلہ کیا کم مشکل ہے کہ کتنی لمبی لمبی تقریریں کیں ۔ کئی دفعہ مصائب سے بھر پور تقاریر بہت لمبے عرصے کے لئے آپ نے سنیں ۔ اس وقت یقیناً تمام تر نمائندے آپ کے ساتھ ہوتے تھے ۔ مجھے اس کا علم ہے کہ (کیونکہ ان دنوں میرا نام بھی اس عہدہ کے لئے لیا جا رہا تھا) اس عہدے میں بے پناہ مشکلات ہیں ۔ بہر حال اس مشکل کام کے لئے آپ کو چنا گیا اور آپ نے نہایت کوشش کے ساتھ ۔ نہایت قابلیت کے ساتھ اس اہم عہدے کے فرائض کو سر انجام دیا ۔ ایک صاحب یہ آپ کی جوان سالی کی وجہ سے آپکی ناتجربہ کاری کی وجہ سے یہ خیال کر رہے تھے کہ اس عہدہ کے فرائض جہاں دیدہ تجربہ کار اور بزرگ صاحبان وہ اچھے طریقے سے سر انجام دے سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اپنے عہدہ سپیکری میں آپ نے ثابت کر دیا ہے کہ آپ جوان سال ہیں مگر یقینی طور پر ایک ایسا ذہن لئے ہوئے ہیں جو پورے تجربات رکھتا ہے ۔ جو صحیح طور پر بزرگی رکھتا ہے جس بزرگی کی طرف میرے دوست اشارہ کر رہے ہیں ۔ (خوب ۔ خوب) ۔

جناب والا ۔ جس قدر مشکل کام ایوان میں سپیکر کا ہوتا ہے شاید

کسی اور شخص کا نہیں ہوتا ۔ جتنے مشکل مرحلے کامیابی کے ساتھ آپ نے گزارے ہیں اس کیلئے اگر میں مبارک باد نہ دوں تو میں سمجھتا ہوں میں اپنے فرائض میں کوتاہی کا مرتکب ہونگا ۔ میں سینئر ڈپٹی سپیکر صاحب اور جونیئر ڈپٹی سپیکر صاحب کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں انہوں نے جب کبھی اس ایوان کی صدارت کی وہ ہمیشہ اپنے فرائض سے خوش اسلوبی سے عہد برآ ہوئے۔

اب جناب والا ۔ جب بات چل نکلی ہے تو ظاہر ہے کہ پھر قائد ایوان کا ذکر آنا بھی ضروری ہے ۔ قائد ایوان کے متعلق یہاں بہت سی باتیں کہی گئی ہیں ۔ میں نے ان کے قریب جا کر یہ دیکھا ہے کہ وہ ایک ہی ملاقات میں خدا کا خوف اور اپنی محبت عطا فرما دیتے ہیں ۔ وہ آنکھوں ۔ کانوں ۔ دماغ یا کسی اور چیز کو اپیل کرنے کی بجائے ۔ یا دوستوں کو اپنے بس میں لانے کی بجائے ان کے دل موہ لیتے ہیں ۔

دل بدست آور کہ حج اکبر است

اور جب کوئی کسی کے دل پر قبضہ کر لیتا ہے ۔ تو اس کا اس کی ہر چیز پر قبضہ ہو جاتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ شیخ مسعود صادق صاحب بطور قائد ایوان ہر معاملے میں بڑی کامیابی سے عہدہ بر آ ہوئے ہیں ۔ یقیناً جس نئے تجربے کے لئے اور جن نئے حالات میں انہیں یہ عظیم عہدہ دیا گیا ۔ وہ بہت مشکل اور کٹھن تھے ۔ تاہم انہوں نے نہایت خلوص ۔ محبت اور اطمینان کے ساتھ اس عہدے سے متعلق اپنے فرائض انجام دئے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہاں میں اپنے دوسرے بزرگوں کا ذکر نہ کرنا بھی مناسب نہیں سمجھتا ۔ بلکہ از حد ضروری سمجھتا ہوں ۔ ملک قادر بخش صاحب کی بزرگانہ نصیحتیں ۔ ان کے تجربات کے مجموعے اور دیگر معاملات میں وہ جو کچھ بھی فرماتے رہے ہیں ۔ اس سے کم از کم میں نے بطور ایک نئے اور ناتجربہ کار آدمی کے بہت کچھ استفادہ کیا ہے ۔

خان پیر محمد خان صاحب کی بزرگانہ مسکراہٹیں ۔ گردیزی صاحب کی پر خلوص باتیں ۔ ہماری محترمہ بہن محمودہ سلیم صاحبہ کا مشفقانہ رویہ۔ میرے بھائی غفار پاشا صاحب اور ہمارے جوان سال وزیر مسٹر جینجو صاحب کی انتہائی ہمدردانہ اور پیاری باتیں کبھی نہ بھلانے والی چیزیں ہیں (نعرہ ہائے تحسین) ۔

علاوہ ازیں میمن صاحب کے قانونی نکتے جو انہوں نے ایک ممبر کی حیثیت سے اس ایوان میں بیان فرمائے۔ اور جس کامیابی کے ساتھ انہوں نے وزارت قانون کو نبھایا ہے ۔ یہ ان ہی کا حصہ ہے ۔

جناب والا ۔ میں نے یہ سب کچھ اس ایوان سے متعلق کہنا ہے ۔ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کا ذکر خود ایک پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے ۔ اور انہوں نے اس کے لئے داد بھی وصول کی ہے ۔ مگر میں اس موقع پر اپنے پارلیمنٹری سیکریٹری مسٹر ملنگ خان صاحب کو داد دینا چاہتا ہوں (تحسین و آفرین) ۔ اور اگر مجھے دوسرے وزرا صاحبان اور پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان معاف فرمائیں ۔ تو میں ان کی اجازت سے یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک میرے ذاتی علم کا تعلق ہے

مسٹر ملنگ خان شاید ان پارلیمنٹری سیکریٹریوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے اپنے فرائض سے صحیح طور پر عہدہ برآ ہو کر اپنی ذمہ داری کو صحیح طور پر نبھایا ۔ کم از کم میں تو ان سے مکمل طور سے مطمئن ہوں ۔

جناب والا ۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ ہم اس ایوان میں بیگانوں اور نئے لوگوں کی طرح آئے تھے ۔ (ایک آواز ۔ آپنے صرف مسٹر ملنگ خان کا ذکر کیوں کیا ہے ؟) میں نے اپنے پارلیمنٹری سیکریٹری کا ذکر کیا ہے ۔ کسی اور کا تو نہیں کیا ۔ ویسے میں چودھری سلطان محمود صاحب کا بھی قائل ہوں ۔ اور دیگر اصحاب مثلاً میاں صاحب وغیرہ کا بھی ۔ بہر صورت جناب والا ۔ جب ہم بیگانوں کی طرح آئے تو ہم ایک دوسرے کے نام پوچھتے پھرتے تھے ۔ کسی کے متعلق کوئی کچھ بھی نہ جانتا تھا نہ کسی کو کسی کی قابلیت کا علم تھا ۔ نہ کسی کی تقریر کا اور نہ ہی دیگر معاملات کا ۔ پھر ہم نے اپنے دوست خان عبدالرازق خان صاحب کی مدلل تقریریں اور نہایت اچھے انداز میں کی ہوئی باتیں بھی سنیں ۔ رائے منصب علی خان کی ادیبانہ تقریریں سنیں ۔ سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی اور ماسٹر خان گل صاحب کی پر جوش تقریروں سے بھی استفادہ کیا ۔ اس کے ساتھ ہی حاجی میر محمد بخش تالپور اور بابو محمد رفیق صاحب و دیگر سوال کنندگان کے سوالوں سے استفادہ کیا ۔ کیونکہ وہ اس سلسلے میں ماہر ہیں ۔ نیز ہم پیر غلام علی صاحب کی پھلجھڑیاں چھوڑ دینے والی باتوں سے بھی محظوظ ہوئے ۔

جناب والا ۔ جہاں ہم نے اتنی اچھی اچھی تقریریں سنیں وہاں ہم نے قائد حزب اختلاف کی پوری تیاری سے کی ہوئی تقریریں سنیں ۔ جہاں ہم نے نوابزادہ افتخار صاحب کی نکیلی تقریریں اور بعض دفعہ تلخ باتیں اور چوٹیں سنیں ۔ وہاں ہم نے حمزہ صاحب کے متنازعہ فیہ مسائل اور باتوں سے بھی استفادہ کیا۔ کبھی راؤ خورشید علی خان کی گھن گرج سے بھر پور آواز ۔ جو میں کبھی منٹگمری بار روم میں سنا کرتا تھا ۔ وہ پورے جوش و خروش کے ساتھ یہاں سنی ۔ رائے منصب علی صاحب کے سعدی صاحب کی گلستان اور بوستان بھی سنی ۔ کبھی ہم نے مولانا غلام غوث صاحب کے عالمانہ دلائل اور قرآن پاک و حدیث کے حوالے سنے ۔ اور کبھی اپنی بہن محترمہ بیگم شاہنواز صاحبہ کی بہت سی لمبی تقریریں بھی سنیں ۔ اور ان سے بھی محظوظ ہوئے ۔ انہوں نے ہمیں ہندوستان اور پاکستان کی تاریخ سے کافی حد تک مانوس کر دیا ۔ کبھی کبھی اپنے دوست کرمانی صاحب کی قدرے تیز باتیں سنیں ۔ اگرچہ آج کل وہ منقار زیر پر ہیں ۔ تاہم وہ بہت کچھ اس ایوان میں فرما چکے ہیں ۔ جس سے ہم نے بہت استفادہ کیا ۔

اس کے ساتھ ساتھ ہم نے ایسے دوستوں کی خاموشیوں سے بھی استفادہ کیا جنہوں نے گزشتہ تین سالوں میں اپنے طور پر کبھی اس ایوان کی خاموشی کو توڑنے کی کوشش نہ فرمائی ۔ بہر صورت انہوں نے بھی اس ایوان کی خدمت کی ہے ۔ کیونکہ اگر وہ سننے والوں کی حیثیت سے یہاں نہ ہوتے تو شاید تقریریں کرنے والے حضرات کو بہت سی دقتوں کا سامنا ہوتا ۔ اس لئے آج وہ بھی ہمارے شکریے کے مستحق ہیں ۔ بہر صورت کچھ صاحبان تو ہماری باتیں سننے کے لئے یہاں موجود رہے ۔ جناب والا ۔

ایک دفعہ ایک بین‌الاقوامی اجتماع میں مجھے بھی شمولیت کا شرف حاصل ہوا ۔ وہاں پہلی بات یہ کہی گئی کہ ان Parliamentarians کے متعلق ایک بڑی دقت یہ ہے کہ وہ لمبی لمبی تقریریں کرتے ہیں ۔ مگر سنتے بہت کم ہیں ۔ وہ بولنے والے تو بہت اچھے ہوتے ہیں لیکن سننے والے اچھے نہیں ہوتے ۔ بہر حال جو حضرات اچھے تقریر کرنے والوں کی بجائے اچھے تقریر سننے والے ثابت ہوئے ہیں ۔ انہوں نے بھی یقیناً پارلیمنٹری روایات کی بہت بڑی خدمات سر انجام دی ہیں ۔ جناب والا ۔ پچھلے دنوں میں نے اخبار میں یہ بات پڑھی کہ ہماری بہن مسز عائشہ عزیز صاحبہ نے اس سلسلے میں ریکارڈ قائم کیا ہے ۔ میں آج ان کا بھی خاص طور سے شکریہ ادا کرنا مناسب سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بات کچھ لمبی ہو گئی ہے ۔ تاہم میں قائد حزب اختلاف کا ذکر دوبارہ اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے صحیح طور پر اپنے فرائض انجام دئے ۔ اگرچہ بعض حضرات نے بہت سی باتوں پر بار ہا ایسے اعتراضات بھی کئے جو مناسب حدود سے تجاوز بھی کر گئے ۔ اور آج جن کا ذکر کرنا مناسب نہیں ۔ لیکن قائد حزب اختلاف جس عظیم عہدے پر اس طرف بیٹھے تھے ۔ انہوں نے اس سے عہدہ برآ ہونے کی پوری پوری کوشش کی ۔ اور اس کیلئے بڑی محنت سے کام کیا ۔ مجھے بڑا دکھ ہوا جب انہوں نے کل یہ فیصلہ کیا کہ وہ آج احتجاجاً اس ایوان میں نہیں آئیں گے ۔ کاش وہ آج یہاں تشریف لاتے ۔ کیونکہ اگر کوئی سیاسی قتل ہو یا کسی شخص پر ظلم ہو ۔ تو اس کے متعلق صحیح سوچنے والے لوگوں کا رویہ یہ ہونا چاہیئے کہ وہ اس کی مذمت کریں ۔ حال ہی میں یہ جو سانحہ ہوا ہے ۔ قائد ایوان نے

بڑے واضح الفاظ میں اس کی مذمت کی ہے ۔ اور حکومت یہ کوشش کرے گی کہ جو اشخاص اس ظلم کے لئے ذمہ دار ہوں ۔ ان کو قرار واقعی سزا دی جائے ۔ لیکن اگر اس قسم کے اکا دکا واقعات ہو جائیں ۔ اگر کہیں کینیڈی قتل ہو جائے یا حسن علی منصور کے ساتھ کوئی واقعہ ہو جائے ۔ تو کیا ان چیزوں کے لئے جمہوریت کی راہیں خود ہی بند کر دی جائیں اور اس کے لئے احتجاجاً سب چیزیں چھوڑ دی جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں ۔ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس کے متعلق تحقیقات ہو رہی ہے ۔ تفتیش ہو رہی ہے اور سب چیزیں دیکھی جا رہی ہیں ۔ بہرحال جس وقت انہوں نے یہ فیصلہ فرمایا تھا ۔ تو مجھے بے پناہ دکھ ہوا تھا ۔ ویسے اس واقعہ کے متعلق شیخ مسعود صادق صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے میں اپنے آپ کو اس کے ساتھ مکمل طور پر associate کرتا ہوں ۔ اور ضمیر احمد صاحب جو ہمارے اخبار نویس دوست تھے اور ان کے ساتھ اکثر یہاں ملاقاتیں ہوتی تھیں ۔ ان کی موت پر بھی میں دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں ۔ مجھے یقین ہے کہ میری پارٹی کے باقی دوست بھی اس اظہار ہمدردی میں میرے ساتھ شامل ہیں ۔ بہر صورت میں ایک بار پھر اس واقعہ کے متعلق عرض کروں گا کہ اس کے متعلق مناسب کارروائی کی جا رہی ہے ۔ حکومت یہ کوشش کریگی کہ جو شخص بھی مجرم ثابت ہو ۔ اسے سزا ملے ۔ چونکہ یہ ایک باہر کا معاملہ ہے جس کے متعلق قانون کے مطابق کارروائی ہو رہی ہے ۔ اس لئے اس کی بنا پر اس ایوان کی کارروائی سے ان کا احتجاجاً اٹھکر چلے جانا یقیناً کافی دکھ دینے والی بات ہے ۔ اور جمہوریت کیلئے کوئی صحیح روایت نہیں ۔

جناب والا ۔ میں بہت سی باتوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن وقت کی کمی کے باعث ایسا نہیں کر سکتا ۔ اب میں آپ کی اجازت سے اتنا عرض کروں گا کہ خداوند تعالیٰ کی طرف سے ایسا ہو کہ ہمارے بہت سے دوست دوبارہ منتخب ہو کر یہاں آئیں ۔ اور ہماری دلچسپی اسی طرح قائم رہے ۔ اور اپنے پھر اپنوں سے آ ملیں ۔

جناب والا ۔ آخر میں ایک بات اور نہایت ضروری ہے ۔ جس کا اگر میں یہاں ذکر نہ کروں ۔ تو کوتاہی ہو گی ۔ وہ ہے اس اسمبلی کے سٹاف کے متعلق ۔ مجھے یاد ہے ۔ کہ خواہ ممبر اسمبلی کی حیثیت سے خواہ بطور وزیر جب میں دو تین Bills کو pilot کر رہا تھا ۔ تو مجھے رات کے بارہ بارہ بجے اور دو دو بجے ترامیم دینے کا اتفاق ہوا ۔ مجھے اس بات سے خوشی ہوتی تھی کہ اسمبلی کے حضرات انہیں بخوشی قبول کرتے تھے اور میں نے ہمیشہ ان کے ماتھے پر مسکراہٹ دیکھی ہے ۔ میں حیران تھا ۔ کہ یہ صاحبان کس طرح اس خوبی سے اپنا کام سر انجام دیتے ہیں ۔ انہوں نے واقعی بڑی efficiency اور خلوص دل سے اپنے فرائض کو انجام دیا ہے ۔ میں آن کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ اور وہ صحیح معنوں میں ستائش کے حق‌دار ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور آپ سے اجازت چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ راجہ غلام سرور ۔

راجہ غلام سرور (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میرے بہت سے دوستوں نے آج اس ایوان میں اقتصادی تقریریں کی ہیں ۔ اس سلسلہ میں میں بھی آپ کی وساطت سے اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ سب سے پہلے میں صوبائی اسمبلی کے متعلق گذارش کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ جب ہم یہاں شروع شروع میں جمع ہوئے ۔ تو ہم Recruits کی شکل میں تھے ۔ اُس وقت کوئی ممبر ایک دوسرے سے واقف نہیں تھا ۔ اگرچہ بذات خود میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں ۔ کہ کاروباری لحاظ سے اور ویسے بھی تقریباً تیس چالیس ممبران میرے پرانے دوست تھے جن کے ساتھ میرے برادرانہ تعلقات تھے ۔ اُس وقت ابھی حزب اختلاف میں کوئی نہیں تھا ۔ یا یوں کہیئے ۔ کہ ابھی کوئی حزب اختلاف قائم نہیں ہوئی تھی ۔ اب عرض کروں کہ یہ کس طرح قائم ہوئی ۔ اس کے متعلق میں چند باتیں عرض کروں گا ۔ ابتدا میں ہم سب ہمخیال تھے ۔ اور سب ایک ارادہ رکھتے تھے ۔ جب میں نے اپنی پہلی تقریر میں اپنے پس‌ماندہ علاقہ کا ذکر کیا ۔ اور فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صدر پاکستان اور ملک امیر محمد خان گورنر مغربی پاکستان کی تعریف کی ۔ تو جو ان دنوں میرے چند دوست حزب اختلاف کی شکل میں ایوان میں بیٹھے ہیں تالیاں بجا رہے تھے اس میں پرانے سیاست دان بھی تھے ۔ اس پارٹی یعنی حزب اختلاف کو قائم کرنے والے لاہور کے تھے یا لاہور کے گرد و نواح کے پرانے سیاست دان تھے ۔ انہوں نے ہم Recruits میں سے ایک مخالف پارٹی قائم کر لی ۔ اس میں چند دوست شامل ہو گئے ۔ میرے ایک خاص عزیز دوست نے مجھے بھی دعوت دی تھی لیکن میں نے اُن کی خدمت میں عرض کیا ۔ کہ اگر یہ انقلابی حکومت نہ آتی ۔ تو ہم پس ماندہ علاقے کے لوگ حسب سابق ہمیشہ روتے ہی رہتے ۔ جب میں نے اُن کے سامنے اپنے پس ماندہ علاقہ کا ذکر کیا تو پھر انہوں نے مجھ پر رحم کیا ۔ اور مہربانی کی ۔ اور مجھے معاف کیا ۔ میرے ساتھ

کرنل راجہ محمد اشرف بھی تھے ۔ انہوں نے بھی ایسا جواب دیا ۔ ان سب باتوں کے کہنے سے میرا مقصد یہ ہے ۔ کہ جب اس قسم کی کوئی پارٹی قائم ہوتی ہے ۔ تو اس میں زیادہ تر شر پسند عناصر ہوتے ہیں ۔ اور ان کی حزب اختلاف بنتی ہے ۔ حال ہی کے واقعات کے سلسلہ میں ہماری حزب اختلاف نے یہ الزام لگایا ہے ۔ کہ یہ سب حکومت کی طرف سے ہوا ہے ۔ یہ درست نہیں ۔ ہمارے آپس میں طرح طرح کے اختلافات بھی ہوتے ہیں ۔ اور ایک بھائی بھی اپنے بھائی سے اختلاف رکھ سکتا ہے ۔ اور یہ ممکن نہیں ۔ کہ وہ اس حد تک بھی چلا جائے ۔ اس لئے جیسا کہ وٹو صاحب نے فرمایا ہے ۔ اسی طرح ہوتا رہتا ہے ۔ وقت پر ہر شخص نے جان دینی ہے ۔ لیکن ہم اس چیز کے سخت مخالف ہیں ۔ اور ہم چاہتے ہیں ۔ کہ مجرموں کو پوری پوری سزا دی جائے ۔ کیونکہ یہ تمام عمل شرافت سے بعید ہے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہم آئندہ منتخب ہو کر آئیں ۔ پچھلے اڑھائی تین سال جو ہم نے اکٹھے بیٹھ کر گذارے ہیں ۔ اس عرصہ میں ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کیا ہے ۔ اور ہمارے برادرانہ تعلقات سارے مغربی پاکستان میں قائم ہو چکے ہیں ۔ اب ہم دوبارہ ممبر ہوں یا نہ ہوں انشا اللہ ہم ایک دوسرے کے قریب رہیں گے ۔ اور ہمارا یہ رشتہ زیادہ مضبوط ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کروں گا ۔ کہ جب آپ ابتدا میں اس ایوان میں تشریف لائے تھے ۔ اور آپ نے اپنی قابلیت اور مقدر کے مطابق اپنا عہدہ سنبھالا ہے ۔ کیونکہ ان دنوں آپ ساتھ ہی ان نشستوں پر بیٹھا کرتے تھے ۔ ہم آپ کے بلند اخلاق ۔ اعلیٰ کردار

اور خوش خلقی سے بہت متاثر تھے ۔ اور جب chance نکلا یعنی موقع پیدا ہوا ۔ تو بہ فضلی ربی آپ کے مقدر نے یاوری کی اور آپ اس جلیل القدر عہدہ پر سرفراز ہوئے ۔ ہم جانتے ہیں کہ اس وقت سے لیکر اب تک آپ نے نہایت اعلیٰ طریقہ سے اپنے فرائض کو سر انجام دیا ہے ۔ ہماری دعا ہے ۔ کہ خدا پاک آپ کو مزید کامیابی عطا فرمائے ۔

اس کے بعد مجھے بابو محمد رفیق صاحب کے ارشاد کے مطابق جناب قائد ایوان کے اعلیٰ کردار کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا ہے ۔ گفتگو کے دوران بابو محمد رفیق صاحب نے اکثر ہمیں بتایا ہے کہ میں اس لئے اتنے زیادہ سوالات پیش کرتا ہوں ۔ کیونکہ میرے علاقہ سے کوئی وزیر نہیں ۔ اور جس علاقہ سے کوئی وزیر نہ ہو ۔ اس علاقہ کو سب سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے ۔ اس لئے میں چاہتا ہوں ۔ کہ اپنے علاقہ کے متعلق زیادہ سے زیادہ باتیں حکومت کے نوٹس میں لاؤں ۔ لیکن میں اُن کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں پنڈی کا باشندہ ہونے میں فخر محسوس کرتا ہوں ۔ اور اس لئے بھی فخر کرتا ہوں ۔ کہ قائد ایوان بھی جن کی تمام ممبران نے تعریفیں کی ہیں ۔ آپ پنڈی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ خداوند تعالیٰ یہ تعریفیں انہیں نصیب کرے (نعرہ ہائے تحسین) ۔

ہمارے قائد ایوان اور دوسرے وزراٗ صاحبان کے پاس جس علاقہ سے بھی کوئی شخص گیا ۔ اس کا مطلب حل ہوا ۔ لیکن مجھے قائد ایوان سے ایک گلہ ہے ۔ کہ وہ دوسرے علاقوں کو ہمیشہ نوازتے رہے ہیں ۔ لیکن ہمارے علاقہ کی طرف کبھی توجہ نہیں کی ۔ یعنی تین سال میں ایک کام بھی انہوں نے نہیں کیا ہے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ آپ کا مطلب ہے کہ آپ نے جو ڈگری کالج کے متعلق فرمایا ہے ۔ وہ کام پورا نہیں ہوا ۔

راجہ غلام سرور ۔ آپ ذرا سنیں تو ۔ ممکن ہے ۔ میرے دل کی بات کا آپ کو علم نہ ہو ۔

میں یہ کہتا ہوں ۔ کہ یہ تعصب والی بات تھی ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ یہ صرف شیخ مسعود صادق صاحب کی ذات ہے ۔ کہ انہوں نے کبھی تعصب نہیں کیا ۔ اگر وہ تعصب کرتے ۔ تو پنڈی والوں کی طرف ضرور توجہ دیتے ۔ اور جناب وٹو صاحب نے جو وعدے مجھ سے کئے تھے ۔ وہ ضرور پورا کرتے ۔ انہوں نے ایک ڈگری کا درجہ مری کالج کو دینے کا وعدہ کیا تھا ۔ میں نے اپنی سابقہ تقریر میں شیخ مسعود صادق وزیر خزانہ کی خدمت میں بھی درخواست کی تھی ۔ اور وزیر تعلیم صاحب سے بھی کی تھی ۔ شاید اس لئے وٹو صاحب کو خدشہ ہو گیا یعنی "چور کی داڑھی میں تنکا" ہے ۔ اور وہ سمجھتے ہیں ۔ کہ میں ان کے متعلق ضرور ذکر کروں گا ۔ میں تو آج فخر محسوس کرتا ہوں کہ شکر الحمد اللہ ۔ ہم ہر پہلو میں کامیاب ہیں ۔ اگرچہ شیخ مسعود صادق صاحب سے ہمارے ۱۶ سال سے تعلقات ہیں ۔ اور ہم پنڈی والے سب محسوس کرتے ہیں ۔ کہ پاکستان کے کونے کونے میں ان کے دوست ہوں لیکن انہوں نے پنڈی کی طرف توجہ نہیں دی نیز اگر یہ تعصب کرتے ۔ تو پنڈی ہی کا خیال رکھتے ۔ اس لئے میں ایوان کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ کہ ان میں یہ تعصب والا سلسلہ نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جب سے یہ صدارتی نظام قائم ہوا ہے ۔ یہ اسی کو،

شرف حاصل ہے ۔ کہ اس میں تعصب والا سلسلہ ہو ہی نہیں سکتا ۔ اگر کوئی تعصب کرتا ہے ۔ تو فوراً پکڑا جاتا ہے ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے تمام وزرا صاحبان اور قائد ایوان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ کہ خداوند پاک ان کو ہمیشہ اپنے حضور کے مطابق اعلیٰ درجہ نصیب ہو ۔

اس کے بعد چونکہ دوسرے وزراء صاحبان بھی تقریر کریں گے ۔ میں تقریر ختم کرنے سے پہلے ایک بات اور عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ راجہ صاحب اب آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

راجہ غلام سرور ۔ جناب صدر ۔ آخر میں میں آپ سے گذارش کروں گا کہ ہمارے پسماندہ علاقہ کی طرف وزرا صاحبان اور دوسرے افسران نے جو توجہ فرمائی ہے ۔ اس کے لئے میں اُن کا مشکور ہوں ۔ اور میں امید کرتا ہوں ۔ کہ انہوں نے جو وعدے کئے ہیں ۔ اور جو کام ابھی زیر تکمیل ہیں ۔ انھیں حسب وعدہ پورا کرنے کی کوشش کریں گے ۔ اب ان معروضات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب ہمارے شعلہ بیان پارلیمنٹری سیکریٹری میاں محمد شریف صاحب تقریر فرمائیں گے ۔ (تالیاں)

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)۔ جناب سپیکر۔ عرصہ تین سال میں ہم اس ایوان میں اکٹھے رہے۔ اس ایوان میں مختلف اوقات میں کچھ تلخیاں بھی ہوتی رہیں۔ کچھ خوشیاں بھی ہوتی رہیں اور کچھ مذاق بھی ہوتے رہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ عرصہ بہت دلچسپی سے گزرا اور اس دلچسپ

عرصہ میں جب کبھی بھی تلخیاں پیدا ہوئیں تو جناب انکو آپ نے اور صرف آپنے اور آپ کی ذات گرامی نے دور کیا اور ہم پھر بھائیوں کی طرح اس ایوان میں اکٹھے ہو کر کام کرتے رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان تلخیوں کو دور کرنے اور تلخیوں کو ختم کرنیکا سہرا آپ کے سر ہے اور آپ پوری پوری مبارکباد کے مستحق ہیں کہ آپ نے ان تلخیوں کو دور کیا ۔

جناب سپیکر ۔ ایوان کو بڑی خوشی ہوئی جب آپ اس عہدہ جلیلہ پر فائز ہوئے لیکن میں آپ کے سامنے اپنے دل کی گہرائیوں کی بات کرتا ہوں کہ ہماری پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کی ایک ٹیم تھی جسمیں آپ ہمارے ساتھ بیٹھا کرتے تھے تو جتنی خوشی ہمکو ہوئی اتنی شاید ہمارے دوسرے بھائیوں کو نہیں ہوئی ہو گی جسوقت آپ اس عہدہ پر فائز ہوئے ہمکو بہت خوشی ہوئی ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کا سوال ہے بسا اوقات ہم سب ایک ٹیم کیطرح کام کرتے رہے ہیں ہم سب دوست ہیں اور ہم چائے پر اور ویسے بھی اکٹھے ہوتے رہے ہیں ہم ہمیشہ اس ایوان کے وقار اور اس ایوان کے اعزاز کو ترقی دینے کی کوشش کرتے رہے ہیں ۔

خان ملنگ خان (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ وہ چائے ہمیں پارلیمنٹری سیکرٹری میاں محمد شریف پلاتے رہے ہیں ۔

میاں محمد شریف ۔ جناب والا ۔ میں ہمیشہ اس کوشش میں کامیاب رہا کہ جب بھی قائد ایوان کیطرفسے کہا گیا کہ کورم پورا کرو۔ میں نے کورم پورا کیا مجھے میری پارٹی نے کورم پورا کرنے کے لئے چیف وھپ کا عہدہ بھی دیدیا تھا چونکہ میں کچھ عرصے سے زیر علاج تھا اسلئے میری

عدم موجودگی میں کورم ٹوٹتا رہا جسکا مجھے افسوس ہے ۔

جناب والا ۔ میری دوسری گذارش یہ ہے کہ چونکہ اس اسمبلی میں ہم نئے تھے تو ہمنے اس تین سال کے عرصے میں یہاں آرڈیننس ۔ بل ۔ ریزولیوشن ۔ کانسٹی ٹیوشن اور رولز آف پروسیجر جیسی چیزوں کو خوب سمجھا اور ہم اب ان سب چیزوں کو خوب سمجھتے ہیں ہم سب واقفکار ہیں ۔ ہمنے ڈھائی سال میں کافی تجربہ حاصل کر لیا ہے اور ان سب چیزوں سے واقف ہونیکے علاوہ ہم ان پر عبور حاصل کر چکے ہیں ۔ ہم ان چیزوں کا قانونی aspect بھی پیش کر سکتے ہیں رواز آف پروسیجر کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے یہ بڑی خوشی کا مقام ہے کہ اس بجٹ کے ذریعے ہمنے اور ہمارے ہم خیال دوستوں نے پسماندہ علاقہ کے لوگوں کی بڑی مدد کی اور ہم ہمیشہ ون یونٹ کی کامیابی کے لئے جدوجہد کرتے رہے اور اسکا خاص طور سے قائد ایوان کے سر سہرا ہے۔ ون یونٹ کو کامیاب بنانے کیلئے ہمیں فخر ہے کہ پسماندہ علاقوں میں روپے کی بہترین تقسیم کیگئی ۔

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب نام تو قائد ایوان کا یہ لیتے ہیں اور ساتھ ہی ''ہم،، کہتے ہیں (قہقہہ) ۔

میاں محمد شریف ۔ جناب میں انکا مطلب سمجھ گیا ہوں ۔ جناب والا کہا گیا تھا کہ عملی طور پر ون یونٹ کامیاب نہیں ہو سکتا لیکن ہماری پارٹی اور ہمارے معزز دوستوں نے اسکو کامیاب بنانے کیلئے جدوجہد کی اور خدا کے فضل سے ون یونٹ کامیاب ہوا اور اسکی کامیابی کا

راز ہماری جدوجہد میں مضمر ہے ۔

جناب والا ۔ چونکہ وقت بہت تھوڑا ہے ۔ اسلئے دو ایک باتیں کہکر میں ختم کر دوں گا اور وہ باتیں بہت ضروری ہیں ۔ میں انتہائی ممنون ہوں پریس کا جسنے ہماری تقاریر کو اپنے صفحات پر جگہ دی اور ہمیں موقع دیا کہ ہم اپنی بعض غلطیوں کی تصحیح کر لیں ۔ جناب والا میں ایک ضروری بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں بدقسمتی سے لاہور شہر کا رہنے والا ہوں ۔ امریکن نیوز نے لکھا ہے کہ جہاں تک Presidential form اور پارلیمنٹری دستور کا تعلق ہے ڈھاکہ ۔ کراچی ۔ لاہور میں چونکہ Intelligentsia طبقہ رہتا ہے یہاں پروفیسر رہتے ہیں ۔ یہاں ڈاکٹر رہتے ہیں ۔ یہاں ادیب رہتے ہیں ۔ یہاں اخبار نویس رہتے ہیں اور یہ سب پارلیمنٹری دستور چاہتے ہیں تو میں عرض کروں گا کہ خدا کے فضل سے اور شیخ مسعود صادق کی قیادت میں لاہور نے یہ ثابت کر دیا کہ یہاں کے لوگ صدارتی طرز حکومت پسند کرتے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے ان دوستوں کا جنہوں نے ہماری مدد کی شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں یہ بھی عرض کروں گا کہ رازق صاحب بھی بہت قابل تعریف ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں ۔

رائے منصب علیخان کھرل ۔ جناب والا ۔ میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ انکی بدقسمتی ہے کہ وہ لاہور میں رہتے ہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اگر مناسب سمجھیں تو چیچو کی ملیاں میں رہنے کے لئے چلے جائیں ۔ (قہقہہ)

میاں محمد شریف - اگر مجھکو ملتان میں جگہ دیدی جائے تو میں وہاں رہنا پسند کروں گا -

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا میاں صاحب کا مطلب یہ ہے کہ لاہور کی بد قسمتی ہے کہ وہ یہاں رہ رہے ہیں - (قہقہہ) -

چودھری منظور حسین (پارلیمنٹری سیکریٹری) - صاحب صدر - میں اپنا یہ خوشگوار فرض سمجھتا ہوں کہ میں اپنی طرف سے اور اپنے ساتھی پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کی طرف سے جناب والا کا اور اپنے وزرأ اور اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا - جب بھی ہم کسی مشکل سوال کے جواب میں پھنستے تھے تو انہوں نے ہمارا ساتھ دیا - ہم نے ہمیشہ یہ کوشش کی کہ تمام سوالات کے جوابات دیں اور اپنے فرائض سر انجام دیں -

خان اجون خان جدون (مردان - ۴) - جناب سپیکر - اس ایوان میں قریب قریب ڈھائی سال کا عرصہ گزارنے کے بعد آج یہ آخری اجلاس ہو رہا ہے - میں اس سلسلہ میں عرض کروں گا کہ مجھے پہلی دفعہ اس ایوان میں آنے کا موقعہ ملا ہے - اور میں جس جذبہ سے اور جس ارادے سے اس ایوان میں آیا تھا اس کا پس منظر صرف اتنا ہی تھا کہ پاکستان بننے کے بعد ہمارے آئین میں یہ پروویژن رکھی گئی کہ پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے - چونکہ میں ایک پسماندہ علاقے کا رہنے والا تھا اس لئے میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ میں اس ملک کی خدمت اس بات میں سمجھتا ہوں کہ میں

حکومت اور عوام کو قریب لانے کے لئے اسمبلی کی ممبری کا انتخاب لڑوں۔ چنانچہ ۱۹۵۶ کے آئین کے تحت جس کو پارلیمانی نظام کہتے تھے تین دفعہ میں نے اسمبلی کا انتخاب لڑا لیکن بد قسمتی سے کبھی وھاں سے سردار بہادر خان منتخب ہو کر آتے تھے کبھی وھاں سے نواب ممدوٹ منتخب ہو کر آتے تھے کبھی وھاں سے یوسف کھٹک منتخب ہو کر آتے تھے۔

Syed Zafar Ali Shah : For the information of the Member, they are elected Members even now.

خان اجون خان جدون ۔ I am coming to that تو میں یہ بتانا چاھتا ہوں کہ اس وقت جو انتخابات ہوتے تھے وہ اس طریقہ پر ہوتے تھے کہ یہاں سے کافی لوگ جا کر قبائلی علاقوں سے منتخب ہوتے تھے ۔ تو جناب سپیکر ۔ جب پہلی دفعہ ملک میں انقلاب آیا اور ۱۹۶۲ میں نیا آئین نافذ ہوا تو حقیقتاً میں دل برداشتہ تھا ۔ اور مجھے خیال نہ تھا کہ میں انتخاب لڑوں لیکن وہ انتخاب لڑ کر مجھے پہلی دفعہ یہ محسوس ہوا کہ یہ غیر جانبدار انتخاب ہوا ۔ جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں آنے کے بعد پہلے میں یہ سمجھتا تھا کہ اس دو سالہ دور میں (تین سالہ کی بجائے میں اسے دو سالہ ھی قرار دیتا ہوں اس لئے کہ پہلا بجٹ تو تیار تھا) ہم لوگ صرف تقریریں اس ایوان میں کریں گے کیونکہ اس سے پہلے جو ممبران آتے تھے انہیں ایوان میں تقریریں کرنے کا موقعہ نہیں ملتا تھا ۔ پارلیمانی نظام میں جو ایوان ہوتے تھے اور کوئی ترقیاتی کام قطعاً نہیں ہوتا تھا بلکہ یہاں سازشوں میں ھی یہ لوگ لگے رہتے تھے تو ہمیں خدشہ تھا جناب سپیکر کہ ہمارا بھی وھی حشر ہو گا ۔ پہلی دفعہ ہم نے بجٹ پر اس ایوان میں تقریریں کیں

اور یہ خیالات لیکر گئے کہ تقریروں تک ہی شائد یہ ہمارے مسائل محدود رہیں گے اور کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا جائے گا لیکن جناب سپیکر۔ مجھے بڑی خوشی اور مسرت ہے کہ ہم نے ان تقریروں میں جو مطالبات اور جو سوالات اور جو معاملات ہم نے ان پسماندہ علاقوں کے متعلق اور اپنے علاقہ کے متعلق یا مغربی پاکستان کے کسی دوسرے علاقے کے متعلق پیش کئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی مشینری نے ان پر نہایت سنجیدگی اور نہایت ہمدردی اور نہایت صحیح طریقہ پر عمل کیا اور اس کے صحیح نتائج ہمارے سامنے اس دو سالہ بجٹ کے بعد آ گئے ہیں۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس آئین میں اس سے پہلے ۱۹۵۶ کے آئین میں بھی یہی الفاظ درج تھے لیکن ان پر کوئی عمل نہیں ہوا۔ اور اس آئین میں دو سالہ یا تین سالہ دور میں جتنی پسماندہ علاقوں کی طرف توجہ دی گئی ہے اس لحاظ سے میں اس نظام کو in letter and spirit اس ملک کے لئے بہ نسبت پارلیمانی نظام کے زیادہ مفید سمجھتا ہوں۔

جناب سپیکر۔ مجھے پچھلے ڈھائی سالہ تجربہ کے نتیجہ کے طور پر (میں تو اسے تجربہ ہی کہوں گا) اپنے قائد ایوان سے جو واسطہ پڑا اور انہوں نے مجھے اپنے اخلاق سے اتنا متاثر کیا کہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی قائد ایوان کو یہ شرف حاصل نہیں ہوا کہ وہ اتنی ہردلعزیز شخصیت بن گیا ہو عوام میں اور آپوزیشن میں اور اپنے دوستوں میں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے پہلے اور پاکستان بننے کے بعد ہمارے مغربی پاکستان میں جتنے بھی قائد ایوان تھے انہیں یہ درجہ نصیب نہیں ہوا۔ یہ ان کی اپنی قابلیت۔ ذہانت۔ مرنجان مرنج اور طبیعت انکی خوش اسلوبی ہی کا

میں نتیجہ سمجھتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کے تعاون کا بھی بیحد مشکور ہوں ۔ جس قابلیت کے ساتھ آپ نے اس ایوان کی کارروائی کو سر انجام دیا اور آپوزیشن کے ساتھ جس روا دارانہ سلوک کا آپ نے مظاہرہ کیا اور آپ نے اپنی عظیم‌المرتبت پوزیشن اور تدبر سے وقار کو قائم رکھا یہ آپ ہی کا حصہ ہے اور میں آپ کو اس سلسلہ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ۔ (خوب ۔ خوب) جناب سپیکر ۔ میں اس ایوان کے وزرا کو اگرچہ میں سوائے قائد ایوان کے باقی وزرا سے مطمئن نہیں ہوں ۔ کہ انہوں نے صحیح طور پر ممبران کی مشکلات کے حل تلاش کئے لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ انہوں نے کسی دانستہ یا کسی اور خیال سے یہ کوتاہی نہیں کی ہے بلکہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے بعض مطالبات بھی کچھ ناجائز ہوں اور ان کی کچھ مجبوری اور بے بسی بھی ہو کچھ ان پر پابندیاں بھی ہوں ۔ یہ بھی وجوہات ہو سکتے ہیں ۔ بہر حال میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمیشہ جب بھی ہم ان کے پاس گئے نہایت خوش اخلاقی سے ہمارے مطالبات کو سنا ۔

Mr. Speaker : Now the Minister of Revenue.

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ صدر محترم ۔ ایک شعر عرض کرتا ہوں ۔

"وہ محفل اٹھ گئی جس دم کہ مجھ تک دور جام آیا"

یار دوست، تو قریباً قریباً چلے جا رہے ہیں اس لئے میں اپنی تقریر مختصر کروں گا ۔ صدر محترم ۔ ہم ۸ جون ۱۹۶۲ء کو یہاں ملے تھے اور آج ہماری آخری نشست ۳۱-۱-۶۵ کو ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم بہار آخر شد

لیکن انہیں نا امید نہیں ہونا چاہئیے ۔ دنیا امید سے باقی ہے ۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان دوستوں کو پھر کامیاب کرے اور یہاں ہم ہاؤس میں آ کر پھر آپس میں بھائیوں کی طرح ملیں ۔ جناب صدر ۔ ہمارا جو موجودہ ہاؤس قائم ہوا یہ اس آئین کے تحت ہوا جس کے تحت یہ ضروری تھا کہ یہ ہاؤس صدارتی طرز حکومت کو کامیاب کرائے گا ۔ ہمارے سامنے بڑی دشواریاں تھیں ۔ ایک یہ کہ جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے یہ ہاؤس ہمیں support کرے گا یا نہیں اور بھی کئی چیزیں تھیں ۔ ہمیں خیال تھا کہ پبلک ہمیں support کرے گی یا نہیں تا کہ ہمارے جو منصوبے ہیں ان میں ہم کامیاب ہوں ۔ میں ان دوستوں کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بطریق احسن ہماری مدد کی اور ہر چیز جو ناممکن معلوم ہوتی تھی ماشاءاللہ وہ ہمیں ممکن کر کے دکھائی ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنی قوم کے ساتھ زیادتی کروں گا اگر میں انکو خراج تحسین نہ دوں ۔ ابھی ابھی ہمارے سامنے صدارتی انتخاب ہوا اور قوم کی بڑی غالب اکثریت نے اپنا verdict صدارتی طرز حکومت کے حق میں دیا ۔ اس لئے میں اس پر ہاؤس کی طرف سے اور آپ کے توسل سے اس قوم کو مبارکباد دیتا ہوں جس قوم نے اس صدارتی طرز حکومت کو کامیاب بنایا اور بڑی بھاری اکثریت سے دنیا کو بتا دیا کہ یہ قوم صدارتی طرز حکومت چاہتی تھی ۔

صاحب صدر ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا میرے دوست شیخ صاحب قائد ایوان تقریر کریں گے ۔ اس لئے میں مختصراً عرض کروں گا ۔ مجھے

زیادہ خوشی اس بات کی تھی کہ ہمارے ممبر صاحبان جب کبھی ہمارے پاس کوئی مطالبہ لے کر آئے ان میں سے بہت زیادہ اکثریت عوامی اور قومی مسئلوں کی تھی ۔ ہاں بعض دوستوں کو گلہ ہو سکتا ہے ۔ ہم نے ایک اصول وضع کیا تھا ۔ کہ جہاں تک مقدمات کا تعلق ہے ۔ جہاں تک ان معاملات کا تعلق ہے جو عدالت میں ہیں ۔ اور جو دو فریقوں سے تعلق رکھتے ہیں ہم کبھی ان میں مداخلت نہیں کریں گے ۔ جائز جتنا ہم سے ہو سکے گا' اپنے عزیزوں' دوستوں کی مدد کریں گے ۔ ہمارے دوست اور ہماری پارٹی کے ممبران ہمیشہ ایسے مطالبات لائے جو عوامی تھے ۔ جب کبھی وہ ایسا مطالبہ لائے جو دو فریقوں کے درمیان انصاف طلب تھا' ہم نے معذرت کر دی اور امید ہے کہ ہمارے دوستوں نے برا محسوس نہیں کیا ہو گا ۔

صاحب صدر ۔ جیسا میں نے عرض کیا ہے میں سب کا مشکور ہوں ۔ وہ چیز جو بظاہر ناممکن نظر آتی تھی ان کے تعاون سے کامیاب ہو گئی ۔ ہم نے دنیا کو بتلا دیا کہ یہ چیز ممکن ہے اور کامیاب ہے ۔ ہمارے حزب اختلاف کے دوست آج یہاں نہیں ہیں ۔ یقیناً انہوں نے بھی اپنی آپوزیشن کی ڈیوٹی کو بطریق احسن نبھایا ہے ۔ کبھی کبھی ہمیں ان سے گلہ بھی ہوتا تھا' لیکن وہ کسی ill-will کی وجہ سے نہ تھا' البتہ قائد حزب اختلاف کے کل کے رویہ سے ہمیں صدمہ ہوا ۔ انہوں نے ایک ایسے معاملہ پر جو جوڈیشیل معاملہ تھا' اور جس پر اس وقت کوئی verdict نہیں دینا چاہیئے تھا' verdict دیا ۔ ایسا آدمی جو قانون‌دان طبقہ سے تعلق رکھتا ہو ۔ جو شخص ایسے پیشے سے ہو' جن کی طرف دنیا کی آنکھیں

ہوتی ہیں کہ وہ صحیح فیصلہ کریں ایسا شخص ہوئے ہوتے کل انہوں نے صحیح فیصلہ نہیں کیا ۔ مجھے ان سے گلہ ہے ۔ پھر اس بارہ میں چیئر کی طرف سے اپیل ہوئی ۔ قائد ایوان کی طرف سے اپیل ہوئی ۔ مگر وہ صدابصحرا ثابت ہوئیں ۔ وہ کل ایسا نہ کرتے تو آج ہم اکھٹے بیٹھ کر دوستوں کی طرح یہاں سے جدا ہوتے ۔ اور ہم ان بھائیوں کی طرح ان کی پارٹی کو بھی خیر باد کہتے ۔ ہماری دعا ہے کہ ان کے جو اچھے لوگ جو کام کے لوگ ہیں' وہ کامیاب ہو کر آئیں' کیونکہ صحیح آپوزیشن' صحیح جمہوریت کا جزو لاینفک ہے ۔ (تالیاں)۔

صاحب صدر ۔ میرے دوست کرنل اشرف صاحب نے گلہ کیا ہے ۔ لیکن ان کا گلہ بے جا تھا ۔ اس ہاؤس میں انہیں جتنی عزت ملی ہے جو پہلے نہیں ملی تھی ۔ یہ ان سب پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی عزت ہے کہ ان کا ایک بھائی جو ان کے ساتھ ان بنچوں پر بیٹھا کرتا تھا' وہ آج کرسی صدارت پر فائز ہے ۔ میں آپ کو اور آپ کے توسل سے ان کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ رسمی نہیں ۔ یہ رسمی مبارکباد نہیں ہے ۔ بلکہ دلی مبارک ہے ۔

You have an old head on young shoulders.

بقول شیخ سعدی ''بزرگی بعقل است نہ بسال،، ۔ جس احسن طریق سے آپ نے کرسی صدارت کے کام کو سنبھالا ہے ' وہ اور کسی کا کام نہیں تھا ۔ اس لئے میں آپ کے اور آپ کے دوستوں کو مبارکباد دیتا ہوں ۔

میں مشکور ہوں آپ کے عملہ کا بھی اور آپ کا بھی اور آپ کے متقدم کا بھی ۔ میں سمجھتا ہوں انصاف کا تقاضا ہے کہ میں سیکرٹری

صاحب کو بھی خراج تحسین ادا کروں ۔ انہوں نے اپنی ڈیوٹی بطریق احسن سر انجام دی ہے ۔ جب کبھی کسی کی طرف سے کوئی مشکل قانونی مسئلہ پیش آیا' انہوں نے فوراً وہ معاملہ حل کر دیا ۔

آخر میں میری دعا ہے کہ سب دوست کامیاب ہو جائیں اور اس نوزائیدہ ملک کی خدمت کریں اگر اللہ کو منظور ہے تو یہاں خدمت کریں اور اگر اللہ کو اس ہاؤس سے باہر ہم سے خدمت لینا منظور ہے تو ہمیں باہر خدمت کرنے کی توفیق ہو ۔ اس کے بعد میری یہ دعا ہے کہ اللہ پاکستان کو کامیاب اور بامراد بنائے ۔ (تالیاں)

Mr. Speaker : The Minister of Finance.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں معزز ارکان کا بے حد شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری ضرورت سے زیادہ تعریف کی ہے میں ایمانداری سے سمجھتا ہوں کہ میں اتنی تعریف کا مستحق نہیں ہوں ۔ آپ کو علم ہے اس معزز ایوان کے ارکان کی تعداد ۱۵۵ ہے ۔ اسمیں ہم نو وزراء بھی ہیں ۔ کل تعداد ۱۶۴ ہوتی ہے ۔ یہ صحیح ہے کہ وزیر صاحبان بھی ممبران ہیں لیکن آن کو ووٹ کا حق حاصل نہیں ہے ۔ میری پوزیشن سب ۱۶۴ ارکان سے علیحدہ تھی ۔ کیونکہ میرا رابطہ گورنمنٹ اور ایوان کے درمیان تھا ۔ میری ذمہداری dual تھی ۔ جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ مجھ پر حکومت کی ذمہداری بھی تھی ۔ اور ایوان کی بھی ۔ میں نے بہت سے سال پہلے بھی وزارت کی تھی ۔ ان حضرات کو علم ہے کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی تھی ۔ میری خواہش تھی کہ میں اس مرتبہ اس ایوان کی قیادت قبول نہ کروں ۔ میں ایمان سے کہتا ہوں کہ

میرے رفقائے کار نے ، ان معزز ارکان نے ، میں کہوں ہوں گا آپوزیشن کے ارکان نے بھی ، میرے ساتھ پورا تعاون کیا ۔ اور میں سچ کہتا کہ دوا کے بغیر میری صحت آگے سے بہت بہتر ہو گئی ہے ۔ (تالیاں) میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں ۔

میرے بھائی یاسین وٹو صاحب نے ابھی ابھی فرمایا تھا کہ ایک چیز آخری اجلاس میں بہت اچھی ہوئی تھی یہ صحیح ہے ۔ میری پارٹی کے جو ممبران ہیں ۔ انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ جس شخص کو تم سپیکر بناؤ گے ہم اسے منظور کر لیں گے ۔ الیکشن کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی ۔ اگرچہ آپ عمر میں چھوٹے تھے لیکن میں نے آپ کو غور سے دیکھا تھا ۔ میرا ایمان تھا کہ آپ ضرور بطور سپیکر کامیاب ہوں گے (تالیاں) ۔ آپ نے جس محنت اور ایمانداری سے کام کیا ہے ۔ اس کی مثال اس ایوان میں نہیں ملتی (تالیاں) ۔ ہمارے قائد حزب اختلاف نے ایک دفعہ کہا تھا کہ یہ ایوان ربڑ کی مہر ہے میں نے ان سے اتفاق نہیں کیا تھا ۔ میں آپ کو سچ کہتا ہوں کہ ہمارے صوبہ کے گورنر ملک امیر محمد خان نے مجھے خاص ہدایات دی تھیں کہ قانون سازی کے بارے میں جو آپ کی پارٹی کہے ، جو آپ کا ایمان کہے کہ صحیح ہے ۔ وہ کرو ۔ کئی دفعہ ان آرڈیننسوں کو جو گورنر نے جاری کئے تھے ۔ میں نے اور میرے رفقائے کار نے مسترد کر دیا ۔ یہ کہنا کہ یہ ایوان ربڑ کی مہر ہے ۔ بالکل غلط ہے ۔ ہم نے ایمانداری سے کام کیا ۔ اور ہم نے یہی سمجھا کہ یہ ایوان ملک میں سب سے بڑی اتھارٹی ہے ۔ آپ کو یہ بھی علم ہے ۔ اگر آپ پچھلے چودہ سال کا محاسبہ کریں تو آپکو معلوم ہوگا کہ آپ نے

قانون سازی کا جو کام ان تین سالوں میں کیا ہے ۔ آپ کو اسکی مثال کہیں بھی نہیں ملتی ۔ بلکہ میں کئی دفعہ پہلے بھی وزیر رہ چکا ہوں ۔ اور مجھے پتہ ہے کہ بجٹ سیشن میں ہمیں صرف پندرہ دن کے لئے بلا لیا جاتا اور زبردستی ہمارے انگوٹھے لگوا کر بجٹ پاس کروا دیا جاتا ۔ اور اب آپ کو خود ہی اس بات کا علم ہے کہ یہ ایوان سال میں تین چار مرتبہ ملتا رہا ہے ۔ اور بعض اوقات تین چار مہینے تک بھی جاری رہا ۔ اس لئے اسکو ربڑ کی مہر کہنا زیادتی ہے ۔ اور جب تک میں قائد ایوان رہا ۔ میرا یہ ایمان رہا ۔ اور اگر میں قائد ایوان نہ بھی رہا ۔ تو پھر بھی میرا یہ ایمان رہیگا کہ یہ معزز ایوان ملک مین سب سے زیادہ طاقت ور چیز ہے ۔ آپ کو علم ہے کہ ہمارے صدر محترم خان محمد ایوب خان کے متعلق کئی مرتبہ کہا گیا ہے کہ وہ آمر ہیں ۔ میں نے انہیں بڑے نزدیک سے دیکھا ہے اور مجھے اس بات کا علم ہے ۔ اور جیسا کہ ہمارے گورنر صاحب نے کئی مرتبہ بل اور بل تو بل مرکزی اسمبلی میں جو کچھ آئین میں تبدیلیاں ہوئیں ۔ انہوں نے انپر بغیر پس و پیش کے اپنے دستخط کر دئیے ۔ اور کئی مرتبہ انکی پارٹی نے مرکز میں انکے آرڈیننسوں کو بھی مسترد کر دیا ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ جو الیکشن لڑا گیا ہے ۔ میں سچ کہتا ہوں ۔ کہ میں نے تقسیم ہند سے پہلے بھی کئی الیکشن لڑے ہیں اور اس کے بعد بھی لڑے ہیں ۔ لیکن جس طرح یہ الیکشن منصفانہ اور ایماندارانہ ہوئے ہیں ۔ اسکی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی ۔ اسکے لئے کیا کیا قانون نہ بنائے گئے ۔ اور ہم نے کسی چیز پر بھی اعتراض نہیں کیا ۔ جب ووٹر اندر جاتا تھا تو خداوند تعالیٰ کے سوا اور اس ووٹر کے سوا

کسی کو اس بات کا علم نہ ہوتا تھا کہ کسے ووٹ دیا گیا ہے ۔ اور پھر یہ کہتے ہیں کہ الیکشن میں دھاندلی ہوئی ہے ۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے خود حیدر آباد میں کہا تھا ۔ اور یہی ایک ایسی چیز تھی کہ جسے وہ مان گئے تھے کہ دنیا کی تاریخ میں اور اسلامی تاریخ میں یہ واحد الیکشن ہوا ہے کہ جہاں پر ہمارے سر براہ مملکت کو adult franchise کی بنیاد پر چنا گیا تھا ۔ کیونکہ اس سے پہلے بی ۔ ڈی کے ممبران جو چنے گئے تھے ۔ وہ adult franchise کی بنیاد پر چنے گئے تھے ۔ اور انہیں اس بات کا علم تھا کہ چند ماہ بعد انہوں نے صدر مملکت کا انتخاب کرنا ہے ۔ مجھے اپنے صدر مملکت اور گورنر صاحب کا یہ حکم ہے کہ جو آئندہ الیکشن ہم نے صوبائی اور مرکزی اسمبلیوں کے کروانے ہیں وہ بھی اسی طرح بالکل ایماندارانہ ہی کروانے ہیں ۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ہمارے حزب اختلاف کے اصحاب کا یہ خیال غلط تھا کہ عوام ان کے ساتھ ہیں لیکن الیکشن ہونے کے بعد یہ بات ثابت ہو گئی کہ عوام ان کے ساتھ نہیں ہیں ۔ اب انکو خطرہ لاحق ہے کہ شاید اب ان کے کوئی ارکان منتخب ہی نہ ہوں ۔ اور جیسا کہ میرے بڑے بھائی خان پیر محمد خان نے ابھی فرمایا ہے اور دعا کی ہے کہ نہ صرف یہ کہ آئندہ الیکشن میں ہمارے اراکین ہی منتخب ہوں بلکہ انہوں نے حزب اختلاف کے اراکین کے لئے بھی دعا کی ہے ۔ اور اس سلسلے میں میں ان سے سو فیصد متفق ہوں کیونکہ میرا یہ ایمان ہے کہ جب تک اچھی خاصی مضبوط آپوزیشن نہ ہو ۔ یہ ملک نہیں چل سکتا ۔ میں حزب اختلاف والوں کا بھی نمائندہ ہوں ۔ اور میں اس چیز کا اقرار کرتا ہوں کہ انہوں نے بہت محنت اور کاوش سے اپنی تقریروں کو تیار کیا تھا ۔ یہ صحیح ہے کہ کئی

مرتبہ وہ ضرورت سے زیادہ ایسی باتیں کہہ دیا کرتے تھے جو انہیں نہیں کہنی چاہئے تھیں ۔ لیکن ہم نے ہمیشہ صبر سے کام لیا اس لئے کہ ہماری بہت بڑی اکثریت تھی ۔ اور وہ ایک چھوٹی سی ننھی منی سی جماعت تھی ہم نے خود اسے پالا پوسا اس لئے کہ وہ ہمارا جو محاسبہ کرتے تھے ۔ ہم اس سے استفادہ کرتے تھے ۔ مجھے افسوس ہے کہ حزب اختلاف کے قائد اور انکی جماعت کا کوئی بھی رکن ایوان میں اس وقت موجود نہیں باوجود کہ آپ نے بھی اپیل کی اور میں نے بھی دو مرتبہ انسے اپیل کی تھی ۔ لیکن انہوں نے یہ مناسب سمجھا کہ وہ اس ایوان کے آخری اجلاس میں شمولیت نہ کریں جس کا مجھے بعد افسوس ہے ۔ میں نے یہ الفاظ ایوان میں بھی کہے ہیں کہ وہ واقعہ بڑا افسوس ناک ہے جس میں کہ ایک بیگناہ صحافی فوت ہوا اور جس میں ہمارے ایوان کے ایک معزز رکن میر عبدالباقی بلوچ صاحب شدید تزین طور پر مجروح کئے گئے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ انتہائی نازیبا اور انتہائی غلط اقدام تھا ۔ لیکن اسکے متعلق یہ کہنا کہ یہ اقدام حکومت نے کروایا تھا میرا خیال ہے کہ یہ سراسر غلط ہے ۔ اگر حکومت نے کروایا ہوتا تو اس وقت سارے صوبے کی پولیس کو alert نہ کیا جاتا ۔ اور خاص ڈاکٹروں کو مجروح کو خون دینے کے لئے اور آپریشن کے سلسلے میں چوبیس گھنٹے حاضر رہنے کے لئے نہ کہا جاتا ۔ اگر ہمارا مقصد انکو مارنے کا ہوتا تو وہ ڈاکٹر کے علاج کے بغیر آسانی سے مارے جا سکتے تھے ۔ ہم نے اپنی پوری اور سر توڑ کوشش کی ہے اور اب بھی دعا کرتے ہیں کہ خداوند کریم انہیں جلد صحت کاملہ عطا فرمائے ۔ حزب اختلاف کے میرے بھائی اس وقت موجود نہیں ہیں ۔ اور میں نے پہلے بھی

عرض کیا ہے کہ میرے پاس Tape recoder موجود ہے لائلپور کے جلسے میں C.O.P. والوں نے جو کچھ کہا ہے وہ میں بیان نہیں کر سکتا ۔ انہوں نے کیا کیا کہا ہے ۔ لوگوں کو کس قدر ابھارا ہے اور کہا ہے کہ صدر مملکت گورنر صاحب اور مجھ ناچیز کی چمڑی ادھیڑ کر اس کا طبلہ بنائیں گے ۔ لیکن ہم نے پھر بھی صبر کیا اور ہم نے سوچا کہ جمہوریت کا یہ تقاضا ہے کہ آزادی تقریر ہو اور میرا دعویٰ ہے کہ جتنی آزادی تقریر ہم نے دی ہے انگلستان امریکہ اور فرانس جیسے مہذب اور متمدن ممالک میں بھی اتنی آزادی تقریر نہیں ہے میرے بھائی ملک قادر بخش نے کل ہی فرمایا تھا ۔ کہ جو واقعہ بلوچستان میں ہوا تھا اور جس میں چار بڑے سردار مارے گئے تھے وہ چار سردار وہ تھے جنہوں نے سو فیصدی ووٹ صدر مملکت محمد ایوب خان کے حق میں ڈلوائے تھے ۔ وہ سردار جن کو لاکھوں رقبوں کی رشوت دے رہے تھے لیکن انہوں نے اسے لینے سے انکار کر دیا ۔ انکو مار دیا گیا ۔ لیکن میں کہوں گا کہ وہ سو فیصدی سیاسی معاملہ تھا ۔ لیکن ہم جان بوجھ کر محتاط رہے ۔ کیونکہ ہم چاہتے تھے کہ یہاں امن رہے ۔ اگر ہم بھی یہی رویہ اختیار کرتے اور یہ بیان کرتے کہ یہ قتل قطعاً سیاسی بنا پر ہوا ہے تو یہاں کے حالات اور بھی بگڑ جاتے ۔ مجھے افسوس ہے کہ عبدالباقی بلوچ صاحب شدید زخمی ہوئے ہیں ۔ باوجود اس کے کہ حکومت نے انکو بار بار تسلی دی ہے کہ مغربی پاکستان کی ساری پولیس مصروف تفتیش ہے ۔ اور ہم اس سلسلے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہیں کر رہے ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود بھی قائد حزب اختلاف نے یہ مناسب سمجھا ۔ اور یہ Verdict دے دیا کہ یہ سو فیصد سیاسی معاملہ ہے اور یہ معاملہ یہیں

ختم نہیں ہوا ۔ وقت بہت زیادہ ہو چکا ہے بہر حال میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے شرم آتی ہے ۔ کہ انہوں نے کیا کیا نہ کہا ۔ کسی مہذب ملک کو تو چھوڑیئے ۔ اگر آپ گھانا بھی چلے جائیں ۔ یا کانگو بھی چلے جائیں ۔ وہاں بھی کوئی وہ باتیں نہ کہیگا ۔ جو C. O. P. والوں نے کہی ہیں مجھ کو خود اس بات کا علم ہے کہ ہمارے صدر مملکت کا جنازہ نکالا گیا ۔ مجھ کو شرم آتی ہے کہ میں اسکو دھراؤں ۔ ہمارے چیف ایگزیٹو ملک امیر محمد خاں صاحب کے لئے ایک آدمی کا منہ کالا کرکے گدھے پر سوار کیا گیا اور اس کو جوتیوں کا ہار پہنایا گیا ۔ یہ چیزیں ہم جان بوجھ کر خود برداشت کر رہے ہیں ۔ اس لئے کہ ہم کو حکم تھا صاحب صدر کا ۔ صاحب گورنر کا کہ ہم نے ان کو پوری چھٹی دی ہوئی ہے ۔ ہم ایماندارانہ الیکشن لڑنا چاہتے تھے ۔ لیکن انہوں نے ایماندارانہ الیکشن نہیں لڑا ۔ ان کی طرف سے جو باتیں ہوئی ہیں وہ کوئی مہذب ملک برداشت نہیں کر سکتا تھا ۔

چند بھائیوں نے وحدت کے متعلق کچھ گذارشات کی تھیں ۔ میں کہوں گا کہ وحدت کا یہ مقصد ہے کہ پس ماندہ علاقوں کا ایک Status ہونا چاہئے ۔ ان کو پنجاب کے لیول پر لایا جائے ۔ ہم نے ایماندارانہ کوشش کی اور آپ کو پتہ ہے میں نے بجٹ میں بار بار تقریروں میں کہا ہے مثلاً ہمارے بابو محمد رفیق صاحب سے پوچھیں کہ بلوچستان میں جو آمدنی ہے اس سے ہم ۷ گنا زیادہ پیسہ دیتے ہیں ۔ سابقہ صوبہ سرحد میں کم از کم چار یا ساڑھے چار گنا زیادہ ان کو پیسہ دیتے ہیں ۔ سندھ میں

دو تین گنا پیسہ دیتے ھیں ۔ میرے بھائی مسٹر احمد نواز شاہ گردیزی سے پوچھیں جب میں نے فنانس منسٹری سنبھالی ان کا جو ریونیو تھا ان سے زیادہ پیسہ دیدیا ھے ۔ پنجاب ھی ایسا صوبہ ھے جو آمدنی سے کم خرچ کرتا ھے ۔ ھمارا مقصد یہ ھے کہ مغربی پاکستان ایک ھی یونٹ ھے بادی النظر ھم سب ایک ھیں ۔ میں نے ثابت کر دیا ھے اور سارے بھائی اس سے متفق ھوں گے کہ اس معزز ایوان میں کوئی سندھی ھے ۔ سندھی نہیں ۔ کوئی بلوچی ھے بلوچی نہیں ۔ کوئی پنجابی ھے پنجابی نہیں ۔ کوئی صوبہ سرحد کا ھے وہ سرحدی نہیں ۔ یہ سب مغربی پاکستان کے باشندے ھیں اور پاکستان کے باشندے ھیں ۔ (خوب ۔ خوب)

جناب والا میں آپ کا بہت شکر گذار ھوں ۔ خاص کر اپنے رفقائے کار کا اور معزز اراکین کا ۔ میں سچے دل سے کہتا ھوں اگر یہ مجھ سے تعاون نہ کرتے تو میری کچھ ھستی نہیں تھی ۔ میں انہیں کا بنایا ھوا تھا ۔ میں نے جو کچھ کام کیا اپنے ایمان سے کیا ۔ اور آپ کا بہت شکر گذار ھوں ۔ وقت بہت ھو چکا ھے ۔ باھر ایک وفد میرا انتظار کر رھا ھے ۔ سلام علیکم ۔ (تالیاں)

مسٹر سپیکر ۔ محترم قائد ایوان و معزز اراکین !

آج سے تقریباً ڈیڑھ برس قبل میں نے اس عہدہ پر منتخب ھونے پر اپنے جذبات کا اظہار کیا تھا اور آج اس ایوان کے آخری یوم کار پر پھر اپنے جذبات کے اظہار کے لئے آپ سے مخاطب ھوں ۔ شاید ایک سپیکر کے

اظہار خیالات کے لئے یہی دو دن مقرر ہوتے ہیں ۔ اس روز جب میں نے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا میرے دل و دماغ کی عجیب کیفیت تھی ۔ جہاں مجھے آپ کی اس نوازش پر مسرت تھی وہاں اس عہدہ کی کٹھن اور دشوار ذمہ داریوں کا بھی احساس تھا ۔ اور آج جب اس ایوان کے آخری اجلاس کا آخری روز ہے میرا دل احساسات اور جذبات سے بھرپور ہے میری زبان ان احساسات کو ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتی ۔ اور میرا دماغ ان جذبات کی ترجمانی کرنے سے قاصر ہے ۔

جون ۱۹۶۲ء میں مجھے اس معزز ایوان میں بحیثیت رکن شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا ۔ بعد ازاں پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و اطلاعات کے فرائض مجھے سونپے گئے ۔ اور بالاخر جولائی ۱۹۶۳ میں آپ نے مجھے میرے موجودہ منصب یعنی سپیکر کے عہدہ سے نوازا ۔ اس قلیل مدت میں خدائے بزرگ و برتر کے فضل و کرم سے اس معزز ایوان کے محترم اراکین نے غایت درجہ میری عزت افزائی فرمائی اور صوبہ کے سب سے بڑے منتخبہ عہدہ سے مجھے سرفراز فرمایا ۔

میں نے اپنی ہمت اور عقل و فراست کے مطابق حتی‌المقدور کوشش کی ہے کہ اپنے فرائض منصبی کو بطریق احسن سرانجام دوں ۔ میں نے اپنا نصب‌العین یہی رکھا کہ اس عہدہ اور ایوان کے وقار کو کسی صورت ٹھیس نہ آنے دوں ۔ میں نے کوشش کی کہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی عزت اور آبرو پر کوئی آنچ نہ آئے اور میں نے اپنا

لائحہ عمل یہ رکھا کہ ہر معزز رکن سے ایوان کے اندر یا باہر انتہائی عزت و احترام اور خلوص سے پیش آؤں - میں نے اپنی فہم و فراست کے مطابق ہمیشہ انصاف اور غیر جانبدارانہ رویہ رکھنے کی کوشش کی لیکن میرے ان تمام نظریات اور مساعی کے باوجود ممکن ہے کہ کسی وقت کسی معزز رکن کو میرے الفاظ ناگوار خاطر گزرے ہوں یا میرا رویہ نا مناسب معلوم ہوا ہو - میں خداوند تعالے کو گواہ جان کو عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس دوران میں نے جو بات کی اور جو فعل کیا وہ حسن نیت اور انصاف کے ساتھ کیا - لیکن اگر کسی معزز رکن کو میرے کسی لفظ یا فعل پر کوئی گلہ یا وجہ شکایت ہو تو اسکے لئے میں صمیم قلب سے معذرت خواہ ہوں اور رسمی طور پر نہیں بلکہ یہ آواز آج میرا دل میری زبان سے دے رہا ہے - اور مجھے امید ہے کہ میری فروگذاشت کوتاہی یا غلطی آپ نے معاف فرما دی ہوگی - مجھے تسکین قلب تبھی نصیب ہو سکتی ہے کہ آج آپ بخوشی رخصت ہوں - میں اپنے آپ کو سرخرو صرف اسی وقت سمجھوں گا جب آپ مجھ سے خندہ پیشانی اور اظہار اطمینان کے ساتھ الوداع ہوں -

اراکین محترم ! اس موقع پر اس ایوان کی کارگذاری بحیثیت مجموعی بھی پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں اس ایوان کے سات اجلاس ہوئے اور کل ۲۱۶ نشستیں ہوئیں جن میں سالہائے ۶۳-۱۹۶۲ء و ۶۴-۱۹۶۳ء اور ۶۵-۱۹۶۴ء کے سالانہ بجٹ اور ضمنی بجٹ منظور کئے گئے - اور جملہ اراکین نے کل ۸۴۵۴ نشان زدہ ۲۲۵, غیر نشان زدہ سوالات حکومت سے

دریافت فرمائے ۔ اور اس معاملہ میں میر محمد بخش تالپور صاحب سر فہرست رہے جنہوں نے ۹۲۲ سوالات دریافت کئے ۔ اور بابو محمد رفیق صاحب نے ۶۷۹ سوالات دریافت فرمائے اور دوم رہے ۔

اس ایوان نے تحاریک التواء کے میدان میں یقیناً ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے ۔ اور اتنی مدت میں اتنی تحاریک التواء اگر دیگر ممالک میں نہیں تو کم از کم اس ملک کی پارلیمانی تاریخ میں پہلے کبھی پیش نہیں کی گئیں ۔ کل ۹۳۲ تحاریک التواء پیش کی گئیں جن میں صرف ۱۲ پر بحث ہو سکی ۔

تحاریک استحقاق کے سلسلہ میں بھی یہ ایوان پیچھے نہیں رہا ۔ اور کل ۱۱۶ تحاریک استحقاق پیش ہوئیں ۔ اور ان میں سے ۳ پر بحث ہوئی اور بقایا بحث کے لئے پیش نہ ہو سکیں ۔ یا وہ خلاف ضابطہ قرار پائیں ۔ یا ایوان نے انکے پیش کرنے کی اجازت نہ دی ۔

اس ایوان میں کل ۷۷ آرڈیننس مختلف اجلاس میں پیش کئے گئے جن میں سے اس معزز ایوان نے ۷۵ منظور کر لئے ۔

موجودہ اسمبلی کے رو برو ۵۶ سرکاری بل پیش کئے گئے جن میں ۴۸ اسمبلی نے منظور کر لئے ۸ واپس لے لئے گئے ۔

جہاں سرکاری کام کی تکمیل میں یہ ایوان سر گرم عمل رہا وہاں غیر سرکاری کام میں بھی اس ایوان نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا ۔

اور کل ۶۰ غیرسرکاری بل اس ایوان میں پیش ہوئے جن میں دس بل اسمبلی نے منظور کر لئے - ایک بل نا منظور ہوا اور باقی بل فیصلہ طلب رہے -

قانون سازی کے ساتھ ساتھ یہ اسمبلی قراردادوں کے ذریعہ صوبہ کے مختلف مسائل کے متعلق اپنی رائے سے بھی حکومت کو مطلع کرتی رہی معزز اراکین نے کل ۱۰۵۶ ریزولیوشن کے نوٹس دئے جن میں سے ۹۵ ایجنڈے پر آئے اور ان میں سے ۱۱ منظور کئے گئے - اور ۸ نا منظور ہو گئے -

ان اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ اپنی مقررہ مدت میں اس ایوان نے قانون سازی احتساب حکومت اور دیگر ملکی مسائل میں کس محنت اور دلچسپی سے کام کیا ہے - ۱۹۶۲ء میں یہ اسمبلی منتخب ہوئی اور مارشل لا کے بعد یہ پہلی صوبائی اسمبلی تھی - ملک کے مشہور سیستدان ایڈوزدہ تھے - اور بہت سے سیاستدان قومی اسمبلی میں منتخب ہو گئے ان حالات میں صوبائی اسمبلی نئے پارلیمنٹرین لائی اور آج میں ... سے کہہ سکتا ہوں کہ ان نوجوان اور نئے پارلیمنیٹرینوں نے نہایت محنت تندھی اور خلوص سے کام کیا -

موجودہ اسمبلی کے دوران چند اراکین کو بیرونی ممالک سے استفادہ حاصل کرنے کے لئے بھیجا گیا - میاں محمد یاسین خان وٹو ہماری کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی‌ایشن کی برانچ کی جانب سے ۱۹۶۳ء میں کوالالمپور تشریف لے گئے جہاں انہوں نے ہماری برانچ کی نمائندگی کی - بعد ازاں

ہمارے سینیئر ڈپٹی سپیکر محمد اسحاق خان کندی صاحب ۱۹۶۴ء میں انگلستان تشریف لے گئے جہاں انہوں نے ایک تربیتی کورس میں شرکت فرمائی ۔ اور پارلیمنٹری تربیت حاصل کی ۔ نومبر ۱۹۶۴ء میں اسی برانچ کی جانب سے محمد حنیف صدیقی صاحب جمائیکا تشریف لے گئے جہاں دنیا کے مختلف ممالک کے منعقدہ ایک پارلیمنٹری کانفرنس میں بحیثیت مندوب شامل ہوئے ۔ اور دسمبر ۱۹۶۴ء میں واپس تشریف لے آئے ۔ اور اب سید ظفر علی شاہ صاحب ڈپٹی سپیکر آئندہ مارچ میں انگلستان تشریف لے جائینگے ۔ جہاں وہ تین ہفتہ کے قیام میں پارلیمنٹری کورس میں شریک ہونگے ۔ اس طرح ظاہر ہے کہ اس اسمبلی کی میعاد کے دوران کئی اراکین کو بیرونی ممالک کی پارلیمانی زندگی کے مشاہدہ کا موقع ملا ۔

ہمارے قائدایوان شیخ مسعود صادق صاحب نے جس خوش اسلوبی خندہ پیشانی اور تجربہ کاری سے اپنے فرائض سرانجام دئے ہیں میں اسکے لئے انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اور ان کا جو تعاون مجھے حاصل رہا ہے اسکے لئے ان کا تہہ دل سے ممنون و مشکور ہوں ۔ کارروائی اسمبلی کی کامیابی کا راز حزب اقتدار کے لیڈر کی ہنرمندی اور سلیقہ شعاری پر ہوتا ہے ۔ انکی قیادت اور رہنمائی میں حزب اقتدار نے ہمیشہ میرے فرائض منصبی کی تکمیل میں میری معاونت کی اور اس ایوان کے وقار اور پارلیمانی روایات کو برقرار رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی ۔ جہاں انہوں نے ملکی و ملی خدمات سرانجام دیں وہاں جمہوری روایات کو نہ صرف برقرار رکھا بلکہ انکی نشو و نما کی ۔ اور اراکین حزب اقتدار نے نہایت محنت

خلوص اور دیانتداری سے اپنے اپنے علاقہ کی نمائندگی کی اور عوام کے مسائل کو یہاں پیش کیا ۔

قائد حزب اختلاف خواجہ محمد صفدر صاحب کی شخصیت بھی میرے نزدیک ہمیشہ واجب‌الاحترام رہی ۔ انکی شرافت اخلاق ذہانت اور متانت نے نہ صرف ایوان کے ہر رکن کو متاثر کیا بلکہ صوبہ کے عوام میں انکے لئے ایک خاص مقام پیدا کیا ۔ انہوں نے جس محنت اور دیانت سے اپنے فرائض کی تکمیل کی وہ بے حد قابل ستائش ہے ۔ انہوں نے حزب اختلاف کی قیادت نہایت باوقار طریق سے کی ۔ اور اس ایوان میں انہوں نے ہر رکن کو عزت کی نگاہ سے دیکھا ۔ بحیثیت قائد حزب اختلاف انکا تعاون میرے ساتھ رہا ۔ اور اس ایوان کی کامیاب کارگزاری خواجہ صاحب کی فراخ دلی قابلیت اور بلند اخلاقی کی بھی مرہون منت ہے ۔ انکی بامعنی مدلل اور شاندار تقاریر اس اسمبلی کے اوراق میں ہمیشہ کے لئے محفوظ رہیں گی ۔ حزب اختلاف نے بحیثیت مجموعی نہایت محنت اور خلوص سے اپنے فرائض منصبی کو سرانجام دیا ۔ ایوان کی کارروائی اور قانون سازی کے معاملہ میں انہوں نے اپنا نقطہ نظر بہت اعلیٰ طریق پر پیش کیا ۔ اور اس طرح سے انہوں نے نہ صرف ملک و قوم کے مختلف مسائل حل کرنیکی کوشش کی بلکہ جمہوریت کی خدمت کی ۔

میں کونسل آف منسٹرز اور پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کا خاص طور پر مشکور ہوں کہ انہوں نے نہایت قابلیت اور خندہ پیشانی سے ایوان کی

خدمت کی ۔ اور پارلیمانی روایات کو برقرار رکھ کر اپنے فرائض منصبی احسن طریق سے ادا کئے ۔

میں اپنے ڈپٹی سپیکر صاحبان کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری بے حد امداد فرمائی ۔ اور نہایت قابلیت اور کامیابی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو سرانجام دیا ۔ مجھے انکی کارکردگی پر نہایت فخر ہے ۔

محترام اراکین ! کارگذاری اسمبلی کی مختصر روئیداد پیش کرنے کے بعد اس موقع پر میں قومی پریس کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں ۔ کیونکہ اگر میں ایسا نہ کروں تو اپنے فرائض میں کوتاہی کرونگا ۔ ہمارے قومی پریس نے کارروائی اسمبلی کو جس اعلیٰ اور عمدہ طور پر عوام کے سامنے پیش کیا وہ یقیناً قابل ستائش ہے ۔ اور میں اپنی و جملہ اراکین اسمبلی کی جانب سے انکا شکریہ ادا کرتا ہوں اگر ان کا تعاون ہمیں حاصل نہ ہوتا تو یقیناً ہماری کارگذاری ہمارے حلقہ نیابت کے عوام تک نہ پہنچ سکتی ۔ پریس گیلری کمیٹی کے ارکان اور دیگر صحافیوں نے اس سلسلہ میں جس محنت دیانتداری اور دلچسپی سے کام کیا ہے وہ قابل داد ہے ۔ میرے اس عہدہ کی ذمہداری سنبھالنے کے روز سے آج تک مجھے پریس سے کوئی شکایت پیدا نہ ہوئی ۔ اور اسکا پورا پورا تعاون مجھے حاصل رہا ۔ اور ہمارے تعلقات نہایت خوشگوار اور مثالی رہے ۔ اور اسطرح سے اگر میں یہ کہوں کہ ہمارے پریس نے جمہوریت کی اور اس ملک کی خدمت سر انجام دی ہے تو عین مناسب ہو گا ۔

معزز اراکین ! اس موقع پر میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے عملہ کی کار کردگی پر بھی اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں ۔ ہمارے عملہ نے نہایت محنت خلوص اور دیانتداری سے اپنے فرائض منصبی کو سرانجام دیا ۔ اور شب و روز محنت کر کے اراکین اسمبلی کی خدمت کی ۔ اراکین اسمبلی کی طرف سے میرے پاس کوئی شکایت نہ ہوئی ۔ اور اس طرح سے اس معاملہ میں مجھے اراکین اسمبلی کے روبرو سرخرو ہونے کا موقع دیا ۔ گو عملہ اسمبلی کی اوور ٹائم الاؤنس حاصل کرنے کی دیرینہ آرزو کو حکومت نے شرف پذیرائی نہ بخشا لیکن پھر بھی ان کارکنان کی کارکردگی میں کوئی فرق نہ آیا ۔

میں چودھری محمد اقبال صاحب سیکرٹری صوبائی اسمبلی کا خاص طور پر شکر گذار ہوں جنکی قیادت اور رہنمائی میں عملہ نے بہترین کام کا مظاہرہ کیا ۔ انہوں نے جس قابلیت سلیقہ اور خلوص سے میرے فرائض منصبی کی تکمیل میں میرا ہاتھ بٹایا میں اسکو کبھی فراموش نہیں کر سکتا ۔ انکا تجربہ اور ذہانت ہمیشہ میرے لئے مدد و معاون ثابت ہوئے ۔ سید امیر علی شاہ ڈپٹی سیکرٹری اسمبلی کی شرافت اور حسن اخلاق و سید محمد اطہر اسسٹنٹ سیکرٹری کی محنت اور فہم و فراست بھی یقیناً قابل ستائش ہیں ۔ اور ان کے بعد میں اس سیکرٹریٹ کے اعلیٰ سے اعلیٰ افسر اور ادنیٰ سے ادنیٰ ملازم سبھی کا ممنون ہوں کہ ان کا دلی تعاون مجھے حاصل رہا ۔ اور اراکین اسمبلی کی خدمت انہوں نے نہایت سلیقہ

قرینہ اور خلوص سے سرانجام دی ۔ لیکن اس کے باوجود بھی اگر کسی معزز رکن کو کسی قسم کا کوئی گلہ ہو تو انکی جانب سے معذرت خواہ ہوں ۔

معزز اراکین ! ہم نے تقریباً تین سال اکٹھے گذارے ہیں ۔ اور آج ہم ایک دوسرے سے جدا ہو رہے ہیں ۔ ہم نے ایک دوسرے سے دوستی اور محبت بھرے تعلقات استوار کئے ہیں ۔ ممکن ہے آپس میں کبھی ایک دوسرے سے ہماری کوئی تلخی بھی ہوئی ہو ۔ میری آپ سے مودبانہ درخواست ہے کہ اب وہ تلخیاں یا ناخوشگواریاں آپ بھول جائیے اور اس دور کی خوشگوار یادیں لیکر ایک دوسرے سے برادرانہ جذبات کے ساتھ رخصت ہوں ۔ وقت آتا ہے اور گذر جاتا ہے ۔ دن آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر نیک اور پر خلوص جذبات اس عہد کی یاد ہمیشہ کے لئے تازہ رکھتے ہیں ۔ میری دعا ہے کہ آپ میں سے زیادہ سے زیادہ اصحاب آئندہ اسمبلی کے اراکین منتخب ہوں تاکہ ہم انہی رشتوں کو جو ان تین سالوں میں ہم نے ایک دوسرے سے قائم کئے ہیں دوبارہ اکٹھے رہ کر اور زیادہ مستحکم بنا سکیں ۔ اور قوم و ملت کی خدمت کر سکیں ۔ لیکن مجھے احساس ہے کہ شاید ایک نیا کے سواروں کی طرح یا ایک مکتب کے طالبعلموں کی طرح یا ایک منزل کے مسافروں کی طرح قانون قدرت کے تحت شاید موجودہ شکل اور شخصیتوں کی صورت میں ہم دوبارہ اکٹھے نہ ہو سکیں اور اس احساس کی وجہ سے میں آج مغموم بھی ہوں ۔ اور میرا دل اس جدائی پر افسردہ بھی ۔ اور اس افسردگی کے عالم میں میں اپنے معزز رفقاء کار اور محبوب اراکین اسمبلی کو الوداع کہہ رہا ہوں ۔ جن

ارشادات کا میرے متعلق آپ نے ذکر فرمایا ہے میں ان کے لئے آپ کا مشکور ہوں ۔

میں ایک مرتبہ پھر درخواست کرتا ہوں کہ میری فروگذاشت یا کسی غلطی کو معاف فرما دیجئیگا ۔ میں دست بدعا ہوں کہ آپ سب کا مستقبل درخشندہ ہو اور اللہتعالے آپ کا حامی و ناصر ہو ۔

خدا حافظ

PROROGATION OF THE ASSEMBLY

Mr. Speaker : Now I will read the order of prorogation, which has beeen received by me from the Governor of West Pakistan :

> "In exercise of the powers conferred by Article 73 (1) of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, I, Malik Amir Mohammad Khan, Governor of West Pakistan, hereby prorogue the Provincial Assembly of West Pakistan with effect on and from Sunday, the 31st January, 1965."

Assalam-o-Alaikum ; Khuda Hafiz.

The Assembly then stood prorogued.
